PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

23rd October, 1967
18th Rajab-ul-Murajjab, 1387 A.H.

Vol. VI—No 21

OFFICIAL REPORT

1-2-68

CONTENTS

Monday, the 23rd October, 1967

	Page
Recitation from the Holy Qur'an	3737
Starred Questions and Answers	3758
Short Notice Questions and Answers	3792
Answers to Starred Questions laid on the Table	3804
Unstarred Question and Answer	3835
Questions of Privilege—	
re : incorrect statement by the Minister for Power in respect of the closure of the Thermal Power Generating Station at Lyallpur ...	3835
Adjournment Motions—	
Death of a heart patient due to the negligence of a doctor at Civil Hospital, Shahdara	3836
Failure of the W.P. Govt. to enforce the law relating to the enhancement of working journalist's wages	3839
Non-payment of subsistance allowance to the wife of Muhammad Anwar arrested in connection with the Rly. strike	3841
Admission of two non-resident students in the Nishtar Medical College, Multan against seats reserved for Bahawalpur District	3842
Extension in time for the presentation of Standing Committees' Reports	3842
Bills—	
The West Pakistan Land Revenue Bill, 1965 (resumption of consideration clause by clause)	3843

Price Rs.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SIXTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISAN

Monday, the 23rd October, 1967

دوشنبہ - ۱۸ رجب المرجب ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ٥
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ٥ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ
اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ٥ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ
سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ٥ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ
يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ط فَلَمَّا زَاغُوْٓا
اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ط وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ٥

(پ ۲۸ - س ۶۱ - رکوع ۹ - آیات ۱ تا ۵)

سب چیزیں اللہ ہی کی پاکی بیان کرتی ہیں جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔ اے ایمان والو! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضگی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔ اللہ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کے راستے میں اس طرح صف بند ہو کر لڑتے ہیں۔ کہ وہ گویا ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے۔ اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جبکہ موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم مجھ کو کیوں ایذا پہونچاتے ہو۔ حالانکہ تم کو معلوم ہے کہ میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں۔ پھر جب اس پر بھی وہ لوگ ٹیڑھے ہی رہے تو اللہ نے اُن کے دلوں کو اور ٹیڑھا کر دیا۔ اور اللہ ایسے نافرمانوں کو ہدایت کی توفیق نہیں دیتا۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo.

APPOINTMENT OF ENGINEERING GRADUATES

*8035 **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo:** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Engineering graduates are taken as Supervisors in Hyderabad and Khairpur Divisions ;

(*b*) whether it is a fact that the rank of a Supervisor is equal to that of an Overseer ;

(*c*) whether it is a fact that Engineering graduates are appointed direct as Assistant Engineers in the former Punjab area ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for this discrimination and whether the Government intend to remove the said discrimination ?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) Yes.

(*b*) Not quite, as Engineering graduates appointed as Supervisors are allowed higher scale of pay *i.e.* Rs. 275—15—320/20—500 against the scale of Rs. 175—15—325/15—100 for Overseers with two or three years diploma.

(*c*) Yes.

(*d*) There is no discrimination as Engineering graduates are appointed as Assistant Engineers in Hyderabad and Khairpur Divisions also.

قاضی محمد اعظم عباسی - وزیر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ

They are allowed higher scale but as a matter of right they cannot get higher scale.

وہ تو علیحدہ علیحدہ cases میں آپ consider کرتے ہونگے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب اس کا منشا یہ ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ لازماً ان دو ڈویژنوں کے انجینئرنگ گریجوایٹ بطور سپروائزر

سٹارٹ کریں ۔ التماس یہ ہے کہ اگر اس وقت یہ اسسٹنٹ انجینئروں کی اسامیاں خالی نہ ہوں تو پھر وہ سروس کو اس حیثیت میں join کرسکتے ہیں ۔ تو یہ ضروری نہیں ہے کہ ضرور ان کو اس گریڈ سے شروع کرایا جائے ۔

جناب والا ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں یہ اس لئے ہے کہ اگر اسسٹنٹ انجینئر کی کوئی اسامی نہیں ہے لیکن کوئی شخص فارغ نہیں بیٹھنا چاہتا تو وہ اسے join کرلے ۔ اس طرح اس کی جو age limit ہے وہ relax ہو جاتی ہے ۔ اور بعد میں اس کو فائدہ پہنچتا ہے ۔ لیکن اگر کوئی voluntarily اس اسامی کو join کرنا نہیں چاہتا تو اس پر کوئی پابندی نہیں یہ ضروری نہیں ہے کہ ان انجینئرنگ گریجوایٹس کو یہی سٹارٹ دیا جائے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا وزیر صاحب بتا سکیں گے کہ یہ طریق کار انجینئرنگ گریجوایٹس کو اسسٹنٹ انجینئرز کی بجائے سپروائزر لینے کا سابق پنجاب یا سابق فرنٹیئر میں بھی ہے یا صرف خیرپور یا حیدرآباد ڈویژن میں ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ فرنٹیئر کے متعلق تو مجھے علم نہیں ۔ بہرحال پنجاب میں اگر کوئی انجینئرنگ گریجوایٹ بطور سپروائزر join کرنا چاہے تو اس پر پابندی نہیں ہے مگر عام طور پر وہ join کرتے نہیں ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ سپروائزر اور اوورسیئر کے لئے کوالیفیکیشن ایک ہے ۔ مگر آپ نے جو گریڈ رکھے ہیں وہ سپروائزر کا زیادہ ہے ۔ ایک کا بے سکیل ایک سو پچھتر سے شروع ہوتا ہے اور دوسرے کا دو سو پچاس سے ۔ جب آپ ان کے لئے کوالیفیکیشن ایک ہی رکھتے ہیں تو گریڈ بھی ایک ہونا چاہئیے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ ایک اوورسیئر ہے دوسرا سپروائزر انجینئر ہے ۔ جس کی basic کوالیفیکیشن بی ۔ ایس ۔ سی انجینئرنگ ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی - اگر میں یہ بتادوں کہ خیر پور اور حیدرآباد ڈویژن میں اگر کوئی B. E. انجینئرنگ فرسٹ ڈویژن بھی ہو اور فرسٹ بھی ہو تو اسے بھی ڈائریکٹ سپروائزر لیتے ہیں اسسٹنٹ انجینئر نہیں لیتے تو کیا آپ اس سلسلہ میں کارروائی کرینگے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - یقیناً - یہ ہمارے فرائض میں شامل ہے - میں نے التماس کیا ہے کہ اگر vacancy نہ ہو تو وہ مجبوراً بطور سپروائزر join کرلیتے ہیں اس طرح وہ overage نہیں ہوتے - مگر یہ ضروری نہیں ہے - اگر vacancy ہو تو انہیں ڈائریکٹ اسسٹنٹ انجینئر لیا جاتا ہے -

سید عنایت علی شاہ - جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے یہ سپروائزر صرف خیرپور اور حیدرآباد ڈویژنوں ہی میں لئے جاتے ہیں - سابق فرنٹیئر اور سابق پنجاب میں ان کے لئے اسسٹنٹ انجینئر کی پوسٹ ہوتی ہے - کیا یہ بے چینی اور بے اطمینانی کا باعث نہیں ہوگا اگر وہاں انجینئرنگ گریجوایٹس کو بطور سپروائزر لیا جائے اور دوسرے علاقوں میں انہیں اسسٹنٹ انجینئر لیا جائے - کیا آپ اس میں uniformity برقرار رکھیں گے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - اگر وہ بطور سپروائزر نہ join کرنا چاہیں تو نہ کریں اس صورت میں انہیں انتظار کرنا ہوگا - جب vacancy ہوگی تب وہ اس گریڈ میں آئینگے - لیکن کچھ گریجوایٹس انتظار کرنا نہیں چاہتے اور وہ سپروائزر کے گریڈ میں آنا قبول کر لیتے ہیں اور اس طرح انہیں age limit کی relaxation کا فائدہ پہنچ جاتا ہے -

---

OFFICERS OF WAPDA

***8111. Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the names of Officers serving with WAPDA in Lahore for the last five years alongwith the reasons for retaining them in Lahore for such a long period ;

(*b*) the names of Officers of the said Department posted in Lahore who possess their own houses or in the names of their close relatives *i.e.* mother, father and wife, etc. but are living in the accommodation provided by WAPDA ;

(*c*) whether the WAPDA is aware of the fact that some Officers have actually rented their personal residential accommodation in Lahore and are themselves occupying houses provided by WAPDA ; if so, names and designations of such Officers ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) As per statement placed on Assembly table*.

(*i*) Most of the posts under WAPDA in higher grade are located at Lahore.

(*ii*) Some officers cannot be transferred out of Lahore as no corresponding posts are available to them outside Lahore.

(*iii*) Some officers have been retained at Lahore due to their special suitability for Headquarters posts or otherwise in the interest of work.

(*b*) (*i*) Mr. Javed Akhtar.

(*ii*) Mr. S. S. Kirmani.

(*c*) Yes.

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر برقیات نے میرے سوال کے حصہ (ر) کے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ بیشتر افسران کو پانچ سال سے زائد عرصہ کے لئے لاہور میں اس لئے رکھا گیا ہے کہ واپڈا کا ہیڈ کوارٹر لاہور میں ہے اور ان کی اسامیوں کے متبادل کوئی اسامیاں دوسری جگہوں پر موجود نہیں ہیں آپ نے جو فہرست مہیا کی ہے اس میں دو سو اڑتالیس

*Please see Appendix I at the end.

افسران ایسے ہیں جو پانچ سال سے زیادہ عرصہ سے لاہور میں مقیم ہیں کیا میں یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ اس فہرست میں وہ کتنے افسران ہیں جنہیں آپ نے محض خصوصی موزونیت اور کام کے مفاد کے پیش نظر لاہور میں رکھا ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - بہت سے افسران ایسے ہیں جو running پراجیکٹس میں کام کر رہے ہیں انہیں projects مکمل ہونے سے پہلے pull out کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ وہ ان پرکام کر رہے ہیں - جہاں تک ان کی تعداد کا تعلق ہے وہ میں بعد میں عرض کرسکتا ہوں -

مسٹر حمزہ - یہ ضمنی سوال تو ان کے جواب سے پیدا ہوتا ہے انہوں نے افسران کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے - ان کے پاس یہ فہرست ہونی چاہئے تھی کہ کون سے افسران ہیں جنہیں محض موزونیت کی بنیاد پر لاہور میں رکھا ہوا ہے -

Mr. Speaker: Next supplementary please.

مسٹر حمزہ - انہوں نے میرے سوال کے حصہ (سی) کے جواب میں فرمایا ہے کہ بہت سے ایسے افسران ہیں جن کے عزیز و اقارب والدین یا بیوی کے نام مکانات موجود ہیں اور واپڈا نے انکو رہائش کا انتظام کر کے دیا ہے - اس کی کیا وجہ ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - وہ تو (بی) میں ہے - اتنے بڑے cadre میں صرف دو آدمی ہیں جن کے متعلق اس قسم کی exemption زیر عمل ہے - ایک مسٹر جاوید اختر وہ سابقہ وزیر اعظم چودھری محمد علی صاحب کے صاحبزادے ہیں یہ مکان ان کے والد صاحب کے نام پر ہے اور وہ اپنے والد کے ساتھ اقامت پذیر ہیں - البتہ مسٹر ایس ایس کرمانی ایسے ہیں - جن کا مکان ان کی اہلیہ محترمہ کے نام پر ہے ایک تو انہوں نے یہ مکان قرضہ لیکر بنایا ہوا ہے - دوسرے میں یہ عرض کرونگا کہ ان کی

خدمات ایسی منفرد ھیں کہ ان کے پیش نظر انہیں یہ relaxation یا concession دیا گیا ھے ۔ جیسے خاص افسران کو جن کی خدمت قابل تحسین ھیں گرانٹ یا ایوارڈ ملتا ھے ۔ انڈس بیسن پراجیکٹ میں انکی خدمات کے عوض انہیں یہ relaxation یا concession ملا ھوا ھے کہ ان کی بیوی کا مکان ھوتے ھوئے انہیں accommodation provide کی گئی ھے ۔

مسٹر حمزہ - آپ نے انہیں بطور تحفہ رعائیت دی ھے ۔ میرا سوال یہ تھا کہ کیا ایسے افسران بھی ھیں جن کے پاس ذاتی مکانات موجود ھیں اور انھوں نے اپنے مکانات کرائے پر دیئے ھوئے ھیں اور وہ واپڈا کے مکانات میں رھتے ھیں - آپ نے حصہ (سی) میں اس کا جواب "yes" میں دیا ھے ۔ میں اس طرف آپ کو توجہ دلانا چاھتا ھوں اگر کسی شخص کے پاس اپنا ذاتی مکان رھائش کے لئے موجود ھے مگر وہ اسے کرایہ پر دے دیتا ھے اور آپ اسے رھائش کے لئے مکان مہیا کرتے ھیں اس کی کیا وجہ ھے ۔ اگر آپ کے علم میں ایسی مثالیں ھیں تو آپ نے اس سلسلہ میں کیا کیا ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ اسکے متعلق جناب حمزہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جزو ''ب'' میں بھی وھی بات پوچھی گئی ھے چونکہ ''ب'' میں جواب دے دیا ھے اور جزو ''سی'' میں "yes" کہا ھے ۔ جزو ''ب'' میں نام دے دیئے ھیں اور تشریح بھی کر دی ھے ۔

SUPPLY OF WATER TO LANDS IN MATLI DISTRICT HYDERABAD

***8125. Mr. Hamza** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a large chunk of land in Taluka Matli, District Hyderabad is lying unirrigated ;

(*b*) whether it is a fact that some time ago, the Union Council Malhan, Thari, Haji Sawan and Town Committee Matli and Tehsil Council Matli passed resolutions demanding supply of canal-water for irrigating land in the said area ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the action Government have taken in this regard and the time by which canal water will be supplied to the said area ?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) No, but there is temporary shortage of irrigation supplies to this area.

(*b*) Yes.

(*c*) Proposals for transfer of area from Sukkur Barrage Command to Ghulam Muhammad Barrage Command are under examination with the Irrigation Department and A. D. C. but much of the area in question is not commanded from Ghulam Muhammad Barrage. The remodelling of the channels of Sukkur Barrage is being planned to overcome shortages otherwise the command from Sukkur is satisfactory.

قاضی محمد اعظم عباسی - جناب والا - یہ سوال ماتلی کے آباد کاروں کو پانی دینے سے متعلق ہے - ۱۵ سال سے یہ کیس pending ہے اور ان لوگوں کو پانی نہیں مل رہا ہے - میرے پاس اعداد و شمار بھی ہیں - اس سے گورنمنٹ کا نقصان ہو رہا ہے اور گورنمنٹ کو لینڈ ریونیو نہیں مل رہا ہے - وہاں کے زمینداروں کی یہ حالت ہے کہ

They have come to the point of starvation.

کیا وزیر صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ ان کو پانی ملنے میں مزید کتنی دیر لگے گی ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب عالی - میں یہ عرض کروں گا کہ متذکرہ علاقہ نارا کینال کے tail پر واقع ہے - یہ تجویز زیر غور تھی کہ آیا یہ غلام محمد بیراج کی command میں آ سکتا ہے - مگر اس وقت ہماری اطلاع یہ ہے جیسا کہ وہاں کے اہالیان کی خواہش ہے کہ یہ نارا کینال سے command نہیں ہو سکتا - غلام محمد بیراج اسکے نزدیک تر پڑتا ہے -

قریب سے نہریں گزر رہی ہیں ۔ یہ ان کا duel impression ہے کہ وہاں سے ہو سکتا ہے لیکن ہم نے سروے وغیرہ کیا ہے اور اس وقت ہماری اطلاع یہ ہے کہ اس کا کافی حصہ فرازی ہے اور غلام محمد بیراج سے command ہونا ممکن نہیں اس کا صرف ایک ہی ذریعہ ہے کہ موجودہ نارا کینال کو re-model کیا جائے اور اسکی carrying capacity کو بڑھایا جائے پھر نارا کے tail کے اوپر جو علاقے ہیں وہ اسکی command میں آ سکتے ہیں۔ اس بات کے پیش نظر مرکزی حکومت کو ۲ کروڑ روپے کی سکیم بھجوائی ہوئی ہے اور اسکے اوپر غور ہو رہا ہے ۔ ہماری پوری کوشش ہے کہ وہاں سے فنڈز حاصل کر کے نارا کنال کو re-model کریں تاکہ اسکی capacity کو بڑھا کر تمام متذکرہ علاقے کو سیراب کیا جا سکے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ جناب قاضی محمد اعظم عباسی صاحب کے سوال کے پیش نظر جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ سارے سال سے اس علاقہ کے لوگ چیخ رہے ہیں اور انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ

This is under the active consideration of the Government.

کیا آپ مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ حکومت کے خصوصی زیر غور آنے کے باوجود اتنا عرصہ کیوں لگا اور ان لوگوں کے جائز مطالبات پورے کیوں نہیں ہوئے ۔ مزید کتنا وقت درکار ہوگا جب ان لوگوں کی ضروریات کے مطابق پانی مل جائے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب سپیکر ۔ اس ترقیاتی دور میں جب پورا مغربی پاکستان ترقیاتی اعتبار سے انقلاب پذیر ہے تقریباً ہر علاقہ کے لوگوں کی مشکلات بھی ہیں اور ان کی ضروریات بھی ہیں تو صرف اس مطالبہ کو اس شدت سے پیش کرنا ہمارے sources کے پیش نظر حتمی نہیں ہو سکتا ۔ اس علاقہ کے لوگوں نے بہر حال اپنی ضرورت کا اظہار کیا ہے ۔ پہلے ہمارا خیال تھا کہ یہ غلام محمد بیراج سے با آسانی سیراب ہو سکے گا چونکہ آپ نے وقت دریافت کیا ہے ۔ اس کا سروے وغیرہ کرنا تھا اس میں

کچھ وقت لگا ہے اب ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ یہ غلام محمد بیراج سے صحیح معنوں میں command نہیں ہو سکے گا صرف موجودہ نارا کنال کو ہی re-model کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا - میں نے یہ دریافت کیا تھا کہ آپ مجھے بتائیں کہ اس کام کو کرنے کیلئے کتنا عرصہ اور لگے گا ۔ انہوں نے اس دور کو ترقیاتی دور اور انقلابی دور کہا ہے حالانکہ سوال سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ انتہائی نکما پن ہے اور رجعت پسندی کی بد ترین مثال ہے اسکے باوجود یہ اسکو ترقیاتی اور انقلابی دور کیوں کہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Next question.

TRANSFORMER INSTALLED AT KAMALIA

*8129. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the transformer installed at Kamalia, District Lyallpur, is small as compared to the needs of electric supply in the area ;

(*b*) whether it is a fact that WAPDA authorities have a scheme to replace the said transformer with a bigger one since pretty long time ;

(*c*) whether it is a fact that the non-replacement of the transformer mentioned in (*a*) above is great hurdle in the supply of electricity to the tube-wells in Kamalia, Mamun Kanjan, Pirmahal and Sandhilianwali area of the said District ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons as to why the said transformer has not been replaced alongwith the time by which the bigger transformer will be installed in its place ?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) No.

(*b*) No, this transformer was installed on 23.6.67 replacing the previous one of smaller capacity.

(*c*) & (*d*) Does not arise in the light of (*b*) above.

سید عنائت علی شاہ - جناب عالی - آپ نے جواب میں فرمایا ہے کہ وہاں ٹرانسفارمر لگ چکا ہے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ان دیہاتوں میں جن کا ذکر سوال کے حصہ "ج" میں کیا گیا ہے یعنی کمالیہ - مالن - ساندھی سانوالی کو بجلی احسن طریقے سے مل رہی ہے اور ان کے ٹیوب ویلز درست اور صحیح طور پر کام کر رہے ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - وہاں احسن طریقے سے بجلی سپلائی ہو رہی ہے - حمزہ صاحب کو معلوم ہے کہ مامون کانجن کی تمام فیکٹریاں چل پڑی ہیں -

مسٹر حمزہ - اگر جناب وزیر برقیات اپنے حافظے پر زور دیں تو ان کو یاد ہوگا کہ میزانیہ کے اجلاس کے آخری ایام میں اس علاقے کے لوگوں کو ایک وفد کی شکل میں ان کی خدمت میں پیش کیا تھا - شکایت یہ تھی کہ بجلی مہیا نہیں ہو رہی تھی - میری اطلاع کے مطابق بجلی تو مہیا کی جا رہی ہے لیکن اس علاقے میں ٹھیک طریقے سے مہیا نہیں کی جا رہی اسکی وجہ کیا ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - میں نے عرض کیا ہے کہ اس وقت بجلی مل رہی ہے - ممکن ہے اس سوال کا تعلق ملتان میں جو بجلی کی کمی ہے اس سے ہو - اگر اسکا اثر یہ محسوس کر رہے ہیں تو میں اسکا اعتراف کر لوں گا - ورنہ میں نے عرض کیا ہے کہ آپکو بجلی کی سپلائی کیلئے دوسرا ٹرانسفارمر لگا دیا گیا ہے اور اب احسن طریقے سے بجلی سپلائی ہو رہی ہے -

---

FIXING INTER SE SENIORITY OF OFFICERS IN THE IRRIGATION DEPARTMENT

*8137. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the total number of Class I and Class II Officers in the Irrigation Department ;

(*b*) the number of Officers of each Class out of those mentioned in (*a*) above whose *inter se* seniority has not been fixed by the Department alongwith the date since when these cases are pending and the date by which such cases are expected to be finalised ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) Class I 172

Class II 280.

(*b*) 45 ;

The case is pending since integration and is expected to be finalised soon.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ ابھی جناب وزیر برقیات نے اس دور کو انقلابی دور گردانا ہے ۔ کیا میں آپ سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ ون یونٹ کو بنے تقریباً ۱۱ سال کا لمبا عرصہ گزر چکا ہے اور ابھی تک آپ نے درجہ اول اور دوئم کے افسران کی سنیارٹی متعین نہیں کی کیا ان حالات میں یہ محکمہ ٹھیک طریقہ سے چل سکتا ہے ۔ یہ کیس شیطان کی لات کی طرح لمبا ہوتا جا رہا ہے ۔ اسکا کوئی اختتام بھی ہوگا اگر ہوگا تو کب ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب عالی ۔ میں اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے عرض کروں گا کہ ون یونٹ کے بعد اس محکمہ میں سب سے اہم اور سب سے بڑا مسئلہ یہی تھا ۔

جناب والا ۔ یہ محترم رکن time lag کے متعلق پوچھتے ہیں ۔ سو عرض ہے کہ یہ reference ۱۹۵۸ء میں originate ہوا تھا ۔ جب فیصلہ ہوا تو اسکو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا اور جب ۱۹۶۰ء میں ہائی کورٹ نے اپنا فیصلہ صادر فرمایا تو سپریم کورٹ میں اسکی اپیل کی گئی اور سپریم کورٹ نے ۱۹۶۲ میں فیصلہ کیا تو اسکی interpretation اور construction کے بارے میں اختلاف رائے کی بنا پر اس فیصلے کی صحیح تعبیر و وضاحت

کے لئے معاملہ لا ڈیپارٹمنٹ کے سپرد کیا گیا تاکہ conflicting opinions میں سے صحیح تعبیر و وضاحت کا کوئی فیصلہ قانونی ماہرین سے حاصل کیا جائے۔

جناب والا - یہ بہت اہم اور بہت بڑا کیس ہے اسکو معمولی نہیں سمجھنا چاہئے لہذا اب میں ایوان کی اطلاع کے لئے اور محترم حمزہ صاحب کی خصوصی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ اب تمام تفصیلات طے ہو چکی ہیں اور کیس مکمل ہو کر کونسل آف منسٹرز میں بغرض فیصلہ پیش کیا جانے والا ہے بلکہ زیر غور ہے۔

Chaudhri Muhammad Idrees : By the end of this year ?

Minister of Irrigation & Power : No, much earlier.

SENIORITY LIST OF ZILLADARS

***8144. Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the seniority of personnel was to be determined from the date of continuous service in a grade ;

(*b*) whether it is a fact that the date of continuous appointment of war service personnel was to be assumed after adding the period of war service ;

(*c*) whether it is a fact that Mr. Abdur Rashid Khan Zilladar of former Punjab was actually appointed in 1949 in a war service reserved vacancy and was given seniority in the list of Zilladars of former Punjab on the basis of his war service with effect from 15th March 1955 ;

(*d*) whether it is a fact that Mr. Kamal Din, a Zilladar of former Bahawalpur, appointed in 1948, was shown senior to the said Mr. Abdur Rashid Khan and other Zilladars of the former Punjab, appointed or deemed to have been appointed from 1944 to 1947, in the intergrated seniority list of Zilladars of West Pakistan although the former had no war service to his credit ;

(*e*) whether it is a fact that the said Mr. Kamal Din was promoted as Deputy Collector on 15th November 1962 although an appeal filed by

Zilladars of the former Punjab against his seniority was accepted by Secretary, Irrigation Power Department,—*vide* Memo. No. 3/160-S.O. III (1-62) dated 6th April 1962 ;

(*f*) whether it is a fact that the Secretary Irrigation and Power in consultation with the Law Department again upheld the said order,—*vide* No. 3/160-S.O. 3(E)/62 dated 29th May 1964 ;

(*g*) whether it is a fact that the appeal of said Kamal Din against the said order was again rejected,—*vide* S & GAD U.O. No. S (R) 3681 /2/10/ 65 S.O. XIII dated 1st February 1966 ;

(*h*) if answer to (*e*) and (*g*) above be in the affirmative, reasons for his promotion and continuation as such ;

(*i*) whether it is a fact that the seniority list of Zilladars of Bahawalpur Zone issued on 17th November 1964 is still considered so many years ; if so, reasons therefor ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) Yes the integrated seniority list of personnel of various integrating units was to be drawn up with reference to the date of continuous service in a grade.

(*b*) Yes, this provision was available under the Punjab War Service Rules but not under the Rules of *ex*-Bahawalpur State.

(*c*) Yes.

(*d*) Yes. M. Kamal Din was shown senior to M. Abdur Rashid and others by the former Chief Engineer Irrigation, West Pakistan.

(*e*) Mr. Kamal Din was promoted in consultation with the West Pakistan Public Service Commission. But Secretary, Irrigation and Power's letter dated 15th November 1962 only directed the former Chief Engineer, Irrigation, West Pakistan to fix seniority of Zilladars according to rules.

(*f*) No. In this letter it was clarified that the seniority gained by the war service candidates was to be determined under rule 6 of the Punjab Government Service War (Amendment) Rules and for the purpose of seniority under para 14 of the integration circular No. 871-Integ. 55/4471, dated 25th November 1955 the date of continuous appointment to the post would be the date as determined under the above rules.

(*g*) No. In this reference it was clarified that the continuous date of appointment in the case of war service candidates appointed to reserved

vacancies should be the date of their notional appointment and not the date of actual appointment to the cadre. There was no mention about the appeal of M. Kamal Din in this communication.

(*h*) Does not arise.

(*i*) No. In fact a *tentative* seniority list of Zilladars of Bahawalpur Zone was issued on 17th November 1964 but it was not finally approved for certain reasons.

مسٹر حمزہ - جیسا کہ میں نے اپنے سوال کے حصہ (ب) میں دریافت کیا تھا کہ سابقہ بہاولپور ریاست کے کمال دین ضلعدار جن کو ۱۹۴۸ء میں بھرتی کیا گیا تھا عبدالرشید خان اور دوسرے ضلعداروں کو جو کہ سابقہ پنجاب سے تعلق رکھتے تھے اور جن کو ۱۹۴۴ء سے ۱۹۴۸ء کے درمیان بھرتی کیا گیا تھا کے مقابلہ میں کیوں سینیر بنا دیا گیا -

چودھری محمد ادریس - یہی تو کمال ہے - (قہقہہ)

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ اصل میں دقت یہ ہوتی ہے کہ میرے محترم دوست کسی argument کو پیش کرتے وقت اسکا جو premise لگاتے ہیں وہ اس قسم کا ہوتا ہے کہ منطقی طور پر اس سے صحیح نتائج برآمد نہیں ہوتے - التماس یہ ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ ۱۹۴۴ سے - اصل میں کمال الدین صاحب جو ہیں انکو ۱۹۴۸ء میں بھرتی کیا گیا اور عبدالرشید کو ۱۹۴۹ میں بھرتی کیا گیا اسوقت پنجاب سروس رولز میں ایک provision یہ تھی کہ اگر کسی کی کوئی War Services ہوں تو اس کو بھی شامل کیا جائے پہلے تو اس سے ایک بات مترشح ہوتی ہے کہ عبدالرشید نے ۱۹۶۲ء تک یعنی پنجاب سروس میں بھی کوئی اعتراض نہ کیا اسنے ۱۹۶۲ء کے بعد ایک اعتراض یہ اٹھایا تھا کہ میرا ۱۹۴۴ کا War Service Right بھی شمار کیا جائے مگر initially نہ تو اس نے اپنی پنجاب سروس کے دوران اس نکتہ کو اٹھایا نہ integration کیوقت کیا - جب پبلک سروس کمشن سے کمال دین کے کیس کا فیصلہ ہو گیا تو اسکے بعد اسنے اپنی

representation میں یہ کہا کہ میری War Services جو ہیں وہ ۱۹۴۴ء سے شمار کی جائیں - تو جس طرح میں عرض کر رہا ہوں کمال دین ۱۹۴۸ء میں بھرتی ہوا - عبدالرشید ۱۹۴۹ء میں بھرتی ہوا - integration میں بھی tentative list اسی قسم کی بنی - ۱۹۶۲ء میں پبلک سروس کمیشن نے کمال دین کو senior most قرار دیا - جب ۱۹۶۲ء میں یہ declare ہوا تو according to him پھر اسکو cause of action arise ہوا he felt the grievance کہ میری وہ War Services جو ہیں وہ شامل نہیں کی گئیں اور وہ ۱۹۴۴ء سے شامل کی جانی چاہئے تھی تو اس پر اس نے Services & General Administration میں اپنی representation کی - اس کے علاوہ اور بھی cases ہونگے تو اس سلسلے میں S & GAD نے اپنی finding یہ دی کہ چونکہ یہ provision exist کرتا ہے لہذا ایسے cases میں War Services کو شامل کیا جائے - یہ S & GAD کا directive متعلقہ Chief Engineer کو بھیجا گیا اسنے ہمیں ایک tentative list بنا کر دی اس میں کچھ defects تھے اسکو ہم نے واپس remand کیا کہ اسکو آپ invite اور اسپر دوسروں کے اعتراض بھی حاصل کریں تو اس نے اعتراضات وصول کئے جس میں کمال دین come forward with a representatation that is pending with the Government اسکو بہت زیادہ عرصہ نہیں ہوا - اور چونکہ تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ اس کو S & GAD نے decide گیا ہے تو اب S & GAD کی findings کے خلاف کمال دین after circulation has come forward with a representation to the effect that he would still remain senior وہ زیر غور ہے اور اسکا جلد فیصلہ ہو کر اس issue کو dispose of کیا جائیگا -

مسٹر حمزہ - جناب والا- میں ڈرتے ہوئے سوال کرتا ہوں کہ وزیر صاحب بڑا لمبا جواب دینے لگتے ہیں - - - انہوں نے میرے سوال کے آخری حصہ کے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ tentative list ۱۷ نومبر ۱۹۶۴ء کو تیار کی گئی تو کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ تقریباً تین سال کا عرصہ گذرنے کے باوجود ابتک آپ اسے finally decide کیوں نہیں کر سکے -

وزیر آب پاشی و برقیات - میں نے تو جناب والا عرض کیا ہے کہ tentative list شائع ہوئی تھی اس کو بھیجا گیا اس کو circulate کیا گیا - اس پر objections آئے تو Objection of the judgment given by the S & GAD Department وہ انکے پاس pending ہے - اور وہ عنقریب اس کا فیصلہ دیں گے -

Mr. Speaker : Next question. Ch. Muhammad Nawaz.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں تو یہ وزیر برقیات مگر ان کا محکمہ جو ہے وہ گدھے کی رفتار سے چلتا ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - بھئی اسے S & GAD decide کریں گے - آپ اتنا تو سمجھا کریں -

---

AVERAGE WATER DISCHARGE OF LOWER BARI DOAB CANAL AND SUKKUR BARRAGE CANALS AND REVENUE RECEIPTS THEREOF

***8158. Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the average water discharge of Lower Bari Doab Canal is 7,000 cusecs and the revenue receipts thereof are Rs. 1,45,00,000 ;

(*b*) whether it is a fact that the average discharge of the Sukkur Barrage Canals is 45,000 cusecs and the revenue receipts thereof are Rs. 45,00,000 ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for less revenue receipts of the latter ?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) No.

(*b*) No.

(*c*) Does not arise.

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ انہوں نے میرے سوال کے جواب میں بڑا اختصار سے کام لیتے ہوئے "نہیں"

''نہیں،، لکھ دیا ہے کہ اگر ان کو میں یہ کہدوں کہ حصہ الف میں جو اعداد و شمار دیئے ہیں سات ہزار کیوسک کی اور ایک لاکھ پینتالیس ہزار - ریونیو کی جو رقم ہے اس پر ذاتی واقفیت کی بنا پر کہتا ہوں کہ یہ ٹھیک ہے اور میں اس ایوان میں کھڑا ہوکر چیلنج کرتا ہوں تو آپ اس کے متعلق فرمائینگے کہ آپ نے یہ جو ''نہیں،، میں جواب دیا ہے یہ کیوں دیا ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - میں عرض کرتا ہوں کہ چونکہ اس میں technicalities کو پیش نظر رکھا جاتا ہے - اس کا جواب یہ ہے -

The authorised full supply discharge of L.B.D.C. which is wholly a perennial canal is seven thousand cusecs.

authorised اخراج اسکا یہ ہے

The main discharge actually in L.B.D.C. during Kharif 1965 was 6927.

چونکہ یہ discharge میں فرق ہے - - - - اچھا اب

Cusecs during Rabi 1965-66 was 6405. Revenue Receipts vary from year to year. The total receipts for 1965-66 are rupees 2,22,44,000.

یہ ایک کروڑ نہیں ہے - آپ نے کہا کہ ۱,۰۵,۰۰,۰۰۰ اور ''نہیں،، اس لئے کہا گیا ہے کہ وہ ایک کروڑ کی بجائے L.B.D.C. کا ریونیو ۲ کروڑ ۲۲ لاکھ روپے ہے اور اسکا discharge بھی جتنا انہوں نے کہا ہے غالباً ۷ ہزار - اس سے بھی کم ہے اس کے باوجود ریونیو دو کروڑ ہے -

The authorised full supply discharges of Sukkur Barrage was 47527 cusecs.

وہ ۴۵ ہزار کی بجائے ۴۷ ہزار ہے پینتالیس ہزار نہیں ہے -

as given in the Assembly question the main discharge actually during Kharif 1965 in Sukkur Barrage was 42,358 cusecs and during Rabi 1965—66

was 28, 358 cusecs. Revenue receipts vary from year to year the total receipts for the year 1965—66 were 5, 02, 89, 000.

آپ نے اڑھائی کروڑ روپے کی رقم بتائی ہے ۔ جبکہ وہ ۵,۰۲,۰۰,۰۸۹ روپے تھی ۔ اس لئے میں نے 'No' کہا ہے کہ آپکی اطلاع صحیح نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ ارشاد فرمائینگے کہ جب ایک طرف سات ہزار یا پونے سات ہزار کیوسک کے قریب ڈسچارج ہے اور آپکے حساب سے آمدنی اڑھائی کروڑ ہے تو دوسری طرف آپ نے سینتالیس ہزار کیوسک ڈسچارج بتایا ہے اور اسکی آمدنی پانچ کروڑ کے قریب بتائی ہے ، تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر اس قدر زیادہ ڈسچارج کے باوجود آمدنی اتنی کم ہونے کی وجوہات کیا ہیں

وزیر آبپاشی و برقیات اس کا جواب یہ ہے کہ

more favourable climatic conditions in L.B.D.C, better standards and husbandry in L.B.D.C. and cultural practices in L.B.D.C; additional help from tubewells in L.B.D.C.

تو وہاں پر آمدنی زیادہ ہونے کی یہ وجوہات ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائینگے کہ اگر میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کروں کہ وہاں پر leakage of revenue ہو رہی ہے اور آپ کے جو پٹواری ہیں وہ زمینداروں کے ساتھ مل کر حکومت کا بہت سا روپیہ ہضم کر رہے ہیں ، تو کیا وہ اسکی تحقیقات کرینگے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس کے متعلق ایک issue pending ہے کہ collection of revenue جس طرح کہ سابقہ صوبہ پنجاب میں محکمہ آبپاشی کے پاس ہے ، سابقہ سندھ میں بھی اسکو levy کرنا اور اسکی وصولیابی اسی طریقے سے رائج کی جائے ۔

Levying and collection also are under the very active consideration of the Government.

قاضی محمد اعظم عباسی - جیسا کہ جناب وزیر موصوف نے چودھری محمد نواز صاحب کے اس سوال کے جواب میں کہ اس علاقے میں ڈسچارج زیادہ ہونے کے باوجود وہاں آمدنی کیوں کم ہے ، یہ فرمایا ہے کہ وہاں سے آمدنی زیادہ ہوتی ہے کیونکہ وہاں پر ٹیوب ویل نصب کئے گئے ہیں ، تو کیا وہاں پر بھی ٹیوب ویل لگائے جائینگے جہاں پر کہ آمدنی کم ہے ، تاکہ وہاں سے بھی زیادہ آمدنی ہوسکے -

وزیر آبپاشی و برقیات - آپ کو علم ہونا چاہیئے کہ وہاں پر بہت بڑے منصوبے بنائے گئے ہیں - drains بھی بن رہی ہیں - ٹیوب ویل سکیم بھی بنائی گئی ہے جسکو implement بھی کیا گیا ہے اور cultural practices کے لئے وہاں پر extension service بھی ہے اور اسی طریقے سے اس علاقے کو منقلب کیا جا رہا ہے -

چودھری محمد ادریس - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا آبیانہ کی شرح دونوں جگہوں پر یکساں ہیں یا ان میں فرق ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - تخمیناً ٹھیک ہی ہیں -

چودھری محمد ادریس - اگر یہ شرح یکساں ہے ، تو پھر فصلات اور آب و ہوا کے اثرات کا اس پر کوئی فرق نہیں پڑنا چاہیئے - کیونکہ آپ نے جس قدر پانی دینا ہے اسی حساب سے آپ کو آبیانہ وصول کرنا چاہیئے - تو پھر ان آمدنیوں میں فرق کیوں ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - اگر ریونیو کا سٹینڈرڈ ایک ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ cultural practices soil texture اور دوسرے جتنے عوامل ہیں جو کہ fertility کو determine کرتے ہیں ، کیا آپ کا مطلب یہ ہے کہ وہ بھی برابر ہونے چاہئیں -

cultural, soil texture, climatic factors; simply because those two are as have been equally taxed.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر آبپاشی مجھے یہ بتائینگے کہ جب کبھی زلومات کے خرچ کرنے کا سوال آتا ہے تو ہمارے سندھی بھائی یہ فرماتے ہیں کہ جتنا پنجاب پر خرچ کیا جاتا ہے ، اتنا ہی سندھ پر بھی خرچ کیا جائے اور جب آمدنی کا سوال آتا ہے تو آپ پنجاب کو کم پانی کی مقدار مہیا کرکے زیادہ آمدنی وصول کرتے ہیں آپ اتنی ہی آمدنی وہاں سے کیوں نہیں حاصل کرتے ۔ کیا آپ نے پنجاب کو سونے کی کان سمجھ لیا ہے کہ آپ یہاں سے روپیہ وصول کر کے دوسری جگہ پر خرچ کریں ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے حمزہ صاحب سے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ اس قسم کی بات کرینگے ۔ اگر ہم یہاں پر اپنے ریجن کی نمائندگی کرتے ہیں اور وہاں کی مشکلات ایوان کے سامنے پیش کرتے ہیں ، تو یہ ہمارا حق ہے ۔ ہم یہ تو نہیں کہتے کہ الضمام کے وقت سندھ نے کتنا روپیہ surrender کیا تھا ۔ حمزہ صاحب کو اس بات کا احساس ہونا چاہیئے کہ وہ ہمارے جذبات کو مجروح نہ کریں تو بہتر ہوگا ۔

وزیر آبپاشی ۔ جیسا کہ حمزہ صاحب کو علم ہے کہ سابقہ پنجاب کے اہالیان قربانیوں کی شاندار روایات کے حامل ہیں اور انہوں نے کبھی بھی اس قسم کی بات پر اعتراض نہیں کیا کہ کسی وقت کسی دوسرے بھائی کو مدد نہ دی جائے ۔ اس لئے انہیں بھی اس بات پر معترض نہیں ہونا چاہیئے ۔

چودھری محمد نواز (پنجابی) ۔ تبھی انہیں قربانی کا بکرا بنا رہے ہیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ Revenue کی جو شرح مقرر کی جاتی ہے یہ پیداوار پر نہیں کی جاتی بلکہ آبپاش رقبہ کے پیش نظر مقرر کی جاتی ہے ، تو پھر پیداوار میں کمی بیشی کا اثر مالیہ پر کیوں پڑتا ہے ۔ کیونکہ

آبپاش رقبے پر تو شرح متعین ہوتی ہے ، تو پھر ان rates میں زیادتی کیوں ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ریونیو میں تھوڑا بہت اختلاف ہوتا ہے جیسا کہ محترم قائد ایوان نے بھی فرمایا ہے -

چودھری محمد ادریس - جناب والا - مگر یہاں تو فرق بہت زیادہ ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - تو اسکا تعلق کہ

they are equally assessed, therefore, the other should be more fertile - - - -

میں نہیں سمجھ سکا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے - جناب والا اس معاملہ میں آپ ہی میری رہنمائی فرمائیں -

چودھ ی محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ بتلائیں گے کہ انہوں نے میرے ضمنی سوال کے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ یہ ''زیر غور'' ہے - یعنی اس سسٹم کو پنجاب کے سسٹم کے طریقے پر رائج کرنا زیر غور ہے - تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ پنجاب والا سسٹم کب تک رائج کریں گے -

وزیر آب پاشی و برقیات - میں یہ تو عرض نہیں کر سکتا ہوں کہ ہم یہ سسٹم ضرور رائج کر دیں گے - بہر حال اس پر صوبائی حکومت نے فیصلہ دینا ہے اور یہ issue ان کے زیر غور ہے - ہمارا بھی ایک point of view ہے اور بورڈ آف ریونیو کا بھی ایک point of view ہے - یہ اس وقت صوبائی حکومت کے زیر غور ہے اور جو بھی مناسب ہوگا اسکے متعلق فیصلہ کیا جائے گا اور اسکے بعد اس فیصلے پر عملدر آمد ہوگا -

چودھری محمد نواز - اگر آپ کے خیال میں یہاں کے سسٹم کو وہاں پر رائج کرنا ضروری نہیں ہے تو پھر اس leakage کو روکنے کیلئے آپ کیا تدابیر اختیار کریں گے -

وزیر آب پاشی و بہ قیات - جناب والا - اب پہلے تو انہوں نے یہ فرض کر لیا ہے کہ یہ کمی leakage کی وجہ سے ہے - میں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ climatic conditions کی وجہ سے better cultural practices اور زیادہ ٹیوب ویل نصب کرنے کی وجہ سے اس جگہ آمدنی میں زیادتی ہوئی ہے - اور یہ تین گنا کمی یا پچاس فیصد فرق leakage کی وجہ سے نہیں ہے اور میں نے اسکے لئے وجوہات عرض کر دی تھیں - آپ یہ تصور کر رہے ہیں کہ یہ leakage آپ کے بتائے ہوئے اسباب کی وجہ سے ہے - میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ

comparatively improved cultural practices and other associated factors; they are responsible for the difference in the collection of revenues.

مجھے بورڈ آف ریونیو کی thinking کا علم ہوا ہے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی leakage نہیں ہوتی ہے - اب یہ ان کا نقطہ نظر ہے اور ضروری نہیں کہ میں ان سے اتفاق کروں - بہر حال جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ، اسکے متعلق دو نقطہ ہائے نظر ہیں - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ leakage کی وجہ ہے اور ایسے صاحبان بھی محکمے میں موجود ہیں جو کہتے ہیں کہ یہ ساری وجوہات نہیں ہو سکتیں - تو یہ معاملہ حکومت مغربی پاکستان کے زیر غور ہے اور اس پر جو بھی فیصلہ ہوگا اس پر عملدرآمد کیا جائیگا -

مسٹر حمزہ - کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اس وقت مالگذاری کا جو مسودہ قانون اس ایوان کے سامنے پیش ہے - آپ کی حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پنجاب میں مالیہ اور آبیانہ وصول کرنے کا جو طریق کار ہے - اسے سندھ میں نافذ نہ کیا جائے - یعنی سابقہ صوبہ پنجاب اور سابقہ صوبہ سرحد میں مالیہ اور آبیانہ کی تشخیص اور اسکو وصول کرنے کا جو خاص نظام رائج ہے - آپ نے فرمایا ہے کہ وہی نظام بورڈ آف ریونیو وہاں پر نافذ کرنا چاہتا ہے اور یہ بات حکومت کے زیر غور ہے - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ کی حکومت نے یہ فیصلہ نہیں کر لیا کہ پنجاب

کے مالیہ اکٹھا کرنے یا آبیانہ اور مالیہ کی تشخیص کا جو نظام ہے ۔ وہ نظام سندھ میں رائج نہ کیا جائے ۔ اس سلسلے میں قائد ایوان بھی اگر آپ کی امداد فرمائیں تو ہم ان کے ممنون ہوں گے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ یہ ریونیو یا مالیہ کے متعلق ہے آبیانہ کے متعلق نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ یہاں نمبردار مالیہ اور آبیانہ اکٹھا کرتا ہے ۔ کیا آپ نے یہ فیصلہ نہیں کیا کہ سندھ میں جو طریق کار موجود ہے اسکے مطابق وہاں پٹے دار ہی مالیہ تشخیص کرے اور وہی اسے اکٹھا کرے گا ۔ کیا آپ اس طریق کار کو تبدیل کریں گے یا بدستور رہنے دیں گے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اس کے متعلق مختلف ترامیم آ رہی ہیں اب ان پر غور ہو گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ میرے بزرگ ہیں اور آپ کو علم ہے ۔ میں آپ سے اس ایوان میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ جیسا کہ سوال سے ظاہر ہے مالیہ اور آبیانہ کا طریق کار جو سابقہ سندھ میں رائج ہے اس سے حکومت اور پبلک کو بہت زیادہ نقصان ہوگا ۔ اس سلسلہ میں آپ نے جو فیصلہ کیا ہے ۔ کیا آپ اسی پر قائم رہیں گے یا اس کو بدل دیں گے ۔

Mr. Speaker : We will see to it at the time of amendments.

Next question.

EMPLOYMENT OF GAUGE READERS

*8180. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that no gauge readers are employed at the tail of the water courses in former Punjab area ; if so, reasons therefor ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : Yes. Water courses are not owned or maintained by the Government.

حاجی گلاب خان شنواری ۔ کیا مغربی پاکستان کے سیلاب کمشن نے فرنٹیئر کے بارے میں بھی کوئی رپورٹ پیش کی ہے ۔

چودھری محمد نواز میرے سوال کے جواب میں آپ نے لکھا ہے کہ واٹر کورسز حکومت کی ملکیت نہیں ۔ دراصل آپ میرے سوال کو سمجھے ہی نہیں ۔ آپ نے واٹر کورسز سے مراد minors نہیں لی ہے جو راجباہ سے نکلتے ہیں بلکہ آپ نے اس کا مطلب لیا ہے ''کھالے''۔ minors پر پنسال نہیں ہوتی ۔ اور tails پر پانی کی بہت کمی ہوتی ہے ۔ وہاں افسران کو بتانے والا کوئی نہیں ہوتا ۔ اس چیز سے زمیندار بہت suffer کرتے ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ tails پر تو ہمارے آدمی ہوتے ہیں ۔ ان کی beats میں مختلف tails ہوتی ہیں اور وہ ان کا ریکارڈ کرکے اپنے آفس میں رکھتے ہیں ۔

REPORT SUBMITTED BY THE FLOOD COMMISSION

*8189. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state whether any report was submitted by the Flood Commission appointed by Government some time ago ; if so, the details thereof and the action so far taken on it by Government ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : Yes. The Flood Commission has prepared an Overall Flood Control Plan for the Rivers Ravi, Chenab, Jhelum and Sutlej and circulated the same among the concerned Government Departments. A copy is placed on the Table of the House.* Action is taken on the various decisions taken by the Flood Commission by the various Departments concerned.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے اس سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ ایک کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے لیکن مجھے تو نہیں ملی ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جی ہاں ۔ ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے ۔

---

*Copy of the Plan not placed on the table of the Assembly.

چودھری محمد نواز - لیکن مجھے ملنی چاھئے تھی -

مسٹر سپیکر - آپ دیکھیں آپ کی نشست پر ھوگی -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - یہ تو ایسے ھی ھے کہ مخدوم صاحب کے سامنے کھانا لا کر میز پر رکھ دیں اور کہیں کہ نہ کھائیں - آپ بتائیں کہ جب ان کے پاس اطلاع ھی نہیں تو اس اطلاع کے مہیا کرنے کا کیا فائدہ ھے -

مسٹر سپیکر - میرے خیال میں آپ کو یہ مثال دینی چاھئے تھی کہ بہت سا کھانا رکھ کے کہیں کہ سارا کھاؤ - (قہقہہ)

چودھری محمد نواز - اگر وہ انکار کر دیں تو پھر کیا پوزیشن ھوگی ؟

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب اب آپ اپنا سوال دریافت کریں -

حاجی گلاب خان شنواری - جناب والا - میرا ضمنی سوال یہ ھے کہ کیا مغربی پاکستان کے سیلاب کمشن نے فرنٹیئر کے بارے میں بھی کوئی رپورٹ پیش کی ھے -

وزیر آبپاشی و برقیات - اس میں دیا گیا ھے آپ پڑھیں -

حاجی گلاب خان شنواری - - جی آپ بتائیں - آپ کے پاس ھوگی -

وزیر آبپاشی - اس میں لکھا ھے کہ یہ سارے صوبہ کے لئے ھے -

THUR AFFECTED LAND IN SAHIWAL DISTRICT

*8193. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that land in Sahiwal District is being affected rapidly by *Thur* ; if so, the steps Government have taken or intend to take to combat it ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : The area in Sahiwal District is being affected by *Sem* and *Thur* but not rapidly.

Reclamation operations are in hand to combat this menace.

چودھری محمد نواز - کیا وزیر صاحب فرمائینگے کہ سیم اور تھور سے جو زمین کا نقصان ہو رہا ہے ان کے متعلق آپ کے محکمہ نے کیا تدابیر اختیار کی ہیں - تاکہ اس بیماری کو روکا جائے -

وزیر آبپاشی و برقیات - اس مردم خیز ضلع کا رقبہ ۲۰۷۰۵۶۱ ایکڑ ہے - اس میں سے تھور زدہ ۲۹۲۰۰۰ ایکڑ ہے اور سیم زدہ ۹۳۴۷ ایکڑ ہے - اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ ۱/۳ حصہ جو affected ہے اس پر operation ہو رہی ہے -

12.8 % of the area has been affected by Sem and Thur and 1/3 of the affected area has been improved through reclamation operation.

اور Reclamation Projects پر کام ہو رہا ہے -

چودھری محمد نواز - وزیر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ Reclamation Department اس کو reclaim کر رہا ہے وہ تو یہ ہے کہ جو غیر آباد زمینیں ہیں وہ زمینداروں کو دیں - قابل کاشت بنانے کے بعد آدھی حکومت کی اور آدھی اس زمیندار کی جس نے اسے قابل کاشت بنایا ہے - زمیندار اس میں پانی دیتا ہے جب وہ بنجر زمین پانچ چھ سال میں reclaim ہوجاتی ہے تو پھر اس میں سیم و تھور نہیں رہتی -

اگر میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ عرض کروں کہ اوکاڑہ تحصیل کا نصف رقبہ سیم و تھور کی وجہ سے بیکار ہو چکا ہے تو کیا آپ کوئی ٹیوب ویل کی سکیم بنانے کی تجویز زیر غور لائیں گے تاکہ اس علاقہ کو اس بیماری سے محفوظ کیا جا سکے -

وزیر آبپاشی و برقیات - یہ ہمارے فرائض میں ہے اور پورے مغربی پاکستان میں operation ہو رہا ہے اور بہ حد امکان جہاں جہاں اس کی ضرورت ہے ہم یقیناً تدابیر اختیار کرینگے -

*۸۲۹۲ - حاجی گلاب خان شنواری - کیا وزیر آبپاشی و قوت برقی از راہ کرم بیان فرمائینگے کہ :-

(الف) خیبر ایجنسی میں جمرود اور وارسک کے مقام پر مختلف قسم کے سامان کا ذخیرہ کرنے کے لئے واپڈا نے کتنی اراضی پر قبضہ کیا ہے -

(ب) خیبر اور مہمند ایجنسیوں میں عمارت اور بند کی تعمیر کے لئے کالونی کے علاوہ جو بندوبست شدہ علاقے میں واقع ہے واپڈا نے کتنی اراضی پر قبضہ کیا ہے -

(ج) اجزائے (الف) و (ب) بالا میں متذکرہ اراضی کے مالکان کو ادا کی جانے والی پٹے کی رقم اگر ہو تو وہ کتنی ہے ؟

وزیر آبپاشی و قوت برقی (مخدوم حمیدالدین) - (الف) واپڈا نے ورکشاپ اور سٹور کیلئے وارسک میں ۱۷ ایکڑ اور جمرود میں ۲۲ ایکڑ رقبہ پر قبضہ کیا ہے -

(ب) خیبر ایجنسی میں ۱۶۰۸۴۷ ایکڑ رقبہ اور مہمند ایجنسی میں ۱۲۹۳۰۵ ایکڑ رقبہ -

(ج) واپڈا نے ٹھیکہ کی کوئی رقم ادا نہیں کی -

حاجی گلاب خان شنواری - جواب (ج) میں آپ نے کہا ہے کہ واپڈا نے کوئی رقم ادا نہیں کی - کیا وجہ ہے کہ زمین کے مالکان کو کوئی رقم نہیں دی گئی -

وزیر آبپاشی و برقیات - میں معزز ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ واپڈا نے اس project کو implement نہیں کیا تھا - اس وقت ایک سنٹرل ایجنسی قائم ہوئی تھی جس کا نام Warsak Dam Organisation تھا - اس کے تحت کام شروع ہوا تھا - یہ کام مرکزی حکومت نے مکمل کیا اس کی تکمیل کے بعد واپڈا نے اس کے جملہ assets ۳۲ کروڑ روپیہ میں لے لئے - جہاں تک اس کی liabilities کا تعلق ہے وہ مرکزی حکومت

کی ذمہ داری ہے ۔ اس کا تعلق ان کے ساتھ ہے ۔ ہم نے کوئی تعمیر نہیں کی ۔

DIGGING NEW MATLI CANAL

*8303. **Rais Khan Muhammad Khan Nizamani** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that a scheme for digging new Matli Canal in Hyderabad Division is under execution ; if so, (*i*) the details thereof (*ii*) the date on which the work on the said scheme was started (*iii*) the amount so far spent on it and (*iv*) the time by which the work is expected to be completed ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : No. There is a proposal under investigation by the Agricultural Development Corporation.

(*i*) Details are not available till investigations are completed.

(*ii*) Does not arise.

(*iii*) Does not arise.

(*iv*) Does not arise.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جب یہ سوال حمزہ صاحب نے پوچھا تھا اس کے جواب میں آپ نے فرمایا تھا کہ غلام محمد بیراج میں تو یہ ممکن نہیں ۔ اب ADC کا کام تو ختم ہو گیا ہے اور باقی اب آپ کا کام ہے ۔ آپ نے فرمایا تھا ۔

That is actually under consideration of the Irrigation Department.

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ یہ اے ۔ ڈی ۔ سی کی سفارشیں نہیں ہیں بلکہ ہماری سفارشیں ہیں اور اسکے لئے ہمنے سنٹرل گورنمنٹ کو move کیا ہے ۔ ہم مناسب یہ سمجھتے ہیں کہ نارا کی remodelling کیجائے اور انکے نقطۂ نظر سے ہم ابھی تک متعارف نہیں ہوئے ہیں ۔

میر ولی محمد خان تالپور ۔ کیا نارا کینال سے منسٹر صاحب کی یہ مراد ہے کہ جو نارا کینال سکھر بیراج سے نکلتی ہے یا نارا کینال کوئی اور کینال ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات - یہ راج میں مختلف نہریں ہیں اور یہ نارا کینال proper نہر ہے -

Mir Wali Muhammad Khan Talpur : Sir, this area is being commanded by Sukkur Barrage.

وزیر آبپاشی و برقیات - میں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ رقبہ نارا کینال کی tail reaches میں ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسکو extend کیا جائے -

رئیس خان محمد خان نظامانی - نارا کینال تو اس سے ۱۰۰ میل دور ہے اس علاقہ میں نارا کینال نہیں پہنچ سکتی -

وزیر آبپاشی (سندھی) بھائی گھوٹکی کینال تو نہیں ہے -

Mr. Speaker : I think this will not satisfy Mr. Nizamani *(laughter)*

وزیر آبپاشی و برقیات - اس ایریا سے جو نہر بھی متعلق ہے اسکی remodelling کر کے اس ایریا کو سیراب کیا جائیگا -

قاضی محمد اعظم عباسی - یہ سوال بڑا اہم ہے میں نے جیسا عرض کیا ہے کہ یہ مسئلہ ۱۵ سال سے pending ہے کافی زمیندار امپر depend کرتے ہیں -

Sir, actually they are at the verge of starvation. For saving them, the Minister should not only actively consider this proposal but he should do something for them. Though it must be under process but the Minister does not know from which source water will be given to them.

Minister for Irrigation and Power : No Sir.

Mir Wali Muhammad Khan Talpur : Sir, is it a fact that this area is lying in Sukkur Barrage or Ghulam Muhammad Barrage command ?

وزیر آبپاشی و برقیات - یہ روہڑی کینال ہے -

I stand corrected Sir.

یہ اسکے tail reaches میں ایریا ہے اسکو extend کر کے اس ایریا کو سیراب کیا جائے -

Mir Wali Muhammad Khan Talpur : Sir, is it a fact that this Rohri Canal is always running deficient ?

Minister for Irrigation : : No Sir.

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ اسمیں کتنی دیر لگے گی اور کتنی دیر میں پانی مل جائیگا - کیونکہ ہم جب جاتے ہیں وہ ہم سے پوچھتے ہیں کہ پانی کب تک ملےگا- کیونکہ انسان امید پر زندہ ہے -

وزیر آبپاشی و بجلیات - یہ ہمارا پروجیکٹ سنٹرل گورنمنٹ کو پہونچ چکا ہے اور یہ سوال سنٹرل گورنمنٹ کی ورکنگ پارٹی کے پاس ہے - ہمارا تاثر یہ ہے کہ وہ اچھی طرح اس سے متاثر ہوئے ہونگے اور انکو اچھی طرح اسکا احساس ہو گیا ہوگا اور ایک سال یا دو سال میں یہ پروجیکٹ clear ہو جائے گا - مجھے امید ہے کہ اگلے سال تک یہ ہو جائیگا -

---

COST OF GENERATING PER KILOWATT HOUR OF ELECTRIC POWER

***8505. Mian Saifullah Khan** : Will the Minister for Irrigation and Power please refer to answer to my unstarred question No. 338, placed on the Table of the House on 20th June, 1967 and state :—

(*a*) the cost of generating per kilowatt hour of electric power during 1966-67 from each of the Hydel, gas, oil, coal and diesel fired electric power generating stations keeping in view the investment cost, interest on capital and loans and the running cost, etc ;

(*b*) the kilowatt hour units generated by each of these electric power generating stations during 1966-67 ;

(*c*) the cost of fuel, in paisas, per Kilowatt of electric generation units in the Province during 1966-67 for (*i*) Natural Gas fired (*ii*) oil fired (*iii*) imported coal fired and (*iv*) indigenous coal fired ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*), (*b*) and (*c*). As per statements placed on the Table.*

---

* *Please see Appendix II at the end.*

میاں سیف اللہ خان - جناب والا - انہوں نے سوال کے جواب میں جو کچھ بتایا ہے اسکے سلسلہ میں میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ furnace oil کا گیس سے کب تک conversion ہوگا ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - یہ کونسا آئٹم ہے ؟

میاں سیف اللہ خان - میں furnace oil کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں کہ ملتان میں اسکا conversion کب تک ہوگا ؟

مسٹر حمزہ - میں اسکو واضح کئے دیتا ہوں کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ furnace oil استعمال کرتے ہیں اور سوئی گیس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے اور سستا پڑتا ہے تو آپ اسکو کب تک سوئی گیس میں تبدیل کریں گے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - دونوں استعمال میں آ سکتے ہیں اور جہاں جو مناسب ہو وہاں اسکو استعمال کیا جائے - بہر حال یہ ڈیپارٹمنٹ کی persistent thinking ہے خواہ وہ مقامی indigenous coal ہو یا امپورٹڈ coal ہو یا furnace oil ہو یا سوئی گیس ہو ان میں سے ہر ایک کو economise کر کے یونیفارم طریقہ پر ہم چلانے کا ارادہ رکھتے ہیں اسکے متعلق میں نہیں کہہ سکتا کہ کب تک revision ہو گا -

مسٹر حمزہ - آپ جب صبح اسمبلی تشریف لائے تھے تو آپ کو معلوم ہوا ہوگا کہ لاہور میں بھی سوئی گیس مہیا کیجا رہی ہے کہ وہ ایندھن کے طور پر استعمال کیجائیگی تو کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ سوئی گیس کو نئے شہروں اور نئی جگہوں میں بطور ایندھن استعمال نہیں کیا - اگر آپ اس کو بطور ایندھن استعمال کریں تو آپ کے محکمہ کو اس سے لاکھوں روپے کا فائدہ ہوگا -

وزیر آبپاشی و برقیات - بہر حال ہمارے پاس Thermal plants ہیں ایک ہے دوسرا ہے تو ہم تقابلی جائزہ لینے کے بعد کوشش کریں گے کہ uniformally اسمیں کس چیز کو استعمال کیا کریں -

REPAIRING BRIDGE R.D. 8342 MAIN LINE LOWER, OPPOSITE JHANDO SAHEE VILLAGE, SIALKOT DISTRICT

*8507. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Ch. Riaz Ahmad Cheema, a member of Divisional Council, stated in the meeting of Lahore Divisional Council on 13th May, 1967 that that the bridge R.D. 8342 main line lower, opposite Jhando Sahee Village, Sialkot was damaged ;

(*b*) whether it is a fact that the correctness of the statement of the said member was challenged by the Superintending Engineer of the Upper Chenab Circle ;

(*c*) whether it is a fact that the Commissioner of Lahore Division asked the Deputy Commissioner Sialkot to make an enquiry about the facts ;

(*d*) whether it is a fact that the Deputy Commissioner supported the the statement of member of Divisional Council, if so, the action Government intend to take against the Officer of the Irrigation Department responsible for furnishing incorrect information to the said Council alongwith the steps Government have so far taken for the repair of the said bridge ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.
میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب سپیکر - یہ کلاز انتہائی disasterous قسم کی provision ہے - خاص طور پر جب اسے کلاز نمبر ۵۷ ، جس کو ہم پاس کر چکے ہیں ، کے ساتھ پڑھیں - جیسا کہ ظاہراً کہا گیا ہے کہ "Conclusive" proof کا جو لفظ استعمال کیا گیا ہے یہ appealable ہے لیکن آپ بھی eminent Lawyer ہیں - آپ بخوبی سمجھتے ہیں کہ Evidence Act کے سیکشن نمبر ۴ کے تحت اگر کسی کو conclusive proof قرار دے دیں تو عدالت کوئی evidence لینے کو تیار نہیں ہوتی - Law Lexican میں یہ clearly دیا گیا ہے - جب کسی قانون میں یہ آ جائے کہ یہ conclusive proof ہے تو اس کے بعد اس کی کوئی appeal نہیں ہو سکتی تو پھر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ جو conclusive کا لفظ استعمال کیا گیا ہے یعنی ریوینو افسر کا سرٹیفیکیٹ conclusive proof ہوگا تو بتائیں کہ یہ کیوں استعمال کیا گیا ہے -

جناب والا - حکومت نے مالیہ کی وصولی اور ادائیگی کی ذمہ داری کے لئے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اگر ایک کھاتے میں ایک سے زائد مالک ہوں اور اگر مالیہ ناکافی ہو یا ان سے وصول نہیں ہو سکتا تو کسی ایک سے جا کر وصول کیا جا سکتا ہے - اس قانون سے حکومت نے تو اپنے گھر کو پورا کرنے کا بندوبست کر لیا ہے لیکن اس کے برعکس ۸۸ فیصد کاشت کار بلکہ اس سے بھی زائد یا وہ لوگ جو شہروں میں رہتے ہیں اور گاؤں میں ان کی زمین ہے ان کی تباہی کا بندوبست کیا ہے - اس کے متعلق

میں ابھی بتاؤنگا اگرچہ میری آواز یا آپوزیشن کی آواز بالکل ایسی ھی ھے جیسے نقارخانہ میں طوطی کی آواز ۔ لیکن میں اپنے بھائیوں کو جو اس طرف بیٹھے ھیں با خبر کرنا چاھتا ھوں کہ اس کے نتائج کس قدر بھیانک ھیں ۔ اس کا اندازہ اس وقت نہیں کر رھے اور میرا یہ فرض ھے کہ میں انہیں آگاہ کروں ۔ آج نہیں تو کل اس پر ضرور ترمیم لائینگے ۔

جناب والا ۔ پاکستان ایک زرعی خطہ ھے اس کا دارومدار زراعت پر ھے صنعتی طور پر ھم ترقی نہیں کر سکے ۔ یہاں تک کہ ھمیں آج بیس برس ھو چکے ھیں ھم ایک سٹیل مل نہیں لگا سکے ۔

Mr. Deputy Speaker: This is irrelevant.

میجر محمد اسلم جان ۔ Very well Sir, ھمارے ملک کا دروسدار زراعت پر ھے اور جیسا کہ صدر مملکت نے فرمایا ھے کہ ھم زراعت میں ترقی کرینگے اور اس ملک کو ایک Welfare State بنانا چاھتے ھیں ۔ اس لئے ھمیں یہ غور کرنا ھوگا کہ ھم نے زرعی طور پر ترقی کرنی ھے یا صنعتی طور پر ۔ ھمارے یہاں جو ۸۰ یا ۸۸ فیصد کاشتکار زمینوں پر ھیں ۔ ان میں سے ۹۹ فیصد ۔ اگر اتنا نہیں تو ۹۰ سے ۹۵ فیصد تک ان پڑھ لوگ ھیں جن کے لئے ھر چیز کا فقدان ھے ۔ ان کے لئے سکول نہیں ھسپتال نہیں ۔ ھر چیز کی دقت ھے ۔ اب دیکھنا یہ ھے کہ مالیہ کی وصول سے مشترکہ طور پر یا انفرادی طور پر کاشتکاروں کو کوئی فائدہ ھے یا نقصان ھے ۔ فرض کیجئے جیسا کہ آپ کو معلوم ھے ایک ایک کھاتے میں تین تین چار چار ھزار کنال زمین ھوتی ھے ۔ اس میں ایک شخص کی ۲۰ یا ۲۵ کنال ھے ۔ یا اگر کوئی شخص ایک رقبہ میں ۱۰۰ کنال سے کم زمین کا مالک ھے تو مارشل لاء ریگولیشن نمبر ۶۴ کے تحت زمین تقسیم نہیں کرا سکتا ۔ اب اس کا قصور یہ ھے کہ وہ صرف ۲۰ یا پچیس کنال کا مالک ھے ۔ باقی تین ھزار کنال زمین میں سے ۲۹۸۰ کنال زمین دوسرے لوگوں کے پاس ھے اور اس کے ۵۰ یا ۱۰۰ مالک ھیں ۔ اگر حکومت یہ چاھتی ھے کہ ۲۰ کنال کے مالک کو کسی طریقہ سے زک دی جائے یا انفرادی یا مشترکہ طور پر کسی سے وصول کر سکے ۔ تو اگر تین ھزار کنال زمین پر تین یا چھ ھزار روپیہ مالیہ کی رقم واجب‌الوصول ھو تو اس کا بوجھ ایک آدمی پر ڈال دیا جائے گا اور اسے کہیں گے کہ تم دے دو ۔ اگر وہ انکار کرے تو اس کے لئے آگے کلازز آئینگی اور اگلی کلازز کے

تحت اس کی movable property کو attach کر لینگے ۔ یا اسے جیل میں ڈال دینگے یا جو تکلیف چاہیں دے سکینگے اس طرح سے آپ لوگوں پر ایک سیاسی دباؤ ڈال سکینگے ۔ وہ آدمی نہ تو اسے چھوڑ سکتا ہے اور نہ ہی اسے رکھ سکتا ہے ۔ یہ جو "Conclusive proof" ہے اگر اس پر آپ غور فرمائینگے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ سندھ کے علاوہ جہاں بڑے بڑے زمیندار ہیں ۔ سابقہ پنجاب کے علاقوں مثلاً پنڈی وغیرہ میں بہت چھوٹی چھوٹی اراضیات ہیں ان لوگوں کے حصے بہت کم ہیں اور وہ دوسرا کاروبار کرتے ہیں اور قبضہ کسی اور شخص کا ہے ۔ "Conclusive proof" کے لحاظ سے کسی ایک کو مالیہ ادا کرنا پڑے گا ۔ یہ تو بالکل اسی طرح ہے کہ ایک دفعہ ایک لومڑی بھاگی جا رہی تھی تو کسی نے پوچھا کہ کیوں بھاگی جا رہی ہو تو اس نے کہا کہ شہر میں تمام اونٹ پکڑے جا رہے ہیں ۔ پوچھا کہ تم تو اونٹ نہیں ہو تو اس نے کہا کہ مجھے ڈر ہے کہ مجھے اونٹ کا بچہ نہ سمجھ لیا جائے ۔ اسی طرح میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت اونٹ کو تو چھوڑ دیگی اور لومڑی کو پکڑ لیگی ۔

یہ ایک طریقہ ہے جس سے کہ یہ شریف آدمی کو ذلیل و خوار کرینگے ۔ اور اس کی عزت و آبرو برباد کرینگے اور ہر قسم کا سیاسی دباؤ ڈالینگے پھر جس طرح چاہیں تباہ و برباد کرینگے اس کی آزادی چھین لینگے ۔ چونکہ یہی ایک طبقہ ہے جو وکلا کے علاوہ رہ گیا تھا جو آزاد تھا اور وہ کہتے تھے کہ ہم کسی کے دباؤ کے نیچے نہیں آ سکتے ۔ وہ اپنا ہل چلاتے ہیں روٹی کھاتے ہیں اور ان کے جو خیالات ہیں ان کا اظہار کرتے ہیں ۔ اب ان کو بھی اس طریقہ سے دباؤ میں لایا جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ جو قوانین بن رہے ہیں اور خاص طور پر جو اس chapter میں ہیں یہ Constitution کے Fundamental Rights کے Principle کے منافی ہیں ۔ اس وقت Fundamental Rights suspended ہیں ۔ لیکن جس وقت یہ بحال ہونگے تو آپ دیکھیں کہ ہائی کورٹ میں ایک تانتا لگ جائیگا اور لوگ اسے چیلنج کرینگے ۔ یہ آئین کے inconsistent ہے اور Fundamental Rights کے اصول کے منافی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کی رو سے کسی ایک شہری کی ذمہ داری کسی دوسرے پر نہیں ڈالی جا سکتی ۔ یہ تمام قوانین آئین کے نزدیک derogatory ہیں اور null and void ہیں ۔ آرٹیکل ۶ کے تحت کسی آدمی کی سزا کسی

دوسرے کو نہیں دی جا سکتی ۔ یہ تو بالکل extortion ہے black mailing ہے ۔ یعنی کرے داڑھی والا پکڑا جائے مونچھوں والا ۔

پی ایل ڈی ۱۹۶۲ سپریم کورٹ صفحہ ۵۶۳ اور پی ایل ڈی ۱۹۶۱ صفحہ ۵۲۲ میں بڑی وضاحت سے لکھا ہے ۔

That you cannot recover liability of one person from another person.

لیکن ہم یہاں یہ کر رہے ہیں کہ کسی کی بھی liability دوسرے پر ڈال رہے ہیں ۔ اب انکا یہ کہنا ہے کہ Partnership Act کے تحت ایک آدمی کی ذمہ داری دوسرے آدمی پر ہے ۔ مگر حضور والا وہاں پر تو دو تین یا دس آدمی آنکھیں کھولے ہوئے ایک agreement کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تمہاری اور میری ذمہ داری برابر ہے ۔ تمہاری ذمہ داری میں لیتا ہوں لیکن یہاں وہ ذمہ داری ایک آدمی پر ٹھونسی جا رہی ہے ۔

جناب والا ۔ یہ complete کلاز لیجسلیشن ہے جو کانسٹی ٹیوشن کے پارٹ (۲) میں "equality of citizen in the law" ہے ۔ یہاں پر اسکی بالکل ممانعت ہے کہ ایک کے خلاف دوسرے کو نوازا جائے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : No repetition please.

میجر محمد اسلم جان ۔ Very well, Sir. جناب والا ایک مشہور مصنف نے لکھا ہے ۔

> "From barbarism to civilisation requires at least a century and from civilization to barbarism needs but a day."

میرا خیال ہے کہ اسوقت جو ہم قانون پیش کر رہے ہیں وہ بجائے اسکے کہ ہم ۱۸۸۷ء سے اچھا قانون پیش کریں اور barbarism سے civilisation کیطرف آئیں ۔

We are going back to barbarism.

بلکہ اس سے بھی ہم پیچھے جا رہے ہیں جناب والا جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ قوانین اچھے ہیں قانون میں کوئی خرابی نہیں ہوتی

اگر قانون کو صحیح طریقہ پر چلایا جائے تو قانون بہترین ہوتا ہے یہ جو پراویژن انہوں نے رکھا ہے یعنی "Conclusive proof" اب آپ یہ دیکھئے کہ جب جرگہ سسٹم start کیا گیا تھا تو یہ کہا گیا تھا کہ اس سے جلد سے جلد فیصلے حاصل کئے جائیں گے اور کہیں حالات ایسے بھی تھے کہ فیصلے جلد حاصل ہوئے تھے لیکن اس جرگہ سسٹم میں امنڈمنٹ کرنے کے بعد سیاسی طور پر لوگوں کو تنگ کیا جانے لگا اور چیئرمینوں کو کہا گیا - - - -

Mr. Deputy Speaker : The Member is irrelevant.

میجر محمد اسلم جان - Very well Sir تو جناب والا یہ قانون غلط طور پر استعمال ہوا اور ایسا بھی ہو رہا ہے کہ لوگ حقیقتاً قتل کرتے ہیں اور ہزاروں روپیہ رشوت جرگہ میں دیکر پھانسی سے بچ جاتے ہیں اور ۱۴ سال کی سزا حاصل کر لیتے ہیں اور پھر وہ یہ سوچتے ہیں کہ اس سزا کو کم کروا لیں گے -

Mr. Deputy Speaker : Does the Minister for Revenue want to make a reply ?

Major Muhammad Aslam Jan : Sir, give me 2 or 3 minutes more.

Mr. Deputy Speaker : Then please be relevant.

میجر محمد اسلم جان - جناب والا - یہ جو شق ہے آپ اسکو بخوبی سمجھتے ہیں کہ اسمیں کیا تکلیفیں ہیں اور عوام کو اس سے کیا تکالیف ہونگی لیکن آپ کا منصب ایسا ہے کہ شاید آپ کو اپنے جذبات کے اظہار سے روکتا ہے جناب والا فرض کیجئے کہ ایک ریونیو آفیسر ایک نائب تحصیلدار ہے وہ ایک ایم - بی - اے - یا ایک ایم - این - اے سے کسی لغزش کی بنا پر اسکے خلاف ایک سرٹیفیکیٹ دے دیتا ہے کہ اسکے اوپر ایک لاکھ روپیہ مالیہ بقایا ہے اور موجودہ مالیہ جو ہے وہ یہ ہے - - -

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) - کیا مالیہ ایک لاکھ بھی ہو سکتا ہے ؟

میجر محمد اسلم جان - اس کی مرضی ہے جتنا وہ چاہے لکھ دے اور لاکھ روپیہ بھی لکھ سکتا ہے - پھر اسکی remedy کیا ہے -

وزیر زراعت - اسکی remedy ہے - - - - (قطع کلامیاں)

میجر محمد اسلم جان - اسکی کوئی remedy اس کلاز کیلئے نہیں ہے جو یہاں پر آپ نے لکھا ہے کہ -

Certificate of the Revenue Officer will be the conclusive proof. From the technical point of view, no evidence or further evidence is required and it is not appealable. Why do they use this word ? Why don't they say that it is conclusive subject to the general law or something like that.

یہ کہہ دینا کہ it is conclusive proof میں یہ کہتا ہوں کہ ایک آدمی کے خلاف ایک ریونیو آفیسر جو نائب تحصیلدار ہے - - - - -

Mr. Deputy Speaker : It is stated there, "Notwithstanding anything else".

Major Muhammad Aslam Jan : Once it is stated, it is a conclusive proof then there is no need of anything else.

یا تو اپیل کی جو کلاز ہے اسمیں اسکی تشریح کر دیں کہ

This particular can also be appealable.

لیکن فرض کیجئے کہ ہم اپیل کریں اور آگے اسکی construction ایسے کریں کہ

Now this particular clause was that it is a conclusive proof and no appeal lies.

اور اپیل یہاں ہے نہیں اس پر رویژن ہے اور اگر فرض کیجئے کہ ایک ریوینیو آفیسر اپنا خود رویژن کرتا ہے تو ایسی صورت میں یہ appealable ہونا چاہئے اور عوام کے پاس سیکشن ۹ - آف سول پروسیجر کوڈ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اتنے سول nature کے cases ہیں تو اسمیں

You can go and you can knock at the door of the law.

اور آپ انصاف کی بھیک مانگتے ہیں اسکے تحت آپ کیسے کر سکتے ہیں -

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان)۔ جناب والا ۔ مجھے یقین ہے کہ محترم میجر صاحب ضرور جانتے ہونگے کہ Statement of Account کیا ہے ۔ سٹیٹ منٹ آف اکاؤنٹ کو اردو میں ڈھال کہتے ہیں ۔ ہر فصل پر پٹواری ڈھال باچھ کرتا ہے اور مالیہ کا ڈھال باچھ بنتا ہے ۔ ہر ایک زمین کے مالک سے وہ کہتا ہے کہ تمہارے ذمہ اتنا مالیہ ہے ۔ اگر ہر ایک زمیندار اس سے کہے گا کہ ہمارے ذمہ غلط مالیہ لگایا گیا ہے اور ہم اسکو دینے کے ذمہ دار نہیں ہیں تو اسکا مطلب یہ ہے کہ پٹواری جو اسکی وصولی کا ذمہ دار ہے اسکے ساتھ علیحدہ مقدمہ بن جائیگا ۔ تو یہ محض اسلئے رکھا گیا ہے کہ کوئی شخص پٹواری سے انکار نہ کرے اگر کسی کو اعتراض ہے تو وہ مالیہ کی ادائیگی تو کر دے مگر ۹۷ ۔ میں اسکے لئے راستہ کھلا ہے ۔ اسمیں لکھا ہوا ہے ۔

"Notwithstanding anything in Section 83, - - -"

اسمیں صاف طور پر لکھا ہوا ہے کہ وہ payment کر دے اسکے لئے راستہ کھلا ہے وہ دعویٰ کر سکتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : It is very clear, "Not withstanding anything".

Malik Muhammad Akhtar : Sir, the word 'conclusive' is improperly used.

Mr. Deputy Speaker : I will now put the question.

The question is :

That clause 83 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 84

Mr. Deputy Speaker : Clause 84.

There is an amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for clause 84 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"84 (1) Subject to the other provisions of this Act, an arrear of land-revenue may be recovered by any one or more of the following processes, namely :—

(*a*) by service of a notice of demand on the defaulter ;

(*b*) by arrest and detention of his person :

Provided that no defaulter shall be liable to arrest for default in payment of land-revenue unless the Collector is satisfied that the defaulter without just cause, contumaciously refused to make payment of land-revenue :

Provided further that the Collector shall before issuing a warrant for arrest gives an opportunity to show cause against its issue :

Provided further that the provisions of the relief of indebtedness Act and other similar laws for the time being in force in the Province imposing certain restrictions on the arrests of judgement debtors' in default of payment of dues in execution of decrees of a Civil Court shall as far as practicable be applicable for the arrest of defaulters under this Chapter ;

(*c*) by distress and sale of his movable property :

Provided that tools of artisans, implements of husbandry, cattle, as may be necessary to enable him to earn his livelihood, necessary wearing apparel, cooking vessels, beds and beddings of the defaulter, his wife and children and such personal ornaments, as in accordance with the religious usage cannot be parted with by any woman or any other movable property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908 shall not be liable to attachment :

Provided further that the provisions of Code of Civil Procedure, 1908 and the Punjab Debtor Protection Act, 1936, exempting attachment of standing crops and trees shall as far as practicable be applicable to a holding area of which is less than twenty-five acres ;

(*d*) by proceedings against other immovable property of the defaulter :

Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him

or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908 shall not be liable to attachment.

(*e*) by transfer of the holding in respect of which the arrear is due, in case the defaulter fails to deposit the amount of land-revenue due and a notice in this respect served on him to deposit the same within thirty days of the service of the notice.

(2) Notwithstanding any thing contained in any other enactment for the time being in force the holding if the area of the same is less than twenty-five acres in respect of which the arrear is due shall not be liable to attachment in execution of any order of Revenue Court or any decree of any Civil Court on enforcement of this Act.

(3) By any other method specifically provided under this Chapter.

(4) Any arrear of land-revenue shall not be recoverable after expiry of four years from the date it was due.".

Mr. Deputy Speaker : What does the Member mean by "his wife and children", does he mean to say they will be also attached ?

Malik Muhammad Akhtar : Where Sir ?

Mr. Deputy Speaker : First proviso to (*e*), lines 3-4.

Minister of Law : Page 2.

Malik Muhammad Akhtar :

"Provided that tools of artisans, implements of husbandry, cattle, as may be necessary to enable him to earn his livelihood, necessary wearing apparel, cooking vessels, beds and beddings of the defaulter, his wife and children....."

These are exactly the words of the Civil Procedure Code.

Mr. Deputy Speaker : After the word 'defaulter' the Member has put a comma.....

Malik Muhammad Akhtar : Exact copy of the Civil Procedure Code.

Minister of Revenue : It cannot be exact. Let him produce the Civil Procedure Code.

Malik Muhammad Akhtar : You can send for that (*interruptions*). This is a repetition of the Civil Procedure Code.

Mr. Deputy Speaker : Under which rule ? Major Sahib have you got a copy of the C.P.C ?

Malik Muhammad Akhtar : That is probably, as far as my note guides me, Section 60 (1) of the Civil Procedure Code.

(*A short pause*)

"the necessary wearing-apparel, cooking vessels, beds and bedding of the judgment-debtor, his wife and children,....."

Mr. Deputy Speaker : May I see it ?

Malik Muhammad Akhtar : My amendments are not made in haste. I take all precautions in making them.

Mr. Deputy Speaker : Here the amendment provides that the following particularly shall not be liable to such attachment or sale, namely, the necessary wearing apparel, cooking vessels, beds and beddings of the defaulter, his wife and children.....

ملک محمد اختر :- میں نے judgment debtor کی بجائے defaulter کا لفظ استعمال کیا ہے میں نے صرف لفظ کو تبدیل کیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : It is in the Civil Procedure Code.

Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 84 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"84. (1) Subject to the other provisions of this Act, an arrear of land-revenue may be recovered by any one or more of the following processes, namely :—

(*a*) by service of a notice of demand on the defaulter ;

(*b*) by arrest and detention of his person :

Provided that no defaulter shall be liable to arrest for default in payment of land-revenue unless the Collector is satisfied that the defaulter without just cause, contumaciously refused to make payment of land-revenue :

Provided further that the Collector shall before issuing a warrant for arrest gives an opportunity to the defaulter to show cause against its issue :

Provided further that the provisions of the relief of Indebtedness Act and other similar laws for the time being in force in the Province imposing certain restrictions on the arrests of judgements debtors' in default of payment of dues in execution of decrees of a Civil Court shall as far as practicable be applicable for the arrest of defaulters under this Chapter ;

(*c*) by distress and sale of his movable property :

Provided that tools of artisans, implements of husbandry, cattle, as may be necessary to enable him to earn his livelihood, necessary wearing apparel, cooking vessels, beds and beddings of the defaulter, his wife and children and such personal ornaments, as in accordance with the religious usage cannot be parted with by any woman or any other movable property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment :

Provided further that the provisions of Code of Civil Procedure, 1908 and the Punjab Debtor Protection Act, 1936, exempting attachment of standing crops and trees shall as far as practicable be applicable to a holding area of which is less than twenty-five acres ;

(*d*) by proceedings against other immovable property of the defaulter :

Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment ;

(e) by transfer of the holding in respect of which the arrear is due, in case the defaulter fails to deposit the amount of land-revenue due and a notice in this respect served on him to deposit the same within thirty days of the service of the notice.

(2) Notwithstanding anything contained in any other enactment for the time being in force the holding if the area of the same is less than twenty-five acres in respect of which the arrear is due shall not be liable to attachment in execution of any order of Revenue Court or any decree of any Civil Court on enforcement of this Act.

(3) By any other method specifically provided under this Chapter.

(4) Any arrear of land-revenue shall not be recoverable after expiry of four years from the date it was due."

Minister of Revenue : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - میں نے اپنی ترامیم میں جہاں تک ممکن ہے کوشش کی ہے کہ ان اصولوں کو مانتے ہوئے زمیندار طبقہ کے لئے وہی سہولتیں مہیا کی جائیں جو شہری طبقہ کے لئے مہیا کی گئی ہیں - جناب سپیکر - میں نے ان سے کوئی نئی بھیک نہیں مانگی - میں نے ان کے لئے وہ حقوق جو اس وقت ہم لیجسلیشن کرنے کے لئے بیٹھے ہیں اور ان کی آنے والی نسلوں کے لئے مانگے ہیں جن پر کہ اس قانون کا نفاذ ہونا ہے - جناب سپیکر - آپ اندازہ فرمائیں کہ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اگر اس قانون کے تحت arrears of land-revenue accrue ہوں اور وہ defaulter ہو جائیں تو اس کا مندرجہ ذیل طریقہ کار ہوگا - پہلے یہ کہ نوٹس جاری کیا جائیگا defaulter پر- دوسرے یہ کہ اس کو گرفتار کر لیا جائیگا لیکن گرفتاری پر میں نے کم و بیش ۳ پرووائزو لگا دی ہیں پہلی یہ کہ اگر کسی defaulter کو گرفتار کیا جائے تو اسی صورت میں گرفتار کیا جائیگا اگر یہ ثابت ہو سکے کہ وہ لگاتار لینڈ ریوینیو کی ادائیگی میں ارادتاً کوتاہی کرتا رہا ہے اور دوسرے جناب سپیکر اس کے بعد گرفتاری پر میں نے دو پرووائزو لگائی ہیں - اب طریقہ کار یہ ہے جناب والا کہ ایک نوٹس گرفتاری کا جاری کر دیا جاتا ہے کہ فلاں تاریخ پر تم حاضر

ہو جاؤ اور جب وہ نوٹس appear ہونے کے لئے جاری کیا جاتا ہے تو اس میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ فلاں تاریخ کو آپ اپنا روپیہ جمع کراؤ ورنہ آپ کو گرفتار کر لیا جائیگا ۔ یعنی جناب سپیکر اس کو موقع نہیں دیا جاتا کہ وہ اپنا اعتراض اٹھا سکے یا اسے یہ معلوم ہو کہ میں نے کیسے کتنے دینے ہیں تو اس لئے میں نے جناب والا پہلی پرووائزو دی ہے کہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ فلاں شخص لگاتار اور ارادتاً لینڈ ریونیو کی ادائیگی میں کوتاہی کرتا رہا ہے تو اس کو گرفتار کر لیا جائے ۔ دوسری چیز میں یہ چاہتا ہوں کہ اس کو موقع دیا جائے بجائے اس کے کہ اس کو براہ راست وارنٹ گرفتاری دیدیا جائے کہ فلاں تاریخ کو روپیہ جمع کراؤ اور اگر نہیں جمع کراؤگے تو آپ کو گرفتار کر لیا جائے گا ۔ تو پہلے یہ فیصلہ کیا جائے کہ آیا اس کی گرفتاری ضروری بھی ہے یا نہیں یا اسکے لئے جو وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے ہیں ان کی قانونی حیثیت کیا ہے ۔ تیسری چیز میں نے یہ رکھی ہے کہ Indebtedness Relief Act کی جو پرووِژن ہیں اور دوسرے ایسے قوانین کی دفعات جو کہ صوبہ میں رائج ہیں Judgment Debtors پر کچھ قیود اور restrictions لگاتی ہیں ان کے تحت وہ اشخاص جو لینڈ ریونیو ادا نہیں کریں گے گرفتار کئے جا سکیں گے یعنی جناب والا میں نے یہ اس طرح رکھا ہے ۔

> "Provided further that the provisions of the relief of indebtedness Act and other similar laws for the time being inforce in the province imposing certain restrictions on the arrest of judgment debtors in default of payment of dues in execution of decrees of a civil court shall as far as practicable for the arrest of defaulters under this Chapter."

اور سر دست آپ سنکر حیران ہونگے کہ ان کا فائدہ جو ہے وہ ایک شہری کو تو ملتا ہے لیکن ایک دیہاتی کو نہیں ملتا ۔

اسی طرح جناب والا سول کورٹ میں کچھ طریق کار ہے کہ defaulter کو کس صورت میں arrest کیا جائے ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ Relief of Indebtedness Act اور سول پروسیجر کوڈ کی دفعات میں جو قیود ہیں ان کو یہاں بھی شامل کیا جائے ۔

تیسرا طریقہ جو ہے وہ یہ ہے کہ اسکی movable property جو ہے کو ضبط یا attach اور نیلام کیا جا سکتا ہے ۔ جناب والا آپ سول پروسیجر کوڈ

کو دیکھیں اگر کسی نے کسی کا دس کروڑ روپیہ بھی دینا ہو تو اس کے

> " . . . tools of artisans, implements of husbandry, cattle as may be necessary to enable him to earn his livelihood, necessary wearing apparel, cooking vessels, beds and beddings of the defaulter, his wife and children and such personal ornaments . . ."

جو کہ مذہب یا رواج کے مطابق ضروری ہوتے ہیں مثلاً جناب والا میرے گلے میں تعویذ ہے اس وقت میجر صاحب بھی کچھ پہنے ہیں -

Probably that is in accordance with some religious belief or some usage.

تو جناب والا کسی شخص کو اس کے ایسے زیورات سے محروم نہیں کیا جا سکتا - جناب والا اس کے بعد سول پروسیجر کوڈ کے مطابق یہ رعایت دی گئی ہے کہ اگر کسی کا جدی مکان ہے - یا ایک رہائشی مکان ہے جس میں وہ خود رہتا ہے تو اسے قرق نہیں کیا جا سکتا - یہ دفعہ میں چاہتا ہوں کہ اس میں بھی شامل کی جائے - تاکہ جہاں ان دیہاتی لوگوں کی قرقی کا سوال ہے انہیں بھی یہ رعایت حاصل ہو جائے - اب میں نہایت ہی مختصر سے طریقے میں کچھ references دونگا - جناب والا اس کے بعد یہ لکھا گیا ہے نمبر ۴ میں - - - -

> . . . Punjab Debtors' Protection Act as far as practicable.

اگر شہری آبادی کو یہ حقوق حاصل ہیں تو دیہاتیوں کو بھی حاصل ہونے چاہئیں جناب والا Punjab Debtors Protection Act ۱۹۳۶ کے تحت اگر میری حیثیت پانچ ہزار کی ہے تو مجھے اس قابل نہیں گردانا جا سکتا کہ میری جائداد سے کسی قسم کی قرقی کی جائے اس کے بعد میں نے (ڈی) میں یہ مانگا ہے -

> (d) by proceedings against other immovable property of the defaulter.

اس میں بھی میں نے غیر منقولہ جائداد پر یہ proviso لگائی ہے -

"Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment ; "

جناب والا - میں نے حکومت سے یا ریونیو منسٹر سے کوئی بھیک نہیں مانگی - میں نے ان سے دیہاتی آبادی کے لئے وہ حق مانگا ہے جو شہریوں کو حاصل ہے - میں چاہتا ہوں کہ ان کو بھی یہ protections حاصل ہوں - جو سول پروسیجر کوڈ میں جائداد منقولہ یا غیر منقولہ کے سلسلے میں دی گئی ہیں ان کو بھی ناقابل قرقی قرار دیا جائے - اس کے بعد میں holding کی ٹرانسفر کے لئے پروویژن کو بھی مانتا ہوں - بشرطیکہ آپ اسے موقع دیں کہ وہ تیس دن کے اندر اندر رقم جمع کروا دے - اور آپ فوری طور پر ضبطی پر نہ چلے جائیں - میں نے اپنی دفعہ (۲) میں یہ کہا ہے کہ اگر پچیس ایکڑ سے کم رقبہ ہو تو بھی اس کی ضبطی نہیں ہو سکیگی - نہ اسکی execution کسی قسم کی ہو سکیگی - اس کے بعد میں نے یہ کہا ہے کہ ایک میعاد ہونی چاہئے مثلاً قرضہ جات کی میعاد پانچ سال ہے - آپ چار سال رکھ لیں اور چار سال کے بعد وہ زائد المیعاد ہو جائے -

جناب والا - میری یہ ترمیم self explanatory ہے - میں جانتا ہوں کہ یہ اسے نہیں مانیں گے - اسے میں نے صرف اس لئے پیش کیا ہے کہ امتیاز جو یہ شہری اور دیہاتی آبادی میں روا رکھنا چاہتے ہیں وہ سامنے آ جائے اور موجودہ حکومت بے نقاب ہو جائے - اگرچہ مجھے یہ باتیں تقریر میں کہنی چاہئیں تھیں مگر میں نے انہیں ترمیم کی صورت میں اسی لئے رکھا ہے تاکہ یہ حکومت بے نقاب ہو کے رہ جائے - کہ یہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کو کس طرح غلامی کی زنجیر بنا کر لوگوں کی کمروں میں باندھ رہے ہیں - تاکہ لوگ اس سے نجات حاصل نہ کر سکیں -

جناب سپیکر - میں نے یہاں سول پروسیجر کوڈ کی بہت سی دفعات کو شامل کیا ہے - اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ دفعات کوئی نئی نہیں - ۱۸۵۹ کے سول پروسیجر کوڈ (نمبر ۲۸ آف ۱۸۵۹) میں یہ موجود ہیں - ۱۸۷۷ کے سول پروسیجر کوڈ (نمبر ۱۰ آف ۱۸۷۷) میں یہ دفعہ ۲۰۵ ہے - ۱۸۸۲ کے ترمیم شدہ سول پروسیجر کوڈ میں یہ موجود تھی

۱۸۸۷ میں تھیں اور ۱۹۰۸ کے سول پروسیجر کوڈ میں یہ موجود ھیں - گذشتہ ۸۰ سال سے دیہاتی آبادی کے ساتھ یہ ظلم اور بے انصافی ہو رھی ھے - اس ملک میں آپ ان پر آئین کے دروازے بند کر رھے ھیں - کیا آپ یہ چاھتے ھیں کہ یہاں انقلاب آئے اور ھماری دیہاتی آبادی اس کا آغاز کرے -

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevent.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں صرف یہ چاھتا ھوں کہ جائداد منقولہ اور غیر منقولہ کے سلسلہ میں جو سہولتیں شہری آبادی کو حاصل ھیں وہ دیہاتی آبادی کو بھی مل جائیں - دیکھئے میرا گھر قرقی سے بچ جائیگا - میرے پاس موسم گرما اور سرما کے جو کپڑے ھیں وہ قرقی سے بچ جائینگے جو مذھب یا رواج کے مطابق میں نے پہنے ھوئے ھیں لیکن اس غلام کے لئے آپ یہ کریں گے کہ اگر اس کے گھر میں ایک سوئی بھی ھو تو اسے بھی اٹھا کے لے جائیں گے - اور اس کے بعد بتیس دن کے لئے اسے قید بھی کر دیں گے -

وزیر قانون - ایسا نہیں ھے -

ملک محمد اختر - جناب والا - اب آپ اندازہ فرمائیں کہ ایک شہری کے تمام روزمرہ کی سہولتیں ، اس کا بستر ، اس کے ملبوسات ، اس کا جدی مکان قرقی سے محفوظ ھے - یہ وہ exemptions ھیں جو ۱۸۸۸ کے قانون سے بتیس سال پہلے موجود تھیں - آج ۱۹۶۷ میں جب آپ قانون سازی کرتے ھیں - اگر حکومت کی کوئی رقم واجب الادا یا واجب الوصول ھے تو اس کے لئے یہ جو طریق کار بنا رھے ھیں اس میں زمیندار کے گھر میں کیا چھوڑیں گے - اس کا بیج کہ وہ آئندہ سال کا فصل بو لے تاکہ غلام زندہ رھے اگر غلام مر گیا تو مالک ختم ھو جائیگا - اس لئے غلام کو زندہ رکھا جائیگا - ھفتہ میں ایک بار اسے روٹی دی جائیگی تاکہ وہ محنت کرکے ھل چلائے اسکے بعد ان کا قرضہ شائی لاک کے قرضہ کی طرح بدستور موجود رھیگا - میں نے کوئی نئی بات نہیں کی - میں نے یہ گذارش کی ھے کہ سول پروسیجر کوڈ کی دفعات کو اس میں شامل کر لیا جائے - اب آپ اس ریونیو ایکٹ میں قید کی دفعات کو دیکھئے -

In the Civil Procedure Code it does not exist now.

یعنی سول قید برائے نام ہے ۔ آپ نے کسی کو قرضہ کے لئے سول قید خانہ میں جاتے نہیں سنا ہوگا ، نہ دیکھا ہوگا ۔ لیکن یہ اس بات کو یہاں رکھنا چاہتے ہیں ۔

اسکے بعد جناب سپیکر یہ کہتے ہیں کہ وہاں سول پروسیجر کوڈ میں یہ رعایت ہے ۔

Houses and other Buildings attached with their residential houses.

یعنی Residential Houses نہیں ۔ اگر اسکے دو پورشن ہیں جو کرایہ پر دئے ہوئے ہیں ۔ اگر Residential House ہے سول پروسیجر کوڈ کے تحت وہ attachment نہیں ہے ۔ یہ سب کا سب چھین کر لے جائیں گے ۔ اسکے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ تمام کا تمام یعنی آسکی entire fodder crops, including grains Oats, Maize صرف ۲۰ من بیج چھوڑ کر سب لے جائیں گے ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

I am alert Sir, and would be relevant ۔ ملک محمد اختر جناب والا ۔ نہ تو یہ سول پروسیجر کوڈ کے تحت جو رعائتیں منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کی ہیں دیتے ہیں اور نہ یہ arrest سے جو immunity ہے سول پروسیجر کوڈ میں اور Relief of Indebtedness Act میں وہ دینے کو تیار ہیں جب وہ بل پاس ہوا آپ نے گذشتہ روز اخبارات میں بھی دیکھا ہوگا کہ لینڈ ریونیو کے بعد سب سے لمبا بل آیا ہے وہ پنجاب کے کاشتکاروں کے قرضہ جات سے متعلق ہے ۔ اس وقت ہندوؤں کی اکثریت تھی انہوں نے سینکڑوں ہزاروں روپے تقسیم کئے ہوئے تھے اور مسلمان قرضوں میں پھنسے ہوئے تھے ۔ ۱۹۳۶ میں جو رعایت دی تھی وہ موجودہ قانون کی شکل میں inconsistent ہو کر رہ جائے گی ۔ یہ قانون Punjab Debtors Protection Act سے over ride کرے گا ۔ زرعی زمین کی اس حد تک attachment ہو جس کی مالیت پانچ ہزار روپیہ تک ہو ۔ جناب والا ۔ اس سنہری قانون کے کلنک کا ٹیکہ جس کو میں آج اپنی پیشانی پر لے رہا ہوں اس کے تحت جو رعایت تھی اس سے زرعی آبادی کو محروم کر دیا جائیگا ۔ اسکے بعد میں یہ عرض کرنی چاہتا ہوں کہ صرف وہی جائیداد آپ attach کریں جس کے متعلق آپکا

arrear of land revenue ہو ۔ اور اسکو بھی اس طور پر کریں کہ جس کا رقبہ ۲۵ ایکڑ سے زیادہ ہو ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ ۲۵ ایکڑ کی جو ہولڈنگ ہوگی اس میں کم و بیش ۲۵ یا ۵۰ افراد یا ایک یا دو خاندان پلتے ہوں گے ۔ جب آپ اسکو attach کر لیں گے اسکے بعد وہ لوگ ڈاکہ زنی کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں وہ حق بجانب ہونگے ۔ اگر وہ ایسے طریقے یا ذرائع اختیار کریں جس سے وہ اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنے میں قانون شکنی پر اتر آئیں ۔ جناب والا ۔ حکومت یہ چاہتی ہے کہ اس ملک میں کمیونزم آئے ۔ یہ حکومت چاہتی ہے کہ اس ملک میں قانون شکنی ہو ۔ اس لئے یہ حکومت ایسے قوانین کے بنانے کی اجازت دیتی ہے ۔ اگر یہ پارلیمنٹری لفظ ہے تو میں اسے unholy law کہوں گا جسکو ہم بنا رہے ہیں ۔ ہم دیہاتی معیشت کو ذبح کر رہے ہیں ۔ اگرچہ وقت آنے والا ہے کہ جب صنعتکار اس ہاؤس پر چھائے ہوئے ہوں گے ۔ آج زمیندار جو اس وقت بھی ہاؤس میں موجود ہیں وہ اپنے حقوق کیلئے کمر بستہ اٹھ کھڑے ہوں ۔ وہ اپنے حقوق کے لئے کیوں نہیں اٹھتے ۔ اسکے بعد مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ میں نے سب کلاز (بی) میں کہا ہے کہ جس ہولڈنگ کو یہ attach کریں اسکی attachment ۲۵ ایکڑ سے زیادہ ہو جو طریقہ کار سول پروسیجر کوڈ میں ہے جس کے تحت آرڈر یا ڈگری کو یہاں پر enforce کرنے کا قانون تو مان لیا ہے لیکن رولز بنانے باقی ہیں ۔ میں اسکے متعلق بات کہہ چکا ہوں میں اسکو دہرانا نہیں چاہتا ۔ قائد حزب اختلاف کا حکم ہے کہ کلاز ۹۰ تک جانا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ ان کا حکم مانتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جی ہاں ۔ میں آپکا حکم بھی مانتا ہوں ۔ (قہقہہ) ۔ ۔ ۔ اگر ہم نے کسی کو قرضہ دینا ہو تین سال کے بعد وہ زائد المیعاد ہو جائے گا ۔ قانون قانون ہے ۔ اگر کسی بیوہ سے یا کسی یتیم سے کروڑ پتی نے قرضہ لینا ہے تو limitation تین سال ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Not for Government dues.

ملک محمد اختر ۔ Not for Government dues گورنمنٹ dues کی کم و بیش جناب قائد ایوان کی عمر سے زیادہ limitation ہے ۔

وزیر زراعت - میرے متعلق ارشاد فرمایا ہے - اللہ تعالیٰ آپ کی عمر بھی دراز کرے - (قہقہہ) -

ملک محمد اختر - خدا دراز کرے عمر چرخ نیلی کی
کہ بے کسوں کے مزاروں پر شامیانہ ہوا
نہ پوچھ حال مرا - چوب خشک صحرا ہوں
لگا کے آگ جسے کاروان روانہ ہوا

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment to vote. The question is :

That for clause 84 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"84. (1) Subject to the other provisions of this Act, an arrear of land-revenue may be recovered by any one or more of the following processes, namely :—

(*a*) by service of a notice of demand on the defaulter;

(*b*) by arrest and detention of his person :

Provided that no defaulter shall be liable to arrest for default in payment of land-revenue unless the Collector is satisfied that the defaulter without just cause, contumaciously refused to make payment of land-revenue :

Provided further that the Collector shall before issuing a warrant for arrest gives an opportunity to show cause against its issue :

Provided further that the provisions of the relief of Indebtedness Act and other similar laws for the time being in force in the Province imposing certain restrictions on the arrests of judgement debtors' in default of payment of dues in execution of decrees of a Civil Court shall as far as practicable be applicable for the arrest of defaulters under this Chapter ;

(*c*) by distress and sale of his movable property.

Provided that tools of artisans, implements of husbandry, cattle, as may be necessary to enable him to earn his livelihood ; necessary wearing

apparel, cooking vessels, beds and beddings of the defaulter, his wife and children and such personal ornaments, as in accordance with the religious usage cannot be parted with by any woman or any other movable property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment :

Provided further that the provisions of Code of Civil Procedure, 1908 and the Punjab Debtor Protection Act, 1936, exempting attachment of standing crops and trees shall as far as practicable be applicable to a holding area of which is less than twenty-five acres ;

(*d*) by proceedings against other immovable property of the defaulter :

Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment ;

(*e*) by transfer of the holding in respect of which the arrear is due, in case the defaulter fails to deposit the amount of land-revenue due and a notice in this respect served on him to deposit the same within thirty days of the service of the notice.

(2) Notwithstanding anything contained in any other enactment for the time being in force the holding if the area of the same is less than twenty-five acres in respect of which the arrear is due shall not be liable to attachment in execution of any order of Revenue Court or any decree of any Civil Court on enforcement of this Act.

(3) By any other method specifically provided under this Chapter.

(4) Any arrear of land-revenue shall not be recoverable after expiry of four years from the date it was due.".

Malik Muhammad Akhtar : I want division.

Mr. Deputy Speaker : Does the Member claim division ?

Malik Muhammad Akhtar : I claim Sir.

Mr. Deputy Speaker : Alright, those Members who are in favour of the amendment being passed should stand in their seats.

(*Only one Member rose in his seat*)

Mr. Deputy Speaker : Now those Members who are against the amendment being passed should stand in their seat.

(*Twelve Members rose in their seats*)

Mr. Deputy Speaker : More Members are against the amendment : the amendment is therefore rejected.

Is Malik Sahib satisfied now ?

Next. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move :

> That for clause 84 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—
>
> "84. Subject to the other provisions of this Act, an arrear of land-revenue may be recovered by any one of the following processes applied one after the other if the previous one fails to achieve the desired result" :—
>
> (*a*) by service of a notice of demand on the defaulter under section 85 ;
>
> (*b*) by distress and sale of his movable property and uncut and ungathered crops under section 89 ;
>
> (*c*) by attachment of the holding under section 91 in respect of which arrear is due ;
>
> (*d*) by transfer of holding under section 90 in respect of which the arrear is due :
>
> (*e*) by sale of the holding under section 94".

جناب سپیکر ۔ یہ ترمیم میری اصل ترمیم سے قدرے مختلف ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member does not want to move the amendment as given notice but a little bit amended.

Minister of Revenue : Then it becomes out of order.

Mr. Deputy Speaker : In that case the Chair has to permit and I permit the Member.

Clause under consideration, amendment moved is :

> That for clause 84 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—
>
> "84. Subject to the other provisions of this Act, an arrear of land-revenue may be recovered by any one of the following processes applied one after the other if the previous one fails to achieve the desired result" :—
>
> (*a*) by service of a notice of demand on the defaulter under section 85 ;
>
> (*b*) by distress and sale of his movable property and uncut and ungathered crops under section 89 ;
>
> (*c*) by attachment of the holding under section 91 in respect of which arrear is due ;
>
> (*d*) by transfer of holding under section 90 in respect of which the arrear is due :
>
> (*e*) by sale of the holding under section 94".

Minister of Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر ۔ مجھے چار سب کلازوں کی ترمیم پیش کرنا ہے جناب والا ۔ میں اکیلا سب پر بھاری ہوں ۔

یہ Presidential حکومت ہے ۔ اس لئے ہماری حکومت سخت تر قوانین عوام کے لئے بنا رہی ہے جس میں مالیہ کی وصولی کے لئے عوام کی گرفتاری اور قید و بند ضروری ہو ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) ۔ میں جو ترمیم پیش کر رہا ہوں اس میں اور ملک صاحب کی ترمیم میں دو بڑے فرق ہیں ۔ ایک فرق تو جناب والا ۔ یہ ہے کہ آپا کسی نا دھند سے مالیہ وصول کرنے کے چاروں

طریقوں کو یکے بعد دیگرے استعمال کیا جائے گا یا یکدم چاروں کو استعمال کیا جائے گا مثلاً نوٹس وصول کرنے کے ساتھ ہی گرفتاری بھی قید بھی اور جائداد کی قرقی بھی یکدم ہوگی یا پہلے نوٹس دیا جائے گا ۔ وصولی کا انتظام کیا جائے گا پھر بھی وصولی نہ ہو تو اس کا مال جائداد قرق کر لیا جائے گا ۔ پھر بھی مالیہ پورا نہ ہو تو اسے گرفتار کیا جائے گا ۔ گرفتاری کے عرصے میں بھی مالیہ ادا نہ ہو تو پھر قید کیا جائے گا ۔ یا آخری طریقہ بھی پہلے قدم کے طور پر استعمال کیا جائیگا ۔ جناب والا ۔ اس ترمیم کو پیش کر کے میں ایوان کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ چاروں طریقوں کو استعمال کرنے کی ایک ترتیب مختص کر دی جائے کہ پہلے یہ قدم اٹھایا جائے گا پھر دوسرا اور پھر نمبر وار تیسرا اور چوتھا طریقہ آزمایا جائے گا ۔ یہ نہیں کہ چاروں پر بیک وقت عمل جاری ہو جائے یا پہلے نوٹس دیا جائے گا اس پر وصولی نہ ہو تو قرقی نیلامی اور اسکے بعد بھی وصولی نہ ہو تو گرفتاری اور قید و بند کا مرحلہ تیسرے چوتھے نمبر پر آئے گا کہ کلکٹر اس کو نافذ کرے ۔

دوسرا فرق جناب والا یہ ہے کہ میں اُن تین سب کلازوں کو حذف کر دینا چاہتا ہوں جو کہ پیرا 'ج' میں درج ہیں یعنی زمیندار کو مالیہ کی عدم ادائیگی کی پاداش میں گرفتار نہیں کیا جا سکے گا ۔ انہوں نے مسودہ قانون میں لکھا ہوا ہے کہ کاشتکار کو گرفتار کیا جائے گا ۔ آئین کی رو سے گرفتار نہیں کرنا چاہئے ۔ دوسرے میں نے بندوبست کی تشخیص annulment کی سب کلاز کو حذف کرنے کے لئے ترمیم دی ہے کہ کلکٹر بندوبست کی تشخیص کو کالعدم قرار نہ دے سکے ۔ بندوبست کی سکیم کی منسوخی کے نتائج سخت ضرر رساں ہونگے ۔

تیسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ جس زمین یا جائداد کا مالیہ واجب الوصول ہو صرف اُسی زمین کی قرقی یا نیلامی سے وصول کیا جائے کسی دوسری جائداد کی قرقی یا نیلامی نہ ہو سکے ۔

اس لئے میں نے ان تینوں سب کلازوں کو حذف کرنے کی تجویز پر اپنی ترمیم کو مبنی کیا ہے جناب والا ۔ یہاں تک میں نے اختصار کے ساتھ اپنا مطلب واضح کر دیا ہے جناب والا ۔ تشخیص کے بارے میں محترم قائد ایوان نے ارشاد فرمایا تھا کہ مالیہ کی تشخیص کا بنیادی اصول یہ ہے کہ State سارے ملک کی اراضیات کی مالک ہے اور اس ملکیت کے حصے

کے طور پر وہ اراضی پر لگان لگاتی ہے لہذا اُن کے ازدیک ، مالیہ لگان ہے ۔ پیداوار کا حصہ ہے کوئی ٹیکس نہیں جو کہ کسی کی آمدنی پر لگایا جاتا ہو بلکہ مالیہ State کی اپنی ملکیتی اراضی کی پیداوار کا حصہ حقوق مالکانہ کے طور پر وصول کیا جاتا ہے ۔ اس مسئلے پر جناب والا بڑی لمبی چوڑی بحث ہو سکتی ہے ہو بھی چکی ہے اور اب بھی ہو سکتی ہے مگر میں مختصراً عرض کرونگا کہ مالکان اراضی زمین کے مالک نہیں بلکہ حکومت زمین کی مالک ہے تو لگان یا مالیہ اُس زمین کی پیداوار سے وصول کرنا چاہئے نہ کہ کاشتکار سے یا بظاہر جو مالکان اراضی ہیں اگرچہ حقیقت میں نہیں ہیں وہ بیچارے تو مالک نہیں مالک تو سرکار ہے اب سرکار کو چاہئے کہ اُس زمین سے مالیہ وصول کرے جب ایک مالک اراضی مالک ہی نہیں تو اُس سے لگان کیوں لیا جاتا ہے ؟ اگر یہ ٹیکس ہوتا تو آمدنی پیدا کرنے والے پر اسکی استطاعت ادائیگی کے برابر عائد کیا جاتا اور وصول کیا جاتا ۔ اب جبکہ یہ ٹیکس نہیں تو کاشتکار کو کیوں گرفتار کیا جاتا ہے ۔ نا دھندہ کی گرفتاری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ جائیے زمین سے مالیہ وصول کر لیجئے نادھند کے خلاف مسودہ قانون میں ناروا سختی ہے ۔

امریکہ میں ایسا ہوتا ہے لیکن وہاں وہ شخص ذمہ دار ہے جو کہ ٹیکس کو evade کرتا ہے لیکن یہاں ہم نے یہ اصول طے کر لیا ہے کہ یہاں وہ شخص ذمہ دار نہیں ہے جسکے ذمے مالیہ بقایا ہو ۔ کیونکہ یہ ٹیکس نہیں ہے بلکہ اسکی ذمہ دار زمین ہے اور ہم نے اس سے حصہ پیداوار وصول کرنا ہے ۔ اس لئے بنیادی طور پر دونوں اصول مختلف ہیں اور زمیندار کو قطعی طور پر اس کا ذمہ دار نہیں بنایا جا سکتا ۔ کیونکہ ہم نے یہ اصول اپنا لیا ہے کہ زمیندار کی زمین ہی ذمہ دار ہوگی یا اسکی فصل ذمہ دار ہوگی ۔ اس لئے میں بنیادی طور پر اس کا مخالف ہوں کہ زمیندار کو مالیہ کی عدم ادائیگی کی صورت میں گرفتار کر کے جیل بھجوایا جائے ۔ کیونکہ یہ بات ہمارے اس اصول سے مختلف ہوگی جو کہ ہم اس بل پر بحث کے دوران قبول کر چکے ہیں ۔ جہاں تک اصل موضوع کا تعلق ہے کہ آخر مالیہ کا بقایا کیوں رہ جاتا ہے ۔ اگر وہ یہ کہیں کہ بھئی وہ اس لئے کہ مالیہ زمیندار کہا گیا ہے اس لئے اس کو سزا ملنی چاہئے کہ اس نے مالیہ بر وقت ادا نہیں کیا ۔ تو میں اپنے ان بزرگوں کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ اگر آپکی ریونیو مشینری فرض شناس ہو ۔ اگر ان کی

کارگزاری اس معیار پر ہو جس معیار پر کہ ہونی چاہئے ، تو کوئی وجہ نہیں کہ کسی زمیندار کے ذمہ مالیہ بقایا رہ جائے اور وہ اس لئے کہ ہر ششماہی کے بعد مالیہ کی وصولی لازمی ہے ۔ اب فرض کیجئے کہ ایک شخص پہلی ششماہی میں اپنا مالیہ ادا نہیں کرتا تو پھر دوسری ششماہی کے بعد ہم صرف ایک کلاز پر عملدرآمد کر کے اس سے تمام مالیہ وصول کر سکتے ہیں اور وہ اصل مسودۂ قانون کی کلاز نمبر 84 (c) ہے جسکے ذریعے ہم اس شخص کی کھڑی فصل یا کٹی ہوئی فصل کو وقت مقررہ پر قرق کر سکتے ہیں اور اگر قرقی کے بعد بھی وہ زمیندار بقایا مالیہ ادا نہ کرے تو اس فصل کو نیلام کیا جا سکتا ہے اور یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ کوئی شخص بھی یہ گوارا نہیں کر سکیا کہ اسکی فصل عدم ادائیگی مالیہ کی نذر ہو جائے اور وہ اس لیے بھی کہ ہم نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ مالیہ کی زیادہ شرح زمیندار کے اصل منافع یعنی net profit کا ایک چوتھائی سے زیادہ نہیں ہوگی ۔ اور اگر زمیندار نے اپنی زمین کسی مزارع کو بھی دے رکھی ہو تو بھی اسکی ایک فصل کی پیداوار اس ایک ششماہی کے مالیہ کے برابر نہیں بلکہ کم از کم چار ششماہیوں کے برابر ہوگی ۔ اب آپ اس حساب کو ملحوظ خاطر رکھیں کہ ایک زمیندار پر زمین کا مالیہ یہ عائد کیا گیا ہے کہ اسکی سالانہ خالص پیداوار یعنی net production کے ایک چوتھائی حصہ سے زیادہ ہم وصول نہیں کریں گے اور ایک سال کی پیداوار کا مطلب چار سال کا مالیہ ہوا ۔ اب اگر مالیہ ایک سال سے بڑھ گیا ہو تو اسکی جو پیداوار کھیت میں ایستادہ ہو ، ظاہر ہے کہ وہ اس مالیہ کی مالیت سے زیادہ کی ہے ، اور اگر مالیہ دو سال کا ہو تو بھی اس فصل کی مالیت اس سے زیادہ ہی ہوگی اور اگر تین سال کا مالیہ اس کے ذمہ واجب الادا ہو تو بھی اسکی فصل اس سے زیادہ مالیت کی ہوگی ۔ اس لحاظ سے اسکو قید کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی کیونکہ اسکی ساری فصل قرق کر کے اس کا مالیہ وصول ہو سکتا ہے ۔ لیکن ہوتا کیا ہے ۔ ہوتا یہ ہے کہ ہماری ریونیو مشینری جسکو کہ میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ حد درجہ نا اہل ہے اور اس لئے یا تو وہ بد دیانتی سے رشوت لیکر یا سیاسی اثر کے تحت یا دوسرے کسی اثر کے تحت دو بڑے زمینداروں یا با اثر لوگوں سے مالیہ وصول ہی نہیں کرتے اور بات کئی سالوں کے بقایا تک پہنچ جاتی ہے ۔ جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کئی سالوں کا ہزاروں روپے کا بقایا ان کے ذمہ نکل آتا ہے ۔ تو اس بقایا کے سلسلے میں زمینداروں کا کوئی قصور نہیں ہوتا کیونکہ ان کو کھلی چھٹی

دی گئی ہوتی ہے کہ وہ مالیہ ادا نہ کریں اور مزے سے کھائیں پئیں - قصور در اصل اس ریونیو آفیسر کا ہوتا ہے کہ جسکے ذمہ یہ فرض عائد کیا گیا ہے کہ وہ بر وقت مالیہ کا مطالبہ کرے اور اگر وہ وقت پر مطالبہ نہیں کرتا ، تو پھر دوسری ششماہی کے بعد اس شخص کی کھڑی فصل اپنے قبضہ میں کرنے کے بعد اسے نیلام کر دے - تو جب آپ نے ایک زمیندار کے لئے یہ سزا تجویز کر دی ہے کہ اگر وہ مالیہ کی ادائیگی وقت پر نہ کرے تو اسکو قید کر دیا جائے - میں جناب وزیر مال سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اس ریونیو آفیسر کے لئے کیا سزا تجویز کی ہے - کہ جو چار چھ سال تک مالیہ وصول نہیں کرتا - اگر آپ نے اسکے لئے ایسی کوئی سزا تجویز کی ہے تو پھر اس باقیدار زمیندار کو بھی قید کر دیں - یعنی اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی لکھ دیجئے کہ جو اختیارات مالیہ کی وصولی کے لئے ریونیو آفیسر کو دئے گئے ہیں - اگر وہ ان اختیارات کو بروئے کار لا کر تین سال تک کسی شخص سے مالیہ وصول نہیں کر سکا تو اس کو بھی اس زمیندار کے ساتھ ہی قید کر لیا جائے گا - یہ بات تو سمجھ میں آ سکتی ہے ، لیکن صرف زمیندار پر ہی یہ بوجھ ڈالنا کہ مالیہ کی عدم ادائیگی کی صورت میں اسکو قید کر لیا جائے گا میری سمجھ سے بالا تر ہے -

جناب والا - میں اپنے ایک غیر نشان زدہ سوال کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں جس سے کہ ہماری ریونیو مشینری کی سستی ، کاہلی اور بد دیانتی کا ثبوت آپ کو میسر آئے گا - میں نے سابقہ اجلاس میں ایک غیر نشان زدہ سوال پوچھا تھا جس کے جواب میں جناب وزیر مال نے یہ اطلاع فراہم کی تھی کہ ضلع ٹھٹہ میں -/4,57,695 روپے مالیہ بقایا ہے ، حیدر آباد میں -/14,18,389 روپے - ملتان میں -/23,82,563 روپے - تھرپارکر میں -/6,93,846 روپے - ساھیوال میں -/15,92,439 روپے - بہاولپور میں -/3,78,000 روپے - لاڑکانہ میں -/3,98,000 - جیکب آباد میں -/9,47,000 - پشاور میں -/15,22,169 روپے - ہزارہ میں -/10,00,000 روپے - بنوں میں 10,00,000 روپے - اور میانوالی میں -/4,39,000 روپے بقایا ہیں - میں نے صرف رقوم پڑھی ہیں جو کہ بڑی بڑی ہیں - انہوں نے میرے سوال کے جواب میں نام بھی لئے ہیں - لیکن میں وہ نام نہیں پڑھوں گا - سوال یہ تھا کہ کس کس زمیندار کے ذمہ دس ہزار روپے سے زیادہ مالیہ بقایا ہے - تو اس جواب میں انہوں نے جو اعداد و شمار دکھائے ہیں ان کی زد سے کسی کے ذمہ بائیس ہزار

ہے ۔ کسی کے ذمہ پچاس ہزار ہے ۔ علیٰ ہذاالقیاس ۔ بہر حال عرض کرنے کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ صوبے کے طول عرض میں بڑے بڑے زمیندار پھیلے ہوئے ہیں جنکے ذمہ دس ہزار روپے سے زیادہ مالیہ بقایا ہے ۔ اسکی وجہ کیا ہے ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ اسکی وجہ یہ ہے کہ ہماری ریونیو مشینری حد درجہ نا اہل ہے ۔ ورنہ اگر یہ مشینری اپنے فرائض منصبی صحیح طور پر ادا کرے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ ان کو صرف اس کلاز (ے) کے اختیارات نہ دئے جائیں ۔ یعنی

> "(c) by distress and sale of his movable property and un-cut and un-gathered crops under section 89 ; "

صرف اتنے ہی اختیارات کافی ہیں بشرطیکہ ہمارے اہلکار اور ہمارے افسران دیانتدار ہوں ۔ اسکے علاوہ انہیں اور کسی اختیار کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس لئے میں جناب وزیر مال سے یہ درخواست کروں گا کہ بجائے اسکے کہ وہ ان بد دیانت اور نئے ملازمین کو اسقدر وسیع اختیارات دیں کہ وہ کسی بھی زمیندار کو مالیہ کی عدم ادائیگی کی بناء پر پکڑ کر جیل میں بھیج دیں ۔ ان کی کڑی نگرانی کرنی چاہئے کہ وہ کم از کم اختیارات رکھتے ہوں مگر وہ ان پر زیادہ سے زیادہ عمل پیرا ہوں ۔ اس ضمن میں ایک مثال آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس سے ثابت ہوگا کہ یہ لوگ کس طرح اپنے اختیارات کو غلط طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ آپ نے بھی اخبارات میں ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ مظفر گڑھ کے ایک مصطفیٰ کھر صاحب ہیں جو کہ ہماری قومی اسمبلی کے رکن ہیں ۔ ان کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا گیا ہے ۔ لوگ تو کہتے ہیں کہ یہ مقدمہ جھوٹا ہے ۔ لیکن ہمیں اس وقت اس سے کوئی سروکار نہیں کہ وہ مقدمہ جھوٹا ہے یا سچا ہے ان کے ذمہ چھ ہزار روپے مالیہ بھی بقایا تھا ۔ وہ اس جھوٹے یا سچے مقدمے کی پیشی کے سلسلے میں اے ۔ ڈی ۔ ایم ۔ کی عدالت میں ضلع کچہری آئے ہوئے تھے ۔ کوٹ ادو سے ضلع کچہری تقریباً پچاس میل دور ہے ۔ تو وہاں پر تحصیل کا ایک چپڑاسی انکے خلاف وارنٹ گرفتاری لیکر آیا ۔ وہ جب اے ۔ ڈی ۔ ایم کی عدالت سے اس مقدمے کے سلسلے میں ضمانت کروا کر باہر نکل رہے تھے تو انہیں کہا گیا کہ انکے خلاف گرفتاری کے وارنٹ ہیں اور انہیں گرفتار کیا گیا ۔ ان کے استفسار پر انکو معلوم ہوا کہ ان کے ذمہ چھ ہزار روپے مالیہ بقایا ہے اور اسی

سلسلے میں انہیں گرفتار کیا گیا ہے اس پر انہوں نے کہا کہ ان کی پچیس ہزار روپے کی جیپ کھڑی ہے - وہ لیکر اسے چھوڑ دیا جائے- تو چپڑاسی نے کہا کہ نہیں میں جیپ نہیں لیتا مجھے تو گرفتاری کے احکام ہیں - انہوں نے کہا کہ حکومت سے میں نے نو ہزار روپے لینے ہیں جس کے بل گورنمنٹ کے خزانہ میں موجود ہیں وہ لے لیں لیکن وہ نہ مانے - اور ان کو ایک دوسری جیپ میں لیجایا گیا اور حوالات میں بند کر دیا گیا - اور وہ تین دن حوالات میں رہے - حتیٰ کہ ان کا بھائی چھ ہزار روپے لیکر اور ایک وکیل صاحب کو ساتھ لئے ہوئے حوالات پہنچا لیکن نائب تحصیلدار پھر بھی ان کو چھوڑنے کیلئے تیار نہ تھے - یہاں تک کے نائب تحصیلدار صاحب نے ڈپٹی کمشنر سے اجازت طلب کی اور انہیں چھوڑ دیا گیا - حالانکہ ان کی یہ گرفتاری محض سیاسی نوعیت کی تھی - قومی اسمبلی کے یہ رکن حکومتی پارٹی سے اگرچہ تعلق رکھتے ہیں لیکن انہوں نے بھٹو صاحب کے حق میں کوئی بیان دے دیا تھا جسکی بناء پر ان پر پہلا مقدمہ بھی بنایا گیا اور پھر مالیہ کی عدم ادائیگی کی بنا پر تین دن حوالات میں رکھا گیا تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس شق کا کس طرح غلط استعمال ہو رہا ہے - ایک ایم این اے اچھا بھلا آدمی ہوتا ہے اس کو ۶۰۰۰ روپیہ کے لئے گرفتار کیا گیا ہے حالانکہ اسکی جیپ جس کی قیمت ۲۵۰۰۰ روپیہ تھی فرق کی جا سکتی تھی - اسی طرح اس ملک میں کئی مصطفے کھر بنائے جا سکتے ہیں - ذاتی دشمنی یا ذاتی عناد کی وجہ سے یا کسی بڑے آدمی کی ہدایات پر صوبہ میں کئی قسم کے مصطفے کھر بنائے جا سکتے ہیں - میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ افسر مال تحصیلدار یا نائب تحصیلدار جو زمینداروں کو گرفتار کرتے ہیں اس میں ان کی اپنی کوتاہیاں ہوتی ہیں - اسی لئے بقایا جات رہ جاتے ہیں - ان کی غلطیوں اور کوتاہیوں کی ذمہداری دوسروں پر ڈالی جاتی ہیں - ان گذارشات کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶) - جناب سپیکر - میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی حمایت کے لئے کھڑا ہوا ہوں - اس مسودہ قانون میں دفعہ ۸۴ جس شکل میں موجود ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت کے نزدیک کسی شخص کی آزادی کس قدر عزیز ہے - یا اس کو کتنی اہمیت حاصل ہے - کلاز (اے) میں بتایا گیا ہے کہ

"(a) by service of a notice of demand on the defaulter under section 85;"

And the next step is :—

"(b) by arrest and detention of his person under section 86;"

خواجہ صاحب نے بجا طور پر بتایا ہے کہ حکومت کی جانب سے افسران مال پر یہ پابندی نہیں کہ باقیدار کے خلاف کونسا قدم پہلے یا کونسا قدم بعد میں اٹھائیں ۔ یا اپنے اختیارات کو اکٹھے ہی استعمال کریں تاہم اس مسودہ قانون کی اس دفعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ باقیدار کے خلاف دوسرا قدم گرفتاری کا ہونا چاہئے ۔ ایک فرد کی آزادی ایک متاع عزیز ہے اور اس کو اسی صورت میں سلب کرنا چاہئے کہ جس وقت حکومت باقیدار سے وصولی کرنے کے دوسرے تمام ذرائع استعمال کرنے کے باوجود ناکام رہی ہو ۔ میں خواجہ صاحب کے ارشادات سے سو فیصدی اتفاق کرتا ہوں ۔ اگر محکمہ مال کے افسران اپنے فرائض کو ٹھیک طریقہ سے ادا کریں اور مالیہ کی وصولی کا طریقہ یا جو اختیارات اس قانون میں دئے گئے ہیں ان پر عمل کریں تو جائداد کی قرق یا کسی باقیدار کو جیل میں بھیجنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوگی ۔

جناب سپیکر ۔ میرے پاس اس وقت ڈارلینگ رپورٹ جو ۱۹۳۸ میں شائع ہوئی تھی نہیں ہے ۔ لیکن مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اس رپورٹ میں یہ واضح طور پر بتایا گیا تھا کہ مالیہ کل پیداوار یا Gross Product کا چھ یا سات فیصد ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک سال میں ایک فصل کی مالیت کا تقریباً ۱۳ یا ۱۴ فیصد مالیہ کی صورت میں حکومت کو ادا کیا جاتا ہے ۔ اگر کوئی شخص بر وقت مطالبہ کے باوجود مالیہ ادا نہ کرے اور اس کی ایک فصل قرق کر لیجائے جو آٹھ سال کے مالیہ کے کافی ہوتی ہے ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ محکمہ مال کے افسران کو کتنے وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔ اگر ہم وہ اختیارات جو اس مسودہ قانون میں درج ہیں ان کو دینے کو تیار ہیں تو ہم ان سے جواب طلبی یا نگہداشت کرنے کے لئے کیوں تیار نہیں ۔ دیکھا گیا ہے کہ جو فرائض انہوں نے ادا کرنے ہوتے ہیں وہ بطریق احسن ادا نہیں کرتے بلکہ خوشی سے باقاعدگی سے رشوت وصول کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں جناب خواجہ صاحب نے جو اختیارات تجویز کئے ہیں اگر ان کو مناسب طریقہ سے استعمال کیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ حکومت کے واجبات وصول نہ ہو سکیں ۔ لیکن اس میں

بڑی قباحت تو یہ ہے کہ حکومت کا اس مسودہ قانون کی اس دفعہ سے محض واجبات کی وصولی مقصود نہیں اسی لئے وصولی کرنے والی ایجنسی پر کوئی پابندی لگانے کی زحمت گوارا نہیں کی وصولی کرنے کی ایجنسی یقیناً محکمہ مال کے افسران ہونگے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - محترم وزیر مال نے ابھی ہماری جانب سے سابقہ ترمیم کا جواب ارشاد فرماتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ یہ کلاز محض اس لئے نہیں شامل کی جا رہی ہے کہ مالگذاری کا بقایا کسی کے ذمہ ہو اور اسے وصول کرنا ہو - ہماری جانب سے یہ کہا گیا تھا بلکہ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ جب مالیہ کی شرح کسی صورت میں بھی اصل منافع کی ۲۵ فیصدی سے نہیں بڑھ سکتی تو پھر کیا وجہ ہے کہ ہم اس قسم کے متشددانہ قانون وضع کر رہے ہیں تو اس کے جواب میں انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ محض مالگذاری کی وصولی کے لئے نہیں بلکہ اور بھی گورنمنٹ کے واجبات ہیں جن کی وصولی کے لئے یہ دفعات استعمال کی جا سکتی ہیں - انہوں نے خاص طور پر حوالہ دیا تھا انکم ٹیکس کے واجبات کا - اس میں کوئی شک نہیں کہ انکم ٹیکس کے واجبات مالیت میں بعض صورتوں میں جب کبھی بڑے بڑے کاروباری طبقہ سے متعلقہ افراد کا تعلق ہو تو بڑی بڑی رقموں میں ہو سکتے ہیں لیکن ان طبقات سے وصولی کرنے کے اور ذرائع بھی موجود ہیں - آج کل

تو اگر چہ یہ رسم چل پڑی ہے کہ ہمارا کاروباری صنعتی طبقہ کچھ اراضی خرید لیتا ہے خواہ اس کا منشاء اور غرض کچھ اور ہی کیوں نہ ہو اگر چہ یہ امر زیر بحث نہیں ہے تو ان کے واجبات کے لئے یہ اراضی نا کافی رہے گی اور شاید بہت کم حالات میں بھی اتنی نہیں ہو سکے گی کہ اگر کسی کے ذمے واجبات لاکھوں روپے کی شکل میں موجود ہیں تو وہ اس اراضی سے وصول کئے جائیں تو ایسی صورت میں لازم ہو گا کہ اس کے کاروبار اور اس کے بڑے بڑے محلات کو فرق کرنا پڑے گا۔ لیکن یہاں ہم اس وقت بحث کر رہے ہیں کہ اراضی سے کس طرح بقایا جات وصول کئے جائیں۔ اور موجودہ دفعات میں اسی قسم کی دفعہ ہے جس میں یہ کہا گیا ہے اور یہ دفعہ خصوصیت سے انتہائی متشددانہ ہے کہ کسی زمیندار کی اراضی کو محکمہ مال کے عمال اس سے چھین کر کسی دوسرے شخص کے حوالے کر سکتے ہیں اگر اس کے ذمے مالگذاری کے واجبات ہوں اور اس کی میعاد ۱۵ سال تک رکھی گئی ہے۔ اب جناب والا۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اور بار بار عرض کیا ہے کہ مالگذاری کے واجبات اس قدر ہو ہی نہیں سکتے کہ ۱۵ سال تک کے لئے ایک شخص یا ایک فرد کی اراضی کو اس کے واجبات کے عوض کسی دوسرے شخص کو دے دیا جائے۔ ایسی صورت پیدا ہی نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے ایک مثال اسی کلاز میں ہے اور اس سے پیشتر یہ بار بار کہا گیا ہے کہ جونہی کہ مالگذاری کے واجبات کسی کے ذمہ ہوں یا یہ کہ وہ واجبات کسی کے ذمہ واجب‌الادا ہوں تو اس کلاز میں یہ درج کیا گیا ہے اور جو کہ ترمیم کر دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے تو اس کو قید کریں گے یا دفعہ ۸۴ کی سب کلاز سی کے تحت اس کی فصل کو قرق اور نیلام کر کے وصول کرنے کی کوشش کی جائے گی تو میری نظر میں کوئی ایسی صورت پیدا نہیں ہو سکتی اگر محکمہ کے عمال تھوڑے سے فرض شناس ہوں تو پھر یہ صورت پیدا نہیں ہو سکتی کہ اس شخص

کی زمین اس سے چھین کر کسی دوسرے شخص کے حوالے کر دی جائے ۱۵ سال تک کے لئے - جیسا کہ جناب والا - میں بار بار عرض کر چکا ہوں کہ یہ زمین جس سے کہ ہم نے مالگذاری وصول کرنی ہے اس سے اس کی ایک سال کی فصل اگرچہ وہ خود کاشتہ ہے تو تقریباً ۱۰ سال کی مالگذاری کے لگ بھگ بن جائے گی - تو اس لحاظ سے کہ بجائے ۱۵ سال کے لئے اس کی زمین چھین لی جائے اگر اس کے ذمہ کوئی بقایا جات ہیں جو کہ اس کی فصل کو فروخت کرنے کے بعد بچ رہتے ہیں تو وہ یقیناً بہت قلیل ہوں گے تو اس سے زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے کہ وہ ایک سال کے لئے کسی دوسرے کے حوالے کر دیا جائے - دوسری دلیل میری اس کے متعلق یہ ہے کہ کوئی شخص بھی جس نے واجبات ادا کرنے ہیں جب اس کو معلوم ہے کہ میری ملکیت پر زیادہ سے زیادہ اصل منافع کا دو تہائی مجھ سے بطور مالگذاری وصول کیا جا سکتا ہے تو وہ کس طرح برداشت کریگا کہ وہ بقایا ایک تہائی بھی کلکٹر کے حوالے کر دے اور وہ بالکل اس زمین کی پیداوار سے ایک دو نہیں دس پندرہ سال کے لئے جیسا کہ اس ترمیم میں درج ہے محروم ہو جائے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے بھی کم و بیش بطور وکیل کے کچہریوں میں جاتے ہوئے ۳۰ سال کا عرصہ گذرنے والا ہے - ۲۹ سال پورے ہو گئے ہیں - میرے علم میں کبھی ایک بار بھی ایسا واقعہ نہیں آیا جبکہ اس دفعہ کے استعمال کی کسی ریونیو افسر کو ضرورت پڑی ہو - اس سے پہلے جب اس کو قید کیا جاتا ہے تو اس کے ملنے جلنے والے اس کے رشتہ دار کہیں نہ کہیں سے روپیہ فراہم کر کے اس کے مالیہ کو ادا کر دیتے تھے اور اس صورت سے وصولی نہ ہو تو کبھی کبھی سننے میں آجاتا ہے کہ کسی زمیندار کی فصل قرق ہو گئی ہے لیکن میرے علم میں یہ بات نہیں ہے کہ کسی زمیندار کی زمین کو چھین کر محکمہ مال کے عمال مجبور ہوئے ہوں کہ وہ زمین کسی دوسرے کے حوالے کر دیں - اس لئے جناب والا - میں سمجھتا

ہوں کہ یہ شق انتہائی غیر ضروری ہے اور اگر گورنمنٹ اس شق کو ضروری سمجھتی ہے تو میرا خیال ہے کہ اس میعاد کو دو سال کر دیا جائے اور اس سے زیادہ نہ رکھا جائے ۔ جناب والا ۔ میں نے اس کلاز میں ابھی ایک بہتری کی صورت پیدا کر دی ہے کہ سب کلاز ایک پر پرووائزو لگا کر بی اور سی کے processes کو ضروری قرار دے دیا ہے ۔ یہ صورت جو پہلے مروجہ قوانین میں نہیں ہے ۔ اس سے اس کلاز میں ایک صورت بہتری کی پیدا ہو گئی ہے لیکن ساتھ ہی میں یہ بھی کہتا ہوں کہ اس صورت کے پیدا کرنے سے انہوں نے اس بات کا اقرار کیا ہے کہ واجبات زمیندار کو قید کرنے سے اور اس کی فصل کو برداشت کرنے سے ضرور پورے ہو جائیں گے ۔ میری یہ ایک مزید دلیل ہے کہ اگر آپ نے اس کلاز کو یہاں رکھنا ہے تو صرف دو سال کے لئے رکھیں اس سے زیادہ عرصے کے لئے نہ رکھیں ۔

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ جناب یہ بہت simple معاملہ ہے ۔ دو سال بہت کم میعاد ہے ۔ یہ بالکل مضحکہ خیز نظر آئی گی ۔ اس لئے پندرہ سال بالکل مناسب ہیں ۔ اگر کسی زمین کا ٹرانسفر ہو گا ۔ اگر رقم بڑی ہے ۔ جو عام طور پر بڑی ہو گی ۔ مثلاً اگر انکم ٹیکس کا arrear یا بقایا ہے تو دو سال میں وہ کیسے وصول کریں گے ۔ تو پندرہ سال مناسب ہے اگر اس سے پہلے رقم پوری ہو جائے تو وہ زمین اس کو واپس ہو سکتی ہے ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House. The question is:

> That in clause 90 of the Bill, as reported by the Select Committee, in sub-clause (2), for the word "fifteen", occurring in line 7, the word "two" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir I beg to move:

> That in clause 90 of the Bill, as reported by the Select Committee, the sub-clause (4) be deleted and subsequent sub-clauses renumbered accordingly.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

> That in clause 90 of the Bill, as reported by the Select Committee, the sub-clause (4) be deleted and subsequent sub-clauses renumbered accordingly.

Minister of Revenue: Not opposed.

Mr. Speaker: As the amendment is not opposed it stand carried. Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving, Sir.

Mr. Speaker: Next amendment about deletion.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving, Sir.

Mr. Speaker: Now I will put the clause to the vote of the House.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - Opposed Sir - میں اس پر تقریر نہیں کروں گا کہ کس طریق پر اس کلاز کو abuse کیا جائے گا - میں اس سلسلہ میں تین چھوٹی چھوٹی quotations دے دوں گا - سب سے پہلے یہ Land Administrative Manual (1) کا پیرا ۵۳۱ ہے -

> The term of direct management or the farm must not exceed fifteen years. When it is over, the holding or the estate is re-assessed in the light of the evidence as to its assets which has been obtained. Care should, however, be taken that the land revenue imposed on such land does not raise the total assessment of the circle in which it is situated to more than 1/4 of the net assets of the circle. Direct management accompanied by the annulment of the assessment is known as 'kham tehsil'. It differs from kurk tahsil because the proprietory rights and obligations of the owners are for the time being in abeyance, and the land revenue settlement made with them is cancelled. If part only of an estate under farm or direct management, the joint responsibility of the land owners of the rest of the estate is suspended as regards that part only. The Financial Commissioner may order that contracts regarding cultivation or payment of rent already made by the defaulter, or by other persons under whom the defaulter claims, shall not be binding on the Deputy Commissioner. If it is part of the sanctioned arrangement that owners shall remain in cultivating possession of their khud-kasht lands, they will do so as tenants and will pay such rent as the Deputy Commissioner thinks proper.

جناب والا - میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ نہ صرف ٹرانسفر آف ہولڈنگ ہوگا بلکہ وہ اس سے مالیہ کا اضافہ ایک چوتھائی تک کر سکتے ہیں -

حکومت اپنے مفاد کی خاطر اس کو رکھنا چاھتی ھے ۔ اب جناب والا ۔ میں اس کے پیرا ۵۳۲ سے چار لائنیں پڑھوں گا ۔

However profitable direct management may be to the Government, the defaulters cannot claim re-entry until the end of the term and they are not entitled to any account of profit and loss when they recover the possession.

جناب والا ۔ یہ بڑی معنی خیز بات ھے ۔ ایک تو جو ھولڈنگ ٹرانسفر ھوئی اس پر یہ پچیس فی صد مالیہ کا اضافہ کر سکتے ھیں ۔ پھر پندرہ سال کے بعد جب وہ لوٹائی جاتی ھے تو کوئی اکاؤنٹ نفع اور نقصان کا وہ کلیم نہیں کر سکتا ۔ اس کا مطلب یہ ھے کہ ایک بار اگر اس ھولڈنگ کو ٹرانسفر کرنے کا فیصلہ کر لیا جائے تو وہ مالک بالکل ھی stranger قرار دیا جائے گا ۔ پندرہ سال کے لئے وہ ھولڈنگ سے ھاتھ دھو لے گا ۔ پچیس فی صد مالیہ میں اضافہ ھو جائے گا اور جب وہ لوٹائی جائے گی تو اسے کوئی حق نہیں ھوگا کہ وہ اس کے حسابات مانگ سکے ۔

Mr. Speaker : I will put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 90, as amended, do stand part of the bill.

The motion was carried.

CLAUSE 91

Mr. Speaker : Clause 91 : Malik Muhammad Akhtar to move his amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move :

That for clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"91. (1) At any time after an arrear of land revenue has accrued, the Collector may cause the holding in respect of which the arrear is due to be attached and taken under his own management.

(2) The Collector or the agent shall be bound by all the agreements which existed between the defaulter and his tenants, if any, and shall be entitled to manage the land and to receive all rents and profits accruing therefrom.

(3) Land shall not be attached for the same arrear for a longer term than five years from the commencement of

the agricultural year next following the date of the attachment but if the arrear is sooner discharged, the land shall be released and the surplus receipts, if any, made over to the land-owner."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"91. (1) At any time after an arrear of land revenue has accrued, the Collector may cause the holding in respect of which the arrear is due to be attached and taken under his own management.

(2) The Collector or the agent shall be bound by all the agreements which existed between the defaulter and his tenants, if any, and shall be entitled to manage the land and to receive all rents and profits accruing therefrom.

(3) Land shall not be attached for the same arrear for a longer term than five years from the commencement of the agricultural year next following the date of the attachment but if the arrear is sooner discharged, the land shall be released and the surplus receipts, if any, made over to the land-owner."

Minister of Revenue : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - اب در اصل جتنا ہم اس ایکٹ میں آگے بڑھتے جاتے ہیں - ہمیں سخت سے سخت تر کلازوں سے دو چار ہونا پڑتا ہے - کلاز ۱۰۰ تک ایسی دفعات ہیں جن پر اگر ہم بحث نہ کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری مجرمانہ کوتاہی ہوگی - کم از کم ہمیں ان کے بارہ میں اپنا نکتہ نظر ضرور واضح کرنا ہوگا - کلاز سو سے ایک سو بائیس تک جو کلازیں ہیں ان کو ہم مقررہ شیڈول کے مطابق ختم کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس دفعہ ۹۱ کے سلسلہ میں میں کم و بیش سینکڑوں ایسے فیصلوں کے حوالہ جات دے سکتا ہوں جن کے مطابق موجودہ قوانین مثلاً Alienation of Land Act اور Relief of Indebtedness Act کے ہوتے ہوئے جس صورت میں انہوں نے اس دفعہ کو منظور کرنا چاہا ہے وہ اسے کر ہی نہیں سکتے - لیکن سر دست میں اپنی ترمیم پر آتا ہوں - میں نے یہ قرار دیا ہے کہ اگر لینڈ ریونیو کا بقایا ہو تو کلکٹر

صرف ایسی ہولڈنگ کو attach کرے جس کے متعلق وہ بقایا جات واجب‌الادا ہیں ۔

جناب والا ۔ میں نے یہ قرار دیا ہے کہ جب کسی زمین کو حکومت attach کرتی ہے تو arrear of land revenue کی صورت میں تو وہ یہ قرار دیتی ہے کہ جو لینا دینا ہے یا جو پہلی liabilities تھیں وہ یکسر تمام کی تمام ختم ہو گئیں اور اب صرف لینڈ ریونیو کی liability رہتی ہے اور جب وہ ہولڈنگ کسی مینیجمنٹ کو ٹرانسفر ہوگا یا as a attached holding تو ان پر وہ incumbrances رہیں گی ۔ جو بھی incumbrances کسی ہولڈنگ پر ہوں وہ کسی قانون کے تابع ہوتی ہیں مثلاً سول پروسیجر کوڈ کے تحت یا کسی اور کنٹریکٹ ایکٹ کے تحت ۔ تو کیا جناب میں اس قانون کو آئین سمجھوں ۔ کیا یہ لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۶۷ء جو صوبائی حکومت کے لئے آئین کا درجہ رکھتا ہے یہ تمام قوانین کو over ride کر گیا ہے ۔ قانون کے تابع جو liabilities ہوں گی وہ یکسر ختم ہو کر رہ جائیں گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون جو آئین سے متضاد ۔۔۔۔ تمام دیگر قوانین سے بھی متضاد ہے ۔ ان کو ہرگز ایسا حق حاصل نہیں کہ وہ کسی ہولڈنگ کو incumbrances سے فری قرار دیں جو attach کی جائے ۔ جناب دفعہ ۳ میں میں نے یہ شرط لگائی ہے کہ مالیہ جس کے لئے انہوں نے زمین attach کرنی ہے اس کی رقم کی مقدار ہرگز اتنی نہیں ہو سکتی ۔ پانچ سال سے زیادہ default ہو ۔ مثلاً ''اے'' اگر زمین کا مالیہ ادا نہیں کرتا اس کی زمین attach کر لی گئی ہے تو یہ غالباً تین سال بعد attach کریں گے ۔ میں انہیں یہ grace دینا چاہتا ہوں کہ یہ پانچ سال کے لئے attach رکھیں اور پھر یہ ۲۵ فی صد مالیہ کا بھی اضافہ کر سکتے ہیں ۔ اندازہ فرمائیں تین سال کے default کو recover کرنے کے لئے میں نے ساڑھے چھ سال کا لینڈ ریونیو collect کرنے کا حق دے دیا ہے تاکہ ان کے جو منیجر ہوں یا ان کے جو ایجنٹ ہوں ان کے اخراجات بھی اس سے پورے ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ یہ justice, equity and good conscience کے منافی ہے اس سے زیادہ حق دینا کہ یہ کسی کی زمین کو attach رکھیں ٹھیک نہیں ہے ۔ میری ترمیم دیگر قوانین رائج الوقت یعنی لینڈ آف لا کے مطابق ہے ۔ جن رائج الوقت قوانین کو بورڈ آف ریوینیو نہیں سمجھ سکتا یا ان سے بے بہرہ ہے ۔ اگر وہ ان قوانین کو سمجھتا تو کبھی بھی ایسی ڈرافٹنگ اس ہاؤس میں نہ آتی ۔ جناب والا ۔ نہ ہی میں اس میعاد کو پانچ سال سے زائد برداشت کرنے کو تیار ہوں جب کہ لینڈ ریونیو کی attachment کی جاتی ہے ۔ لینڈ ریونیو کی ہولڈنگ اس وقت قابل attach ہوتی ہے جس وقت کم و بیش اصولی طور پر تین سال کا لینڈ ریونیو کا arrear attach کرنا ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

That for clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"91. (1) At any time after an arrear of land revenue has accrued, the Collector may cause the holding in respect of which the arrear is due to be attached and taken under his own management.

(2) The Collector or the agent shall be bound by all the agreements which existed between the defaulter and his tenants, if any, and shall be entitled to manage the land and to receive all rents and profits accruing therefrom.

(3) Land shall not be attached for the same arrear for a longer term than five years from the commencement of the agricultural year next following the date of the attachment but if the arrear is sooner discharged, the land shall be released and the surplus receipts, if any, made over to the land-owner."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Minister for Law : I beg to move :

That for sub-clause (1) of clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"(1) The Collector may, instead of transferring under section 90 a holding in respect of which an arrear of land

revenue has accrued, cause such holding to be attached and taken under his own management or that of an agent appointed by him for that purpose."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for sub-clause (1) of clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"(1) The Collector may, instead of transferring under section 90 a holding in respect of which an arrear of land revenue has accrued, cause such holding to be attached and taken under his own management or that of an agent appointed by him for that purpose."

Minister for Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : As the amendment is not opposed, it stands carried.

Next two amendments standing in the name of Khawaja Muhammad Safdar and Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo would be out of order.

Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

That in clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, in sub-clause (4), for the words "five years", occurring in lines 2-3, the words "one year" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 91 of the Bill as reported by the Select Committee, in sub-clause (4), for the words "five years", occurring in lines 2-3, the words "one year" be substituted.

Minister for Revenue : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - زیر بحث کلاز نمبر ۹۱ میں در اصل ایک متبادل انتظام ہے - یہ انتظام کلاز ۹۰ میں کیا گیا ہے جس کو ہم منظور کر چکے ہیں - کلاز ۹۰ کے تحت کلکٹر کسی کی اراضی چھین کر کسی دوسرے شخص کے حوالے پندرہ سال تک کے لئے کر سکتا ہے - میں نے اس میں ترمیم دی ہے کہ دو سال سے زیادہ میعاد نہیں ہونی چاہئے کیونکہ میرے ذہن میں ایسا کوئی واقعہ نہیں آتا کہ کسی زمیندار کی اراضی کو اس طریقے سے چھین کر کسی دوسرے شخص کے حوالے کرنے کا موقع پیدا ہوا ہو - محترم وزیر مال صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ دو سال کی بہت قلیل میعاد ہے - اگر

دو سال کی میعاد ہوگی تو وہ شخص اس اراضی کو کیسے آرام سے کاشت کرے گا اس لئے مناسب میعاد پندرہ سال ہے - میں پہلی بات ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ گورنمنٹ ہر سال اپنی زمینیں ٹھیکہ پر دینے کے لئے نیلام کرتی ہے فروخت نہیں کرتی - وہ نیلام ایک سال کے لئے ہوتا ہے - کیا کبھی ریونیو منسٹر صاحب نے سوچا کہ وہ ایک سال میں نیلامی میں حاصل کرنے والے کیا کریں گے - جناب والا - میری دوسری گذارش یہ ہے کہ کلاز ۹۰ اور ۹۱ دونوں متبادل کلازیں ہیں - آپ یہ فرمائیں کہ ۵ سال کی میعاد کیوں درست نہیں ۱۵ سال کی میعاد کیوں درست ہے - وزیر قانون صاحب کی ترمیم جو کہ ابھی ہم نے منظور کی ہے -

"The Collector may, instead of transferring under section 90 a holding in respect of which an arrear of land revenue has accrued, cause such holding to be attached and taken under his own management or that of an agent appointed by him for that purpose."

غرض تو یہ ہے کہ باقیدار سے بقایا وصول کیا جاوے یہ غرض نہیں ہے کہ کسی دوسرے شخص کو ناجائز فائدہ پہنچانا ہے کہ وہ ۲۰ سال تک ٹیوب ویل لگا کر اس میں کھیتی باڑی کرے اور اس سے عیش و عشرت کرے - غرض یہ ہے کہ جو بچارا زمیندار اپنے مالیہ کی ادائیگی سے معذور ثابت ہوا ہے اس سے مالیہ کی رقم وصول کر لی جاوے - یہ غرض نہیں کہ کسی امیر زمیندار کو اس غریب زمیندار کی زمین کو ہڑپ کرنے کی اجازت دی جاوے - ان کے خیال کے مطابق یہ ہو نہیں سکتا ہے - ۱۵ سال کی میعاد غلط تھی یا یہ ۵ سال کی میعاد غلط ہے - میرے نزدیک دونوں غلط ہیں - وہاں ۱۵ سال غلط تھی - یہاں ۵ سال غلط ہے - میں تجویز پیش کر رہا ہوں کہ کلکٹر کے لئے ایک سال رکھا جائے کہ اتنے عرصے کے لئے نادھند کی زمین کلکٹر خود اپنے قبضے میں لے لے یا کسی دوسرے سے کاشت کرائے -

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote. The question is :

That in clause 91 of the Bill, as reported by the Select Committee, in sub-clause (4), for the words "five years", occurring in lines 2-3, the words "one year" be substituted.

The motion was lost.

I will now put clause 91 to vote. The question is :

That clause 91, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 92

Mr. Speaker : Clause 92; Minister for Law to move his amendment.

Minister for Law : Sir, I beg to move :

That for clause 92 of the Bill, as reported for by the Select Committee .....

Malik Muhammad Akhtar : Sir, this amendment is not with us.

Mr. Speaker : That has been circulated.

Khawaja Muhammad Safdar : Only 95 has been circulated.

Mr. Speaker : It has just been circulated. Yes please.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I beg to move:

"That for clause 92 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

Annulment of assessment of holding.

"92. (1) When an arrear of land revenue has been due for a longer period than one year, and the foregoing processes are not deemed sufficient for the recovery thereof, the Board of Revenue may, in addition to or instead of all or any of those processes, order the existing assessment of the holding in respect of which the arrear is due to be annulled.

(2) The provisions of this section shall not be put in force for the recovery of an arrear of land revenue which has accrued on land:—

(*a*) while under attachment under section 91, or

(*b*) while under the charge of the Court of Wards.

(3) When the assessment of any land has been annulled under sub-section (1), the Collector may, with the previous sanction of the Board of Revenue, manage the land either himself or through an agent, or let it in farm to any person

willing to accept the farm for such term and on such conditions as may be sanctioned by the Board of Revenue:

Provided that the term for which land may be so managed or farmed shall not be longer than ten years from the commencement of the agricultural year next following the date of the annulment.

(4) Some time before the expiration of the aforesaid term, the Collector shall determine the assessment in respect of the holding for the remainder of the term of the current assessment of the District or Tehsil, and, when that assessment has been sanctioned by the Board of Revenue, shall announce it to the land-owner.

(5) The land-owner may give notice to the Collector of refusal to be liable for the assessment within thirty days from the date on which the assessment was announced to him.

(6) If notice is so given, the Collector may, with the previous sanction of the Board of Revenue, take the holding under direct management or farm it for the remainder of the term of the current assessment of the District or Tehsil, or for any period within that term which the Board of Revenue may fix.

(7) The Board of Revenue may direct that any contract made by the defaulter, or by any person through whom the defaulter claims with respect to any land comprised in an holding of which the assessment has been annulled, shall not be binding on the Collector or his agent or farmer during the period the holding remains under the management of the Collector or his agent or is let in farm".

Mr. Speaker: Clause under consideration amendment moved is:

That for clause 92 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—

"92. (1) When an arrear of land revenue has been due for a longer period than one year, and the foregoing processes are not deemed sufficient for the recovery thereof, the Board of Revenue may, in addition to or instead of all or any of those processes, order the existing assessment of the holding in respect of which the arrear is due to be annulled.

Annulment of assessment of holding.

(2) The provisions of this section shall not be put in force for the recovery of an arrear of land revenue which has accrued on land:—

(*a*) while under attachment under section 91, or

(*b*) while under the charge of the Court of Wards.

(3) When the assessment of any land has been annulled under sub-section (1), the Collector may, with the previous sanction of the Board of Revenue, manage the land either himself or through an agent, or let it in farm to any person

willing to accept the farm for such term and on such conditions as may be sanctioned by the Board of Revenue:

Provided that the term for which land may be so managed or farmed shall not be longer than ten years from the commencement of the agricultural year next following the date of the annulment.

(4) Some time before the expiration of the aforesaid term, the Collector shall determine the assessment in respect of the holding for the remainder of the term of the current assessment of the District or Tehsil, and, when that assessment has been sanctioned by the Board of Revenue, shall announce it to the land-owner.

(5) The land-owner may give notice to the Collector of refusal to be liable for the assessment within thirty days from the date on which the assessment was announced to him.

(6) If notice is so given, the Collector may, with the previous sanction of the Board of Revenue take the holding under direct management or farm it for the remainder of the term of the current assessment of the District or Tehsil, or for any period within that term which the Board of Revenue may fix.

(7) The Board of Revenue may direct that any contract made by the defaulter, or by any person through whom the defaulter claims with respect to any land comprised in an holding of which the assessment has been annulled, shall not be binding on the Collector or his agent or farmer during the period the holding remains under the management of the Collector or his agent or his let in farm".

Minister for Revenue : Not opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed. Sir, first of all, I will rise on a point of order. Sir, this is an abuse of Rules of Procedure. I am sorry but I have got to point out that. I will quote Rule 66 of Rules of Procedure regarding notices of amendments, that the notice of a proposed amendment should be given two clear days before the date on which the Bill or the relevant clause or schedule is put.

Mr. Speaker: The Member means to say that he did not have sufficient notice of it.

Malik Muhammad Akhtar : I will go a step further to say that it is an abuse of Rules of Procedure in this respect that the amendment is being proposed . . . . . .

Mr. Speaker : All right. We will take up this amendment tomorrow.*

CLAUSE 93

Mr. Speaker : We now pass on to the next clause 93; first amendment by Malik Muhammad Akhtar.

**Please see Vol. VI, No. 23—p.*

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move:

That for clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"93. (1) When any land is attached or when the assessment of any land has been annulled, the Collector shall make proclamation thereof.

(2) No payment made after the making of the proclamation on account of rent or any other asset of the estate or holding to any person other than the Collector or his agent or farmer shall be credited to the person making the payment".

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"93. (1) When any land is attached or when the assessment of any land has been annulled, the Collector shall make proclamation thereof.

(2) No payment made after the making of the proclamation on account of rent or any other asset of the estate or holding to any person other than the Collector or his agent or farmer shall be credited to the person making the payment".

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب والا - مجھے اپنی ترمیم متعلقہ دفعہ ۹۳ پر کوئی لمبا چوڑا بیان نہیں دینا - مجھے صرف اسکی سب کلاز (۲) پر اعتراض ہے -

"93. (2) No payment made by any person to the defaulter before the making of the proclamation on account of rent or any other asset in anticipation of the usual time for the payment shall, without the previous sanction of the Collector, be credited to that person or relieve him from liability to make the payment to the Collector or his agent or farmer".

میں چاہتا ہوں کہ اگر کلکٹر annulment کا آرڈر کرے یا liabilities کرے یا کالعدم قرار دے تو دونوں چیزیں اسکے اعلان میں آجائیں اور دونوں legal ہو جائیں یعنی قانون میں جائز اور legal ہو جائیں -

Mr. Speaker: I will now put the amendment; the question is:

That for clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—

"93. (1) When any land is attached or when the assessment of any land has been annulled, the Collector shall make proclamation thereof.

(2) No payment made after the making of the proclamation on account of rent or any other asset of the estate or holding to any person other than the Collector or his agent or farmer shall be credited to the person making the payment.".

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next is from Mr. Hamza.

Mr. Hamza: Not moving.

Mr. Speaker: Next. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I beg to move:

That sub-clause (2) of clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and the subsequent clauses renumbered accordingly.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

That sub-clause (2) of clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and the subsequent clauses renumbered accordingly.

Minister of Revenue: Opposed.

خواجه محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - آپ ذرا اس کلاز کو ملاحظہ فرمائیں - در اصل اسکے دو حصے ہیں کہ جب اعلان کر دیا جائے یا منادی کر دی جائے کہ دفعہ ۹۱ کے تحت فلاں شخص کی اراضی قرق کر دی گئی ہے یا یہ کلکٹر نے اپنے قبضہ میں لے لی ہے یا اسکی تشخیص دفعہ ۹۲ کے تحت منسوخ کردی گئی ہے - تو اسکے بعد دو صورتیں پیدا ہوتی ہیں - پہلی صورت جسکو میں نے حذف کرنے کے لئے کہا ہے میں یہ کہا گیا ہے کہ اگر اس اعلان سے پہلے یا منادی سے پہلے اس نا دھند باقیدار کو کسی شخص نے کوئی ادائیگی کی ہے تو وہ مجرا نہیں ہو سکتی اور انہوں نے دوسری صورت یہ بتائی ہے کہ اس اعلان یا منادی کے بعد اگر اس شخص کو کسی نے کوئی ادائیگی کی ہو تو اس ادائیگی کے لئے بھی مجرا نہیں دیا جائے گا - اختصار کے ساتھ بات اتنی سی ہی ہے - میری سمجھ میں یہ بات تو اچھی طرح سے آسکتی ہے اور یہ بات واضح بھی ہے کہ جب اعلان ہو گیا - اور منادی بھی ہو گئی کہ فلاں شخص نادھند ہے اور اسکی اراضی کلکٹر صاحب نے اپنے قبضہ میں لے لی ہے اور اب وہی اس کا انتظام و انصرام کریں گے یا یہ کہ اب

انہوں نے اپنے ایجنٹ کے ذریعے اس کا انتظام سنبھال لیا ہے ۔ تو فرض کیجئے کہ اگر اس کے بعد کوئی مزارع اس مالک کو لگان کی صورت میں کوئی ادائیگی کرتا ہے تو اس کو مجرا نہیں کیا جاسکتا ۔ اس لئے کہ وہ شخص نادھند ہے یا باقیدار ہے اور اس کو کسی قسم کی ادائیگی نہیں ملنی چاہئے ۔ اس زمین کے متعلق اگر کوئی رقم وصول کرنی ہے تو وہ کلکٹر کو وصول کرنی چاہئے ۔ یہ صاف اور سیدھی بات ہے اور سمجھ میں آسکتی ہے ۔ لیکن یہ بات کہ اگر اس اعلان یا منادی سے پہلے بھی اس شخص کو کوئی ادائیگی ہوئی ہو تو وہ بھی کلکٹر صاحب کو قابل قبول نہیں ہو گی اور اسکے لئے وہ کوئی مجرا نہیں دیں گے ۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آ سکتی ۔ کیونکہ لوگوں کو اس اعلان یا منادی سے پہلے کیسے معلوم ہوگا ۔ آپ اسکے مضمرات بھی ملاحظہ فرمائیں ۔

"(2) No payment made by any person to the defaulter before the making of the proclamation on account of rent or any other asset in anticipation of the usual time for the payment shall, without the previous sanction of the Collector, be credited to that person or relieve him from liability to make the payment to the Collector or his agent or farmer".

میری سمجھ میں تو یہ بات بالکل نہیں آتی کہ لوگوں کو کیسے معلوم ہوگا ۔ آیا ان کو کوئی الہام ہوگا یا ان پر کوئی وحی نازل ہوگی کہ اس شخص کو جسکو کہ انہوں نے ادائیگی کرنی ہے ۔ اسے بعد میں نادھند اور باقیدار قرار دیدیا جائیگا ۔ اس کے متعلق تو آپ نے بعد میں اعلان کرنا ہے اور اس وقت تک اس گاؤں یا اس علاقے میں کسی کو بھی یہ معلوم نہیں ہے کہ اس شخص کی اراضی کو کلکٹر نے اپنے قبضہ میں لینا ہے ۔ اور اس کا اعلان بھی بعد میں ہو گا ۔ اس اعلان سے پہلے اگر اس کے کسی قرضدار نے اسکا قرضہ جو کہ چاہے لگان کی صورت میں ہی ہو ادا کر دیا ہے تو کلکٹر صاحب کہتے ہیں کہ اس کی ادائیگی درست طور پر نہیں کی گئی کیونکہ اسکی وصولی تو خود انہوں نے کرنی تھی ۔ ہو سکتا ہے کہ جناب وزیر مال مجھے سمجھا سکیں اور اس طرح سے میرے علم میں بھی اضافہ ہو گا ۔ یہ بات تو سیدھی سی ہے کہ اگر وہ شخص

کسی قسم کی وصولی بھی اس اعلان کے بعد کریگا تو وہ ناجائز ہو گی اور جو بھی اسے اس قسم کی ادائیگی کریگا تو اس ادائیگی کو مجرا ہونے کے قابل تصور نہیں کیا جائیگا ۔ تو اعلان سے پہلے کی ادائیگی کے متعلق تو بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ یہ بالکل سیدھی سی بات ہے ۔

وزیر مال ۔ اس کی explanation سب کلاز نمبر ۲ میں دی ہوئی ہے اور خواجہ صاحب نے بھی اسے پڑھا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ یہ دیکھیں کہ ہمارے ہاں بیسیوں واقعات ایسے ہوتے ہیں کہ جن میں پیشگی وصول کر لی گئی ہوتی ہے تو کیا پیشگی وصول کرنا جرم ہے ۔

وزیر مال ۔ اگر بدنیتی سے پیشگی وصول کی گئی ہو تو یقینا جرم ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن ''بدنیتی'' کا لفظ اس میں درج نہیں ہے ۔

وزیر مال ۔ لیکن آپ یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ اس بات کا کس کو علم نہیں ہوتا کہ فلاں شخص نا دھند ہوگیا ہے ۔ کیونکہ اس کے متعلق تو اخبارات میں بھی آ جاتا ہے ۔ اسی طرح سب کو ہی پتہ ہوتا ہے کہ فلاں شخص کی زمین annul ہو گئی یا قرق ہو گئی ہے ۔ سارے صوبے میں اس کے متعلق معلوم ہو جاتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر ایسا ہے تو میں اپنی بے بسی کا اقرار کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور-٦) ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ جو اختیارات نمبر ۹۱ اور ۹۲ دفعات کے تحت محکمہ مال کے افسران کو دیئے گئے ہیں ۔ ان اختیارات کو استعمال کر کے حکومت کے جو حقوق ہیں یا حکومت کے واجبات کی وصولی کا جو انتظام ہے ۔ وہ بڑے موثر طریقے سے کیا جا سکتا ہے ۔ جب حکومت کسی باقیدار کی جائیداد اپنے قبضے میں

لے لیتی ہے تو بیشتر اوقات اس جائیداد کی مالیت ان واجبات سے بہت زیادہ ہوتی ہے - تو میرے نزدیک ضمنی دفعہ نمبر ۲ سے وہ افراد یا ان افراد کے حقوق متاثر ہوں گے جو کہ بیشتر اوقات انتہائی غریب اور غریبہ ہونے کی وجہ سے وہ بیچارے خصوصی طور پر مالک کے اراضی باقیدار ہونے کے متعلق بالکل نا واقف اور لا علم ہوتے ہیں - مجھے یہ خدشہ ہے کہ اگر اس دفعہ کو موجودہ حالت میں منظور کر لیا جائے ، تو اس سے وہ چھوٹے کاشتکار یا چھوٹے چھوٹے مالکان اراضی جو کہ عام طور پر دوسرے لوگوں کی زمین ٹھیکے پر لے کر کاشت کرتے ہیں ، اس کی زد ان پر پڑے گی - آپ کو بھی اچھی طرح سے اس حقیقت کا علم ہے کہ ہمارے علاقوں میں اراضیات کی اس حد تک قلت ہے کہ وہ افراد جو کہ اپنی زمین ٹھیکے پر دیتے ہیں ، ان کا سب سے پہلا مطالبہ یہ ہوتا ہے کہ آپ پیشگی رقم ہمارے حوالے کرو اور اس وقت زمین ٹھیکے پر لینے کے لئے کاشتکاروں کے درمیان اس حد تک مقابلہ ہے کہ لوگوں کو پیشگی رقم ادا کرنی ہی پڑتی ہے - اس کے علاوہ آپ کو اس بات کا بھی علم ہے کہ ہمارے ملک میں بیروزگاری بہت زیادہ ہے ، زمین محدود ہے اور اسے کاشت کرنے والے مقابلتاً بہت زیادہ ہیں اور انہیں کاشتکاری کے علاوہ اور کوئی کام بھی نہیں آتا - اس لئے وہ مجبور ہیں کہ چاہے مالکان اراضی کی شرائط کس قدر سخت کیوں نہ ہوں ، وہ روح اور جسم کے رشتے کو قائم رکھنے کے لئے زمین ٹھیکے پر لیں اور اس کے لئے پیشگی رقم ادا کریں - یہ صورت حال محض ٹھیکیداروں کی نہیں ہے ، یہ حالت ان افراد کی ہی نہیں جو کہ زمین ٹھیکے پر لیتے ہیں بلکہ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر مال کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے علاقے میں وہ لوگ جو کہ بحیثیت ایک مزارع کے زمین لیتے ہیں یا جن لوگوں کو کاشت کے لئے زمین دی جاتی ہے ، مالک ان سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اتنے ہزار روپے اس کے حوالے کریں اور فلاں فلاں کام بھی مفت انجام دینے کا وعدہ کریں ، تو اس کے بعد ان کو زمین بٹائی پر دی جائے گی - اس میں کوئی شک نہیں کہ جناب قائد ایوان یہ فرما سکتے ہیں کہ آج سے تقریباً بارہ تیرہ

سال پہلے مزارعین کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک قانون بنایا گیا تھا جو کہ جناب قائد ایوان کو بہت ناپسند ہے ۔ لیکن آپ نے اس قانون کے تحت جو تحفظات ان چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں یا چھوٹے چھوٹے مالکان یا اس ملک کے کمزور لوگوں کو دیئے ہیں، مزارعین کے مفادات کے تحفظ کیلئے وہ قانون بھی اپنی جگہ پر بالکل بے کار اور بے معنی ہے ۔ کیونکہ در حقیقت ان کے پاس طاقت نہیں ہے کہ وہ عدالت میں جا کر انصاف کا دروازہ کھٹکھٹائیں اور انصاف کا تقاضا کر سکیں ۔ اندریں حالات اگر آپ نے اس دفعہ کو موجودہ صورت میں منظور کر لیا تو چھوٹے کاشتکاروں پر ، ان مزارعین پر اور ان کمزور لوگوں پر اس کی زد پڑے گی ، جو کہ زمین ٹھیکے پر لیتے ہیں ۔ اور جب آپ کے محکمہ مال کے افسران کو سالہا سال تک قبل از وقت یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ فلاں باقیدار آخرکار مالیہ کے واجبات ادا نہیں کر سکے گا اور بالآخر آپ کو اس کی زمین اپنے قبضے میں لینی پڑے گی ۔ اگر آپ کے محکمہ مال کے افسران جو کہ بڑے تجربہ کار بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ جو بڑے گھاگ ہوتے ہیں ان کو ہر وقت معلوم نہیں ہو سکتا ، تو پھر ایک چھوٹے سے اور معمولی کاشتکار اور مزارع کو اس کا علم کس طرح ہو سکتا ہے کہ کل کو حکومت یہ زمین اپنے قبضہ میں لے لیگی ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment.

The question is :

> That sub-clause (2) of clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and the subsequent clauses be renumbered accordingly.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Kazi Muhammad Azam Abbasi.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir I beg to move :

> That in sub-clause (3) of clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or" occurring in line 3, be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> That in sub-clause (3) of clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or" occurring in line 3, be deleted.

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : There is no opposition...

Khawaja Muhammad Safdar : I will oppose it Sir. I think there is a mistake somewhere.

آپ اس میں ملاحظہ فرمائیں

> "No payment made after the making of the proclamation on account of rent or any other asset of the estate or holding . . . "

میں سمجھتا ہوں کہ اس لفظ کا اضافہ کرنا ضروری ہے ۔ یہ اس شکل میں ہے کہ اگر کوئی شخص ساری ایسٹیٹ کا مالک ہے تو یہ لفظ ان معنوں میں استعمال نہیں ہوا اگر وزیر مال اس پر غور فرمائیں تو انہیں معلوم ہوگا کہ یہاں پر اس لفظ کو شامل کرنا چاہئے ۔ اس لئے کہ اگر کسی ایسٹیٹ کا کوئی فرد واحد مالک ہے یا اس نے اپنے قبضہ میں لے لی ہے اور اس کا rent وغیرہ واجب الادا ہے یا وصول ہونا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ ایسا کوئی فرد واحد نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے خیال میں تو بہت سے لوگ ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ آپ کو معلوم ہے کہ اب ۵۰۰ ایکڑ کی حد ہو گئی ہے ۔ ایسی کسی کی ایسٹیٹ نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ٹھیک ہے بعض گاؤں ایسے ہیں جہاں ۵۰۰ ایکڑ بھی نہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ آپ کے ضلع میں تو ۵۰۰ ایکڑ والا کوئی بھی نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہر حال آپ اسے دیکھ لیں اور غور کر لیں۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں نے اس پر بڑا غور کیا ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

> That in sub-clause (3) of clause 93 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or" occurring in line 3, be deleted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :

> The clause 93, as amended, do stand part of the bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House is adjourned for tomorrow to meet at 8-30 a.m.

The Assembly then adjourned (at 1-30 *p.m.) till* 8-30 *a.m. on Wednesday, the 25th October*, 1967

APPENDIX I

(*Ref*: Starred Question No. 9160)

(On Judicial Paper worth Rs. 40.00)

Copy of partnership Deed.

M/S Mohd Aslam & Sons, Lahore.

This indenture written on 28th November, 1961 by and between

1. Mian Mohd Aslam Butt s/o Mian Mohd Ismail Butt resident of Lahore, adult, party of the first part ;

and

2. Mian Haroon Aslam Butt s/o Mian Mohd Aslam Butt, resident of Lahore, adult, party of the second part.

Whereas the first party was the licensed porter's contractor at Lahore Railway Station and also executed parcel and luggage handling contracts with the Railways. And now, it is necessary for the business that a partnership be formed for the continuity of business, and approval of the Railway Authorities concerned. Therefore; he asked for the keeping up of this business, he asked the second party to join with him as a partner ; and the second party has agreed and thus the firm was formed between them, and the terms were settled interse them.

After, however, forming this partnership, they have together agreed to admit Mian Mahmood Aslam Butt, minor to the benefits of this partnership, as he is a useful hand and will also be able to look after this business alongwith them and it was essential for efficiency and progress of the business.

Accordingly the terms and conditions have been settled interse and these are reduced to writing to keep the matters clear free, of doubt and ambiguity and for such uses and references as need may be from time to time. Hence this deed.

NOW THEREFORE THIS DEED WITNESSETH

1. That the name and style of this business shall be M/s. Mohd Aslam & Sons.

2. That the Head Office of the firm would be situated at Lahore. Its branches and/or agencies may be opened or closed at other places as need may be from time to time.

3. That the business of the firm would be the (*i*) Handling of licensed Porter's contracts, (*ii*) Handling of luggage and parcels contracts, (*iii*) all kind of contracts, (*iv*) Imports and (*v*) Exports and such other lines of business as be deemed fit and convenient from time to time.

4. That the accounts of the business will be kept properly and in accordance with law faithfully. Each party would be entitled to examine and check the same as would be deemed fit, but would do so, in a way, as not to holdthe progress and development of the business.

5. That both parties would work in mutual interests and would do nothing wrong to affect the interests of themselves, individually or collectively or as that of the minor, admitted to the benefits of partnership.

6. That once in a year the account of the business will be balanced, profit or loss struck and divided in between the parties and the minor, as in this deed.

7. That the first accounts of the firm be closed on 31-12-62 or as will be convenient to the parties or on such other dates as will be deemed fit and convenient. Similarly the accounts would be closed in the subsequent years.

8. That the profit or loss of the firm would be divided between the parties as hereunder.

1. Mian Mohd Aslam 35 paisas in profit and 50 paisas in loss
2. Mian Haroon Aslam 35 ,, ,, ,, 50 ,, ,,

and

3. Mian Mahmood Aslam 30 paisas in profit only.

Mian Mahmood Aslam, being a minor will not be liable for any loss.

9. That the firm would be got registered with the Registrar of Firms, in due course of time.

10. That each party would bear his own burden of Income Tax. The first party would also bear the tax liability of the minor, as long as he does not attain his majority. This liability is taken by him in accordance with the provisions of the Income Tax Law.

11. That both parties and the minor may work in the business to the extent and in the manner as will be deemed fit by them.

12. That the bank accounts may be opened or closed by the first party only and may as will be operated upon by him. He will also be entitled to receive payments and will give discharge receipts to the Authorities.

13. That in case of the death of any party the business will not be deemed to have been closed. The bankers and debtors will continue to pay it all the dues as if no change has occurred. The heirs of the deceased may, however, if deemed necessary be taken in a (as) partners.

14. That in case of any dispute or difference of opinion the same will be settled mutually or be referred to arbitration in accordance with law.

15. That all the provisions of the Partnership Act 1932 which are not contained herein, will apply to this partnership in the normal way.

16. That the firm has taken effect as from 1-12-1961.

In witnesses whereof the parties has set their respective hands on 28th November, 1961.

Witnesses	Parties
(1) Sd/- Mohd Afzal	(1) Sd/- Mohd Aslam
(2) Sd/- Illegible	(2) Sd/- Haroon Aslam Butt
	(3) Mahmood Aslam Butt

FORM 'C'

(Rule 9 A)

No. 384 of 1961-1962

ACKNOWLEDGEMENT OF REGISTRATION OF FIRM

The Registrar of Firms, Lahore Region, hereby acknowledges the receipt of the statement prescribed by Section 58 (1) of the Partnership Act 1932. The statement has been filed and the name of the firm M/s Mohammad Aslam & Sons, Railway Station, Lahore has been entered in the Register of Firms.

Seal.

Sd/-

(Masood Husain)
Registrar of Firms,
Lahore Region

Lahore
Dated 9th December, 1961.

APPENDIX-II

(*Ref*: Starred Question No. 9481)

Roads proposed to be constructed in Bahawalpur Division

	Sub-Division	Name of Section	Name and distance	Metalled	Estimated Cost	Duration of completion
1.	Provincial Sub-Division No. 1, Bahawalpur.	Yazman Road Section.	Constructing road from Yazman to Kudwala length 10 miles.	Metalled ...	11,11,000	June 1968 4 years.
2.	Ditto Ahmadpur East.	Mubarikpur	Constructing Mubarikpur Kotra Musa Khan Khairpur Dha Panjnad road length 30 miles.	Do. ...	29,71,000	June 1969 6 years.
3.	Construction Sub-Division No. 3, Hasilpur.	Hasilpur ...	Constructing road from Hasilpur to Chunawala 17 miles.	Do. ...	18,11,000	June 1969 5 years.
4.	Ditto Provincial Sub-Division, Chishtian.	Ditto Roads Chishtian.	Constructing of Bahawalpur to Sulemanke road reach mile 10/4 to 22/4, 22/4 to 30/0, 30/0 to 52/0, 52/0 to 60/0, 60/0 to 70/0, 70/0 to 92/0, 92/0 to 108/0.	Do. ...	78,44,000	June 1968 7 years.
5.	Ditto Haroonabad.	Fortabbas	Constructing metalled road from Fortabbas to Yazman, Section Fortabbas to Mansoora length 40 miles.	Do. ...	38,11,000	June 1969 6 years.
6.	Ditto Chishtian.	Road Chishtian ...	Constructing road from Chishtian to Metha Jhedu length 10 miles.	Do. ...	8,22,000	June 1968 5 years.
7.	Ditto Provincial Sub-Division Haroonabad.	Ditto Roads Haroonabad.	Constructing a metalled road from Chishtian to Haroonabad *via* Qaziwala length 220.13 miles.	Do. ...	21,89,000	June 1969 5 years.

APPENDIX

	Sub-Division	Name of Section	Name and distance	Metalled	Estimated cost	Duration of completion
8.	Provincial Sub-Division, Khanpur.	Liaqatpur and Khanpur.	Constructing metalled road from Liaqatpur to Khanpur 28 miles.	Metalled ...	43,88,000	June 1969 6 years.
9.	Provincial Sub-Division, Haroonabad.	Roads Haroonabad ...	Constructing road from Bahawalnagar to Fortabbas mile 18/3 to 64/6 (46.3 miles).	Do. ...	40,88,000	June 1968 11 years.
10.	Provincial Sub-Division, Bahawalnagar.	Boat Bridge Section ...	Improvement of Sahiwal Arifwala Qaboola, Bhukhan Bahawalnagar road mile 6.17 (Section Bahawalnagar to Bhukhan).	Do. ...	35,49,000	June 1968 3 years.
11.	Ditto Khanpur.	Liaqatpur Section ...	Metalling and Tarring Shahi road from mile 49/2 to 57/0 (7 miles)	Do. ...	8,41,000	June 1968 4 years.
12.	Ditto Provincial Sub-Division, Rahimyarkhan.	Ditto Kot Samaba ...	Metalling and Tarring Shahi road from mile 57 to 62 and 94/2 to 110/0.	Do. ...	38,86,218	June 1968 6 years.
13.	Provincial Sub-Division, Khanpur.	Khanbela ...	Constructing road from Allahabad to Khanbela (9.38 miles).	Do. ...	40,24,000	June 1968 5 years.
14.	Provincial Sub-Division, Sadiqabad.	Sadiqabad ...	Constructing Sadiqabad to Manthar road 10.87 miles.	Do. ...	10,16,000	June 1968 5 years.
15.	Ditto	Do. ...	Constructing road from Jamaldinwali to Bungalow Icha 3.80 miles.	Do. ...	3,89,000	June 1968 5 years.

16.	Ditto	Do.	...	Constructing road Sadiqabad to Bhong length 10 miles.	Do.	...	4,32,000	June 1968 5 years.
17.	Ditto Khanpur.	Khanpur	...	Constructing road from Aminabad to Pacca Laran length 6 miles.	Do.	...	5,75,000	June 1968 5 years.
18.	Provincial Sub-Division, Khanpur.	Liaqatpur	...	Constructing road from Allahabad to Janpur road length 6.75 miles.	Do.	...	5,97,000	June 1968 5 years.
19.	Ditto Sadiqabad.	Ahmadpur Lamma	...	Constructing road from Swetra to Bauwala Gudu road (14.25 miles).	Do.	...	15,27,000	June 1968 5 years.
20.	Ditto Khanpur.	Khanpur	...	Constructing road from Khanpur to Baghobahar length 12 miles.	Do.	...	6,36,400	June 1968 5 years.
21.	Ditto Sadiqabad	Ahmadpur Lamma	...	Constructing road from Sanjarpur to Walhar 3.79 miles.	Do.	...	3,96,000	June 1968 5 years.
22.	Ditto Khanpur.	Khanpur	...	Constructing road from Khanpur to Nawankot 10.56 miles.	Do.	...	8,08,000	June 1968 5 years.
23.	Ditto	Liaqatpur	...	Constructing Allahabad to Bye pass road 1.30 miles.	Do.	...	1,52,000	June 1968 3 years.
24.	Construction Sub-Division No. I, II and III.	Sulemanki Road Section		Constructing road from Bahawalnagar to Sulemanki mile 107/0 to 157/5.	Do.	...	1,12,35,800	December 7 1 year.



PROCEEDINGS OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 25th October, 1957.

چہارشنبہ - ۲۰ رجب المرجب ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝

(پ ۱۸ - س ۲۳ - رکوع ۳ - آیات ۵۲ تا ۶۱)

اور (اے پیغمبر) یہ تمہاری جماعت حقیقت میں ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تم مجھ سے ڈرو۔ پھر اُن لوگوں نے اپنے کام کو آپس میں متفرق کر کے جُدا جُدا کر دیا۔ جو چیز جس فرقے کے پاس ہے وہ اُسی سے خوش ہو رہا ہے۔ تو اُن لوگوں کو ایک وقت تک اُن کی غفلت ہی میں رہنے دو۔ کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو دنیا میں اُن کو مال و دولت اور بیٹوں سے مدد دیتے ہیں۔ تو اُس سے اُن کی بھلائی میں جلدی کر رہے ہیں؟ نہیں بلکہ یہ لوگ سمجھتے ہی نہیں ہیں۔ بلاشبہ جو لوگ اپنے پروردگار کے خوف سے ڈرتے ہیں۔ اور جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے۔ اور جو (اس کی راہ میں) دے سکتے ہیں دیتے ہیں اور ان کے دل اس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ اُنہیں اپنے پروردگار کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے اور یہی اُن نیکیوں کے لئے سبقت لے جاتے ہیں۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : The Question Hour. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo.

SUPPLY OF SEEDS TO FARMERS

*8015. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the amount allocated by the Government in 1967-68 budget for supply of seeds to the farmers in the Province ;

(*b*) whether it is a fact that the agencies through which the seeds are being supplied at present are not working properly with the result that a great quantity of seed turns useless ;

(*c*) the regionwise quantity of seeds supplied during the year 1966-67 alongwith that which remained unutilised and reasons therefor ;

(*d*) the steps Government intend to take for regularising the supply of seeds and the action to be taken against the responsible agencies for wasting seed grains ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*) No amount is allocated for the purchase of seed. A provision of Rs. 37 lacs, however, exists in the A.D.P. for the year 1967-68, on account of subsidy which is given by Government on the distribution of seed to cover expenditure, etc.

(*b*) No.

(*c*) The required information is given in the attached statement, which is placed on the Table of the House.*

"Lessees are paying land revenue according to the terms and conditions of the lease. However, following amount on account of cost of galvanised pipes issued to them in 1962, including interest up to 1967, is due for recovery as arrears of land revenue."

جناب والا ۔ یہ رقوم ۱۹۶۲ء سے بقایا واجب الوصول ہیں ۔ تریاق بھی استعمال کرنے کا اختیار افسران مال کو تھا جس کے باوجود وصولی نہیں کی گئی اس کی کیا وجہ ہے افسران مال کے وسیع اختیارات جو اس زہر کے لئے تریاق کا حکم رکھتے ہیں یہاں کیوں ناکام رہے ہیں ۔

Minister for Agriculture: Outstanding arrears and dues are automatically recovered.

ویسے یہ مالیہ کا بقایا نہیں ہے اس میں کئی اور اخراجات مثلاً پائپ وغیرہ کی قیمت شامل ہے ۔ میں حمزہ صاحب کی بات کو بہت معقول سمجھتا ہوں ۔ میں ضرور ان بقایا جات کو اب جلدی وصول کرانے کی کوشش کروں گا ۔ وصولی جلد ہو جائے گی ۔ مگر جہاں تک میرے نوٹس میں آیا ہے کوئی forfeiture یا ضبطی نہیں ہوئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کے افسران مال اور خاص کر مقامی اہلکاران مال کو اتنے وسیع اختیارات حاصل ہیں کہ مالیہ کی طرح وصول کرتے وقت تو کوئی چیز اُن کے مقابلے میں نہیں ٹھہر سکتی اور وصول ہوتی رہتی ہے مگر اس میں کیا راز ہے کہ ۱۹۶۲ء سے یہ رقم وصول نہیں کی جا رہی ؟

COMPLAINTS REGARDING DETERIORATION OF QUALITY OF COTTON

*9568. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister for Agriculture be pleased to state whether it is a fact that during the last cotton

ginning season there were complaints from several quarters regarding deterioration of the quality of cotton in the Province; if so, the steps Government has taken or intend to take to check such malpractices in future?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): Yes. There have been some complaints regarding mixing of cotton during the last ginning season and prompt action was taken against the defaulters under the West Pakistan Cotton Control Ordinance/Rules, 1966. The Department has been asked to re-inforce in efforts for greater control and to exercise more vigilance.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ انہوں نے میرے سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ complaints کاٹن میں ملاوٹ کے متعلق آئی ہیں مگر یہ نہیں بتایا کہ یہ شکایات کن کن quarters سے آئی ہیں ؟

Parliamentary Secretary: Actually the complaints were received from the public and also from the Department.

(ایک آواز : چھچا وطنی سے)

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ وہ کون سی فوری تدابیر تھیں جو انہوں نے بتایا ہے کہ کاٹن میں ملاوٹ کی complaints آنے پر اختیار کی گئی تھیں ۔ کیا بیرونی ممالک سے بھی شکایات موصول ہوئی تھیں کہ پاکستان کاٹن کی bails میں mixing کی گئی تھی ۔ آپ کے محکمے نے کیوں ایسی mixing کو بروقت نہیں روکا تھا جب کہ آپ کے انسپکٹر وغیرہ نگرانی و حفاظت کے لئے موجود تھے ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ اس سے پہلے بھی میں عرض کر چکا ہوں جب کہ یہ سوال پہلے بھی پوچھا گیا تھا کہ ہمارے محکمہ کے inspection سٹاف نے نگرانی تو کی مگر ہر جگہ اور ہر مقام پر وہ موجود نہیں ہو سکتے تھے کہ بروقت ملاوٹ کو روک سکتے ۔ پھر ملز وغیرہ بھی ملاوٹ کرتے رہے مگر اب ہم روک دیں گے ۔ اس میں جس جس مل کے

متعلق شکایت آئی تھی یا خود بھی معائنہ کرنے پر نقائص پائے گئے تھے ان کے خلاف قانون کے تحت action لیا گیا ہے۔

چودھری محمد نواز - جیسا کہ جناب وزیر زراعت کو اس بات کا علم ہے کہ ہم اس فصل کے ذریعے زرمبادلہ کماتے ہیں اور اس کے علاوہ آپ نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ اس میں ملاوٹ ہو رہی ہے اور یہ کہ آپ کے پاس اس کو روکنے کے لئے عملہ بھی نہیں ہے کہ یہ جو اس کی نگہداشت کر سکے یا یہ دیکھ سکے کہ اس میں ملاوٹ ہو رہی ہے یا نہیں تو اس حقیقت کے پیش نظر اب جب کہ کپاس کا موسم آ رہا ہے تو آپ نے اس سلسلے میں کیا تدابیر اختیار کی ہیں کہ ملاوٹ نہ ہو۔

وزیر زراعت - جیسا کہ میں نے اپنے جواب میں عرض کیا ہے ہم نے تدابیر تو کی ہیں لیکن میرا خیال ہے کہ تدابیر دو ہی سکتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ ان کو راہ راست پر لائے۔۔۔۔

چودھری محمد نواز - وہ راہ راست پر نہیں آئیں گے۔

وزیر زراعت - بہرحال - دوسری تدبیر یہ ہے کہ ہم نے اپنے عملہ کو یہ ہدایت کی ہے کہ اس سلسلے میں ان کی جو نگرانی ہے وہ زیادہ سخت اور باقاعدہ ہونی چاہیئے اور کوشش کی جا رہی ہے کہ آئندہ ان کی سخت نگرانی کی جائے۔ اس کے علاوہ یہ کوشش بھی کی جا رہی ہے کہ جس جس چیز کو ملاوٹ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس سے کہ کپاس کی کوالٹی خراب ہوتی ہے ہم ان اشیاء کو eliminate کر دیں۔ اس کے علاوہ چونکہ یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ بہاولپور سے کوئی خراب کوالٹی لا کر اس میں ملا دے تو ہم نے اس کو روکنے کے لئے پل پر چیک پوسٹ بھی قائم کر رکھے ہیں کیونکہ ان کو تو پل پر سے تو بہرصورت گزرنا پڑے گا۔ تو ان تدابیر سے ہو سکتا ہے کہ کوئی بہتر صورت پیدا ہو۔

مسٹر حمزہ - جناب وزیر زراعت نے ابھی ابھی فرمایا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتے ہیں کہ یہ لوگ راہ راست پر آ جائیں اور وہ اس قسم کا کام نہ کریں - لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہماری دعائیں تو قبول نہیں ہوتیں کیوں کہ اس حکومت کے بارے میں ہماری ایسی ہی دعائیں اللہ تعالیٰ نے قبول نہیں کیں -

وزیر بلدیات - اور آپ کے بارے میں بھی اللہ تعالیٰ نے ہماری دعائیں نہیں سنیں -

خواجہ محمد صفدر - دعائیں بہرحال دعائیں ہیں - نہ ادھر سے قبول ہوتی ہیں نہ اُدھر سے -

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر زراعت مجھے یہ بتائیں گے کہ جب غیر ممالک سے بھی آپ کو ایسی شکایات موصول ہو چکی ہیں اور ان کو یہ بھی یاد ہوگا کہ مرکزی کاٹن کمیٹی کی طرف سے بھی ایک تحریری قرارداد پاس کی گئی تھی - اگر آپ نے اس کی روشنی میں کوئی خصوصی انتظامات کئے ہیں تو وہ کیا ہیں اور اگر نہیں کئے تو جو مقاصد آپ کاٹن کنٹرول آرڈیننس کے ذریعے حاصل کرنا چاہتے تھے کیا ان حالات میں آپ وہ مقاصد حاصل کر سکیں گے ؟

وزیر زراعت - جناب والا - اس وقت تو میں یہی صرف کہہ سکتا ہوں کہ ان خیالات اور احساسات کے پیش نظر میں اس سارے معاملے پر غور کرکے اس کے متعلق کوئی اور موثر اقدام کرنا ضروری سمجھتا ہوں -

چودھری محمد نواز - کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ جب سے کاٹن انسپکٹروں کا عملہ ختم کر دیا گیا ہے اس وقت سے یہ ملاوٹ زیادہ ہو رہی ہے -

وزیر زراعت ۔ ملاوٹ تو اس وقت بھی تھوڑی بہت ہوتی ہی رہتی تھی لیکن میرے لئے یہ کہنا مشکل ہے کہ ملاوٹ کا تناسب اس وقت کیا تھا اور اب کیا ہے لیکن اس وقت بھی ہوتی تھی ۔

Mr. Hamza : On a point of personal explanation.

Mr. Speaker : Nothing has been said about the Member.

وزیر بلدیات ۔ کیا آپ کاٹن انسپکٹر رہے ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ میں کچھ عرصہ کاٹن انسپکٹر رہا ہوں ...

Mr. Speaker : Yes, the Member is allowed.

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ کو یہ علم ہے کہ کپاس میں جو ملاوٹ ہوتی تھی اس کے لئے کاٹن انسپکٹر صاحبان صرف ایک روپیہ فی گانٹھ کے حساب سے وصول کرکے گانٹھوں پر خالص روئی کی مہر لگا دیتے تھے ۔

وزیر زراعت۔ It is a point of personal explanation ۔ اگر ہے تو میں اسے قبول کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : No. It is not a point of personal explanation. Next question.

AREA UNDER CULTIVATION OF DESI, 4-F AND OTHER SHORT STAPLE COTTON

*9570. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the area under cultivation of Desi, 4-F and other Short Staple Cotton and the number bales of each variety pressed in each district of West Pakistan during ginning season 1966-67 ;

(*b*) the quality-wise average yield of Cotton in various regions and disparity, if any, in the production of bales and the average yield ;

(c) the number of bales of Short Staple Cotton consumed in the Province during 1966-67 ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*), (*b*) and (*c*) The information has been incorporated in statements No- I, II, and III respectively, copies of which are placed on the Table of the House.*

***9582. Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that there are no avenues of promotion for Agricultural Field Assistants ; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : No.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ سوال یہ پوچھا گیا ہے کہ زراعتی فیلڈ اسسٹنٹ کے لئے ترقی کے کوئی مواقع نہیں ہیں اور اگر ایسا ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں اس کے جواب میں انہوں نے ''جی نہیں'' کہہ دیا ہے وہ اس کی وجوہات بھی بتائیں ؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ ''جی نہیں'' کا مطلب یہ ہے کہ ان کی ترقیاں ہوتی ہیں اور پندرہ فیصد اسامیوں پر زراعتی انسپکٹروں کو ہی ترقی دی گئی ہے میرے پاس ان کی تعداد اور ان کے نام موجود ہیں ۔ اس وقت بیس یا بائیس آدمی ترقی پا چکے ہیں جو کہ فیلڈ اسسٹنٹ تھے ۔ اگر حاجی صاحب چاہیں تو میں ان کے نام بتا سکتا ہوں ۔

DISTRICTWISE ALLOCATON OF MEXI-PAK WHEAT SEED IN WEST PAKISTAN

***9584. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state the district-wise allocation of Mexi Pak wheat seeds Nos. 65 and 66 in West Pakistan during the year 1966-67 alongwith tehsil-wise allocation of the said seeds, in Sialkot District ?

**Please see Appendix IX at the end.*

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Allocation of Mexi-Pak Wheat Seed during the year 1966-67 was made to the Directors of Agriculture of various Regions as well as other Agencies for the purpose of seed multiplication as shown in Statement I, a copy of which is placed on the Table of the House. Further distribution to the Districts was made by the Directors of Agriculture, details of which are not readily available. Tehsil-wise allocation of the seed in Sialkot District is incorporated in Statement II which is placed on the Table of the House.

STATEMENT I

ALLOCATION OF IMPORTED MEXI-PAK WHEAT SEED DURING 1966-67

Sr No.	Allocated to	Quantity (In Mds.)
1.	Director of Agriculture, Hyderabad.	6 Mds.
2.	Director of Agriculture, Lahore.	700 ,,
3.	Director of Agriculture, Peshawar.	40 ,,
4.	Director Livestock Farms, Lahore.	46 ,,
5.	Coordinator Wheat Improvement Programme, Government of West Pak : Agriculture Department, Lahore.	20 ,,
6.	Director SCARP-I, Lahore.	410 ,,
7.	A.D.C. West Pakistan, Lahore.	40 ,,
8.	DARI, Lyallpur.	68 ,,
		1330 Maunds (50 Tons).

STATEMENT—II

TEHSIL-WISE ALLOCATION OF IMPORTED MEXI-PAK WHEAT SEED IN SIALKOT DISTRICT

Sr. No.	Name of Tehsil	Quantity (In Mds.)	
		Mds.	Srs.
1.	Sialkot.	6	27
2.	Daska.	7	32
3.	Pasrur.	1	20
4.	Narowal.	2	10
5.	Shakargarh.	0	18
	Total :	18	22

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا معزز پارلیمنٹری سیکرٹری مجھے یہ بتائیں گے کہ سیالکوٹ کی تحصیلوں میں جو بیج تقسیم کیا گیا ہے ۔ ان میں بیج تقسیم کرنے کے سلسلے میں یہ امتیاز کیوں روا رکھا گیا ہے کہ دو تحصیلوں کو تو تقریباً اٹھارہ من بیج دیا گیا ہے لیکن دو تحصیلوں کو تقریباً چار من بیج دیا گیا ہے ۔ اس کی وجوہات کیا ہیں ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں اس کی وجوہات تو اس وقت عرض نہیں کر سکتا ہوں ۔ لیکن جو تاثر بظاہر معزز رکن نے لیا ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارے پاس تھوڑا سا بیج آیا تھا اور اس وقت ہمارا یہ خیال تھا کہ شاید میکسی پاک سیالکوٹ کے ضلع میں اچھی طرح پیدا نہ ہو سکے کیوں کہ اس کے لیے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے ۔ بہر حال میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ انہوں نے بیج کی تقسیم کس اصول کو مد نظر رکھ کر کی ہے ۔ لیکن اگر معزز رکن فرمائیں تو میں اس کے متعلق دریافت کر لوں گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ حصہ بقدر جثہ کے اصول پر تو تقسیم نہیں کیا گیا کہ جس تحصیل کا حدود اربعہ چھوٹا ہو اسے کم دیا جائے ۔

وزیر زراعت ۔ سیالکوٹ سے تو ہمارے واجب الاحترام قائد حزب اختلاف بھی تعلق رکھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Will the Minister please give the allocation of Toba Tek Singh.

ملک محمد اختر ۔ ہر کہ بہ جسامت "کہتر" بہ قیمت بہتر ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر زراعت ۔ میں اپنے لیے تو رحم کی درخواست نہیں کرتا لیکن فارسی اور اردو کے لیے ضرور رحم کی درخواست کروں گا کہ میرے بھائی اس کو قبول فرما لیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مجھے تو قبول ہے لیکن آپ ملک اختر صاحب سے پوچھ لیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ معزز وزیر زراعت نے فرمایا ہے کہ بیج کی تقسیم کے سلسلے میں اس تحصیل میں جو امتیاز روا رکھا گیا ہے وہ اس معاملے میں تحقیقات کریں گے تو میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ اس معاملے کی تحقیقات کے ساتھ یہ بھی تحقیق فرمائیں گے کہ نارووال کی تحصیل میں جو بیج تقسیم کیا گیا تھا اس میں سے تین چوتھائی حصہ یعنی دو من دس سیر صرف ایک زمیندار کو کیوں دیا گیا تھا ؟

وزیر زراعت ۔ ہو سکتا ہے کہ معزز رکن کا ارشاد درست ہو اور ایک زمیندار کو اتنی مقدار میں بیج دے دیا گیا ہو ۔ لیکن چونکہ ترق

یافتہ بیج تھوڑی مقدار میں آیا تھا ۔ اسی لیے صرف چند آدمیوں کو دیا گیا تھا لیکن اس وقت آپ جہاں بھی کہیں ہم دے دیں گے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا یہ مناسب نہ تھا کہ صرف ایک آدمی کو اتنی مقدار میں بیج نہ دیا جاتا ۔

وزیر زراعت ۔ مناسب یہی تھا کہ چند آدمیوں کو دیا جاتا ۔

CLASS I AND CLASS II OFFICERS IN THE FOREST DEPARTMENT

*9643. **Haji Sardar Atta Muhammad** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the total number of sanctioned posts of Class I and Clas II in the Forest Department ;

(*b*) a complete list with Regional break-up in each cadre, showing the direct recruits and departmental promotees be laid on the Table of the House ;

(*c*) the quota fixed for Hyderabad Region for Class I and Class II posts in the said Department and names of the incumbents ;

(*d*) the number of RFOs so far recruited from Hyderabad Region during the years 1963 to 1967 alongwith (*i*) their names, (*ii*) location and primary schools in which they have been studying, (*iii*) their domicile and (*vi*) their mother tongue ;

(*e*) the present number and names of Forestors working in Hyderabad Region and how many of them belong to Hyderabad Region ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*) (*i*) Class I-84.

(*ii*) Clase II-46.

(*b*) The information is contained in Statement I copy of which is placed on the Table of the House.

(*c*) The information is contained in Statement II copy of which is placed on the Table of the House.*

**Please see Appendix X at the end.*

(*d*) and (*e*) Collection of the required information will take time. It is, however, being collected and will be supplied to the Honourable Member as soon as possible.

حاجی سردار عطا محمد ۔ اگر اردو میں جواب پڑھیں تو بہتر ہوگا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میرا خیال تھا کہ آپ کے پاس اردو میں جواب ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا یہ مکمل نہیں ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ سوال اگلی مرتبہ پوچھا جائے گا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ گذارش یہ ہے کہ جو فہرست ایوان میں پیش کی گئی ہے وہ انگریزی میں ہے ۔ اگر مجھے تمام جواب مل جاتا تو میں سوالات پوچھ سکتا تھا ۔

LOSS TO GOVERNMENT FORESTS IN MERGED AREA OF HAZARA DISTRICT

*9702. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that one Aurangazeb Khan, (Khaksar) son of Muhammad Din of Abbotabad levelled serious charges against some influential persons for causing loss of crores of rupees to Government forests in merged area of Hazara District through a registered letter with A. D. dated 28th September 1967 addressed to the Minister of Agriculture ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the action Government have so far taken in the matter ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*) Yes.

(*b*) The matter is being investigated by the Chief Conservator of Forests, Peshawar Region.

مسٹر حمزہ ۔ مناسب تو یہی ہے کہ جب تحقیقات مکمل ہو جائیں تو اس کا جواب دے دیا جائے ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ پھر آپ ایک نیا سوال کردیں ۔

Mr. Speaker : This cannot be repeated on the next turn. The question list is over and the question hour is also over.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Accounts of Co-operative Educational Societies in Hyderabad Region

358. Kazi Muhammad Azam Abbasi : Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) the number and names of Co-operative Educational Societies which are functioning in Hyderabad Region ;

(*b*) whether the accounts of the said Societies are audited regularly ?

Minister of Co-operation (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Twelve in all as under :—

1. Ghulam Hussain Hidayat Ullah Educational Cooperative Society Ltd. Hyderabad.
2. Sind Hidayat-ul-Islam Educational Cooperative Society Ltd : Hyderabad.
3. Khalid Memorial Educational Cooperative Society Ltd : Hyderabad.
4. Sind Oriental College Cooperative Society Ltd : Hyderabad.
5. Faiz Aam Ithad Educational Co-operative Society Ltd : Hyderabad.

6. Shah Abdul Latif Eductional Cooperative Society Ltd : Hyderabad.

7. T-Allahyar Educational Cooperative Society Ltd. Tando Allahyar.

8. Model Educational Cooperative Society Ltd : Tando Allahyar.

9. Nasarpur Educational Cooperative Society Ltd : Tando Allahyar.

10. Tharparkar Educational Cooperative Society Ltd : Mirpurkhas.

11. Larkana Cooperative College Educational Society Ltd : Larkana.

12. D.L.B. Saeedpur Educational Cooperative Society Ltd : Saeedpur.

(*b*) Not in all cases. In respect of 4, the audit is upto date. The explanation of the Officer concerned for not auditing all the Societies has been called for.

GHULAM HUSSAIN HIDAYATULLAH EDUCATIONAL CO-OPERATIVE SOCIETY HYDERABAD

359. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) the date on which Ghulam Hussain Hidayatullah Educational Co-operative Society was set up in Hyderabad alongwith the present number of its members ;

(*b*) whether it is a fact that all members of the said Society belong to only one family ;

(*c*) whether Co-operative Officers are regularly inspecting and auditing the accounts of the said Society ?

Minister of Co-operation (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) 11.11.1950.

112.

(*b*) No.

(*c*) Yes. The Society's audit by the Special Auditor of the Department has, however, not been done upto date. Explanation of the Officer concerned for the default on his part has been called for.

QUESTIONS OF PRIVILEGE

RE : INCORRECT STATEMENT OF THE REVENUE MINISTER ABOUT THE AUCTION OF NA-QABULI LANDS IN DISTT. THATTA.

Mr. Speaker: We will now take up the Privilege Motion by Haji Sardar Atta Muhammad.

حاجی صاحب ۔ آپ نے ایک تحریک استحقاق پیش کی تھی ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اس وقت وزیر مال صاحب نہیں ہیں ۔ ان کی بے بسی کا مجھے علم ہو گیا ہے ۔ ان کا بس نہیں چلتا ۔

اب چونکہ ملک خدا بخش صاحب کی طرف سے کسانوں کے ساتھ ہمدردی کی گئی ہے اس لیے میں اسے press نہیں کرتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ اسے press نہیں کرتے ؟

ملک صاحب ۔ اس تحریک استحقاق کا جواب ریونیو منسٹر صاحب نے دینا تھا لیکن وہ ایوان میں موجود نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ لیکن انہوں نے اسے press نہیں کیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے اگرچہ اسے press نہیں کیا پھر بھی وزیر صاحب کو ہاؤس میں موجود ہونا چاہیے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی بات کو درست سمجھتا ہوں اور میں ان کی طرف سے حاضر ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ * X X X X X X

Mr. Speaker : This is improper and uncalled for.

Malik Muhammad Akhtar : I withdraw Sir.

**Expunged as ordered by the Speaker.*

Mr. Speaker : No question of withdrawal ; the Member should be careful in future. The remarks made by Malik Muhammad Akhtar are expunged from the proceedings of the Assembly.

The motion is not pressed.

ADJOURNMENT MOTIONS

ADMISSION OF NON-RESIDENT STUDENTS IN THE NISHTAR MEDICAL COLLEGE, MULTAN AGAINST SEATS RESERVED FOR BAHAWALPUR DISTT.

Mr. Speaker : Now we will take up adjournment motions and the first motion is from Malik Akhtar. The Minister of Health is to reply.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ انہوں نے ملتان کالج کے متعلق جو تحریک استحقاق دی ہے وہ فوری اہمیت کی حامل نہیں ۔ جن لڑکوں کو وہاں داخل کیا گیا ہے آپ با خبر ہوں گے کہ جہاں تک قواعد کا تعلق ہے جس درخواست کے ساتھ domicile certificate ہوتا ہے ان لڑکوں کو داخلہ مل جاتا ہے ۔ اس لڑکے کے پاس فرسٹ کلاس میجسٹریٹ کا دستخط شدہ سرٹیفیکیٹ تھا اور اس کے والد کی رہائش کے متعلق domicile certificate تھا ایسے حالات میں ہم داخلہ دے دیتے ہیں ۔ کیونکہ فوری ہوتا ہے ۔ اس کے بعد اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ ۱۵ دن کے اندر ڈی سی کا سرٹیفیکیٹ بھی لا کر دے ۔ اگر ۱۵ دن کے اندر نہیں لاتے تو ہم ان کو خارج کر دیتے ہیں ۔ اس معاملہ میں چونکہ فرسٹ کلاس میجسٹریٹ نے تصدیق کی ہے کہ وہ یہیں کے رہنے والے ہیں اور ان کی زمینوں کے کاغذات وغیرہ سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ مستقل طور پر وہیں کے ہیں اس لیے ان کو داخلہ مل گیا ۔

Mr. Speaker : What proof has the Member in this respect ?

Malik Muhammad Akhtar : I am relying upon a press statement, which is like this that.... ..

Mr. Speaker : Press statement by whom ?

Malik Muhammad Akhtar : It is a news and probably the orders have been given by the Provincial Chief Secretary, and subsequently the admission of two boys was cancelled, and even the Commissioner is mentioned Sir. So if you allow me to read two-three lines, I may be more clear.

ڈویژنل کمشنر بہاولپور نے نشتر میڈیکل کالج میں داخلہ لینے والے دو لڑکوں کے سکونتی اور domicile سرٹیفیکیٹ منسوخ کرنے کا حکم دیا ہے ۔ ان لڑکوں نے ضلع بہاولپور سے غلط domicile certificate داخل کرا کر بہاول پور کے کوٹے سے نشتر میڈیکل کالج میں داخلہ لیا تھا ۔ ان میں سے ایک طالب علم محمد ارشد داخلہ لے چکا تھا اور جب کہ دوسرا لڑکا ذوالفقار حسین waiting list پر تھا ۔ کمشنر نے یہ فیصلہ صوبائی چیف سیکرٹری کی ہدایت پر کیا ۔

So Sir the matter went so far ahead that the domicile certificate was subsequently proved to be a forged one, which was accepted. It must have been issued by the District Magistrate. I am not concerned who is to answer this adjournment motion and my allegation. The procedure has not been properly followed and it has been rather abused, and whosoever is to be held responsible.....

Mr. Speaker : Isn't the Deputy Commissioner competent to issue the domicile certificate ?

Malik Muhammad Akhtar : He issued an incorrect certificate causing injury to the admission of two boys, who deserved admission on merit. So neither the College authorities observed the rules nor they took proper care and precaution.

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ آپ نے domicile certificate کی تصدیق کمشنر کی statement کے بعد کرائی تھی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ جی ہاں ۔

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ ان کا داخلہ نشتر میڈیکل کالج ملتان

میں ہوا ہے جس پر اختر صاحب کو اعتراض ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہم صرف domicile certificate ملنے پر داخل کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ domicile certificate جو جاری ہوئے تھے وہ کمشنر بہاول پور نے cancel کر دئے تھے ۔ کیا یہ تحقیقات کہ وہ واقعی بہاول پور کے رہنے والے تھے ۔ ڈپٹی کمشنر سے بعد میں کرائی گئی تھی ۔

وزیر صحت ۔ جی نہیں ہم کو اس قسم کی کوئی اطلاع نہیں ملی ۔ جیسا کہ ابھی میں نے عرض کیا ہے ہم نے کہا تھا کہ اگر ۱۵ دن کے اندر مطلوبہ سرٹیفکیٹ لا کر داخل کر دیں گے تو ان کا نام رکھا جائے گا ورنہ خارج کردیا جائے گا ۔ اور انہوں نے کہا تھا کہ لا کر داخل کر دیں گے ۔ فی الحال فرسٹ کلاس میجسٹریٹ کا تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ جس میں ان کی رہائش کے کاغذات کا ذکر تھا پیش کیا ۔ چونکہ داخلے فوری ہوتے ہیں اس لیے ان کو داخل کر لیا گیا ۔

Malik Muhammad Akhtar : Then a breach of rule has occurred Sir.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ غلط domicile certificate جاری کئے گئے ۔ جناب چیف سیکرٹری صاحب کے پاس شکایت ہوئی انہوں نے احکامات جاری کیے کہ اس کی تحقیقات کی جائے تحقیقات کے بعد پایا گیا کہ ان لوگوں نے غلط اطلاعات مہیا کرکے domicile certificate حاصل کیے تھے ۔ بلکہ چیف سیکرٹری صاحب نے یہ بھی حکم دیا ہے کہ جن افسران کی لاپروائی سے وہ سرٹیفکیٹ جاری کئے گئے ان کے خلاف ایکشن لیا جائے ۔ اور جہاں تک مجھے معلوم ہے جو اقدامات کئے گئے ہیں وہ انتہائی مناسب تھے کیوں کہ بعض لوگ فائدہ اٹھانے کے لیے غلط اطلاع دے کر دوسری جگہ سے جعلی سرٹیفکیٹ

بنوا لیتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ موثر کارروائی کی گئی ہے اور انتظامیہ کی جانب سے جو کچھ کیا گیا ہے وہ بالکل درست ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : There is one point to be determined. The Minister has made a statement and I think either she is not well-conversant with the rules or I am mistaken. They have not to accept the forms along with proper domicile certificates, and she is making a statement that those candidates were required to submit subsequently within a fortnight the domicile certificates. I don't think that is the position. As far as the rules are concerned, the domicile certificates are to be attached with the forms and if the statement as made by the Minister is correct, the College authorities made the admission without the domicile certificates having been appended to the forms. They are then at fault and the motion must be admitted.

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ کیا آپ وضاحت فرمائیں گی کہ ان کی داخلہ کی درخواستوں کے ساتھ domicile certificate موجود تھے یا نہیں ۔

وزیر صحت ۔ جیسا کہ میں نے آپ کے سامنے پہلے عرض کیا تھا ان کی درخواستوں کے ساتھ فرسٹ کلاس میجسٹریٹ کا سرٹیفیکیٹ داخل کیا گیا تھا اور یہ عارضی سرٹیفیکیٹ تھا انہوں نے یقین دلایا تھا کہ ۱۵ دن کے اندر ڈپٹی کمشنر صاحب کا سرٹیفیکیٹ لا کر دیں گے اس لئے ان کو عارضی طور پر داخل کیا گیا تھا ۔ مستقل طور پر داخلہ نہیں ملا تھا ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے ان کو کہہ دیا تھا کہ اگر وہ ۱۵ دن کے اندر ڈپٹی کمشنر کا domicile certificate داخل نہیں کریں گے تو ان کا نام خارج کر دیا جائے گا ۔ ان کو اعتراض تو جب ہوتا اگر ان کو مستقل داخلہ دے دیا ہوتا ۔ وہ درجہ اول کے میجسٹریٹ کا تصدیق شدہ سرٹیفیکیٹ تھا ان کی زمین کے کاغذات موجود تھے ۔ اب جب کہ درجہ اول کے میجسٹریٹ نے اس کی تصدیق کی ہے کہ وہ وہیں کے رہنے والے ہیں تو اس کی بنا پر ان کو عارضی طور پر داخلہ دیا گیا مگر مستقل طور پر نہیں دیا گیا ۔

Mr. Speaker : Government is already looking into the matter, as has been stated by the Minister of Health. Therefore, the motion is ruled out of order.

COLLAPSE OF THE ROOF OF MUSAFIRKHANA OF HAZRAT MUSA PAK SHAHEED SHRINE AT MULTAN

Mr. Speaker : Next motion No. 178. That is to be answered by the Auqaf Department.

Minister of Auqaf (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, the fact of the case is that this roof of the Musafirkhana Hazrat Musa Pak, Multan, collapsed on the 30th of July, 1967, due to heavy rains and this matter was reported in Imroze, which comes out from Multan, on the 31st of July. So, Sir, this matter is not of recent occurrence.

Sir, on hearing the news, the local Office of the Department immediately rushed to the scene, asked their Engineering Department to make out an estimate of the repairs. Besides that, they had already spent Rs. 1,000 in the month of May and June for minor repairs of the same shrine but as the building was an extremely old one it could not stand the heavy down-pour on that night. Again, another sum of Rs. 1,884 was spent on the same shrine in 1966-67 and another sum of Rs. 1,000 has been kept in the current year's budget for its proper maintenance. A further sum of Rs. 2,630 is going to be spent and estimate has been prepared and it would be sanctioned in due course of time. The department has shown no negligence whatsoever as it has already under-taken minor repairs in the months of May and June but, as I have said, the building was old and, it could not stand the down-pour and so a portion of the roof fell down.

Mr. Speaker : And is this 'Musafir Khana' now in good condition ?

Minister of Auqaf : Estimate has been prepared and it would be sanctioned within a few days. Action is being taken on that.

Mr. Speaker : Is the Member satisfied ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly not. I have got to raise three points. Firstly, I have got these comments from the Nawa-e-Waqt, Multan, dated 17th October, which was in my hand by the 20th of October because I got it by post. Secondly it has not been denied that four persons were injured due to the negligence of the Auqaf Department.

Mr. Speaker : When were those persons injured.

Malik Muhammad Akhtar : No date is given in this Paper but I will have to accept the date given by the Minister.

Mr. Speaker : The matter has not been raised at the earliest possible opportunity. The motion is ruled out of order.

INSTRUCTIONS ISSUED BY THE B.D. AND L.G. DEPTT. REGARDING SELECTION OF D.C. MEMBERS FOR ATTENDING COURSE AT NIPA.

Mr. Speaker : Next motion is from Mr. Hamza and the Minister of Democracies has to reply.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس تحریک التوا میں میرے فاضل دوست نے محکمہ بنیادی جمہوریت کے ایک ایسے خط پر یا ایسی ہدایات پر جو ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ کونسلوں میں سے تین نمائندے نامزد کرنے کے بارے میں ہے اعتراض فرمایا ہے اور اس خط میں بھی کہا ہے کہ ایسے تین نمائندگان نامزد کئے جائیں جو نمائندگان انگریزی میں اظہار خیال کر سکتے ہیں ۔ ان کے الفاظ یہ ہیں :

"....the instruction issued by the Basic Democracies and Local Government Department of the Provincial Government to all the District Councils in the Province to the effect that the District Council Members well-versed in English....."

And we have said "is able to express".

".....should only be sent to attend the 8 days course at NIPA has caused great resentment."

جناب والا ۔ واقعات یوں ہیں کہ NIPA کا یہ پہلا کورس نہیں ہے جس میں ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسلوں کے نمائندگان بلائے گئے ہوں ۔ بلکہ اس سے پہلے دو کورس ہو چکے ہیں ۔ ان دو کورسوں کے مواقع پر انہوں نے ایسے ہی خطوط لکھے ۔ ان میں سے ایک خط جو حکومت کی

طرف سے جاری کیا وہ ۵—جون کی پہلی چھٹی تھی جو آج زیر بحث ہے ۔ میں آپ کی اجازت سے NIPA کے ڈائرکٹر کے خطوط کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جن کی بناء پر ہمیں یہ ہدایت جاری کرنی پڑی کہ ایسے کورسوں کے لئے انگریزی جاننے والوں کو نامزد کیا جائے ۔ اس میں پوزیشن یہ ہے کہ NIPA کے کورسوں میں کچھ یہاں کے افسران ہوتے ہیں اور کچھ لوگ باہر کے بھی بلائے جاتے ہیں ۔ پچھلے تین کورسوں میں NIPA نے خصوصی طور پر بنیادی جمہوریت کے ارکان کے بارے میں رعایت برتی ہے کہ وہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسلوں کے نمائندگان کو بھی اپنے کورس کے آخری حصہ میں associate کر لیتے ہیں اور جناب والا ۔ یہ کورس انگریزی میں ہوتے ہیں ۔ اور اس سے پہلے بھی جتنے کورس ہوئے ہیں ۔ وہ سب انگریزی میں ہوئے ہیں اور ہمیشہ انگریزی میں ہوتے ہیں ۔ اب تین کورسوں سے وہ ہمیں بھی associate کر رہے ہیں اور ہم ایسے ممبران کو بھیجتے ہیں جو انگریزی جانتے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ یہ ایک عجیب بات ہو گی کہ اگر ایک جگہ پر کورس انگریزی میں پڑھائے جائیں تو وہاں ہم وہ ممبران بھیج دیں جو انگریزی نہیں جانتے ہوں اور اسی طرح جہاں کورس اردو میں پڑھائے جائیں ۔ وہاں ہم انگریزی اور بنگالی جاننے والے دوستوں کو بھیج دیں یا کہیں بنگالی میں کورس ہوتا ہو تو وہاں ہم یہ پابندی عاید کریں کہ وہاں اردو جاننے والے جائیں تو اس طرح ان کا وقت ضائع ہوگا ۔ ان کی محنت ضائع جائے گی ۔ اور اس طرح کورس کرانے والوں اور کورس سننے والوں کے لئے زحمتیں ہو جائیں گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ فاضل ممبر صاحب اس کے ذریعہ صرف یہ discuss کرنا چاہتے ہیں ۔ کہ حکومت اردو کو کوئی اہمیت نہیں دے رہی ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے تو جس یونیورسٹی میں جس سکول میں اور جس کالج میں یا جس ادارے یا جتنے بھی ایسے institutions ہیں وہاں سارے افسروں کے refresher کورسز ہوتے ہیں اور وہ وہاں

بیٹھ کر discuss کرتے ہیں ۔ تو وہاں ساری بات انگریزی میں ہوتی ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ آپ ان کے یہ الفاظ ملاحظہ فرمائیں ۔ یہ کہتے ہیں :

"Since our programmes are conducted in English media, therefore, the nominees should be able to communicate in English."

یا جیسا ابھی ابھی کہا گیا یا جیسے پہلے بھی کہا گیا اور جس کے جواب میں ہم نے ۵—جون ۱۹۶۷ء کو جو خط جاری کیا اس کے الفاظ بھی وہی تھے جو ابھی جاری کیا تھا ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے پڑھتا ہوں :

"Kindly, nominate three members of Divisional or District Council from your Division who may express themselves in English for participating in this course from July 30."

جو چٹھی اس وقت زیر بحث ہے اس میں بھی جناب والا ۔ exactly یہی الفاظ repeat کئے گئے ہیں :

"Kindly nominate three members of the Divisional or District Council from your Division who may express themselves in English for participating in the course from December 2 onwards."

تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں یہ بنیادی مسئلہ جو زیر بحث لانا چاہتے ہیں ۔ وہ یہ ہے کہ آیا حکومت اردو کو صحیح اہمیت دے رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آئین کی دفعہ ۲۱۵—کے تحت ۱۹۷۲ء تک بنگالی اور اردو جو قومی زبانیں ہیں ان کے ساتھ انگریزی کے استعمال کی اجازت ہے اور اس ایوان میں بھی انگریزی زبان استعمال ہوتی ہے اور اتفاق سے ہمارے فاضل دوست نے یہ تحریک التواء جو پیش کی ہے وہ انگریزی میں پیش کی ہے ۔ اور انگریزی میں پڑھی بھی ہے ۔ بلکہ وہ جتنے سوالات مرحمت فرماتے ہیں وہ بھی انگریزی میں ہوتے ہیں ۔ انہوں نے کبھی یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ ان کے سوالات کا جواب اردو میں

دیا جائے ۔ پھر اس ایوان میں گزشتہ سیشن میں ایک بل بھی آ چکا ہے ۔ اس میں بھی ایوان نے یہ فیصلہ کیا کہ ۱۹۷۲ء میں صدر صاحب ایک کمیشن مقرر کریں گے اور پھر یہ فیصلہ کیا جائے گا ۔ قومی زبانوں کا تو تعین ہو چکا ہے ۔ اردو زبان کی اجازت یونیورسٹی میں بھی ہے ۔ ایوان میں بھی اجازت ہے اور قانون بھی اجازت دیتا ہے ۔ لیکن ان کا یہ ارشاد کہ حکومت اردو کو صحیح طور پر ترجیح نہیں دیتی ۔ یہ نامناسب اور غلط ہے ۔

Mr. Speaker : We are not discussing the motion.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ان کا موشن یہ ہے ۔ جناب والا ۔ ان کا موشن یہ ہے کہ وہاں کورسز انگریزی زبان میں ہو رہے ہیں ۔۔۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر ان کی تحریک یہ ہے تو اس وقت ان کی تحریک کی مخالفت نہیں ہو سکتی ۔ اس وقت تو یہ فیصلہ ہوگا کہ آیا یہ خلاف ضابطہ ہے یا نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ خلاف ضابطہ ہے اور اس لئے خلاف ضابطہ ہے کہ یہ اس چیز کے خلاف ہے جو جاری ہوئی ہے ۔ دوسرے یہ اس چیز کے بارے میں ہے جو آئین نے deter-mine کر دی ہے ۔ تیسری اس چیز کے بارے میں ہے ۔ جس کو ایوان نے determine کر دیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں شک نہیں کہ میں نے تحریک التواء انگریزی میں لکھی اور انگریزی میں ہی پیش ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے وزراء صاحبان انگریزی زدگی کا شکار ہیں ۔ اور اسی لئے مجھے یہ تحریک انگریزی میں لکھ کر دینی پڑی ۔ ویسے آپ کو علم ہے کہ میں اس ایوان میں اپنا مافی الضمیر اردو میں بیان کرنے کی کوشش

کرتا ہوں ۔ اور میں ہمیشہ اس کا پابند رہا ہوں ۔ لیکن ویسے بنیادی جمہوریت کا تصور انگلستان میں نہیں ہے ۔ وہ یہاں وزیر بنیادی جمہوریت کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے ۔ یعنی جیسے کوئی انگلستانی وزیر House of Commons میں بیان دے رہا ہو ۔ مجھے سب سے بڑا اعتراض یہ ہے ۔ جناب والا ۔ صرف مجھے ہی یہ اعتراض نہیں ہے ۔ بلکہ اس ملک کی ساری آبادی کو اس پر اعتراض ہے کہ بیس سال کا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی آپ ان اداروں میں ہمارے سرکاری ملازمتوں کے ارکان کو بلکہ ذمہ دار افسران کو انگریزی میں تربیت دیتے ہیں ۔ اور وہاں آپ محض انگریزی ہی کو ذریعہ گفتگو بنائے ہوئے ہیں اور انگریزی زبان کو بطور ذریعہ تعلیم استعمال کرتے ہیں ۔ یہ چیز سخت قابل اعتراض ہے ۔ اس چیز کو آپ نے وہاں تک ہی محدود نہیں رکھا ہے بلکہ آپ نے یہ پابندی بھی لگا رکھی ہے کہ یونین کونسل کے وہ ممبران یا ڈسٹرکٹ کونسل کے وہ ممبران اس کورس میں حصہ لے سکتے ہیں ۔ بقول آپ کے جو اپنا مافی الضمیر انگریزی میں بیان کر سکتے ہوں ۔ اور وہی شخص اپنا مافی الضمیر انگریزی میں بیان کر سکتا ہے ۔ جو انگریزی میں اچھی خاصی صلاحیت کا مالک ہو ۔ دوسرے افراد جن میں انگریزی کی اچھی خاصی صلاحیت نہیں ہو گی وہ اس کورس میں حصہ نہ لے سکیں گے ۔ یہ جو NIPA ہے یعنی National Institute of Public Administration یہ ادارہ جناب والا ۔ کوئی غیر ملکی ادارہ نہیں ہے ۔ اور اس ادارے کے اندر آپ نے یہ گنجائش رکھی ہے کہ بنیادی جمہوریت کے بعض اراکین بھی اس کے کورس میں شامل ہوں گے ۔ اس لئے آپ نے انگریزی دان ہونے کو لازمی قرار دے رکھا ہے ۔ اس لئے میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ اول تو انگریزی کو ذریعہ تعلیم نہ ہونا چاہیے ۔ اور اگر ایسا ہے تو بنیادی جمہوریت کے اراکین پر ایسی نا مناسب پابندی لگانا کسی لحاظ سے بھی معقولیت کا ثبوت نہیں ہے ۔ بلکہ میں تو کہوں گا کہ یہ انگریز غلامی اور مرعوبیت کا ایک بین ثبوت ہے ۔

Mr. Speaker : The action proposed to be discussed in this adjournment motion, has been taken in the ordinary course of administration ; the motion is ruled out of order.

FAILURE OF THE AUQAF DEPTT. TO MAKE ARRANGEMENTS FOR VISITORS TO THE MAZAR OF MIRZA ABDULLAH ASHIABI, MUKHLI, DISTT. THATTA.

Mr. Speaker : Next motion 193. That was deferred for today.

Minister for Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, this motion moved by Malik Muhammad Akhtar is based on a news-item which appeared in the Daily Hurriyat of 24th October, 1967, and is actually not based on facts. Sir, this shrine was taken over by the the Auqaf Department in the year 1960. The arrangements for the water-supply are adequate and where there is rush during 'Urs' period, special arrangements are made so that devotees do not suffer. As far as the electricity is concerned, we have two generators working in the shrine. Of course, the generators sometimes, being old, go out of order but the necessary repairs are taken in hand then and there so that elecricity supply remains in tact.

So far as accommodation is concerned, we have six rooms three for the visitors and those who want to spend or stay for the night, usually put an application to the Manager who gives permission to those people without charging any fee whatsoever. The allegation that the chowkidar charges money, is also baseless.

Regarding other facilities, there are four latrines, two for male and 2 for female visitors. During the 'Urs' period, when there is extraordinary rush, temporary arrangements for latrines and bath-rooms are, of course, made. 'Offerings', which come to the shrine are taken and then arrangements are made for auction of various articles at various times.

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Minister for Auqaf, the motion is ruled out of order.

FAILURE OF THE INSPECTORATE OF SCHOOLS, NORTHERN DIVISION, KARACHI TO REGISTER TECHNICAL 'H' SECONDARY SCHOOL, AZIZABAD.

Mr. Speaker : Next motion No. 196.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely, the failure of Inspectorate of Schools, Northern Division, Karachi, to register Technical 'H' Secondary School, Azizabad whereby hundred of students have been seriously affected as they will not be eligible to appear in the examination this year. The negligence of the authorities has not only discouraged the private technical institutes but also seriously affected the students admitted in the Institution. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Education : Opposed. Sir, the motion was received this morning and we are collected the required information from Karachi. Hence I request that this may be taken up tomorrow.

Mr. Speaker : Let it be on Monday.

Minister for Education : Right Sir.

NON-PAYMENT OF MONTHLY SALARIES TO TEMPORARY DOCTORS OF CIVIL HOSPITAL, KARACHI

Mr. Speaker : Next motion No. 197.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, temporary doctors of Civil Hospital Karachi, appointed on temporary basis have not been paid their monthly salaries., as the Health Directorate has failed to regularise their appointments in time resulting in stoppage of their monthly salaries. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ جناب والا ۔ مجھے ٹائم دیا جائے ۔ کیوں کہ ابھی آدھ گھنٹہ ہوا ہے جب مجھے یہ موصول ہوا ہے ۔

Mr. Speaker : This motion will also be taken up on Monday.

وزیر صحت ۔ شکریہ ۔

NON-PAYMENT OF SALARIES TO TEMPORARY PROFESSORS OF LIAQAT MEDICAL COLLEGE, HYDERABAD

Mr. Speaker : Next motion No. 198.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the temporary professors of Liaquat Medical College Hyderabad, appointed on temporary basis have not been paid their monthly salaries, as the Education Department has failed to regularise their appointment in time resulting in stoppage of their monthly salaries. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق‌الزمان) ۔ ابھی آدھ گھنٹہ پہلے مجھے یہ دونوں موصول ہوئے ہیں ۔

Mr. Speaker : This motion will also be taken up on Monday.

وزیر صحت ۔ شکریہ ۔

PERISHING OF RICE DUE TO NON-PAYMENT OF RICE DEALERS IN LAHORE DISTRICT

Mr. Speaker : Next motion No. 199.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the Food Directorate has sealed all the rice husking machines in Lahore District as the area has been declared rice control area. But the dealers have not been appointed. Huge stocks have been gathered with the Zamindars. Due to lack of accommodation fit for storage the rice is perishing causing a great loss to Zamindars and causing scarcity of food-stuff. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Food and Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): Sir, I oppose this motion on the ground that the contention of the Member that rice dealers have not been appointed and that huge stocks have gathered with the Zamindars and the rice is perishing, is factually incorrect. Sir, 14

Centres have been declared as Procurement Centres in Lahore District for purchase of rice. Besides that, 45 rice dealers have been appointed so far as authorised rice dealers in Lahore District and more are being appointed and anybody who has a food-grain licence applies he is appointed as authorised dealer. So I maintain that the information reaching the Member is factually incorrect. Hence the question of disturbing and perturbing the minds of anybody, does not arise.

Malik Muhammad Akhtar : The question still remains to be determined, when were these dealers appointed? and whether stocks are available with the Zamindars which have not been cleared in time? My learned friend, the Leader of the House has not considered it worthwhile to answer the main questions which form the subject matter of the adjournment motion. Had he declared that attempts were made a month, fifteen days or two months earlier or soon after the imposition of control I would have been satisfied. In the absence of these two facts with which he could still come forward and place before the House I consider that the motion needs be pressed.

Mr. Speaker : As has been stated by the Minister dealers have been appointed and the facts have been denied by the Minister of Food therefore the motion is ruled out of order.

Minister of Food : Can't we adjourn the adjournment motions now ?

Mr. Speaker : There are no more adjournment motions. We will now take up the consideration of the West Pakistan Land Revenue Bill.

Minister of Revenue (Mr. Ghulam Sarwar Khan) : Sir, I want to give a personal explanation for my absence from my seat when the privilege motion was taken up. Actually I met Haji Sahib yesterday in the lobby and satisfied him and he said that he would not press the privilege motion. Under this impression that he is not pressing the motion.....

Mr. Speaker :I was not a party to it. I did'nt know what was the Minister's arrangement with Haji Sahib. I had not received any intimation that he is not going to press it. He has intimated me on the floor of the House.

Minister of Revenue : It was yesterday.

Mr. Speaker : But I had no intimation. Anyhow if he makes any statement on the floor of this House so far as adjournment motions or privilege motions are concerned the Minister should be present.

Minister of Revenue : You mean to say that he should do it before the motion comes up.

Mr. Speaker : He could inform me that he does not want to press his motion on the floor of the House when be is called upon to move.

Minister of Revenue : Has he not done so now ?

Mr. Speaker : He has done so. But if we could act upon that agreement that in case of adjournment motions some Members say-Malik Muhammad Akhtar may say, I won't press my motion on the floor of the House, therefore the Minister or Malik Muhammad Akhtar need not come to the House.

Minister of Revenue : Actually it was moved by him. If he says, I withdraw, does not the matter end here ?

Mr. Speaker : He has done it here.

Minister of Revenue : That is what I am saying.

Mr. Speaker : Alright.

BILLS

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1965

(resumption of consideration clause by clause)

CLAUSE 92 *(contd.)*

Mr. Speaker : The House will now resume consideration clause by clause of the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965. Clause 92. Substitution of this clause was moved by the Law Minister.

Minister of Law : I had moved it.

Mr. Speaker : Yes, that was moved.

Malik Muhammad Akhtar : May I rise on a point of order. Sir, my point of order is, if you could allow me just for a while to explain myself, that the Bill originally placed before the House was sent to a Select Committee. The Select Committee made its recommendations on the Bill and after that it was circulated. Rather it went twice to the Select Committee. And, Sir, after the circulation of the Bill it has been under consideration for the last two years.

Mr. Speaker : Does the Member want to raise the point of order that two days notice has not been given ?

Malik Muhammad Akhtar : No Sir. Without questioning the authority of the Speaker and most humbly yielding and submitting to the orders of the Speaker I would like to remind the Chair that amendments moved by this side or the other side were already existing on the agenda. Certainly it is for the Speaker to fix the priority or preference. But, Sir, I feel that the principles which I propose to place for the substitution of Clause 92 were altogether different from those which the Law Minister now seeks to place. Sir I do not claim it as a right but it would have been more beneficial for the House if the amendments as received are taken up according to the Rules which we are following.

Mr. Speaker : I have decided. I have allowed the Law Minister to move this substitution clause. The Member can oppose this amendment if he likes.

Malik Muhammad Akhtar : That I will but would it not have been better if I had been allowed to move my amendment ?

Mr. Speaker : I have decided that this is much better.

The Member can oppose this amendment. In fact it has already been opposed by him. Yes, please.

ملک محمد اختر (لاہور۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ جناب لا منسٹر صاحب نے دفعہ ۹۲ کو substitute کرنے کے لئے ایک دفعہ دی ہے اور اس دفعہ کے مطابق یہ کہا گیا ہے کہ جب بقایا جات لینڈ ریونیو کے ایک سال سے زائد عرصہ کے واجب الادا ہوں اور اس process سے جس سے ان کی مراد ہے arrest or attachment کا process سے اگر خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوں تو اس annulment of assessment of holding کے ذریعے سے مالیہ کی وصولی کر سکیں گے ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ گزارش کرنا ہے اور میرے پاس وہ ٹیبل ہے گزشتہ یونائیٹڈ پنجاب کی جس میں ضلع وار سابقہ پنجاب کے اضلاع کے جو بھی مالیہ دھندگان ہیں ان کی مکمل تعداد اور نمبر ہے ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ۵۰ یا ۱۰۰ سے زائد مالیہ دینے والے چند افراد رہ جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ان چند افراد کے لئے آپ نے attachment کا طریقہ کار اور اس سے بھی زیادہ سخت طریقہ گرفتاری کا اس

سے قبل تجویز فرمایا ہے ۔ تو جناب سپیکر اب لا منسٹر ان دو processes کے ہوتے ہوئے یہ تجویز فرما رہے ہیں یعنی ایک تو اس کی جائیداد بھی قرق کی جائے گی ۔ منقولہ بھی اور غیر منقولہ بھی اور دوسرے اس کو قرق کرتے ہوئے یہ کیا جائے گا ۔ اس کے بعد یہ process اختیار کیا جائے گا ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ کسی کی ہولڈنگ کو قرق کرتے وقت یہ صورت ہوگی کہ جس قدر قرضہ اس پر ہوگا اتنی liability اس پر ہوگی ۱۵ سال کے لئے ہم اسے ٹرانسفر کر سکتے ہیں ۔ اور اب annulment of assessment بھی کی جائے گی ۔ تو کلکٹر یا اجازت ریونیو افسر اس زمین کو خود یا اپنے ایجنٹ کی معرفت ایسی شرائط پر اس کی منیجمنٹ کرائے گا جن کو بورڈ اف ریونیو مقرر کرے گا ۔ میں اس دفعہ کے لئے بار بار harsh کا لفظ استعمال کرکے repetition نہیں کرنا چاہتا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

نہ ان کے کانوں پر یہ چیز اثر انداز ہوگی ۔ میں نے اس سے قبل ۴ قوانین کا حوالہ دیا تھا جو پنجاب میں جاری تھے اور جن کی موجودگی میں ایسا قدم نہیں اٹھایا جا سکتا تھا ۔ اب مجھے سندھ کے ۳ قوانین کا حوالہ دینا ہے یعنی یہ دفعہ ۷ قوانین سے تضاد رکھتی ہے ۔

Pb. Debtors Protection Act میں بعض مراعات دی گئی ہیں عام شہریوں کو خواہ وہ دیہاتی ہوں یا وہ شہری ہوں ۔ جن سے وہ استفادہ کرتے ہیں اگر کسی عدالت کی ڈگری بھی ان کے خلاف ہو ۔ اس کے علاوہ سول پروسیجر کوڈ میں تمام مغربی پاکستان کے صوبہ کے نادھندوں کو جو مراعات حاصل ہیں انہیں یک لخت اور یکسر نئے لینڈ ریونیو ایکٹ میں کالعدم قرار دیا گیا ہے ۔ اب مجھے ان ۳ قوانین کا حوالہ دینا ہے جو سابقہ صوبہ سندھ میں رائج ہیں ۔

1. The Dekhan Agricultural Relief Act, 1875.
2. The Lands Improvement Loans Act, 1883.
3. The Agricultural Loans Act, 1884.

یہ تین قوانین لینڈ ریونیو کے قانون سے بھی پہلے کے ہیں - جو ۱۸۸۷ میں پنجاب میں نافذ ہوا تھا - میں یہ کہونگا کہ جو deletion ہوئی ہے اور اس insignificant deletion کے بعد جس دفعہ کو آپ پاس کرنا چاہتے ہیں وہ سات دفعات سے متضاد ہے - جناب والا Dekhan Agricultural Relief Act میں breach of priority جو رکھی گئی ہے وہ سو روپیہ ہے اب breach of priority کے طور پر کسی کی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کے طور پر آپ قرق کر سکتے ہیں اس کے بعد اسے گرفتار کر سکتے ہیں اس کی ہولڈنگ ٹرانسفر کر سکتے ہیں اسکی ہولڈنگ کو الگ بھی کر سکتے ہیں - اسی طرح سے Agricultural Relief Act 1840 میں بھی Penal Reference ہے اس کے بارے میں میرے پاس تین لائنوں کا ایک پیرا ہے اگر اجازت دیں تو عرض کروں -

"The Agricultural Relief Act of 1940 makes it a penal offence for any one to charge interest to agriculture or loan advanced. . ." etc., etc.

اور اندھا دھند اس پر بھی کچھ پابندیاں . . . .

but nobody has enforced it so far.

یعنی آپ اندازہ لگائیں یہ اس قدر protection ان تین قوانین میں ہے لیکن جناب والا یہی حکومت جب اپنے مالیہ کی وصولی کے لئے قانون بناتی ہے - جب وہ سندھ لینڈ ریونیو کوڈ اور پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کو یکجا کر رہی ہے تو یہ سات قوانین ہیں جن کو نہ تو انہوں نے منسوخ کیا ہے نہ کہیں یہ لکھا ہے -

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant to the clause.

Malik Muhammad Akhtar : I was telling just by my argument how far they have been harsh by depriving the...

Minister of Food and Agriculture : Relief Indebtedness Act, Debtors Protection Act, and others relate to the debts between private parties. These are Government dues my dear friend, and so, they will not come into conflict as you are imagining.

Malik Muhammad Akhtar : They will not come into conflict but I have got a right to compare the facilities given to the defaulters of ordinary loans or judgment debtors and the defaulters of land revenue.

بہرحال آپ دیکھیں یہ سات قوانین ہیں جو مختلف شکلوں میں رعائیتیں دیتے ہیں ان کو آپ نے surpass کیا ہے ۔ یہ دیکھئیے دفعہ ۹ یعنی جائیداد کی قرقی ہے ۔ اگر وصولی نہ ہو تو یہ دفعہ لائی جائے گی ۔ کہ جو assessment ہوگی اس کو annul کر دیا جائے گا اور کلکٹر یا اُس کا ایجنٹ اس زمین کو manage کرلے گا اور کتنے عرصے کے لئے کرے گا . . .

"Provided that the term for which the land may be so managed or farm shall be no longer than ten years from the commencement of the agricultural year next following the date of annulment."

جناب والا ۔ اب آپ بتائیے کیا یہ سیاسی دفعہ نہیں کیا یہ نیک نیتی پر مبنی ہے ۔ کسی نے ایک سال کا مالیہ دینا ہے اور آپ اسے دس سال کے لئے زمین سے محروم کر دیں گے ۔ اس کی opening line دیکھئیے ۔

"When arrears of land revenue have been due for a longer period, . ."

Mr. Deputy Speaker : No need to read the whole thing.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس قانون میں ایسی دفعات ہیں جن سے ہم اتفاق نہیں کر سکتے ۔ یہ درست ہے کہ ہم نے شیڈول تسلیم کیا ہے ۔ لیکن موجودہ لینڈ ریونیو ایکٹ جس شکل میں حکومت نے پیش کیا ہے کیا کسی فرد نے خواہ وہ آپوزیشن کا ہو یا Independent ہو اس کے کسی ایک اصول سے اتفاق کیا ہے ؟ نہ حکومت نے ہماری ترامیم سے اتفاق کیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : They had not opposed some of the amendments.

Malik Muhammad Akhtar : They were just technical Sir ; we were correcting their English. Even there we may not be right, because a prominent Advocate, Mian Mahmud Ahmed Qasuri, was telling me whether we were capable enough to correct the phraseology of the framers, which they made in 1887. He was doubtful about our amendments. But nevertheless some corrections were made and some have been done by the Law Minister and the Law Secretary themselves. Anyhow, that is not my concern.

Mr. Deputy Speaker : Come to the clause please.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اگر ایک سال کے لئے لینڈ ریونیو due ہے ۔ وہ اسسٹمنٹ annul کرکے اس بیچارے کی holding یا اس بیچارے کے باپ دادا کی زمین جو چند نسلوں سے اس کے پاس ہے . . . .

Mr. Deputy Speaker : That is not relevant here.

ملک محمد اختر ۔ دس سال کے لئے management کے لئے دینی ہے بقایا جات بعض حالات میں ایک دو سال کے ہوں گے ۔ چلئے دو سال کے لے لیجئے اس کے بعد جب انتظام اپنے ہاتھ میں لیں گے تو کلکٹر assessment determine کرے گا ۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ میری زمین سیاسی وجہ سے قبضہ میں لے لی جاتی ہے ۔ اس پر ۲۰ فیصد assessment بڑھا دیتے ہیں جب وہ زمین مجھے واپس لوٹائی جاتی ہے تو یہ کہاں لکھا ہے کہ میں پرانی assessment ادا کروں گا ۔ یا redemption زیادہ عرصہ کی لے لی جاتی ہے اگرچہ redemption کی کلاز کوئی نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ سندھ کے لینڈ لارڈ یا کاشتکار جو اس بل کے پاس کرنے کے سلسلہ میں مسرت کا اظہار کر رہے ہیں میں ان کو warning دینا چاہتا ہوں وہ ایسی پولیٹیکل گرفت کا شکار ہوتے جا رہے ہیں کہ . . . .

Mr. Deputy Speaker : Come to the clause, please.

ملک محمد اختر ۔ وہ اپنی زمین سے ۱۵ سال کے لئے محروم کئے جا سکتے ہیں مجھے آج تک کوئی ایسا شخص نظر نہیں آیا کہ جس نے اس طرح اپنے خلاف خود ہی ایک قانون پاس کیا ہو ۔ اس کا جب یہ period expire ہو جائے تو لینڈ لارڈ کو محروم کیا جائے گا ۔ جب اس کو دوبارہ زمین واپس کی جائے گی ۔ پہلے جو اس کے تحفظ کے لئے منیجمنٹ یا اس کا جو طریق کار ہوگا وہ لاگو ہوگا ۔ دفعہ ۷ میں آپ دیکھیں بورڈ آف ریونیو کو اختیار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی معاہدہ ہوا ہے یا کوئی کلیم ہے تووہ اس کا پابند نہیں ہوگا ۔ ان آٹھ قوانین نے کنٹریکٹ ایکٹ ۱۸۸۷ء کی نفی کرکے رکھ دی ہے ۔ اگر میں اسے West Pakistan Presidential Election Act یا West Pakistan Substitution of Constitution کو اس قانون کا نام دوں تو بیجا نہ ہوگا ۔ اندھے کی لاٹھی کی طرح سب قوانین کو ہانک رہا ہے سب کو over-ride کر رہا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ راز آدھی عمر گزر جانے کے بعد کھلا ہے ۔ دیہاتی آبادی پر political hold رکھنے کے لئے اس قسم کی دفعات کو لا رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ—۱) ۔ جناب والا ۔ میں نے کل رات اس ترمیمی کلاز پر بڑا غور کیا ہے اور میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ میں جتنی بھی اس میں ترمیم کراؤں یا ترمیم کرانے کی کوشش کروں وہ لاحاصل ہوگی ۔ یہ کلاز کچھ اس قسم کی متشددانہ ہے اور زمینداروں کے مفاد کے خلاف ہے ۔ اگر حقیقت یہی ہے تو میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں بجائے اس کے کہ اس میں کوئی چھوٹی یا بڑی ترمیم کی جائے بہتر یہ ہو گا کہ اس کلاز کی مجموعی طور پر مخالفت کی جائے تاکہ اس کو اس بل میں سے حذف کر دیا جائے ۔ اس کلاز کے ذریعہ زمینداروں کے لئے نہایت ہی سنگین حالات پیدا کئے جا سکتے ہیں ۔ جو لوگ ان سنگین حالات کے پیدا کرنے کا باعث یا موجب ہو سکتے ہیں ان پر کسی قسم کا کنٹرول

نہیں ہے ۔ ان کو اس کلاز کے ذریعہ کھلی چھٹی دے دی گئی ہے تکہ وہ جب چاہیں ۔ جس طرح چاہیں اور جس کے خلاف چاہیں اس کلاز کو استعمال کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اس کلاز کی سب کلاز ، کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں اس میں اس طور پر درج ہے کہ بورڈ آف ریونیو جب بھی چاہے دوسرے ان تمام طریقہ ہائے کار کو جو کہ واجبات سرکار وصول کرنے کے لئے اس چیپٹر میں دیئے گئے ہیں یا اس مسودہ قانون میں درج کئے گئے ہیں ان کے علی الرغم اس کلاز کو استعمال کر سکتے ہیں انہیں اس کلاز کو استعمال کرنے کے لئے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں ہے کہ زمیندار دانستہ طور پر یا نادانستہ طور پر اپنی غربت کی وجہ سے یا اپنے عیش کی وجہ سے سرکار کے واجبات ادا نہیں کر رہا ہے ۔ یہاں لفظ "deemed" تحریر ہے ۔ "deemed" سے مراد ہے کہ ان کی رائے میں جب کسی ذریعہ سے واجبات وصول نہ ہو سکتے ہوں یہ طریق کار استعمال کیا جائے ۔ میرے محترم دوستوں نے جب اس مسودہ قانون کو تیار کیا تھا تو ان کے ذہن میں یقیناً صرف انگریزی زبان کا لفظ "deemed" تھا ۔ مگر انگریزی زبان میں ایک دوسرا لفظ "proved" بھی موجود ہے ۔ ان دونوں الفاظ میں جو فرق ہے وہ ان کے ذہن میں ہوگا ۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اگر لفظ "deemed" کی بجائے لفظ "proved" درج کر دیا جاتا تو جب بورڈ آف ریونیواس نتیجہ پرحتمی‌طور پر پہنچ جاتا کہ اگر کسی صورت سے سرکاری واجبات وصول نہیں ہو سکتے تو اس صورت میں اس قسم کی سنگین صورت حال اس کلاز کے ذریعہ زمینداروں کے لئے پیدا کی جاتی ۔ اس وقت تک دوسری صورتیں جو اس مسودہ قانون میں درج کی گئی ہیں یہ معزز ایوان اس کو قبول کر چکا ہے وہی استعمال کی جاتیں ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ بورڈ آف ریولیو

کو یہ اختیار ہے کہ جہاں دوسرے ذرائع استعمال ہوں اس کے ساتھ ساتھ یہ ذریعہ بھی استعمال ہو ۔ ان کو یہ بھی اختیار ہے کہ دوسرے اختیارات جو محکمہ مال کو سرکاری واجبات وصول کرنے کے لئے اس قانون میں دیئے گئے ہیں ان کو استعمال نہ کریں پہلے اسی طریقہ کار کو استعمال کر لیں ۔ اس کی زبان اس قسم کی ہے اور میں نے ابتدا میں عرض کیا تھا کہ یہ بہتر ہوتا کہ اگر محترم وزیر مال اور محترم وزیر قانون صاحب تدریجی طور پر ہمیں بتاتے کہ واجبات کی وصولی کے لئے پہلے طریقہ کار اختیار کیا جائے گا ۔ نمبر دو پر یہ طریق کار اختیار کرنا ہے تیسرے نمبر پر یہ طریق کار اختیار کیا جائے گا ۔ مگر اس کلاز کے تحت محکمہ مال کو کھلی چھٹی ہوگی اور وہ کسی طریق کار کو استعمال نہ کرے سیدھا اسی طریق کار کو استعمال کر لے ۔

جناب والا ۔ تیسری بات جو میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس کلاز میں لکھا ہے کہ اگر بقایا کسی کے ذمہ ہے اور ایک سال گزر جائے تو یہ کلاز بروئے کار لائی جائے گی ۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس وقت کیا وجوہات ہوں گی اور کون سے حالات ہوں گے کہ اگر کسی زمیندار کے خلاف مالیہ بقایا رہ جائے گا اور اس بقایا کو ایک سال کا عرصہ گذر جائے گا جب محکمہ مال کے پاس اختیارات ہوں گے وہ اس کو قید کر سکتا ہے اس کی جائیداد کو قرق کر سکتا ہے ۔ غیر منقولہ جائیداد کو نیلام کر سکتا ہے ۔ اگر اس کی جائیداد منقولہ ہے تو وہ اس کو اپنے قبضہ میں لے سکتا ہے ۔

آخر وہ کون سی صورت حال ہوگی جب اس کی ضرورت پڑے گی (جب سابقہ اتنے سالوں میں اس کے استعمال کی کبھی ضرورت نہیں پڑی) ۔

وزیر مال ۔ کیا یہ کلاز کبھی استعمال ہوئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب وزیر مال نے تو یہ بات میرے منہ سے چھین لی ہے ۔ میں یہی پوچھنے والا تھا کہ جب اتنی مدت مدید تک ماضی میں کبھی اس کے استعمال کا موقع پیدا نہیں ہوا تو آخر اس کے آپ مسودہ قانون میں درج کرنے کی وجہ کیا ہے ؟ آپ نے یہ سوال پوچھ کے میرے لئے آسانی کر دی ہے کہ میں کہوں کہ ایک نکمی ، بیکار ، بے فائدہ کلاز کو کیوں قانون میں رکھا جائے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ سابقہ سندھ میں پولیٹکل مخالفوں کے خلاف اس کو استعمال کیا گیا تھا ۔

Minister for Law : Point of information Sir. Sir such a provision never existed.

خواجہ محمد صفدر ۔ واقعی وہاں اس قسم کی کوئی کلاز موجود ہی نہیں تھی ۔

Mr. Deputy Speaker : If the Member reads the comparative table, he will find that there is no such provision.

ملک محمد اختر ۔ اتنی چھوٹی عمر میں میں نے یہ قوانین پڑھے تھے ۔

Mr. Deputy Speaker : It was before 1817 ; was the Member living at that time ? (*laughter*)

خواجہ محمد صفدر ۔ پنجاب میں تقریباً ۹۰ سال سے یہ قانون موجود تھا ۔ اتنے لمبے عرصے میں حکومت کے واجبات وصول ہوتے رہے اور اس دفعہ کی ضرورت ایک دفعہ بھی نہ پڑی تو پھر کیوں اس کو آج قانون میں شامل کیا جاوے ۔

Mr. Deputy Speaker : After clause 93 has been passed, how is it possible ?

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کا اعتراض سر آنکھوں پر مگر صرف ایک

کلاز کا ہے یعنی جائداد نیلام کرنے یا قرق کرنے کی اس لئے میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ واجبات سرکار کی وصولی کے لئے دوسری کلاز کی ضرورت نہیں ہے ۔ اب میں proviso کی طرف آتا ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ Point of order ۔ جناب والا ۔ یہ دفعہ ''پرکانوے'' ہے یعنی جیسے پولیس بلامقدمہ ڈرانے دھمکانے کے لئے بلا لیا کرتی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order ; it is ruled out of order.

وزیر زراعت و خوراک ۔ نہیں جناب ۔ یہ دفعہ پانوے ہے اکانوے یا پرکانوے نہیں ہے ۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ وقت کم ہے اور کام زیادہ ہے اس لئے ہمیں کام کی طرف زیادہ سنجیدگی سے دھیان دینا چاہیئے کوئی شخص اپنی جمع تشخیص annul کرانے کے لئے خواہ مخواہ دس سال تک بقایا نہیں رہنے دے گا ۔ محترم قائد ایوان خود غور فرمائیں کہ دو تین مواقع پر بلکہ چار مواقع پر انہوں نے مختلف میعاد اور مدت کی حد مقرر کی ہے کہیں ۳ سال کہیں ۱۵ سال کہیں ۱۰ سال ۔ ہر جگہ علیحدہ علیحدہ میعاد اور مدت مقرر کی گئی ہے جو کلاز کل پاس ہوئی تھی اس میں میرے اعتراض پر وزیر مال نے فرمایا تھا کہ نہیں ۱۵ سال ہی بہتر ہے اگلی دفعہ اراضی کی قرقی کے متعلق تھی تو وہاں کلکٹر کے لئے ۵ سال تک اراضی پٹہ پر دینے کو جائز رکھا گیا میں نے کہا تھا ایک سال کے لئے قرق شدہ جائداد اور زمین کو کلکٹر صرف کسی کو پٹہ پر کاشت کے لئے دے سکے ۔ آخر جناب والا کوئی منطق تو ہونی چاہیئے جس کی بنیاد پر اس میعاد کو ایک سال یا ۵ سال یا ۱۵ سال رکھا جائے ۔

جناب والا ۔ بھلا کوئی ایسا احمق کاشتکار بھی ہوگا جو سرکار کا ایک چوتھائی حصہ پیداوار مالیہ تو نہ دے مگر اپنی کل جمع اور تشخیص کو

کالعدم قرار دلوا لے اور ایک چوتھائی کی بجائے ساری پیداوار سرکار کے حوالے کر دے ؟ پھر جناب والا سب سے عجیب و غریب دفعہ اس قانون کی یہ ہے کہ کسی کاشتکار کے باپ دادا کے کئے ہوئے تمام معاہدات کو بھی کالعدم قرار دیا جا سکے گا خواہ وہ کس قدر صحیح یا ایماندارانہ ہوں ۔ بھلا کسی کے باپ دادا کو کیا خبر ہوگی کہ میرا برخوردار بڑا ہو کر مالیہ سرکار دینے کی استطاعت بھی نہیں رکھے گا جس کے خطرے کے پیش نظر وہ غلط معاہدے کرکے اپنی زمین کسی غیر کے حوالے کر دے گا ؟ وراثت کے لحاظ سے باپ اپنی ساری جائداد اپنے بیٹے کو ہی دینا چاہے گا مگر یہاں گورنمنٹ یہ ناجائز اختیار بھی اپنے ہاتھ میں لینے کو تیار ہے کہ نادھند کے باپ دادا کے جائز اور صحیح معاہدات بھی منسوخ اور کالعدم سمجھے جائیں گے یہ عجیب و غریب دفعہ ہے اور یہ جمع تشخیص کو کالعدم کرنے کی دفعہ سراسر غلط اور ناجائز ہے ۔ لہذا جناب والا ۔ میں گذارش کروں گا کہ میری ان گزارشات کے پیش نظر ایسی نقائص والی دفعات اور تحتی دفعات کو خارج کرکے قانون پاس کیجئے ان نقائص والی دفعات کو قانون میں شامل نہیں کرنا چاہئے ۔

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صرف enabling clause ہے ضروری نہیں کہ اس کی ضرورت پڑے بلکہ محض یہ ایک پرانی کلاز اور دفعہ چلی آتی ہے ۔ خدانخواستہ کہیں ضرورت پیش آ جائے تو اس . . . .

خواجہ محمد صفدر ۔ اس ہتھیار کو استعمال کر لیں گے ۔

وزیر مال ۔ میں تو اس کو ہتھیار بھی نہیں کہوں گا یہ ایک مالیہ کی وصولی کا طریقہ ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ ہائیڈروجن بم ہے جس کو یہ اپنے اسلحہ خانہ کی زینت بنا رہے ہیں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ خواجہ محمد صفدر کے کہنے پر ہم نے کئی ایک سخت کلازیں قانون سے نکال دی ہیں پانچ سال کی بجائے ایک سال اور ۱۵ سال کی بجائے دس سال کرکے کئی سختیاں اور زیادتیاں کم کر دی ہیں ۔ اس موجودہ دفعہ کا کوئی حرج نہیں ہوگا ۔

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment. The question is :

That for clause 92 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"92 Annulment of assessment of holding. (1) When an arrear of land-revenue has been due for a longer period than one year, and the foregoing processes are not deemed sufficient for the recovery thereof, the Board of Revenue may in addition to or instead of all or any of those processes, order the existing assessment of the holding in respect of which the arrear is due to be annulled.

(2) The provisions of this section shall not be put in force for the recovery of an arrear of land-revenue which has accrued on land :—

(a) while under the attachment under section 91, or

(b) while under the charge of the Court of Wards.

(3) When the assessment of any land has been annulled under sub-section (1), the Collector may, with the previous sanction of the Board of Revenue, manage the land either himself or through an agent, or let it in farm to any person willing to accept the farm for such term and on such conditions as may be sanctioned by the Board of Revenue :

Provided that the term for which land may be so managed or farmed shall not be longer than ten years from the commencement of the agricultural year next following the date of the annulment.

(4) Sometime before the expiration of the aforesaid term, the Collector shall determine the assessment in respect of the holding for the remainder of the term of the current assessment of the District or Tehsil, and, when that assessment has been sanctioned by the Board of Revenue, shall announce it to the land owner.

(5) The land-owner may give notice to the Collector of refusal to be liable for the assessment within thirty days from the date on which the assessment was announced to him.

(8) If notice is so given, the Collector may, with the previous sanction of the Board of Revenue, take the holding under direct management or farm it for the remainder of the term of the current assessment of the District or Tehsil, or for any period within that term which the Board of Revenue may fix.

(7) The Board of Revenue may direct that any contract made by the defaulter, or by any person through whom the defaulter claims with respect to any land comprised in an holding of which the assessment has been annulled, shall not be binding on the Collector or his agent or farmer during the period the holding remains under the management of the Collector or his agent or is let in farm."

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That clause 92 as substituted do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 94

Mr. Deputy Speaker : Clause 94. Amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"94. When an arrear of land-revenue has accrued and the foregoing processes are not deemed sufficient for the recovery thereof, the Collector, with the previous sanction of the Commissioner may in addition to, or instead of, all or any of those processes and subject to the provision hereinafter contained, sell the holding if the area of the same is more than twenty-five acres in respect of which the arrear is due :

Provided that land shall not be sold for the recovery of any arrear which has accrued while the land was under the charge of Court of Wards, or under attachment or under direct management of the Collector or in farm under orders of a Revenue Officer."

Mr. Deputy Speaker : Amendment moved is :

That for clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"94 When an arrear of land-revenue has accrued and the foregoing processes are not deemed sufficient for the recovery thereof, the Collector, with the previous sanction of the Commissioner, may in addition to, or instead of, all or any of those processes and subject to the provision hereinafter contained, sell the holding if the area of the same is more than twenty-five acres in respect of which the arrear is due :

Provided that land shall not be sold for the recovery of any arrear which has accrued while the land was under the charge of Court of Wards, or under attachment or under direct management of the Collector or in farm under orders of a Revenue Officer."

Minister of Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ دفعہ نمبر ۹۴ میں جو اصول ہے اس میں یہ قرار دیا گیا ہے (چونکہ میں چاہتا ہوں کہ اس کلاز کے اصولوں پر یکبارگی ہی بات کر جاؤں) کہ جب مالیہ کے واجبات بقایا ہوں تو اس متعلقہ شخص کی گرفتاری سے قبل اور جائیداد منقولہ کی فروخت اور تشخیص مالیہ کی منسوخی وغیرہ پر کاربند رہ کر بھی اگر اس بقایا کی وصولی نہ ہو سکے ، تو پھر مالیہ کی وصولی کا جو طریق کار ہے ، وہ یہ ہوگا کہ کلکٹر بورڈ آف ریونیو سے اجازت لے کر اور وہ تمام سابقہ processes جو کہ میں نے بیان کی ہیں ان کا اطلاق کرنے کے بعد اراضی فروخت کر سکے گا ۔ جناب والا ۔ اس میں exemptions دی گئی ہیں کہ زمین کو فروخت نہ کیا جائے اگر وہ بقایا جات اس زمین سے واجب الادا ہوں جو کہ کورٹ آف وارڈز کی تحویل میں ہو یا جہاں پر وہ اراضی دیوانی عدالت یا ریونیو کورٹ کے احکام کے تحت پہلے ہی فرق شدہ ہو یا دفعہ نمبر ۹۲ کے تحت ان بقایا جات کو منسوخ کر دیا گیا ہو ۔ اس وقت بقایا واجب الادا ہو ۔ تو زمین کو فروخت نہ کیا جائے ۔ یہ تین exemptions اس صورت میں دی جانی چاہئیں کہ جس صورت میں کسی گورنمنٹ ایجنسی کی غفلت سے واجبات واجب الادا ہوں ۔ لیکن کسی مالک کے نادہند ہو۔ کی صورت میں اس کی جائیداد کو فروخت کر

سکتے ہیں ۔ میں نے اس میں یہ تجویز کیا ہے کہ جب کہ مالیہ کے بقایا جات واجب الادا ہوں اور دفعہ نمبر ۹۰ سے نمبر ۹۳ تک یا اس سارے chapter میں دیئے گئے ذرائع کے نفاذ کے بعد بھی مالیہ کے بقایا جات کی وصولی نہ ہو ، تو پھر اس کے بعد کلکٹر اس زمین کو فروخت کرے ۔ لیکن اس کے لئے یہ طریق کار اختیار کیا جائے کہ پہلے وصولی کے لئے جو تمام طریق کار دیا گیا ہے ۔ اس پر عمل کیا جائے ۔ اب آپ ملاحظہ فرمائیں کہ میرا خدشہ یہ ہے کہ اس کلاز کی زد میں بڑے زمیندار تو نہیں آئیں گے اور جیسا کہ کل بھی اس معزز ایوان میں کہا گیا ہے کہ اس کی زد ان لوگوں پر نہیں پڑے گی جو کہ بڑے بڑے مال کے مالک ہیں کیونکہ وہ اپنی زمین کا کچھ حصہ فروخت کرکے ان واجبات کو ادا کر دیں گے لیکن چھوٹے زمیندار اس قانون کی زد میں آ جائیں گے ۔ میرے پاس ایک چھوٹی سی quotation ہے ، سندھ ہاری کورٹ کی جس سے کہ یہ ثابت ہوگا کہ سندھ کے ہاری کس قدر زبون حال ہیں ۔ تو اگر کوئی زمیندار کسی چھوٹے سے بقایا سے بھی فارغ نہ ہو سکا ، تو اس قانون کا اطلاق بالخصوص سندھ میں ہوگا ۔

Minister of Law : This does not affect the Haris. Hari is not a land owner.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ quotation دی ہے جو کہ ان کے ایک آئی ۔ سی ۔ ایس افسر نے ۱۹۴۸ء میں چھوٹے زمینداروں کے متعلق دی ہے اور وہ آئی ۔ سی ۔ ایس افسر اس وقت بھی ملازمت کر رہے ہیں ۔

They are human-beings and as such rational animals, and though they judge like domesticated animals, they enjoy no privileges of rationality nor any rights.

Mr. Deputy Speaker : How is it relevent ?

Malik Muhammad Akhtar : It is relevant because only the small zamindar is going to be affected.

Mr. Deputy Speaker : Say how he is being affected ; his condition is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : This clause will be wholly, solely and only applicable to the peasants having small holdings.

Mr. Deputy Speaker : No ; it is applicable to every one.

Malik Muhammad Akhtar : It is not applicable to you or to any other zamindar. We can sell a portion of our land and make payment but a man.....

Mr. Deputy Speaker : Does the Member understand what is the meaning "of being applicable to" ?

Malik Muhammad Akhtar : "Applicable" means Sir that—if you allow me, I may be in a position to satisfy your honour.—if a person has got scattered holdings in ten different estates and arrear is in respect of one estate, only, he can just make the payment of the arrear by selling any part of his land, and if there is a small holding of two or three acres and arrears range into a thousand or Rs. 500/-; if they are continuous ; if they are allowed to rise to that extent ; in that case the holding will be affected, and the kind of holding to be affected is solely, only the solitary holding of a very small peasant. This is, Sir, what I mean to say that there are...

scattered or small holdings اس لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ سندھ میں زیادہ ہیں ۔ اس قانون کے اطلاق کے لئے میں جناب وزیر قانون کے ارشادات سے اتفاق نہیں کرتا کیونکہ یہ ہر مالک زمین پر applicable نہیں ہوتا ہے اور چھوٹے مالکان اراضی زیادہ تر اس کی زد میں آئیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : Go on to fresh argument.

ملک محمد اختر ۔ یہ دفعہ جو فروخت کے متعلق ہے اس کے لئے شاید آپ میرے نکتہ کو appreciate کریں ۔ کہ یہ متعدد قوانین سے متصادم ہوتی ہے ۔ میری مراد ہے Punjab Alienation of Land Act 1931 سے اور اس کی Subsequent Amendment 1938 سے ۔ اس کے تحت کسی کی زرعی زمین کو ٹرانسفر نہیں کیا جا سکتا ۔ جب تک ڈپٹی کمشنر اجازت نہ دے

یہ درست ہے کہ اس قانون کا اطلاق پنجاب پر ہوتا ہے تو آپ فرمائیں گے پنجاب اس قانون کی زد میں نہیں آئے گا ۔

جناب والا ۔ اس میں ایک اور بات دیکھیں ۔ وہ Reference No. 10 of 1936 of the High Court ہے اگر اس کو hold کیا گیا ہے تو اس کی موجودگی میں یہ دفعہ غیر موثر اور غیر قانونی ہو کر رہ جاتی ہے ۔

"It was soon found that it required further amendment in civil reference No. 10 of 1936. High Court held that in execution of a decree a civil court may order temporary alienation of a land of judgment debtor, who is a member of an agricultural tribe for a full period of 20 years irrespective of any previous alienation."

Mr. Deputy Speaker : The Member is irrelevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس transfer of holding کی زد میں صرف چھوٹے زمیندار آئیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : That argument the Member has already made. I will not allow repetition.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس کی زد میں بڑا زمیندار کبھی نہیں آئے گا ۔ قانون میں جو یہ دفعہ رکھی گئی ہے یہ نہایت ہی ظالمانہ دفعہ ہے اسے منسوخ یا delete کرنا چاہیئے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is—

That for clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"94. When an arrear of land-revenue has accrued and the foregoing processes are not deemed sufficient for the recovery thereof, the Collector, with the previous sanction of the Commissioner, may in addition to, or instead of, all or any of those processes and subject to the provision hereinafter contained, sell the holding if the area of the same is more than twenty-five acres in respect of which the arrear is due :

Provided that land shall not be sold for the recovery of any arrear which has accrued while the land was under the charge of Court of Wards, or under attachment or under direct management of the Collector or in farm under orders of a Revenue Officer."

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment is by Khawaja Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

That in clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the word "deemed", occurring in line 3, the word "proved" be substituted ; and the words and commas "in addition to, or instead of, all or any of those processes, and", occurring in lines 5 7, be deleted.

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the word "deemed" occurring in line 3, the word "proved" be substituted ; and the words and commas "in addition to, or instead of, all or any of those processes, and", occurring in lines 5-7, be deleted.

Minister for Revenue : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب والا - اس ترمیم کی غرض و غایت یہ ہے اصل کلاز میں یہاں سب کچھ محکمہ مال کے عمال پر چھوڑ دیا گیا ہے - جو وہ خیال کریں جو تصور کریں یا جو بھی ان کی رائے ہو اور سابقہ تمام ذرائع جن کو ہم منظور کر چکے ہیں، اگر وہ بقایاجات وصول کرنے کے لئے کافی نہ ہوں تو اس دفعہ کا سہارا لے کر باقیدار کی اراضی کو فروخت کر سکتے ہیں میں نے یہاں "deemed" کی بجائے "proved" کا لفظ درج کیا ہے "deemed" کے معنی Law Laxicon میں یہ ہیں -

"in estimation of, considered to be, supposed thing."

یہی نہیں اس میں آپ نے محکمہ مال کو بے پناہ اور وسیع اختیارات دے دیئے ہیں اور ان کے ذہن میں اگر یہ بات آ جائے گی کہ باقی تمام

ذرائع ناکافی ہوں گے یا وہ انہیں غیر ضروری سمجھیں گے تو وہ سیدھے ہی کسی زمیندار کی اراضی کو کچھ سنے بغیر فروخت کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہ تجویز جو میں پیش کر رہا ہوں صرف اس قدر ہوں گی کہ محکمہ مال کے عمال پابند ہوں گے ۔ وہ پہلے تمام ذرائع استعمال کریں گے جب وہ ناکافی ہو جائیں تو پھر اس کلاز کو استعمال کر سکتے ہیں ۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے ۔ اس کے علاوہ میرے خیال میں محکمہ مال کے عمال کو جو اتنے وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں اس ترمیم سے چھوٹے یا بڑے زمیندار کو آپ محکمہ مال کے قبضہ قدرت میں نہیں رہنے دیں گے ۔ اس کے آگے اسی کلاز میں یہ ارشاد فرمایا گیا ہے ۔

"In addition to, or instead of, all or any of those processes,"

دراصل یہ بھی "deemed" اور "proved" کی ایک corollary ہے ۔ یا اسی کی ایک شاخ ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ اگر محکمہ مال کے افسران سابقہ تمام ذرائع استعمال کرتے ہیں ۔ وہ چاہے ایک کو کریں یا دوسرے کو یا دونوں کو استعمال کریں ان کو تو پہلے ہی بڑے وسیع اختیارات حاصل ہیں ۔ اگر اس قسم کے مزید اختیارات دے دیئے گئے تو اس متشددانہ دفعہ کا غلط استعمال ہونے کا امکان ہو سکتا ہے اور ہمارے زمیندار جو اس صوبہ کی معیشت کا سہارا ہیں ان کی آسانی سے کمر توڑی جا سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا اور میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے عمال کو خواہ کوئی گورنمنٹ ہو اختیار دے اختیارات کے بغیر کوئی گورنمنٹ نہیں چل سکتی لیکن اختیارات ایک حد تک ہونا چاہیئے جن کا وہ غلط طور پر استعمال نہ کر سکیں اختیارات کی وسعت ان کی صوابدید پر نہ چھوڑی جاوے کہ وہ کسی کے ساتھ ظلم کریں خواہ کسی کے ساتھ ستم کریں خواہ کسی کے ساتھ رعایت برتیں ان کے لئے واضح طور پر ایک لائن کھینچ دی جائے کہ وہ اس لائن سے آگے نہ جا سکیں اور

اس لائن تک وہ اپنے اختیارات کو استعمال کر سکتے ہیں میری رائے میں میری تجویز جس کے متعلق میں نے یہ گذارش کی ہے صوبے کے لئے مفید ہے اور عمال کے مفاد میں بھی ہے اس سے خواہ بڑا افسر ہو یا چھوٹا افسر ہو اس کے ذہن میں یہ بات نہیں آئے گی کہ وہ اختیارات کا غلط طور پر استعمال کرے ۔ آج جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس دور میں یہ اشد ضروری ہے کہ ہم اپنے عمال کی زیادہ سے زیادہ نگرانی کریں اور اس لحاظ سے کہ وہ اپنے اختیارات ناجائز طور پر استعمال نہ کریں ۔ ہمیں ان کی کڑی نگرانی کرنی چاہئیے ۔ کڑی نگرانی نہ ہونے کے باعث آج حالات سدھر نہیں رہے ہیں بلکہ دن بدن ابتر ہوتے جاتے ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ عمال کے اختیارات میں اضافہ کیا جائے اور ان کے اختیارات وسیع کر دیئے جائیں تاکہ وہ ان کا غلط استعمال کر سکیں ۔

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) ۔ جناب سپیکر۔ کلاز ۹۴ کے پڑھنے سے یہ چیز از خود ظاہر ہو جاتی ہے ۔ یہ کلاز کہتی ہے ۔

"When an arrear of land-revenue has accrued and the foregoing processes are not deemed sufficient....."

اس کا مطلب یہ ہے foregoing processes جب ناکافی ثابت ہو جائیں اس کے علاوہ اسی کلاز کے نیچے پرانی کلاز ہے اس کے نیچے commentary ہے وہ میں جناب کی خدمت میں عرض کر دوں اور یہ پرانے لینڈ ریونیو ایکٹ کی پرانی کلاز ۵۷ ہے ۔

"These measures can only be adopted when all the foregoing processes are deemed insufficient. The sanction of the Financial Commissioner is required and in order to obtain it the Deputy Commissioner would be required to prove that the proprietor was hopelessly insolvent."

یہ اس قدر insufficient ہے کہ ریونیو افسر صاحبان خود اپنی خوشی سے اس پر عمل نہیں کر سکتے اور اس کا ثبوت میں یہ عرض کروں گا کہ

خواجہ صاحب کے پاس شاید کوئی ایسی مثال نہیں ہوگی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کوئی مثال نہیں ہے ۔

وزیر مال ۔ جب کوئی مثال نہیں ہے تو پھر یہ الزام لگانا کہ ریونیو افسر یا عمال جن کو یہ اختیارات دیئے جائیں گے وہ اس کا غلط استعمال کریں گے از خود اس argument کی تردید کرتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is –

That in clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the words "are not deemed" occurring in lines 2-3, the words "have not proved" be substituted and in clause 94 so amended, the words and commas "in addition to, or instead of, all or any of those processes, and" occurring in lines 5-7, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment by Khawaja Muhammad Safdar at No. 1 received today is ruled out of order. Next amendment.

ملک محمد اختر (لاہور–۲) ۔ جناب سپیکر ۔ دفعہ ۹۵ ۔ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ کیا تاثرات ہوں گے اگر کسی زمین پر کوئی بار ہو یا کسی کی زمین mortgage ہو یا اس میں کسی دوسرے کا حصہ ہو یا اس کے قبضہ میں اس وقت زمین نہ ہو تو ایسی صورت میں دفعہ ۹۵ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اس زمین کو جب فروخت کیا جائے گا تو دفعہ ۹۴ کے تحت وہ تمام ادائیگیوں اور contracts سے مبرا بیچی جائے گی ۔ جناب والا آپ اندازہ فرمائیں ''پنبہ کجا کجا نہم''

خواجہ محمد صفدر ۔ ''تن ہمہ داغدار شد'' ۔

ملک محمد اختر ۔ یعنی یہ اندازہ فرمائیں کہ ''اونٹ رے اونٹ تری کون سی کل سیدھی ہے'' جناب والا ۔ اس قانون کی کوئی دفعہ اور کوئی کلاز–––اب یہ قانون اونٹ پرجا رہا ہے چونکہ وہاں ریگستان ہے ۔ آپ

اندازہ فرمائیے کہ اس دفعہ کے ہونے کے بعد کیا کسی زمیندار کے لیے یہ باقی رہ جاتا ہے کہ زرعی اراضی کو کسی کے پاس رہن رکھ کر یا کسی اور صورت سے قرضہ حاصل کر سکے ۔ جناب والا ۔ حکومت کے جو واجبات ہیں ان کو priority حاصل ہوتی ہے اگر کسی زمیندار کی کوئی زمین attach کر کے فروخت کردی جائے گی تو وہ encumbrances سے مبرا ہو گی ۔ جناب والا ۔ بسا اوقات یہ دیکھا جاتا ہے کہ ۱۵ سال یا دس سال کے لیے اگر کسی نے اپنی زمین کسی کے ہاتھ فروخت کی ہے تو اس کو ڈپٹی کمشنر mortgage میں convert کر دیتا ہے تو جناب والا ۔ وہ بھی encumbrance ہے یعنی وہ encumbrance ڈپٹی کمشنر نے پنجاب Alienation ایکٹ کے تحت باضابطہ اور قانونی حیثیت سے عاید کی ہے اس کے بعد جناب والا ۔ کوئی ایسے بھی attachments ہیں جو سول پروسیجر کوڈ کے تحت بذات خود کلکٹر نے کئے ہیں اور ایگریکلچرل لینڈ کے ہوتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not an encumbrance.

Malik Muhammad Akhtar : Why ?

Mr. Deputy Speaker : Attachment by the Collector is not an encumbrance.

Malik Muhammad Akhtar : What about the action of the Collector subsequent to which the attachment has been done?

Kazi Muhammad Azam Abbassi : I beg to move-

> That in clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or", occurring in line 8, be deleted.

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration amendment moved is-

> That in clause 94 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or", occurring in line 8, be deleted.

Minister for Revenue : Not opposed.

Mr. Deputy Speaker : As the amendment is not opposed, it stands carried. Next amendment by Khawaja Muhammad Safdar. This is for the deletion of the clause.

Khwaja Muhammad Safdar : Not moving.

Mr. Deputy Speaker : I will put the clause as a whole.

The question is.

That clause 94, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 95

Mr. Deputy Speaker : Clause 95, Malik Muhammad Akhtar to move his amendment.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

That for clause 95 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"95. Land sold shall be subject to all encumbrances, and contracts previously made by the landowner."

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 95 of the Bill, as reported by the Selecot Committee, the following be substituted, namely :—

"95. Land sold shall be subject to all encumbrances, and contracts previously made by the landowner."

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) ۔ کیا وہ سارے کا سارا قرضہ write off نہیں ہوجائے گا ۔ جناب والا ۔ یہ عجیب و غریب قسم کا تضاد پایا جاتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص نے بھی لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ء جس سے یہ دفعہ مستعار لی جا رہی ہے ۔ بنایا تھا یا وہ مکمل طور پر قانون سے بے بہرہ تھا یا اس نے دیگر قوانین کے تحت جو liabilities تھیں ان کو درخور اعتنا نہیں سمجھا جناب والا ۔ کیا یہ حکومت کا فرمان خداوندی ہے کہ ایک زمین جس کی مالیت ۱۰ ہزار روپے ہے اور اسے ۸ ہزار روپے کے لیے رہن رکھ دیا گیا ہے یا mortgage کر دیا گیا ہے تو یہ کہاں تک جائز ہے کہ وہ ۸ ہزار روپے بھی گئے جناب والا ۔ بسا اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ ان کا مالیہ جو ہے اس کے لیے

کسی process کے تحت کسی کی منقولہ اور غیر منقولہ جائداد جب فروخت کی گئی ہے ۔ اس کی auction price بہت معمولی تھی ۔ چنانچہ وہ زمین کوڑیوں بھاؤ فروخت ہوئی ۔ جناب سپیکر۔ اب آپ اندازہ فرمائیں جب مالیہ کے حصول کیلئے کسی کی زمین فروخت کرنا تھی تو اس کے تمام encumbrance ختم ہو جائیں گے خواہ اس property کی قیمت کچھ بھی کیوں نہ ہو اس کے بعد جو second abuse of power کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ ایجنسی سے اس property کا auction کرایا گیا ہے ۔ ظاہر ہے کہ جب کسی گورنمنٹ agency سے کسی زمین کا auction کرایا جاتا ہے تو خواہ مخواہ اس پراپرٹی کی قیمت کم ہوتی ہے ۔ میرے دوست ۔' آئین کی اس دفعہ کو بار بار repeat کیا ہے اور یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس سے fundamental rights کی کوئی دفعہ متصادم نہیں ہوتی اس لیے کہ یہ ایک second constitution ہے ۔

جناب والا ۔ ملک قادر بخش صاحب اعتراض فرما رہے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

ملک محمد اختر۔ مجھے جناب یہ درخواست کرنی ہے کہ یہ جو تین چار اشخاص آپوزیشن میں رہ گئے ہیں ان کی خدمات کو ٹرانسفر کر دیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment to vote. The question is :

> That for clause 95 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—
>
> "95. Land sold shall be subject to all encumbrances, and contracts previously made by the land-owner."

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment by Malik Muhammad Akhtar; it is ruled out of order.

Next amendment by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving Sir.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment again by Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving Sir. I am not moving the other as well.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment by Minister for Law.

Minister for Law : Sir, I beg to move :

That for para (b) of sub-clause (2) of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"(b) any encumbrance, grant or contract in respect of which the Commissioner is satisfied was entered into in good faith, and is proclaimed as hereinfter provided ''

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for para (b) of sub-clause (2) of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"(b) any encumbrance, grant or contract in respect of which the Commissioner is satisfied was entered into in good faith, and is proclaimed as hereinafter provided."

Minister for Revenue : Not opposed.

ملک محمد اختر ۔ Opposed مجھے بہت دکھ اور افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت کے ارکان سے جو Boxing ہوئی ہے اس زیر بحث قانون کے سلسلے میں ۔ میں اپنے ان الفاظ کی معافی چاہتا ہوں اور ان کو واپس لیتا ہوں ۔ اور یہ عرض کروں گا کہ حکومت کی پارٹی سے بہت بڑی جدو جہد کے بعد جو چیز ہم یہاں منوا رہے تھے وہ ایک اژدھے کی صورت میں پھر ظاہر ہوئی ۔ اژدھے کو خواہ کیسا ہی paint کردیا جائے لیکن پھر بھی وہ اژدھا ہی رہے گا ۔ اس لیے اس بل کو جس صورت میں بھی paint کیا گیا ہے وہ ہمارے دماغوں کے لیے قابل قبول نہیں ہے ۔ میں بہت مودبانہ طور سے آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ دفعہ ہمارا دل قبول نہیں کرتا ہے ۔ اور نہ اسے دماغ مانتا ہے ۔ بلکہ دل یہ

چاہتا ہے کہ اس ظالمانہ قانون کی کسی دفعہ کو بھی بلا تبصرہ نہ پاس ہونے دیا جائے ۔ چونکہ ہمارا حق ہر دفعہ پر تبصرہ کرنے کا ہے اس لیے ہم نہیں چاہتے ہیں کہ اس قانون کی کسی دفعہ کو unopposed جانے دیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : This amendment is being put in good faith.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ سول کورٹ کو rights دینے کے لیے تیار نہیں ہیں ۔

If the Commissioner is satisfied, why should only a Commissioner be satisfied, why not the other Courts.

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant to the amendment.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں کہتا ہوں کہ کمشنر کے بجائے یہ حقوق دیوانی کی عدالت کو کیوں نہیں دئیے جاتے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not the amendment ; the amendment is moved in good faith.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I would try to satisfy you.

Mr. Deputy Speaker : No the Member is not relevant. I will now put the amendment to vote. The question is :

> That for para (b) of sub-clause (2) of clause 95 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—
>
> "(b) any encumbrance, grant or contract in respect of which the Commissioner is satisfied was entered into in good faith, and is proclaimed as hereinafter provided."

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment by Mr. Hamza, & Khawaja Muhammad Safdar.

Mr. Hamza : Not moving Sir.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving Sir.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment by Haji Sardar Atta Mohd. he is not present.

I will now put the clause as a whole.

The question is:

That clause 95, as amended do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 96

Mr. Deputy Speaker : Clause 96 ; first amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"96. (1) If the arrear cannot be recovered by any of the processes hereinafter provided, or if the Commissioner considers the enforcement of any of those processes to be inexpedient, the Collector may, where the defaulter owns any other estate or holding, or any other immovable property, proceed under the provisions of this Act against that property as if it were the land in respect of which the arrear is due :

Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment.

(2) When the Collector decides to proceed under this section he shall issue a proclamation prohibiting the transfer or charging of the property.

(3) Any private alienation of the property or of any interest of the defaulter therein, whether by sale, gift, mortgage or otherwise, made after the issue of the proclamation and before the withdrawal thereof shall be void.

(4) In proceeding against property under this section, the Collector shall follow, as nearly as the nature of the property may admit, the procedure prescribed for the enforcement of process against land on which an arrear of land-revenue is due."

Mr. Deputy Speaker : In sub-clause (1) of the amendment the Memebr has talked about 'estate'. I think he knows that we have done away with 'estates'. Khawaja Sahib we have done away with 'estates'. In this amendment which he seeks to substitute for clause 96 he has used the worp 'estate'.

Malik Muhammad Akhtar : I realise it, you can rule it out of order.

A voice : It may be withdrawn. (*interruptions*).

Khawaja Muhammad Safdar : It is necessary to keep the word 'estate' here.

"...whether the defaulter owns any other estate or holding".

میرا خیال ہے کہ محترم قائد ایوان کو زیادہ پتہ ہوگا اور ایک ایسٹیٹ ملک خضر حیات خان کی ہے -

وزیر زراعت - ۵۰۰ ایکڑ سے زیادہ کوئی رقبہ نہیں رکھ سکتا -

خواجہ محمد صفدر - میں کہتا ہوں کہ اس لفظ کو اس کلاز میں شامل کرنا مناسب کیسے ہو سکتا ہے ؟ شاید ہی صوبے میں کوئی ایسا آدمی ہو جو پوری ایسٹیٹ کا مالک ہو - چھوٹی اور بڑی دونوں ایسٹیٹ آپ بنا سکتے ہیں اور یہ بھی نہیں کہ دو ہزار ایکڑ اور کہیں نہیں لکھا ہوا کہ ایسٹیٹ میں دو ہزار ایکڑ ہوں گے -

وزیر زراعت - یہ تو نہیں ہے - بالعموم لینڈ ریفارمز کے بعد ۵۰۰ ایکڑ سے زائد نہیں رکھ سکتے ہیں - عام طور پر ۵۰۰ ایکڑ رکھ سکتا ہے -

خواجہ محمد صفدر - عام طور پر تو درست ہے میں اتفاق کرتا ہوں - محترم قائد ایوان سے لیکن اگر کہیں کہ ایک بھی ایسٹیٹ ہوگی تو impression وہی تھا - - - - بھر بھی یہ لفظ رکھنا ضروری ہے -

Mr. Deputy Speaker : In 94 we deleted the word 'estate'.

خواجہ محمد صفدر ۔ وہاں delete کیا ہے جناب ۔ جہاں ہم نے collective ذمہ داری ڈال دی وہاں یہ تھا کہ ایک ایسٹیٹ میں ۱۰ مالک ہیں ۔ ہم ایک قصور وار کی نا دھندگی کی وجہ سے باقیوں کو ذمہ دار نہیں بنانا چاہتے ۔ ہم نے وہاں ''ایسٹیٹ'' کا لفظ حذف کیا ہے ۔ دراصل اس کا سیاق و سباق اور ہے ۔ ایسی آبادی میں ہو سکتا ہے کہ ایک فرد ایسا ہے جو پوری ایسٹیٹ کا مالک ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ لفظ رہنا چاہیے ۔

وزیر مال ۔ میں جناب اس کی اور وضاحت کر دیتا ہوں کیوں کہ ایسے معاملات میں مزید وضاحت کرنی پڑتی ہے ۔ مثلاً ایسٹیٹ نمبر خسرہ نمبر وغیرہ دینا پڑتا ہے ۔ ایسا نہیں ہوسکتا کہ فلاں ایسٹیٹ ہے اور ہم اس کو فرق کر رہے ہیں ۔ ہر ایک زمین کا خسرہ نمبر دینا ہوتا ہے ۔ تو اس کا مطلب کچھ نہیں نکلتا یہ ہو یا نہ ہو کچھ فرق نہیں پڑتا ۔

Malik Muhammad Akhtar : He is negativing his own clause as recommended by the Select Committee.

وزیر مال ۔ وہ بھی آپ کے سامنے آ رہا ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : May I support the argument of the Leader of the Opposition by quoting. . . . . .

Kazi Muhammad Azam Abbasi : On a point of order. He has already withdrawn his amendment. . . . . .

Malik Muhammad Akhtar : No, no.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Now, it is for the House to take a decision.

Mr. Deputy Speaker : If we see the definition of 'holding' :

"holding means a share or portion of an estate held by one land-owner or jointly by two or more land-owners."

Khawaja Muhammad Safdar : Holding and 'estate' are two diffe.ent things.

Mr. Deputy Speaker : 'Estate' will be an individual.....

Khawaja Muhammad Safdar : My point is that there is a difference between 'estate' and 'holding', 'estate' can constitute and can include so many holdings but 'holding' cannot include so many estates. This is the difference.

لیکن یہاں پوائنٹ صرف یہ تھا کہ کسی آدمی کی کسی اور جگہ ہولڈنگ ہے یا زمین ہے ۔ مثال کے طور پر ضلع سیالکوٹ میں ایک آدمی قصور وار ہے اس کی جائیداد منٹگمری میں ہے وہ ایک پوری ایسٹیٹ کا مالک ہے تو وہ یہاں منٹگمری میں بھی قصوروار ہو گیا اور اس کی ساری کی ساری ایسٹیٹ جواب دہ ہوگی اور ذمہ دار ہوگی اس قصور کے لیے جو اس نے سیالکوٹ میں سرزد ہوا ہے ۔

وزیر مال ۔ ''ایسٹیٹ'' کے لفظ کا ہونا بالکل غیر ضروری ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ بے شک نہ مانیں میرا تو فرض تھا کہ میں اس کو پوائنٹ آؤٹ کرتا ۔

وزیر مال ۔ اس کا ہرگز کوئی مطالبہ نہیں ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : May I quote the definition of 'estate' ?

Mr. Deputy Speaker : I have seen it.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : My point is that he has withdrawn his amendment.

Mr. Deputy Speaker : He has not.

Malik Muhammad Akhtar : The Member should know the rule. 'withdrawal' comes after the House gives sanction.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I know the rule.

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, the ollowing be substituted, namely :—

"96. (1) If the arrear cannot be recovered by any of the processes hereinafter provided, or if the Commissioner considers the enforcement of any of those processes to be inexpedient, the Collector may, where the defaulter owns any other estate or holding, or any other immovable property, proceed under the provisions of this Act against that property as if it were the land in respect of which the arrear is due :

Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment.

(2) When the Collector decides to proceed under this section he shall issue a proclamation prohibiting the transfer or charging of the property.

(3) Any private alienation of the property or of any interest of the defaulter therein, whether by sale, gift, mortgage or otherwise, made after the issue of the proclamation and before the withdrawal thereof shall be void.

(4) In proceeding against property under this section the Collector shall follow as nearly as the nature of the Property may admit, the procedure prescribed for the enforcement of process against land on which an arrear of land-revenue is due."

Minister of Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - - -

Minister of Law : This has been already opposed.

Mr. Deputy Speaker : He had merely moved it and I had not proposed it to the House.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) - جناب سپیکر - میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ ایک اچھا لکتہ نظر آپ نے مجھے پیش کرنے کا موقع دیا۔

میں لے دراصل دفعہ ۹۶ کو اور تمام اصولوں کو ایک شرط کے ساتھ مانا ہے ۔ جناب والا ۔ انہوں نے قرار یہ دیا ہے کہ اگر کسی کے مالیہ کا بقایا تمام ان ذرائع سے بھی قابل وصول نہ ہو سکے ۔ یعنی گرفتاری ۔ نیلامی جائداد یا نیلام جو کہ منقولہ یا غیر منقولہ جائداد سے تعلق رکھتا ہو تو اس صورت میں بقایا جات کو اگر کمشنر سمجھے کہ کسی اور طریقہ سے قابل وصول قرار دینا ہے تو وہ کسی دوسرے کی ہولڈنگ کے متعلق کارروائی کرانے کا مجاز ہو گا ۔ کیوں کہ ابھی تک جو ہم نے فیصلہ کیا ہے وہ متعلقہ زمینوں کی فروخت یا سیل کا کیا ہے اور میں نے اس اصول سے اتفاق کیا ہے کہ جو immovable property ہو اس کی قرقی کے ذریعے سے یہ وصول کر لیں تو ایک قید اور پابندی لگائی ہے ۔ جناب والا ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member has sought to delete the proviso to the original clause which says :

> ".....no interest save those of the defaulter alone shall be so proceeded against,....."

The Member wants the interests of others also to be affected.

ملک محمد اختر ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب آپ کسی کی جائداد قرق کریں گے ۔ تو سول پروسیجر کوڈ ۱۹۰۸ء کے تحت ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member may see the proviso in the original clause, which he wants to substitute. In sub-clause there is a proviso :

> "Provided that no interests save those of the defaulter alone shall be so proceeded against,....."

The Member is seeking to delete that.

Malik Muhammad Akhtar : What I am saying, which I understand, is quite clear that :

> "If the arrears cannot be recovered by any of the processes hereinbefore provided....."

Mr. Deputy Speaker : Read the proviso in the original clause.

Malik Muhammad Akhtar :

"Provided that no interests save those of the defaulter alone shall be so proceeded against, and no encumbrances created, grants made or contracts entered into....."

Mr. Deputy Speaker : The Member wants to nullify this procedure. He wants others to be affected also.

Malik Muhammad Akhtar : Let them be affected. I am putting it in the way I consider it better.

جناب سپیکر ۔ میری گزارش یہ ہے کہ جب جائداد منقولہ کو قرق کریں گے تو اس صورت میں آپ متعلقہ اراضی کو جس حد تک چاہیں قرق کر سکتے ہیں ۔ لیکن ایسے مکانات یا بلڈنگ یا ان کے ساتھ جو میٹریل ہو یہ سول پروسیجر کوڈ کی دفعہ ہے ۔ جسے میں نے repeat کیا ہے ۔

"Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment."

جناب والا ۔ میں کوئی نئی رعایت نہیں مانگتا ۔ صرف یہ کلیم کر رہا ہوں کہ جب کسی بھی پراپرٹی کو قرق کرنا مطلوب ہو تو ایسی قرق کی صورت میں وہی استفادہ جو ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء کے تحت لوگوں کو حاصل ہے ۔ وہ یہاں بھی دیا جائے ۔ یعنی ان کے رہائشی مکان یا اس سے ملحقہ تمام بلڈنگ کو قرق نہیں کیا جا سکتا ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں ۔ بسا اوقات کاشت کاروں کے چھوٹے چھوٹے مکانات ہوتے ہیں ۔ تو یہ ان جھونپڑیوں کو بھی اور ایک کاشت کار کے بستر کو بھی ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : This relates to immovable property ; bedding is not an immovable property.

ملک محمد اختر ۔ وہ سامان جو سول پروسیجر کوڈ میں قرق نہیں ہو سکتا مگر یہ اسے بھی قرق کر سکتے ہیں ۔ یہ اس کی تمام منقولہ

پراپرٹی کو قرق کر سکتے ہیں ۔ صرف بیس سیر گندم کا بیج یا ایسا بیج جو اس زمین میں کاشت کیا جاتا ہے اسے چھوڑ کر وہ اس کی باقی ہر چیز کو قرق کر سکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Is bedding and utensils immovable property ?

ملک محمد اختر ۔ میں ایک مثال دے رہا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : 'Misaal' should be relevant.

ملک محمد اختر ۔ میں محض مثال دیتا ہوں ان کے ظلم کی نشان دھی کرنے کے لئے ۔ اگر irrelevant ہے تو چھوڑ دیتا ہوں ۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ ان کاشت کاروں کی نیم پختہ جھونپڑیاں جہاں وہ اپنے خاندان اور بال بچوں کے ساتھ سر چھپا کے بیٹھے ہیں یہ ان کو قرق نہ کریں ۔ شہروں میں تو محلات کو بھی قرق نہیں کیا جا سکتا ۔ اگر کسی کی دس لاکھ کی کوٹھی ہے اور اس کے سات پورشن ہیں تو وہ بھی قابل قرقی نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ دیہاتی آبادی کے ساتھ اس قسم کا horrible اور harsh سلوک کرنا ۔ یہ چیلنج ہے تمام peasantry کے لئے کہ وہ اس کے خلاف آج نہیں تو کل بغاوت کے طور پر اٹھ کھڑے ہوں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That for clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"96. (1) If the arrear cannot be recovered by any of the processes hereinafter provided, or if the Commissioner considers the enforcement of any of those processes to be inexpedient, the Collector may, where the defaulter owns any other estate or holding, or any other immovable property, proceed under the provisions of this Act against that property as if it were the land in respect of which the arrear is due :

Provided that houses and other buildings with material and sites thereof and land immediately appurtenant thereto and necessary for their enjoyment belonging to a defaulter and occupied by him or any other similar property exempted from attachment under the Code of Civil Procedure, 1908, shall not be liable to attachment.

(2) When the Collector decides to proceed under this section he shall issue a proclamation prohibiting the transfer or charging of the property.

(3) Any private alienation of the property or of any interest of the defaulter therein, whether by sale, gift, mortgage or otherwise made after the issue of the proclamation and before the withdrawal thereof shall be void.

(4) In proceeding against this property under this section, the Collector shall follow, as nearly as the nature of the property may admit, the procedure prescribed for the enforcement of process against land on which an arrear of land-revenue is due."

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment is by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That in clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, in sub-clause (1), the words and comma "or if the Commissioner considers the enforcement of any those processes to be inexpedient," occurring in lines 3-5, be deleted.

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, in sub-clause (1), the words and comma "or if the Commissioner considers the enforcement of any of those processes to be inexpedient," occurring in line 3-5, be deleted.

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Deputy Speaker : As the amendment is not opposed, it stands carried.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment is by Kazi Muhammad Azam Abbasi.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, I beg to move :

That in sub-clause (1) of clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or" occurring in line 6, be deleted.

Mr. Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in sub-clause (1) of clause 96 of the Bill, as reported by the Select Committee, the words "estate or" occurring in line 6, be deleted.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed Sir.

Minister of Revenue : Not opposed.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب والا ۔ یہ اس جوش میں کہ قانون کو بہتر کریں اسے disfigure کر رہے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member has himself proposed that.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ دیکھئیے یہ کہتے ہیں ۔

"The arrears cannot be recovered by any other process hereinafter provided."

جناب والا ۔ یہ اس ترمیم کے تحت estate کا لفظ نکالنا چاہتے ہیں کہ اس کی ضرورت نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ ابھی قائد حزب اختلاف نے بڑی وضاحت سے کہا ہے کہ جب ہماری مغربی پاکستان اسمبلی کے معزز اراکین نے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib, "holding" includes an "estate."

Malik Muhammad Akhtar : No Sir, "holding" does not include an "estate". An "estate" may include a "holding".

Mr. Deputy Speaker : If you see the definition of "holding", it says "holding" means a share or portion of an estate held by one land-owner or jointly by two or more land-owners.

Minister of Revenue : Portion of land, not the entire estate.

Minister of Law : There may be many holdings in an estate.

Minister of Revenue : Point of order, Sir. This point was discussed here threadbare very recently on a point of order.

Mr. Deputy Speaker : I know ; I will not allow any repetition ; rest assured.

Malik Muhammad Akhtar : I will not repeat that argument. I know how to oppose,

Minister of Revenue : If he will not repeat, Sir, then there is no other argument.

اگر میں جناب والا ایران کو پاکستان کا پالین باغ کہوں تو بےجا نہ ہو گا اس میں ہمارے لئے محبت کے پھول ہیں اس میں ہمارے لئے اخوت کے فوارے پھوٹتے ہیں اگر ایرانی قوم آج مسرور ہے تو ہم اپنے آپ کو اسی طرح مسرور پاتے ہیں ۔ جناب والا ابھی میں یہ عرض کر رہا تھا اس سے پہلے آج ایران نے تمدن و ترقی اور سطوت کی بہت سی منازل طے کی ہیں ۔ یہ دنیا کی قدیم ترین تہذیب ہے لیکن میں نے عرض کیا کہ گزشتہ دو صدیوں میں باقی دنیائے اسلام کی طرح گو یہ ملک بھی ادبار کی گھٹا میں گھر گیا لیکن پچھلے دس سال میں اس نے حیرت‌انگیز ترقی بھی کی ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ وہ تمام‌تر ترقی اس موجودہ فرمانروا کی مرہون‌منت ہے تو یہ بھی بےجا نہ ہو گا اس کی ترقی کا اندازہ لگائیں کہ آج سے ۱۰ سال پہلے ایک ایرانی کی اوسط سالانہ آمدنی ۶۵۰ روپیہ تھی اور آج ۱۲۰۰ روپیہ ہے ایرانی حکومت آئندہ ماہ میں ایک پانچ سالہ منصوبہ شروع کر رہے ہیں جس کی مالیت ۵۵ ارب روپیہ ہو گی یہ رقم وہی ہے جو ہمارے تیسرے پنج سالہ منصوبے کی مالیت ہے لیکن ہماری ۱۲ کروڑ آبادی ہے اور انکی آبادی دو کروڑ ہے اس لحاظ سے ان کا منصوبہ ہم سے پانچ گنا بڑا ہے ۔ وہ صنعتی

میدان میں موٹروں کی ضرورت اپنے ہاں سے پوری کرتے ہیں - ۶۰ فیصدی موٹر کار ان کے اپنے ہاں پیدا ہوتی ہیں اور ان کی موٹر کار کا نام پیکان ہے جس کے معنی تیر ہیں - دوسری ضروریات بھی ان کے اپنے کارخانوں میں تیار ہوتی ہیں - قائدایوان نے ارشاد فرمایا تھا کہ انہوں نے لینڈ ریفارمز کی ہیں لیکن انہوں نے کچھ زیادہ اس موضوع پر روشنی نہیں ڈالی - میں عرض کئے دیتا ہوں اس سے پیشتر ایران کے ۵ ہزار گاؤں تقریباً ایک ہزار خاندانوں میں تقسیم تھے لیکن موجودہ فرمانروا کی لینڈ ریفارمز کے بعد ان میں سے ۹۸ فیصدی خاندان چھوٹے زمیندار ہیں اور مزارعین تک انکی ملکیت چلی گئی ہے - صرف ۲ فیصد گاؤں ۵۰ ہزار میں سے لینڈلارڈز کے قبضہ میں رہ گئے ہیں اور باقیوں پر مزارعین کا قبضہ ہو گیا ہے - سب سے پہلے شہنشاہ ایران نے اپنی مثال پیش کی ہے انہوں نے اپنی زمین مزارعین میں تقسیم کر دی اور اس کے بعد تمام بڑے بڑے زمینداروں کو مجبور کیا کہ وہ اپنی زمینیں اسی طرح تقسیم کریں اور آپ یہ سنکر حیران ہونگے کہ گو وہ آج بھی پسماندہ ملک ہے لیکن وہاں یہ قانون رائج ہے کہ تمام صنعتی اداروں کا ۲۰ فیصد منافع ان صنعتی اداروں کے مزدوروں میں لازمی طور پر تقسیم کیا جائیگا - اس کا نتیجہ کیا نکلا کہ وہاں کارخانوں کی پیداوار کئی گنا بڑھ گئی اور دوسرے یہ کہ وہاں ہڑتالیں ناپید ہو گئی ہیں - وہاں ہڑتالیں ایسے قوانین بنانے کے بعد ناپید ہو چکی ہیں - جناب والا ایران گورنمنٹ نے ایک literary corps بنائی ہے - شہنشاہ ایران نے گذشتہ تین چار سال سے یہ مہم جاری کرائی ہے کہ جس کے ذریعہ تقریباً ۲۰ لاکھ ایرانیوں نے لکھنا پڑھنا سیکھا ہے - آپ غور فرمائیں کہ انہوں نے اپنی قوم کے لئے صنعتی میدان میں زرعی میدان میں علمی اور تعلیمی میدان

میں کس قسم کی اصلاحات نافذ کی ہیں اور انکے اثرات کیا مرتب ہو رہے ہیں - آج سے چند سال پہلے ہمارے ملک کی طرح وہاں امریکن ماہرین ایڈوائزرز اور ٹیکنیشنز کی بھرمار تھی لیکن آج وہاں کوئی امریکن ٹیکنیشن یا ماہر نہیں ہے - وہ اپنا کام خود کرتے ہیں - ہم نے ایک چھوٹی سی عمارت بنائی تھی مگر ہم نے غیر ملکی ماہرین سے اسکا نقشہ تیار کروایا انہوں نے اس سے بڑی عمارت جو کہ ان کی پارلیمنٹ کا ہیڈ کوارٹر ہے یعنی پارلیمنٹ کی بلڈنگ ہے انہوں نے مقامی طور پر اپنے ہی انجینیروں سے ڈیزائن کرائی ہے اور اپنے ٹھیکیداروں سے تعمیر کرائی ہے - وہ ترقی کی بہت سی منزلیں طے کر چکے ہیں - میں انکو اس ترقی پر مبارکباد دیتا ہوں اور میں دعا کرتا ہوں کہ وہ مزید ترقی کریں میں دعا کرتا ہوں کہ جس راستے پر شہنشاہ ایران گامزن ہیں اللہ تعالی ان کو مزید توفیق دے کہ وہ اپنی قوم کے لئے زیادہ محنت قربانی اور ہمت سے کام کریں تاکہ اپنے ملک کو زیادہ سے زیادہ ترقی اور بلندی پر پہنچا سکیں - میں قائد ایوان کا ممنوا ہوں کہ ہمارے یہ جذبات ایرانی گورنمنٹ تک پہنچا دئیے جاویں -

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ڈبلیو ۱۵۳ زون ۳) - صدر محترم - میں اس عظیم اور مقدس دن پر قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کے خیالات کی پوری طرح تائید کرتی ہوں - جناب والا - یہ دن بے حد مقدس ہے اس لئے کہ ہمارے ہاں شہنشاہ ایران اور شاہ بانو کی تاجپوشی کی خوشی میں یہ دن منایا جا رہا ہے - جناب والا - ایران سے ہمارے تعلقات ہمہ گیر ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ یہ کہ ہم ایران کے ساتھ اسلام کے مقدس رشتے میں وابستہ ہیں اور شہنشاہ ایران نے ہر مشکل وقت میں اور امتحان پر

پاکستان کو جس درجہ امداد فرمائی ہے ہماری پوری قوم ہمیشہ اس کی ممنون احسان رہے گی ۔ جناب والا ۔ شہنشاہ ایران کی ہستی ایک تاریخی ہستی ہے یہ وہ ہستی ہے جس نے ۲۶ سال کے طویل عرصہ میں اپنی قوم و اپنے ملک کے لئے جدوجہد کی جس نے یہ خوشی جو منائی جا رہی ہے اس میں کوئی جلد بازی نہیں کی ۔ میں ایک دفعہ شاہ ایران کی تقریر پڑھ رہی تھی جس میں انہوں نے فرمایا کہ میں اس وقت تک تاج پوشی نہیں کرانا چاہتا جب تک کہ میرے عوام کی حالت اچھی نہ ہو جائے ۔ جناب والا۔ اس طویل عرصہ میں شہنشاہ ایران نے اپنے عوام کے لئے جو اصلاحات نافذ کیں اور جن پر وہ عملی طریقہ سے بہت کاربند ہیں وہ اس کے لئے قابل مبارکباد ہیں ۔ تاریخ شہنشا ایران کو ہمیشہ یاد رکھے گی اس لئے کہ ایسے مرد مجاہد روز روز پیدا نہیں ہوا کرتے ۔ جناب والا ۔ میں پاکستان کی خواتین کی طرف سے اور خاص طور پر شاہ بانو کی خدمت میں ہدیہ عقیدت پیش کرتی ہوں ۔ شاہ بانو وہ خاتون ہیں ۔ جن کے سر پر ۲۵ اڑھائی ہزار سال کی طویل مدت کے بعد ایران کا تاج رکھا جائے گا ۔ اڑھائی ہزار سال کے طویل عرصہ میں کسی خاتون کو یہ عزت نصیب نہیں ہوئی تھی کہ اس کے سر پر ایران کا تاج رکھا جا سکے ۔ شاہ بانو اس لئے مبارکباد کی مستحق ہیں کہ وہ اڑھائی ہزار سال کی طویل مدت کے بعد ایران کی تاج پوشی کی رسم میں حصہ لیں گی ۔ جناب والا ۔ میں پاکستان کی خواتین کی طرف سے شاہ ایران اور ملکہ ایران کو خاص طور پر اس لئے مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے خواتین کے حقوق کی بے حد حفاظت کی ہے۔ شاہ ایران نے خواتین کو وہ حقوق عطا کئے ہیں جو اس سے پہلے ایران کی خواتین کو حاصل نہیں تھے۔ حق رائے دہی ایران کی خواتین کو میسر نہیں تھا ۔ انہوں نے آج سے تھوڑا عرصہ پہلے وہاں کی خواتین کو

یہ حق دیا ہے اور اس وقت وہاں کی پارلیمنٹ اور سینیٹ میں ۸ خواتین موجود ہیں ۔

جناب والا ۔ شاہ بانو اس لئے مبارک باد کی مستحق ہیں کہ وہ اپنی خواتین کے لئے ایک عام عورت کی طرح کام کرتی ہیں - اور وہاں کے ہسپتالوں اور یتیم خانوں میں ہر روز جاتی ہیں اور مریضوں اور یتیموں کی دیکھ بھال کرتی ہیں ۔ وہ ہمارے لئے قابل احترام اور قابل عقیدت ہیں ۔ اس لئے میں پاکستان کی خواتین کی طرف سے شاہ ایران اور شاہ بانو کی خدمت میں نہ صرف ہدیہ عقیدت پیش کرتی ہوں بلکہ انہیں مبارک باد دیتی ہوں کہ انہوں نے اپنے عوام کی بھلائی اور مفاد کے لئے جو کچھ کیا ہے معبود مقدس اس کے لئے ان پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔

Mr. Zain Noorani (Karachi - I) : Mr. Speaker, Sir, I consider it a great honour to associate myself with the Resolution moved by the Leader of the House, and so ably supported by the Leader of the Opposition, felicitating His Imperial Majesty, Muhammad Raza Shah Pehlvi, the Shahinshah of Iran, on his Coronation, and Her Imperial Majesty, the Shah Bano Ferah Pehlvi, on her being crowned today.

Sir, the Shahinshah is an exceptional man. He was born an autocrat but preferred to mould himself to be a democrat. He is a ruler whose heart throbs for the ruled. A King who believes in giving and not taking from his people. He is, Sir, a prince amongst men and a man amongst princes; a ruler, a leader, reformer, scholar, soldier and even an author, all in one. That Sir is what Muhammad Raza Shah Pehlvi, the Shahinshah of Iran, is. The popularity of the Shahinshah, and the love and esteem the people of Iran have for their ruler has been amply proved when probably for the first time in recent history, and probably the Shahinshah is the only living monarch for whom the people of his country rose like a man, united to a man, against his enemies, when in 1953, on the 16th of August, he left Iran, only to return back triumphant a hero and the beloved of the people, three days after he had left, on the 19th August, 1953.

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے Invisible Government پڑھی ہے ؟

Mr. Zain Noorani : What better homage, what better proof of love could the people of any country give than what the people of Iran did for the Shahinshah. And, Sir believe me, no King deserved it better than the Shahinshah. The 26 years that the Shahinshah of Iran has ruled have been a period of emancipation, of progress; emancipation from illiteracy and progress towards stability and self-sufficiency. During these 26 years, Muhammad Raza Shah Pehlvi has worked with single-minded determination to provide for his people all that he felt was their just right, and to give them that standard of living which they deserved. He was faced with many obstacles but he was never deterred from the course which he knew to be just.

Mr. Speaker, Sir, the Nine Point Reforms of the Shahinshah are the basis of the social revolution in Iran. The distribution of land to the landless, the suppression of the Azerbaijan Revolt, the White Revolution of the Shah and the people, which led to the freedom of 2/3rd of the population of Iran. Their fight against illiteracy, the emancipation of women, and above all, the evolution and promulgation of Iran's independent and national policy, have been responsible for making the Shah of Iran one of the most respected people in the international field.

Sir, Iran and Pakistan are two different countries, but with the same objects, with the same heritage and the same destiny. The Shah of Iran and President Ayub of Pakistan have realized this, and they have worked incessantly; towards bettering the relations these two countries, and working as a team for the greater good of the greater number of the peoples of these two countries. The love and esteem that the Shah of Iran has for Pakistan can be described in no better words than to quote the Shah himself. Addressing the tribal Chiefs in Peshawar in 1964, the Shah of Iran said : "I am confident that under the leadership of Field Marshal Muhammad Ayub Khan, the people of Pakistan will attain the zenith of progress and of development. The establishment of understanding and friendly cooperation between Pakistan and Iran is not only the time's necessity, but should be of such a nature as to set an example for all other Nations in this region of Asia, which share the same ideas and same aspirations." Sir, this is exactly the line on which we think of Iran also. Speaking of Iran, in 1964, President Muhammad Ayub Khan, while addressing the Iran-Pakistan Cultural Association of Tehran said : "Destiny has tied our two people together. In the manner in which the Government and the people of Iran see eye to eye on all matters is

surely gratifying. I know how solidly the Iranian Nation stands behind its Shahinshah. As faith and determination guide us in the form of our aspirations, so has the Shah been led in his far-reaching reforms by an undaunted faith in the future of his country."

Sir, it is because of this feeling of oneness amongst the two leaders and the people of the two countries that in 1963 the Regional Cooperation for Development was set up. The R.C.D. by its successful working has proved to the world that smallar Nations can exist in peace to prosper and to develop. Provided, they are ensured that they will not be the victims of Inerational intrigues, they can progress, can develop, can cooperate and can make their people happier and exist for peace in the world. This is the contribution, Sir, which the friendship of Iran, Pakistan and Turkey has given to the world, to the peace-loving world. I, Sir, therefore, congratulate the people of Iran not only on my own behalf but, I speaking on behalf of the common man of Pakistan also, and on their behalf I pray along with you all Sir, for the long life of Their Imperial Majesties, the Shah and the Shah Bano of Iran, and hope that they may live long and prosper and guide the destinies of Iran to greater glory and side by side with Iran we shall march forward to achieve that common destiny and that common goal of the entire Islamic World.

I thank you.

مسٹر سپیکر ۔ میں قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کا ممنوا ہوں کہ آج کا دن ہم سب کے لئے بلکہ تمام پاکستانی قوم کے لئے نہایت ہی مسرت اور شادمانی کا دن ہے کہ آج ایران کے عوام اپنے شہنشاہ کی رسم تاج پوشی منا رہے ہیں اور ہم اس مبارک موقع پر ان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں ۔ ہمارے جذبات اور ہمارے احساسات وہی ہیں جو آج ایرانی قوم کے احساسات و جذبات ہیں اور ہم ان کی خوشی میں برابر کے شریک ہیں ۔ ایران نے شہنشاہ محمد رضا شاہ پہلوی کے دور میں اور ان کے عہد حکومت میں جو ترقی کی ہے وہ بے مثال ترقی ہے ۔ اس ترقی پر نہ صرف شہنشاہ ایران مبارک باد کے مستحق ہیں بلکہ ایران کے عوام بھی مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ پاکستان کے ساتھ اور پاکستانی عوام کے ساتھ جو روابط اور مراسم اس دور حکومت میں قائم ہوئے وہ یقیناً پاکستانی قوم کے لئے نہ صرف

حوصلہ افزا ھیں بلکہ وہ ھمیشہ کے لئے یاد رکھے جائیں گے کیونکہ پاکستان اور ایران کے تعلقات صدیوں پرانے ھیں اور اس دور میں دونوں ملک قریب سے قریب اور ان کے روابط مضبوط سے مضبوط تر ھوتے گئے ھیں ۔ ھمیں امید ھے کہ یہ تعلقات آئندہ اور بھی زیادہ مضبوط ھوتے جائیں گے ۔

اس کے علاوہ ھماری جو امداد ۔ جو معاونت ھماری آزمائش کی گھڑیوں میں ایرانی قوم اور شہنشاہ محمد رضا شاہ پہلوی نے فرمائی وہ بھی یقیناً ھماری قوم ھمیشہ کے لئے یاد رکھے گی ۔ کیونکہ شہنشاہ محمد رضا شاہ پہلوی خود امن کے خواھاں ھیں اور انہوں نے دنیا میں اور دنیاوی سیاست میں ایک منفرد مقام حاصل کیا ھے ۔ ان کی وہ تمام پالیسیاں اور ان کا وہ نصب العین کہ وہ اپنے ملک میں یا ملک سے باھر ترقی اور امن کے خواھاں ھیں تمام دنیا پر واضح ھو چکا ھے ۔ اس موقع پر آج جبکہ ان کی رسم تاج پوشی منائی جا رھی ھے ھم دعا کرتے ھیں کہ ان کا عہد حکومت ایرانی قوم کے لئے اس سے بھی زیادہ مبارک ثابت ھو اور ایرانی قوم روز بروز ترقی کی منازل طے کرے ۔ اور ھم اس موقع پر شہنشاہ ایران اور ملکہ فرح پہلوی کے لئے لمبے عہد حکومت کے لئے دعا کرتے ھیں اور ان کی صحت کے لئے بھی دعا کرتے ھیں ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ جو قرارداد قائد ایوان نے پیش کی ھے اور جس کی تائید اور حمایت قائد حزب اختلاف نے کی ھے اس کو اس ھاؤس کی متفقہ حمایت حاصل ھے اور اس لحاظ سے یہ قرار داد متفقہ طور پر منظور کی جاتی ھے اور یہ قرار دیا جاتا ھے کہ مرکزی حکومت کی وساطت سے یہ قرار داد حکومت ایران کو بھیجی جائے ۔ (نعرہ ھائے تحسین)

BILLS

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1965

(resumption of consideration clause by clause)

CLAUSE 192 (A)

Mr. Speaker : The House will now resume consideration clause by clause of the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965. Clause 192 (A) which was moved by Kazi Muhammad Azam Abbassi.

Kazi Muhammad Azam Abbassi : I request that permission may kindly be granted to withdraw it.

Mr. Speaker : Has Kazi Muhammad Azam Abbassi leave of the House to withdrawn his motion for a new clause ?

(*The motion was by leave, withdrawn*)

Mr. Speaker : The new clause stands withdrawn. Next is by Haji Darya Khan Jalbani. Yes, Mr. Jalbani.

Haji Rais Darya Khan Jalbani : Sir, I beg to move :

> That after the proposed clause 192 A given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbassi, appearing at Serial No 136 the following new clause be added, namely :—
>
> "192-B. Notwithstanding anything contained in this Act, head-men(Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appointment be enforced in or made applicable to, any area or part of the Province the law in force immediately before the commencement of this Act did not provide for the making of such appointment or rules."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> That after the proposed clause 192-A given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbassi, appearing at Serial No. 136 the following new clause be added, namely :—
>
> "192-B. Notwithstanding anything contained in this Act, head-men (Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appointment be enforced in or made applicable to, any area or part of the Province where the law in force immediately before the commencement of this Act did not provide for the making of such appointment or rules."

POINT OF ORDER

RE : AN AMENDMENT BECOMING OUT OF ORDER ON ACCOUNT OF ITS BEING OUT OF PLACE

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۲) - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - آپ سے بہتر کون جانتا ہے کہ میں قانونی موشگافیوں کی اہلیت نہیں رکھتا لیکن

اس معزز ایوان کا ایک حقیر سا ممبر ہوتے ہوئے مجھے ذاتی طور پر محسوس ہوا ہے کہ جب ہم اس مسودہ قانون کی دفعہ ۳۶-۳۷ اور ۳۸ پاس کر چکے ہیں تو اس موقع پر یا اس مرحلہ پر جناب دریا خان جلبانی کی طرف سے یہ ترمیم پیش نہیں کی جا سکتی کیونکہ یہ ضابطہ کے خلاف ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اسی مسودہ قانون میں ہم یہ طے کر چکے ہیں کہ دفعہ ۳۶ میں

"Rules regulating appointment, etc., of village officers.

Village Officers Cess.

Restrictions on attachment or assignment of remuneration of village officers."

ابھی چند دن گذرے کہ آپ نے Parliamentary Practice by May کا حوالہ دیتے ہوئے اس قسم کی ترمیم کو جو بے موقع پیش کی گئی تھی خلاف ضابطہ قرار دیا تھا ۔

Mr. Speaker : Which amendment Mr. Hamza ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے متعلق مجھے صحیح یاد نہیں ہے تاہم اس موقع پر آپ نے اس ترمیم کو جو اس مسودہ قانون میں دی گئی پاس شدہ دفعات کی نفی کرتی تھی خلاف ضابطہ قرار دیا تھا ۔ جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے آپ نے اس وقت اسی کتاب کا حوالہ دیا تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب اس ترمیم میں confusion تھا میں نے ایسی ترمیم میں حوالہ دیا تھا اور اس کتاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ آپ ان امور کے متعلق مجھے قائل کریں کہ یہ ترمیم کیسے ہاؤس کے سامنے پیش کی جا سکتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرا اعتراض ۱۹۲ (بی) سے متعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر - میں نے ان کو یہ عرض کیا تھا کہ آپ یہ فرمائیں کہ صفحہ ۵۵۸ پر جو observation کی گئی ہے اس کے پیش نظر آپ کی ترمیم کیسے قابل پذیرائی ہے -

مسٹر حمزہ - جناب والا - میرے جو شک و شبہات ہیں آپ انکی ترجمانی کر چکے ہیں اس لئے میرے خیال میں مجھے اس کتاب سے حوالہ دینے کی چنداں ضرورت نہیں - میں آپ کا ہمنوا ہوں اور میری ذاتی رائے ہےکہ یہ موقع ترمیم دینے کا نہیں ہے وہ موقع گذر چکا ہے جب اس قسم کی ترمیم اس مسودہ قانون میں پیش کی جا سکتی تھی اس لئے میں التجا کروں گا کہ آپ اس ترمیم کو اس وقت پیش کرنے کی اجازت نہ دیں -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا- میں محترم حمزہ صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کی تائید کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ اس ترمیم میں کئی ایک نقائص ہیں - پہلا نقص یہ ہے کہ جس موقع پر یہ ترمیم پیش کی گئی ہے یہ موقع مناسب نہیں ہے - نئی ترمیم پیش کرنے کے متعلق یہاں پارلیمانی پریکٹس یہ ہے کہ اگر وہ مناسب موقع پر پیش نہ ہو تو وہ ترمیم خلاف ضابطہ قرار دے دی جائے گی - میں اس کے لئے May's Parliamentary Practice کے صفحہ ۵۵۱ کا حوالہ دوں گا - اسکے وسط میں پیرا گراف ۹ ہے -

"An amendment is out of order if it is offered at a wrong place in the Bill."

جس حصہ میں یہ ترمیم پیش کی جا رہی ہے یہ اس کے سیاق و سباق پر پوری طرح نہیں اترتی ہے - چاہئے تو یہ تھا کہ یہ ترمیم باب پنجم میں پیش کی جاتی تو پھر کوئی بات سمجھ میں آ سکتی تھی - یا کوئی نئی کلاز اس میں پیش کی جاتی تو پھر بھی کوئی بات سمجھ میں آ سکتی تھی - اس نکتہ کے متعلق میں نے آپ کی خدمت میں دو حوالے دئے ہیں ایک

May's Parliamentary Practice کے صفحہ ۵۵۱ کا حوالہ دیا ہے اور دوسرے Canon's Procedure کے صفحہ ۲۰۰ سے حوالہ دیتا ہوں ۔

"An amendment offered as an additional section must be germane to the portion of the Bill".

جناب والا - میرا دوسرا اعتراض اس کے متعلق یہ ہے کہ اگر کسی کلاز میں ترمیم سے کوئی مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے تو پھر وہ مقصد کسی نئی کلاز کو پیش کرکے نہیں حاصل کیا جا سکتا - اس کے لئے میں آپ کو May's Parliamentary Practice کے صفحہ ۵۵۸ پیرا نمبر ۴ کا حوالہ دیتا ہوں ۔

If it ought to be moved as an amendment to a clause of the Bill.

اور اس ترمیم کو اگر دفعہ ۳۶ میں ہم ترمیم کے طور پر شامل کر لیتے تو ہمیں یہاں ایک نئی کلاز کو پیش کرنے کی زحمت گوارا نہ کرنا پڑتی - اسکے بعد میرا جو تیسرا اعتراض ہے وہ سکوپ کو determine کرنیکا ہے - اس کے بارے میں عرض کروں گا کہ Preamble کو پڑھنے سے سکوپ کو determine کیا جاتا ہے ۔ کہ ایک بل کا سکوپ کیا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ Preamble پر نظر دوڑائیں تو وہاں یہ لکھا ہوا ہے کہ

"Whereas it is expedient to consolidate and amend the law relating to the making and maintenance of records-of-rights, the assessment and collection of land-revenue, . . ."

Sir, this is one from the objectives.

تو اس کے برعکس ہم یہاں یہ پیش کر رہے ہیں کہ اس صوبہ کے ایک حصہ میں Collection of Land Revenue کا طریقہ کار ہوگا۔ اور صوبہ

کے دوسرے حصوں میں یہ طریقہ کار نہیں ہوگا - جناب والا - میں اس سلسلے میں May's Parliamentary Practice کا حوالہ نہیں دونگا کہ beyond the scope کیا ہے - لیکن جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے کہ کیا ہم Preamble سے کسی قسم کے نتائج اخذ کر سکتے ہیں کہ اس زیر بحث بل کا کیا مطلب ہے اور وہ سکوپ کو determine کرنے میں ہماری مدد کر سکتا ہے - تو میں اس سلسلے میں

Maxwell's Interpretation of Statutes page 44, & 46.

کا حوالہ دیتا ہوں -

This is from Maxwell's Interpretation of Statutes, page 44 :

> "The Preamble of a statute even after repeal, has been stated to be a good means of finding out its meaning and, as it were, a key to the understanding of it as it usually states, or professes to state, the general object and intention of the legislature in passing the enactment."

page 46 :

> "The Preamble is legitimately invoked to determine the scope of the enactment."

تو جناب والا - اسطرح میں نے اپنے تیسرے اعتراض کو واضح کرنیکی کوشش کی ہے کہ یہ کلاز scope of the bill سے باہر ہے جیسا کہ بل کے Preamble سے ظاہر ہے اور بل کا سکوپ درست طور پر بل کے Preamble سے سمجھا کیا جا سکتا ہے کہ وہ کس حد تک وسعت چاہتا ہے بلکہ اب میں ایک اور اعتراض اٹھاتا ہوں کہ

It negatives the bill.

جناب اب پھر میں Preamble کا حوالہ دونگا کہ ہمارے ان دوستوں نے جو کہ اس وقت حکومت میں ہیں اور برسر اقتدار ہیں انہوں نے اس بل کو اس ایوان کو پیش کیا ہے ان کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ اس صوبہ میں قانون کی یکسانیت چاہتے ہیں ان کا مدعیٰ اس بل سے یہ ہے کہ صوبہ کے پورے عرض میں ایک جیسا قانون نافذ ہو اور یہی چیز Preamble سے ظاہر ہوتی ہے اگر جناب والا ہم اس کلاز کو منظور کر لیں تو اس حد تک کہ جس حد تک Land Revenue کی collection کا تعلق ہے ہم یکسانیت کے اصول کی خلاف ورزی کریں گے اور صوبے کے ¾ حصہ میں اگر مالیہ کے اکٹھا کرنیکا ایک نظام قائم ہوگا ۔ تو صوبہ کے ¼ حصہ میں کوئی دوسرا نظام ہوگا ۔ تو یہ جناب والا ان کے زبانی اور تحریری دعوؤں کے خلاف ہوگا اور یہ کلاز beyond the scope of the bill ہوگی ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کرونگا کہ محترم حمزہ صاحب نے آپ کو ایک حوالہ بھی دیا تھا اگر اس جگہ یہ ترمیم پیش کی جاتی تو کوئی بھی قانونی اعتراضات اس کلاز کے خلاف پیدا نہیں ہو سکتے تھے ۔ ماسوائے ان کے جو کہ میں نے ابھی ابھی عرض کئے ہیں جو اس بل کی منشا کے خلاف ہیں ۔ جناب والا ۔ میں آپ سے یہ درخواست کروں گا کہ آپ ازراہ کرم اس پر غور فرمائیں یہ در اصل اس بل کی بنیاد کو پھاڑنے کے مترادف ہوگا اگر ہم اس ایوان میں اس کلاز کو پیش کریں اور اس کو پاس کریں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم اس ملک میں کسی وقت بھی قانون کو یکساں طور پر یا یکسانیت کے ساتھ رائج نہیں کر سکیں گے یہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے اور اس لئے میں نے اس معزز ایوان کے چند منٹ اس مسئلہ کو پیش کرنے کے لیے لئے ہیں ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I will take up the objections of the Leader of Opposition as he has raised them. His first objection is that the object of the Government in bringing about this law, is the unification of various systems so far as the Land Revenue is concerned. It is true that that is the objective but he must not forget, and I suppose the whole House is conscious of the fact, that West Pakistan consists of various communities, and various elements. There are various circumstances existing here and if the idea is to apply the same law to the entire Province, then I do not understand and one cannot reconcile oneself, with the provisions that have already been adopted or are to be adopted. Now Sir, kindly see clause 1 and clause 2 . . . .

Khawaja Muhammad Safdar : I am going to oppose clause 1.

Minister for Law : Yes, you may ; you have not done so far.

Khawaja Muhammad Safdar : I will oppose that when it is put before the House.

Minister for Law : Now Sir, you may see clause 1, which reads :

> "1. (1) This Act may be called the West Pakistan Land-Revenue Act, 1965.
>
> (2) It extends to the whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas.
>
> (3) It or any specified provision there-of shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification, appoint in this behalf."

This is one of the most important provisions of this Bill, which is supposed to be passed. This makes provision for application of some specified provisions to certain areas which also gives provision for excluding certain provisions from operation and application to certain other areas.

If that is so the argument of the Leader of the Opposition has no force. What is more, even if he proposes to oppose it today how does he get out of clause 2 which he has already passed.

Khawaja Muhammad Safdar : I have already opposed it.

Minister of Law: But the House has passed it.

Khawaja Muhammad Safdar: It is not binding on me.

Minister of Law: In team-work it is binding on you.

Mr. Speaker: Khawaja Sahib knows that he is a part of the House.

Khawaja Muhammad Safdar: I am not supposed to change my opinion.

Mr. Speaker: That is perfectly alright.

Khawaja Muhammad Safdar: I am not going to change my opinion.

I knew this decision was incorrect. I still consider that decision to be incorrect.

Minister of Law: Clause 2, sub-clause (1) says :

> "Should the circumstances of any area in which this Act, or any specified provision thereof, has been brought into force be such that, in the opinion of Government, that provision, or any other provision of the act, is unsuited thereto, Government may, by notification, except that area from the operation of such provisions, and thereupon those provisions shall not apply to such area until the notification is rescinded.".

This gives power to the Government that in relevant circumstances, in appropriate circumstances if the Government comes to the conclusion that certain provisions, specified provisions, of this should not be applied to certain areas then the Government may, by notification, exclude or except that area from the operation of these provisions. This is number two.

Then, Sir, kindly have a glance at clause 36.

> "The Board of Revenue may, with the previous approval of Government, make rules to regulate the appointment, duties, emoluments, punishment, supension and removal of village officers."

Further.....

> "Government may, by notification, impose on all or any of the estates in the Province, a cess . . ."

This has nothing to do with this provision.

Sub-clause (2) of Clause 37 :

> "The Board of Revenue may, with the previous approval of Government, make rules for the collection, control, and distribution of the village officers' cess."

Clause 38 :

> "The remuneration of a village officer payable under sub-section (1) of Section (1) of Section 37 shall not be liable to attachment . . . . ." etc.

All these do not make it binding on the Government to have a particular system of collection, there are different systems of collection prevailing in different areas. I don't think the provisions of clauses 36, 37 and 38 are a bar to the continuance of this system that prevails in different areas. In each area there may be a different system and if the Government thinks that that system is alright there is nothing wrong.

I will go further. Kindly recall the agencies that are employed for the purpose of collection of taxes other than the revenue tax-income tax for instance. It is collected by a Government agency. It is collected by people who are in the employment of the Government. If the provisions of Clause 192 B-the proposed clause-are passed by this august Assembly what will happen in the areas in which there was a different system. With regard to the collection that system will prevail. And what is that system ? That system is that the collection of land revenue in the Southern Zone is being done by Government employees. Others go at par with the system that prevails with regard to the collection of income tax, with regard to the collection of the Urban Immovable Property Tax dues, with regard to the collection of Entertainment tax and several other taxes. In fact I don't think I will be wrong if I say that except for the collection of land revenue in this particular zone all the other dues of the Government-Provincial and Central-are collected by Government agencies. I for myself cannot find as to what could be the possible objection to the adoption of this clause.

So far as the admissibility is concerned my friends have referred to May's Parliamentary Practice. It is true that the conventions of the British Parliament will be the guiding principles so far as other Assemblies are concerned but we have our own rules as well. My friends have referred to Rules 66-68. I will also invite your kind attention to Rule 68 in the Rules of Procedure.

> "Amendments shall ordinarily be considered in the order of the clauses of the Bill to which they relate."

Khawaja Muhammad Safdar: It is a new clause.

Minister of Law: What is stated here? ". . shall ordinarily be considered. ." It is not binding that in every case the amendment shall be considered with the clause to which it relates.

Mr. Speaker: Supposing there is no amendment at the time when we are considering a particular clause. You mean to say that any time we can give notice of an amendment that it should be considered here.

Minister of Law: I am developing my point. The history of this piece of legislation is that it was introduced in 1965. It was dragged on till the end of 1967. Today we are on the 26th of October, 1967. It has taken nearly three years. But for the gigantic effort which you have put and this august body has put in sitting here for five or six weeks now it would not have been possible to pass this legislation even during the life of this Assembly. Probably, if this course had not been adopted the Bill would have lapsed. All that we could possibly do in each session ordinarily would have been just 12 or 15 clauses. And even with that gigantic effort which we have put in what has happened? A certain provision-a certain clause-has been taken up: it has been postponed and we have left Chapters together and we have reverted back to these Chapters after years.

Therefore, Sir, keeping all the circumstances of this legislation in view I don't think it would be wrong for you, Mr. Speaker, to allow this amendment to be moved even in the proper clause i. e. in Section 36. I will go further and say that it would be proper, if you agree, that this proposed clause, 192-B, may be considered during the consideration of Clause 1 which is about to come. If you are not able to reconcile to the point of view, if you are not able to agree to the submission that I have

made and if you think that it is out of place here it could be taken up in clause I. Further Sir . . . .

Mr Speaker: If we consider it while considering Clause I that relates to Short title, extent and commencement of Bill and any particular clause that relates to the Bill as a whole . . . . . .

Minister of Law: Sub-clause (3) of Clause 1 reads:

> "It or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification appoint in this behalf.".

It is the question of operation. Similarly here what the mover of this amendment is seeking is this:

> "Not withstanding anything contained in this Act, head-men (Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appointment be enforced in or made applicable to, any area . .. "

Mr. Speaker: I think it would be most improper if we insert it in clause 1.

Minister of Law: According to my way of thinking this can also be done. What is more Sir is that such clauses do find place in other enactments. I will give four or five instances: The Sind Land Revenue Code contains section 216 in the Miscellaneous Chapter, which bars the application of Chapters VIII to X of the Code to the alienated villages except for the purpose of fixing boundary. So, Sir, this is also one way of legislating that in the miscellaneous chapters certain provisions can be inserted, which may go to operate as a bar on the application of certain chapters of the Act. Other instances are: section 12 of the Suits Valuation Act, 1887. This occurs in Part III, which excludes the application of Parts I and II of the Act to certain suits. There is a third instance in the Tea Control, Distribution and Movement Ordinance, 1960. Section 31 thereof excludes the application of the Ordinance to the possession or sale of any quantity of tea by a dealer, etc. There is a fourth instance in the Concilliation Courts Ordinance 1961; section 19 of that Ordinance specifically saves pending cases from the operation of this Act. And lastly, there is one more, that is the fifth instance. In the Control of Orphanages

Ordinance 1959, section 14 of that Ordinance provides that except sections 9, 10 and 12, nothing in this Ordinance shall apply to Orphanages established and managed by the Government. Therefore, in various cases of legislation, such provisions have been inserted and they have been passed, and they are part and parcel of the law of this country.

Therefore, I will support the viewpoint of the proposer of this amendment, and I would request that the point of order may be held to be out of order.

Khawaja Muhammad Safdar: May I say something Sir ?

Minister of Law: I have got all the enactments with me here, Sir ?

I do not challenge the enact- - (سیالکوٹ ۔۱) خواجہ محمد صفدر

ments محترم وزیر قانون نے بڑی دلچسپ بات کی ہے اور انہوں نے پانچ حوالہ جات دئے ہیں ۔

1. Sind Land Revenue Code.
2. Suits Valuation Act.
3. Tea Control, Distribution and Movement Ordinance.
4. Concilliation Courts Ordinance.
5. Control of Orphanages Ordinance.

جن میں یہ کہا گیا ہے کہ فلاں فلاں دفعہ کے تحت فلاں فلاں امر مستثنیٰ ہیں - ان حوالہ جات کو میرے points سے کوئی تعلق نہیں ۔ میں نے جو points اٹھائے تھے ان باتوں کا ان سے کوئی تعلق نہیں جب کلاز نمبر ۱ آئے گی تو اس کے متعلق اس وقت بحث کریں گے - کہ کونسا اختیار delegate کیا جا سکتا ہے ۔ چونکہ اس کا delegation of powers سے تعلق ہے اور political affairs سے تعلق ہے اس لئے اس کے بعد ہم جانچ پڑتال کر سکتے ہیں ۔ میرا مدعا یہ ہے کہ جس مقام پر یہ کلاز پیش کی گئی ہے

یہ کلاز اس جگہ پیش نہیں ہو سکتی ۔ جب وزیر قانون نے ارشاد فرمایا کہ اسے دفعہ نمبر ۱ میں شامل کر لیا جائے تو میں بہت حیران ہوا کیونکہ اس میں تو Short Title ہوتا ہے اور نفاذ کی تاریخ درج ہوتی ہے وہ substantive clause نہیں ہوتی اس لئے یہ بات حد درجہ محل نظر ہے کہ آیا اسے کلاز نمبر ۱ میں شامل کیا جائے یا نہ کیا جائے ایک بات جو میں کہنا چاہتا تھا وہ انہوں نے خود کہہ دی ہے اور اس کے لئے arguments دئے ہیں ۔ اب میں وہی arguments ان کے خلاف استعمال کروں گا ۔ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ ایسے معاملات یا مسائل کو رولز کے مطابق طے کر لیا جاتا ہے اور Substantive Law لانے کی ضرورت نہیں ۔

That will mean unnecessary legislation.

جہاں تک کلاز نمبر ۱ اور ۲ کا تعلق ہے ۔ کلاز نمبر ۲ تو پیش ہو چکی ہے ۔ اس کا مدعا اور منشا یہ ہے کہ گورنمنٹ کو اختیار دیا گیا ہے کہ through delegation of powers کسی علاقہ کے تمام کے تمام حصہ میں اس قانون کا اطلاق کر دیں یا کسی حصہ میں کر دیں اور کسی حصہ میں نہ کریں ۔ کلاز نمبر ۲ کے تحت تو حکومت کو پورے اختیارات حاصل ہیں ۔ اس کی کئی مثالیں دی جا سکتی ہیں کہ وہ اختیارات کسی خاص جگہ استعمال کئے جائیں یا کسی خاص جگہ استعمال نہ کئے جائیں ۔ اس وقت جو چیز زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ کلاز نمبر ۱ اور ۲ کے تحت جو منظور ہو چکی ہے گورنمنٹ کو اختیار ہو گا کہ اس قانون کا اطلاق کسی جگہ ہو اور اگر چاہے تو کسی جگہ نہ ہو ۔ میں پوچھتا ہوں کہ ایسا کیوں ہے کسی حصہ پر اطلاق ہو اور کسی پر نہ ہو یا دونوں پر نہ ہو ۔ کلاز نمبر ۱ Operation اور enforcement کے متعلق ہے ۔

"It or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as the Government may by notification appoint in this behalf."

جناب والا ۔ اس کے ذریعہ حکومت کو پورے پورے اختیارات حاصل ہیں کہ اگر وہ چاہے تو پنجاب سے نمبرداری اڑا دے ۔ صوبہ سرحد بلوچستان یا سابقہ سندھ میں سے اڑا دے یا کسی جگہ اس قانون کو نافذ کر دے یا ساری جگہوں سے اڑا دے ۔ یہ وہ اختیارات ہیں جو ہم پاس کر چکے ہیں ۔ آپ غور فرمائیں

"Should the circumstances of any area in which the Act, or any specified provision thereof, has been brought into force be such that, in the opinion of Government, that provision, or any other provision of the Act, is unsuited thereto, Government may, by notification, except that area from the operation of such provisions, and thereupon those provisions shall not apply to such area until the notification is rescinded."

اس میں حکومت کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ چاہے تو سارے صوبہ میں نمبر داری سسٹم جاری کرے ۔ فرض کریں کہ حکومت سارے صوبہ میں نمبر داری سسٹم جاری کر دیتی ہے ۔ اگلے ہی سال وہ اس نتیجہ پر پہنچتی ہے یا حالات ایسے ہوتے ہیں اور حکومت اس نتیجہ پر پہنچتی ہے کہ سندھ میں نمبر داری رائج نہیں ہونی چاہئے تو کلاز نمبر ۲ کے تحت حکومت کو اختیار ہے کہ وہ صرف اس کے متعلق notify کر دے ایوان میں اس معاملہ کو پیش کرنے کی ضرورت نہیں ۔ اور پھر یہ کہہ دے کہ فلاں فلاں علاقہ میں فلاں فلاں رولز کا اطلاق نہیں ہوگا ۔

That is all. Nambardari will come to an end by that very notification only.

تو جناب والا جب یہ اختیارات حکومت کو حاصل ہیں کہ جس طرح چاہے ۔ قانون نافذ کرے اور جب چاہے جہاں چاہے نافذ کرے ۔ اس کے لئے کوئی تاریخ بھی معین نہیں ۔ دس سال کے بعد کرے یا بیس سال کے بعد کرے ۔ یا بالکل نہ کرے ۔ ایسے اختیارات کے ہوتے ہوئے زیر بحث قسم کی ایک مستقل کلاز قانون میں شامل کرنے کی کیا ضرورت ہے یہ کلاز تو بالکل غیر ضروری اور بے معنی ہو جاتی ہے ۔ ان چار اعتراضات کے علاوہ پانچواں اعتراض یہ ہے جو ہمارے سامنے پیش نہیں ہونا چاہئے اور جس کے لئے رول نمبر ۶۸ کا حوالہ دیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : The Member need not reply to that point.

Malik Muhammad Akhtar : May I speak Sir.

Mr. Speaker : No; I will now give my ruling. Mr. Hamza has raised a point of order that an amendment appearing at serial No. 137 by Haji Rais Darya Khan Jalbani to the effect that a clause, namely 192-B, be added to the Chapter 'Supplemental Provisions', is out of order on the ground that this amendment should have been offered while we were discussing clause 36 of the Bill. Mr. Hamza has been supported by Khawaja Muhammad Safdar, and so many objections have been raised. The first objection is that, according to May's Parliamentary Practice, an amendment is out of order if it is offered at a wrong place in the Bill. Firstly, we shall have to see whether this amendment, which has been given notice of as amendment No. 137 in the shape of insertion of clause 192-B, is in a wrong place or not. For deciding that, we shall have to refer to section 36, which has been referred to by Mr. Hamza. Clause 36 says that "The Board of Revenue may, with the previous approval of Government, make rules to regulate the appointment, duties, emoluments, punishment, suspension and removal of village officers."

So far as the plain reading of this section is concerned this clause provides only for making the rules to regulate the appointment, duties, emoluments, punishment, suspension and removal of village officers. This

clause nowhere says that in a particular area, or throughout West Pakistan, the Lambardars or village officers would be appointed or what sort of village officers would be appointed. This clause only contains these provisions and nothing more. To, this Chapter in which supplemental provisions have been provided, Mr. Jalbani wants to add 192-B as a new clause and wherein according to this amendment he wants to insert -

> "Notwithstanding anything contained in this Act, head-men (Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appoinment be enforced in or made applicable to, any area or part of the Province where the law in force immediately before the commencement of this Act did not provide for the making of such appointment or rules."

Had clause 36 mentioned the mode of appointment of the Lambardars then it could have been said that the proper place for the insertion of this clause was clause 36 but it leaves to the Board of Revenue to make rules in respect of the appointment and the duties of village headmen or the Lambardars.

So, it cannot conclusively and definitely be said that clause 36 was the only place where this provision could have been inserted. Moreover, Mr. Jalbani wants to insert this clause in the supplemental provisions and, as is evident from the heading itself, any supplemental provisions for the purposes of enforcement of this Act can be inserted. So, it would not be, I should say, quite consistent and quite right to say that this amendment has not been offered at the proper place. The next point is to the effect that according to May's Parliamentary Practice, page 558, if the clause is inconsistent with the clauses agreed to by the Committee or substantially is the same clause as the clause previously negatived then that amendment would be out of order. Now, we shall have to see whether that amendment.....

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, it ought to be moved as ..

Mr. Speaker : I will deal with that. So far as this point is concerned, I think, the plain reading of this clause shows that it is not inconsistent with the provisions of clause 36 because in clause 36 the mode of appointment has not been mentioned or narrated. Moreover, Khawaja Muhammad

Safdar has objected to this clause on the ground that this clause ought to have been in the shape of an amendment to clause 36. That means that this amendment should have been moved while we were discussing clause 36. As I have already held that clause 36 only relates to "the appointment, duties, emoluments, punishment, suspension and removal of village officers" and Mr. Jalbani now wants to insert a specific provision and he wants to exclude those areas from the operation of the appointment of Lambardars where these institutions did not exist previously. I don't think that part (4) of the May's Parilamentary Practice, at page 558, that this clause should have been moved as an amendment to clause 36 if that amendment has not been moved there, it would be out of order here because this is not inconsistent with clause 35. Moreover, the other objection has been raised that this amendment would be beyond the scope of the Bill and reference has been made to the Preamble of the Bill. In the Preamble it has been mentioned :

> "WHEREAS it is expedient to consolidate and amend the law relating to the making and maintenance of record-of-rights, the assessment and collection of land-revenue, the appointment and functions of Revenue Officers and other matters connected with the Land-Revenue Administration in the Province of West Pakistan, or incidental thereto;
>
> It is hereby enacted as follows :—"

The plain reading of this Preamble would show that it relates to the appointment and functions of the Revenue Officers and other matters connected with the Land-Revenue Administration in the Province of West Pakistan and, moreover, it contains the collection of land-revenue. That means this Act also lays down the mode of collection of the land-revenue and the amendment of Mr. Jalbani is also in respect of the collection of the land-revenue. That is a separate matter that he is suggesting another mode of collection of the land-revenue. Therefore, I don't see any inconsistency between the Preamble and the amendment moved by Mr. Jalbani.

After disposing of all these technicalities, I seriously feel that this is a provision which is of very great importance, as has been said by the learned Leader of the Opposition, and if there is an amendment and there is a principle involved which is of much more importance, I think, I should leave it to the House to decide whether that provision should be adopted or should not be adopted. In view of these observations I rule the point of order raised by Mr. Hamza out of order and allow this amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I rise on another point of order.

Though I have been unable to study this complicated point of order yet I have got the provision of section 36 before me. Probably it runs as under :—

> "The Board of Revenue may, with the previous approval of Government, make rules to regulate the appointment, duties, emoluments, punishment, suspension and removal of village officers."

This is how we have adopted section 36. Now, if you look into the proposed clause 192-B it says -

> "Notwithstanding anything contained in this Act, head-men (Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appointment be enforced in or made applicable to, any area or part of the Province where the law in force immediately before the commencement of this Act did not provide for the making of such appointment or rules."

Now, I don't know where we have made provisions for the appointment of head-men or Lambardars and how does this occasion arise to make a provision that certain areas shall be debarred because as far as I understand we have not made . ..

Mr. Speaker : The appointment of the village head-man has been provided in clause 36.

Malik Muhammad Akhtar : The provision for Village Officers has been made but not the head-men.

Mr. Speaker : In clause 4, sub-clause (28) in the definition of the "village officer" the Member will find the name of the Lambardar there.

———

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1965

(resumption of consideration clause by clause)

CLAUSE 192 (B) *(new clause)*

Mr. Speaker : Now we proceed with the new clause 192 (B).

خواجہ صاحب آپ نے اسکو negative کرنے کو کہا تھا کیا آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں ؟

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جی ہاں - جناب والا - ہماری اس گورنمنٹ نے اکثر اوقات اس ایوان میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ ہم صوبے بھر میں یکساں قسم کے قانون نافذ کرنا چاہتے ہیں بلکہ ہماری اس گورنمنٹ نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان بھر میں یکساں قسم کے قوانین کا نفاذ چاہتے ہیں - جناب والا - آپ کو یاد ہوگا کہ جب کبھی اور ابھی چند ہوئے اس ایوان میں کسی غیر سرکاری بل کے ذریعہ ضابطہ فوجداری کو یا ضابطہ دیوانی کو یا تعزیرات پاکستان میں ترمیم کرنے کی کوشش کی گئی تو سرکاری بنچوں کی طرف سے اسکی مخالفت کرتے ہوئے یہ کہا گیا تھا اور یہ دلیل دی گئی کہ پاکستان بھر میں ایک جیسا قانون ہونا چاہئے اس لئے یہ نا مناسب ہوگا کہ مغربی پاکستان میں تعزیرات پاکستان کی ایک ہی دفعہ سے ترمیم کی جائے اور مشرقی پاکستان میں تعزیرات پاکستان ایک دوسری شکل میں ہو - آج حکومت کی جانب سے اس clause کے اس ایوان میں پیش ہونے سے حکومت کا یہ دعویٰ قطعی طور پر باطل - غلط اور بے بنیاد قرار دیا جا سکتا ہے جو اکثر اوقات یہ کرتے رہے ہیں - اور حقیقت یہ ہے کہ حکومت کسی اصول کے تحت چلائی نہیں جا رہی ہے - بلکہ یہ روزمرہ expediency کے تحت چلائی جا رہی ہے - اگر ایک طرف سے دباؤ پڑے تو دوسری طرف جھک گئی اور جب دوسری طرف سے دباؤ پڑے تو اس طرف جھک گئی - یہ حکومت مٹی کے اس روائتی پہلوان کے مانند ہے جسے مداری ہر وقت اپنے ساتھ ساتھ لئے پھرتا ہے - جب اسے ایک طرف سے دبا دیا جاتا ہے تو وہ ایک طرف جھک جاتا ہے - اور جب اسے دوسری طرف دبایا جاتا ہے تو وہ پہلی طرف جھک جاتا ہے - محض اس بناء پر کہ اس ایوان کے چند مقتدر احباب اس دفعہ کو نا پسند کرتے تھے انہوں نے موجودہ دفعات کو رد کر دیا - اور ایک نئی دفعہ وہاں رکھ دی گئی ہے - جناب والا - مجھے افسوس ہے کہ اس ایوان میں نہایت غلط قسم کی قانون سازی کی جا رہی ہے - میرا دل و دماغ اس قسم کی قانون سازی سے بغاوت کرتا ہے اور میں یہ

بات نہیں سمجھ سکتا کہ اس ملک میں اور اس صوبے میں جیسا کہ ابھی محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ بہت سی communities ہیں ۔ یہاں بہت سے elements بستے ہیں ۔ اس لئے ایک جیسا قانون یہاں کیسے ہو سکتا ہے ؟ مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہی وہ ذہنیت ہے جو اس وقت پاکستان کو کھوکھلا کر رہی ہے ۔ اور اسی ذہنیت کا مقابلہ کرنے کے لئے اس حکومت کے پاس اخلاقی جرأت نہیں ہے ۔ ہر جگہ Parochial تعصبات ہیں ۔ ہر جگہ لسانی اور Regional تعصبات کا ایک اژدھا سر بلند کئے ہوئے ہے یہ نالائق ترین حکومت اس کی اہل نہیں ہے کہ ان پھنکارتے ہوئے اژدھوں کا مقابلہ کر سکے ۔ اگر یہ اپنے آپ کو اس ملک کی سالمیت کو قائم رکھنے کی اہل نہیں پاتی ہے تو آخر کیوں یہ اپنی گدیوں سے چمٹی ہوئی ہے ۔ کیا محض اس لئے کہ اس کو اپنے ذاتی مفاد پیارے ہیں ۔ محض اس لئے کہ اپنے ذاتی وقار اور ذاتی مفاد کی خاطر اس قسم کے ذاتی رجحانات اور علاقائی تعصبات کو ہوا دے رہی ہے ۔ اور ان کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کی بجائے ہمارے یہ حکمران ان کی حمایت کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ نہایت ہی افسوس کا مقام ہے ۔ اس قانون کی بنیاد جیسا کہ ابھی ابھی میں نے آپ کے سامنے پڑھا تھا (2) section اور (1) section دونوں میں غلط رکھی گئی ہیں اور اسی بنیاد پر آپ جو عمارت تعمیر کر رہے ہیں یقیناً وہ عمارت ٹیڑھی ہوگی ۔ پہلی خشت جو عمارت کی غلط رکھی گئی ہو تو پوری عمارت ٹیڑھی ہوتی ہے ۔ اور اگر ان اختیارات کو اپنے پاس رکھنے کی گورنمنٹ نے کوشش کی کہ وہ جس جگہ چاہے اس قانون کو نافذ کرے اور جس جگہ چاہے وہ اس قانون کو نافذ نہ کرے ۔ تو پھر ہم کو اس اصول سے اتفاق کرنا ہی ہوگا کہ یہاں مختلف elements بستے ہیں ۔ مگر ہمارے حکمران یاد رکھیں کہ یہ اصول سرتاپا غلط ہے ۔ ملت کے لئے زہر قاتل

ہے ۔ اور ہمیں زود یا بدیر یہ اصول تسلیم کرنا ہوگا اگر ہم نے زندہ رہنا ہے کہ ہم ایک قوم ہیں ۔ یہاں مختلف قومیں نہیں بستی ہیں ۔ یہ ایک قوم ہے ۔ یہ ملک کئی قوموں کے واسطے حاصل نہیں کیا گیا تھا ۔ یہ اس لئے حاصل نہیں کیا گیا تھا کہ یہاں پنجابی ۔ سندھی یا پختون بستے ہیں ۔ ان ناموں پر یہ ملک اور قوم نہیں بنائی گئی تھی ۔ آج سے ۲۰ سال پہلے قائد اعظم مرحوم نے ہزارہا بار اس کے متعلق ارشاد فرمایا کہ یہاں صرف مسلمان بستے ہیں ۔ پاکستانی بستے ہیں ۔ ہم کو پاکستانی کی حیثیت سے سوچنا ہوگا ۔ آج پاکستانی کی حیثیت سے سوچنے سے جو چیز مفید ثابت ہو ہم کو صرف وہی اختیار کرلی ہوگی ۔ سیالکوٹ کے حالات مختلف ہیں جھنگ اور مردان سے ۔ ملتانی بولی مختلف ہے پنجابی بولی سے ۔ کیا ۔ وہاں علیحدہ قانون ہو اور یہاں علیحدہ ؟ ۔ مگر افسوس ۔ جناب والا ۔ یہاں اسی بات پر بحث ہوتی رہتی ہے کہ ہم ایک قوم ہیں یا ایک سے زیادہ ۔ ان چیزوں سے میرے دل میں اس قدر رنج پیدا ہوتا ہے ۔ اس بات سے کہ ہمارا سوچنے کا اب طریقہ کیا ہو گیا ہے ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سابق صوبہ پنجاب ۔ سابق صوبہ سرحد ۔ سابق صوبہ سندھ ہمارے دماغوں کے اندر دن بدن اس گورنمنٹ کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے گھر کر رہے ہیں وہ محض انگریزوں کی پیدا کردہ Administration کی حد بندیاں تھیں ۔ اس سے زیادہ اور کچھ نہیں تھا کیا آپ انکار کر سکتے ہیں کہ ضلع میانوالی میں پختون ۔ پشتو بولتے ہیں ۔ اور سندھ اور ملتان کی زبان تقریباً ایک ہی جیسی ہے اور ایک ہی نسل بھی ہے ۔ ان علاقوں میں بلوچ بستے ہیں ۔ ایک بڑی اکثریت ملتان کے ڈویژن اور بہاولپور ڈویژن میں بلوچوں کی ہے ۔ کیا آپ اس سے انکار

کر سکتے ہیں کہ یہ محض حد بندیاں ہیں ۔ انہوں نے جوں جوں اس ملک کو فتح کیا انہوں نے یہ حد بندیاں قائم کی ہیں ان میں Administration کی خاطر ۔ نہ تو یہ لسانی حد بندیاں ہیں اور نہ یہ sectional حد بندیاں ہیں اور نہ community-wise حد بندیاں ہیں community کے اعتبار سے سب ہی مسلمان ہیں ۔ مجھے افسوس ہے محترم لا منسٹر کے ان الفاظ پر جو انہوں نے ارشاد فرمائے ہیں کہ مغربی پاکستان میں مختلف communities بستی ہیں مجھے انتہائی افسوس ہوا ۔ جناب والا ۔ اس اصولی اختلاف کی وجہ سے میں اس کلاز کی شدید مخالفت کرتا ہوں کیونکہ اس سے کئی ایک خرابیاں پیدا ہو جائیں گی ۔ اس کے علاوہ جو نظام اس وقت سندھ میں قائم ہے اس کی وجہ سے کئی ایک خرابیاں اس علاقے میں پیدا ہو رہی ہیں ۔ وہ نظام کیا ہے ۔ ایک فرد واحد ۔ یعنی ٹپے دار ہے ۔ وہی تشخیص مالیہ کرتا ہے اور وہی مالیہ کو جمع کرتا ہے ۔ تشخیص کنندہ اور جمع کنندہ فرد واحد ہے ۔ اب اگر ان دونوں functions کو یک جا کیا جائے تو اس سے کیا صورت حال پیدا ہوگی ۔ میرے دوست مجھے معاف فرمائیں ۔ میرا روئے سخن کسی فرد واحد سے نہیں ہے اور جب میں کوئی بات کہوں تو اس سے یہ مطلب نہ لیا جائے کہ میں کسی خاص فرد کی طرف اشارہ کر رہا ہوں کہ فلاں فلاں حضرات اس جرم میں ملوث ہیں ۔ یہ دنیا نیک اور پاکیزہ افراد سے کبھی بھی خالی نہیں رہی لیکن آج ہم اس سے بھی انکار نہیں کر سکتے ہیں کہ پاکستان میں بد دیانتی روز افزوں ترقی پر ہے اور نیکی روز بروز دب رہی ہے ۔ اس کی تمام تر ذمہ داری جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے موجودہ حکمرانوں پر ہے ۔ میں پھر اصل موضوع کی طرف لوٹتا ہوں ۔ میری مراد یہ ہے کہ کوئی ایک آدمی جب

خود مالیہ تشخیص کرتا ہے تو اس سے خرابیاں پیدا ہونی لازم ہیں اور یہ خرابی کسی خاص علاقے سے مختص نہیں جہاں بھی یہ دونوں فرائض ایک اہلکار میں جمع ہونگے یہ اس علاقے میں خرابیاں لازمی اور لابدی ہیں ۔ میرے محترم دوست وزیر قانون نے ارشاد فرمایا تھا کہ بہت سے قوانین ہیں جو کہ محض fiscal ہیں - جن کے ذریعے سے ٹیکس عائد کیا جاتا ہے اور فراہم کیا جاتا ہے ۔ وہ ایک ایجنسی ہے ۔ انہوں نے انکم ٹیکس کا ذکر کیا تھا اور غالباً غیر منقولہ شہری جائیداد کا ذکر کیا تھا - مجھے اس سے اتفاق ہے کہ ان محکمہ جات میں خرابیاں موجود ہیں ۔ کیا کوئی شخص انکار کر سکتا ہے کہ انکم ٹیکس کی جس قدر رقم سرکاری خزانے میں آج جا رہی ہے اس سے کہیں زیادہ انکم ٹیکس کے افسران اور انکم ٹیکس کے دوسرے ملازمان کی جیب میں جا رہی ہے - کیا کوئی پاکستانی جرأت کر سکتا ہے کہ اس کو جھٹلائے اس بین حقیقت کو ۔ ٹیکسوں کی زیادہ آمدنی یقیناً ملازمین کی جیبوں میں جا رہی ہے اور میں اس ایوان میں برملا کہتا ہوں کہ صوبائی حکومت کے ٹیکس اور مرکزی حکومت کے ٹیکس جس قدر ٹیکس کے محکمہ جات کے ملازمین کے ذریعے ضائع ہو رہا ہے وہ اور کسی طریقہ سے ضائع نہیں ہو رہا ۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ انکم ٹیکس کے افسران با اختیار ہیں ۔ مثال کے طور پر ٹیکس کی تشخیص الف ۔ ب ۔ یا ج کرتا ہے اور وہ حکم دے کہ ٹیکس خزانے میں جمع کرائے لیکن وہاں بھی یہ خرابیاں ہیں ۔ بد دیانت بیوپاری لوگ انکم ٹیکس کے افسروں کو رشوت دے کر گورنمنٹ کا ٹیکس ہضم کرتے ہیں اور وہ خود ہی رشوت انکم ٹیکس افسروں کی جیب میں ڈالتے ہیں ۔ اس قسم کی بد دیانتی کثرت سے موجود ہے ۔ زمیندار جہاں مقرر شدہ

لینڈ ریونیو نہیں ہے خصوصیت سے اس جگہہ کے ٹیے دار کی جیب میں ڈالتے ہیں اور کچھ اپنی جیب میں اور نسبتاً ایک قلیل سی رقم سرکاری خزانے میں چلی جاتی ہے ۔ یہ بڑی موٹی سی بات ہے اور اس کی وجہ عیان ہے کہ دو آدمیوں کے مابین معاملہ ہوتا ہے اور کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی ۔ ایک ٹیے دار ہے جس نے ٹیکس کی تشخیص کرنی ہے وہ میرے پاس آتا ہے ۔ اور کہتا ہے کہ ۵۰ ایکڑ اراضی کاشت کی ہے ۔ بتاؤ کیا تحریر کروں ۔ سودا کرو ۔ کیا ۱۰ ایکڑ لکھ دوں ۔

وزیر مال ۔ یہ صحیح نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ باقی ۴۰ ایکڑ کا ٹیکس ٹیے دار اور زمیندار تقسیم کر لیتے ہیں ۔ جناب وزیر مال فرماتے ہیں کہ یہ غلط ہے ۔ میں انتہائی خوش ہونگا کہ اگر یہ مجھے سمجھا دیں کہ واقعی یہ غلط ہے ۔

وزیر داخلہ ۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کیا طریقہ کار ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ میں انتہائی خوش ہونگا اگر وزیر مال صاحب میری ان گذارشات کو غلط ثابت کر دیں لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جناب لا منسٹر صاحب نے محض زبانی ارشاد فرما دیا ہے اور میرے پاس اس قسم کے دستاویزات ہیں جو گورنمنٹ کے ریکارڈ سے متعلقہ ہیں جن سے میں نے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ محترم وزیر قانون کے علم میں کچھ خامی ہے ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ خواجہ صاحب وہ نہر کے ٹیے دار ہوتے ہیں اور مختار کار بھی ہوتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں ان دونوں کو جانتا ہوں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب assessment کو confuse کر رہے ہیں ۔ recovery سے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں ان دونوں امور کو علیحدہ علیحدہ سمجھتا ہوں ۔ میں کہتا ہوں کہ ایک فرد واحد کے ذمے یہ دونوں فرائض تشخیص اور وصولی روپیہ کے ہیں ۔

وزیر داخلہ ۔ وہ پٹواری نہیں کرتا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس میں پٹواری کے متعلق جو رول ہے وہ یہ ہے کہ جب کاشت ہو جاتی ہے تو وہ پڑتال کے لئے جاتا ہے ۔ دیکھتا ہے ۔ نمبر شماری کرتا ہے کہ کیا کاشت ہوئی ہے ۔ کپاس کی یا جوار کی یا گندم کی یا چاول کی کتنی کاشت ہوئی ہے یہ تمام چیزیں وہ دیکھتا ہے اور وہ پڑتال کرتا ہے ۔ اور وہ کہتا ہے کہ فلاں نمبر کاشت ہوئی ہے ۔ پڑتال اور نمبر شماری اس کام کے لئے اریگیشن اتھارٹی کرتی ہے یعنی وہ بھی check up کرتے ہیں ۔ یہ دونوں ایجنسیاں کام کرتی ہیں ۔ اس کے بعد پھر یہ ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں جب فصل تیار ہو جاتی ہے اور تشخیص کے مقرر کرنے کا وقت آتا ہے تو پٹواری فقط اپنا ریکارڈ پیش کرتا ہے ۔ پھر ہمارے ہاں مختار کار ہوتا ہے تحصیل میں جس کو یہ تحصیلدار کہتے ہیں لیکن ہمارے ہاں گزیٹڈ افسران اور فرسٹ کلاس مجسٹریٹ ہوتے ہیں وہ جمعبندی کرتے ہیں ۔ تشخیص کرتے ہیں اور ڈپٹی کلکٹر کے نگرانی کے ماتحت دونوں بیٹھ کر ساری تشخیص کرتے ہیں اور fix کرتے ہیں ۔ پھر دو مہینے کے بعد پٹواری کو آرڈر دیا جاتا ہے کہ یہ مقرر کیا گیا ہے اور فلاں زمیندار سے کتنا recover

کرتا ہے ۔ اب اس کے leakage کی کوئی گنجائش نہیں ۔ میرے دوست کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ وہاں leakage ہوتی ہے اور یہ کہ پٹواری بے ایمان ہوتے ہیں ۔ اگر leakage ہو سکتی ہے تو وہ initial stage میں ہوتی ہے جب نمبر شماری ہوتی ہے اور پڑتال ہوتی ہے ۔ اس وقت یہ چیز ہو سکتی ہے لیکن کلیکشن کے وقت پٹواری کبھی بے ایمانی نہیں کر سکتا اور leakage کی گنجائش نہیں ہوتی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں سمجھ گیا ۔ آپ نے مجھے جواب دے دیا اتنی لمبی interruption نہیں ہو سکتی ۔ میں تقریر کر رہا ہوں ۔ اگر میرا پوائنٹ ڈیویلپ ہو جانے دیتے تو قاضی صاحب کو interruption کی ضرورت نہ پڑتی ۔ جیسے کہ میں نے مثال دی تھی کہ میں نے ۵۰ ایکڑ کاشت کی اور پٹواری صاحب ۱۰ ایکڑ تحریر کر لیتے ہیں اس سٹیج پر جس کو initial stage کہتے ہیں ۔ میں تو عرض کر رہا تھا کہ leakage اس وقت ہوتی ہے جب نمبر شماری ہوتی ہے کہ کتنے کھیت اور کتنے نمبر کاشت کئے ہیں ۔ ۱۰، ۲۰، ۴۰ یا جتنے بھی ہوں چاہے ۱۰۰ ہوں اگر ایماندار ہے تو وہ یقیناً سو کے سو کھیت تحریر کریگا اور اگر نہیں ہے تو یقیناً کم لکھے گا ۔

وزیر داخلہ ۔ نمبردار کیا کرتا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ میری بات سمجھ لیجئے اب جناب جو تشخیص ڈپٹی کلکٹر اور مختار کار دونوں نے مل کر کی ہے اس کی اطلاع پٹواریوں اور ٹپے داروں میں چلی جائیگی ۔ ہمارے ہاں وہ اطلاع نمبرداروں

کو چلی جاتی ہے ۔ اب صورت کیا ہے جنوبی زون میں جس میں رشوت لے کر کم نمبر لکھے جاتے ہیں ۔ تشخیص مالیہ کے بعد پرت تشخیص پھر ٹپہ دار کے پاس جاتا ہے کہ صفدر سے اس قدر لینڈ ریونیو قابل وصولی ہے یا اگر میں سابق صوبہ سرحد میں مقیم ہوں تو یہ اطلاع نمبر دار کے پاس جائیگی ۔ ٹپہ دار اس تشخیص کو دبائے رکھ سکتا ہے ۔ اسے کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں ۔ لیکن نمبر دار اسے دائرہ میں لے کر بیٹھے گا ۔ اور کہے گا کہ فلاں آدمی یہ کر رہا ہے اور فلاں یہ کر رہا ہے اور بات نکل جاتی ہے ۔ یہ چیک یا بیلنس یا رکاوٹ ہے ۔ یہاں پنجاب میں بھی بدیانتی ہوتی ہے لیکن مقابلتاً کم کیوں کہ ایک تیسری ایجنسی اس میں شامل ہے جس کو پتہ چل جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ چونکہ وقت کم ہے اس لئے میں براہ راست اس مسئلہ کی طرف آتا ہوں جو میں لا منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کر رہا تھا ۔ میرے پاس کچھ اس قسم کے ثبوت ہیں جو اس بات کی نفی کرتے ہیں ۔ سابقہ سندھ میں یا جہاں بھی نمبرداری سسٹم رائج نہیں ہے ایک فرد واحد کے ایماء پر اور اس کے مہیا کردہ اعداد و شمار پر مالیہ تشخیص ہوتا ہے اور خود وہ تشخیص کرنے والا ٹپہ دار ہی اس مالیہ کو وصول کرتا ہے ۔ اس سے نتیجہ کیا برآمد ہوتا ہے ۔ تین چار روز ہوئے اس ایوان میں ایک سوال پوچھا گیا تھا جس کا نمبر ۸۱۵۸ تھا ۔ اس سوال میں یہ کہا گیا ہے کہ لوئر باری دو آب کینال پر ۷ ہزار کیوسک پانی کا ڈسچارج ہوتا ہے اور وہاں سے مالیہ کی وصولی ایک کروڑ ۴۵ لاکھ روپے ہے مگر سکھر بیراج پر ۴۵ ہزار کیوسک ڈسچارج ہے اور وہاں سے صرف ۴۵ لاکھ روپے مالیہ کی وصولی ہوتی ہے اب جناب یہ تفاوت کہ تقریباً ۷ گنا سے زیادہ پانی دیا گیا اور گورنمنٹ کی آمدنی تقریباً

ایک چوتھائی حصہ رہ گئی - ے گنا پانی لینے سے ے گنا آمدنی ہونے کی بجائے چوتھا حصہ رہ گئی - یہ تو محض برسبیل تذکرہ تھا - ہماری Standing Committee on Public Accounts کی ایک میٹنگ حیدرآباد کے میونسپل ہال میں بتاریخ ٦ مارچ ١٩٦٧ء منعقد ہوئی تھی - جس کی کارروائی کے کچھ اقتباسات میں آپ کی خدمت میں پڑھنے کی جسارت کرتا ہوں تاکہ میرے دوستوں کو معلوم ہو کہ جو کچھ میں نے کہا ہے کسی بنا پر کہا ہے اور کسی اطلاع کی وجہ سے کہا ہے · جناب والا - یہ جو اقتباس ہے یہ صرف غلام محمد بیراج کے متعلق ہے باقی علاقہ کے متعلق نہیں ہے - غلام محمد بیراج کے متعلق Fourth Financial Forecast کے مطابق وہاں سے متوقع آمدنی ٩ کروڑ ٨٠ لاکھ ٣٣ ہزار تھی ١٩٥٦-٥٧ سے ١٩٦٥-٦٦ تک یہ اندازہ تھا - لیکن جب تشخیص ہوئی تو اصل آمدنی ٥ کروڑ ٢ لاکھ ٩٣ ہزار ٢٠٢ روپے رہ گئی اور ان ١٠ سالوں میں وصولی کیا ہوئی ایک کروڑ ٨١ لاکھ ٧٣ ہزار ٨٨٨ روپے جناب والا - اب میں اس کے صفحہ ٨ پر سے آپ کی خدمت میں کچھ اقتباسات پیش کرونگا - چاہئے تو یہ تھا کہ ہر سال غلام محمد بیراج سے وصولی میں اضافہ ہوتا کیونکہ فوری طور ٢٦، ٢٧ لاکھ ایکڑ کو پانی نہیں دیا جا سکتا تھا - چاہئے تو یہ تھا کہ ہر سال غلام محمد بیراج سے وصولی میں اضافہ ہوتا کیونکہ فوری طور ٢٦ ، ٢٧ لاکھ ایکڑ کو پانی نہیں دیا جا سکتا تھا - چاہئے تو یہ تھا کہ جوں جوں زیر آب اراضی میں اضافہ ہوتا وہاں سے آمدنی میں بھی اضافہ ہوتا لیکن حالت اس کے بر عکس ہے ١٩٥٦-٥٧ میں ٣٧ لاکھ ٧٧ ہزار ٩٨٩ روپے مالیہ کی تشخیص ہوئی - ١٩٦٠-٦١ میں یہ ٣٧ لاکھ ٢٦ ہزار ٣٣٨ روپے ہو گیا - لیکن ١٩٦٠-٦١ کے بعد یہ گرتے گرتے ١٩٦٥-٦٦ میں صرف ٣٧ لاکھ ٥٣ ہزار ٧٣٢ روپے رہ گیا -

اس کا مطلب یہ ہوا کہ غلام محمد بیراج سے مالیہ کی آمدنی بجائے بڑھنے کے ۶۲-۱۹۶۱ سے ہر سال کم ہو گئی اور ۶۶-۱۹۶۵ میں ۶۱-۱۹۶۰ سے تقریباً تقریباً نصف رہ گئی ہے ۔

وزیر داخلہ ۔ اس کا نام غلام محمد بیراج نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ چونکہ یہاں غلام محمد بیراج لکھا ہوا ہے اس لئے میں نے یہ کہا ہے اگر آپ اس کا نام تبدیل کر دیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ غلام محمد صاحب چونکہ چلے گئے ہیں اس لئے آپ کو ان کا نام نہیں لینا چاہئے ۔ جب موجودہ حکمران چلے جائیں گے تو ان کے ساتھ بھی آپ کا یہی سلوک ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے اس پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں اگر وہ چاہیں تو کوئی دوسرا نام رکھ لیں ۔ اگر قاضی صاحب ایسی تجویز کریں گے تو میں اس کی مخالفت نہیں کرونگا ۔ بہر حال جناب والا ۔ اس بیراج میں رقبہ زیر کاشت یہ تھا :۔ ۶۲-۱۹۶۱ میں ۹ لاکھ ۷۲ ہزار ۱۷۰ ایکڑ، ۶۳-۱۹۶۲ء میں ۱۱ لاکھ ۴۴ ہزار ۵۳۰ ایکڑ، ۶۴-۱۹۶۳ میں ۱۲ لاکھ ۷۶ ہزار ۹۶۰ ایکڑ ، ۶۵-۱۹۶۴ میں ۱۲ لاکھ ۳۳ ہزار ۱۰۷ ایکڑ ، اور ۶۶-۱۹۶۵ میں جس کے متعلق میں نے مالیہ کے اعداد و شمار پیش کئے ہیں اس سال ۱۴ لاکھ ۴۵ ہزار ۶۴۵ ایکڑ یعنی ۶۱-۱۹۶۰ کے بعد رقبہ میں تقریباً ڈیڑھ گنا اضافہ ہوا اور آمدنی نصف رہ گئی ۔ اس کے متعلق اب میں ایک پیرا پڑھوں گا جو اس رپورٹ میں ہے ۔

"The Audit figures booked by the Comptroller, Southern Region, Karachi, included miscellaneous recoveries as well, which would mean that the actual collection of land revenue and water rate was less than even these figures."

وہ figure ہے جناب - ۱ کروڑ ۸۱ لاکھ ۷۳ ہزار -

This was something inexplicable. The department has not been able to furnish a satisfactory explanation in respect of either the fall in assessment from 1960-61 to 1965-66, or wide disparity between the total assessment and the actual realization. So far as the disparity between the assessment made, the actual realization and the anticipated revenues projected in the Fourth Financial Forecast, was concerned, the Committee felt themselves in a complete quandry, and no explanation was forthcoming from any quarter. In the opinion of the Committee, the situation was extremely alarming and it seemed that there were huge amounts of Government dues in arrears, which were not being recovered. Even if it was assumed that the anticipated figure of Rs. 9,90,44,000 were too rosy an estimate, the difference between the assesament made and the revenue actually realized amounting to Rs. 3,?1,19,314 would be enough to make a man's heart sink. The Committee called upon the department concerned and the Finance Department to address themselves to this appalling problem and insist upon the arrears of revenue being recovered on as early a date as possible."

جناب والا - میرے نزدیک اس کی بھی کوئی اہمیت نہیں گورنمنٹ نے جن سے روپیہ لینا ہے وہ وصول کرے - میں یہ پوچھتا ہوں کہ جب ماہرین نے تخمینہ تیار کیا تھا کہ بیراج سے ساڑھے نو کروڑ کی آمدنی ہو گی تو آج وہ آمدنی ۵ کروڑ کیوں ہے - میں تشخیص کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب ۱۹۶۰-۶۱ میں ۷۳ لاکھ روپیہ تھی تو

آج ۴۷ لاکھ کیوں ہے جبکہ رقبہ زیرکاشت میں ۵۰ فیصدی کا اضافہ ہو چکا ہے ۔ اسکے بعد میں آپکی خدمت میں یہ گزارش کروں گا کہ کمیٹی مذکور نے خاصی محنت کی ہے یہ minutes کے صفحہ ۱۰ پر لکھتے ہیں (جناب والا یہ گھپلا دیکھیں) ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے کمیٹی کو اطلاع دی ہے کہ ۱۴ لاکھ ۶ ہزار ۶ سو ۹۸ ایکڑ اراضی انہوں نے release کی ۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ نے اطلاع دی ہے کہ ۱۲ لاکھ ۱۳ ہزار ۴ سو ۵ ایکڑ اراضی release کی ہے ۔ آپ محکمہ مال اور محکمہ آبپاشی کی کارگزاری دیکھیں کہ وہاں کیسے لائق آدمی بیٹھے ہوئے ہیں ۔

> "Against the allotment figure 12,23,405 acres, the area cultivated was stated to be 14,45,645 acres in 1965-66. This meant that more than two lakh acres of area was being cultivated unauthorisedly."

Kazi Muhammad Azam Abbassi : Point of order. Sir, I am also a member of the Public Accounts Committee and we have not finalised its report. It has not yet been presented to the House. My point of order is can the Leader of Opposition quote the minutes of a Committee the report of which has not been presented to the House ? The report is not yet final and it can be changed.

Mr. Speaker : But the Member has raised the point of order when he has already referred to it. He should have raised it at the earliest possible opportunity.

Khawaja Muhammad Safdar :

> ".....This meant that more than two lakh acres of area was being cultivated unauthorisedly....."

This is the important factor.

> "This meant that more than two lakh acres of area was being cultivated unauthorisedly. It was not known whether this area had been assessed to land revenue and abiana.

"The Committee then came to the assessment being made and actual realizations against the area allotted. For the last five years the figures of assessment made were as follows:- (These figures obtained by the Department from the Mukhtarkar and could, therefore, be taken to be authoritative)"

یہ بڑی محنت کر کے ساتھ اعدادوشمار نکالے ہیں - جتنا رقبہ وہاں کاشت ہوا ہے یا جو فصل کاشت ہوئی ہے اسکا حساب لگا کر غلام محمد بیراج سے گورنمنٹ کو ۷ کروڑ ۳۶ لاکھ ۵۲ ہزار روپے وصول ہونے چاہئیں لیکن اس کے عوض صرف اسسمنٹ ۴ کروڑ کے لگ بھگ ہے اور وصولی ان سے کہیں کم ہے -

"Another interesting aspect of the matter was that according to the Ghulam Muhammad Barrage authorities, the total assessment up-to-date was Rs. 5,02,93,202....."

Kazi Muhammad Azam Abbassi : Point of order. Sir, he is still quoting it.

Khawaja Muhammad Safdar : I have not been ruled out of order. Why are you afraid of these figures ?

Kazi Muhammad Azam Abbassi : I am not afraid of the figures but I want a ruling on the point raised by me, whether the minutes of a Committee can be quoted the report of which has not been presented to the House.

Khawaja Muhammad Safdar :

"Another interesting aspect of the matter was that according to the Ghulam Muhammad Barrage authorities the total assessment up-to-date was Rs. 5,02,93,202/- while the actual recoveries of revenue booked by the Audit Office from 1955-56 to 1965-66 came to only Rs. 1,81,73,888/-. The question with which the Commitee was faced was ; where was the revenue going if it was being realised ?"

After this I will read only this portion—

"The Committee felt that large scale evasion of Government dues was going on if figures of cultivation supplied by the Barrage authorities were correct. If, on the other hand, the assessment figures supplied by the Barrage authorities were correct obviously the cultivation figures would be much less than they have been shown to be. This was a matter which the Committee would like the Board of Revenue and the Agricultural Development Corporation to look into carefully."

بیراج سے پہلے جب پالی نہیں ملتا تھا اس وقت وہاں سے ۳۱ لاکھ ۴۳ ہزار روپیہ مالیہ وصول ہوتا تھا لیکن آج ساری زمین کو پالی ملنے کے بعد یعنی ۲۷ لاکھ ایکڑ آبپاش اراضی پر صرف ۴۷ ہزار روپیہ مالیہ تشخیص کرتے ہیں لیکن اس سے کہیں کم وصول ہوتا ہے۔

"The Committee felt that the whole thing was in a mess and required to be looked into carefully. The Board of Revenue, the Agricultural Development Corporation and the Irrigation Department should join heads and look into this matter. The Committee would like this aspect of the matter to come up again when these Departments should furnish a satisfactory explanation."

جناب والا ۔ محترم دوست جناب وزیر قانون صاحب نے اپنے شکوک کا اظہار فرمایا ہے ۔ میں جن باتوں کے متعلق اس ایوان میں اظہار کر رہا ہوں یہ بے بنیاد نہیں ہیں ۔ ایسا نہیں ہوتا ہے کہ وہاں فرشتے بستے ہیں یعنی سابقہ سندھ میں فرشتے بستے ہیں اور بد دیانت لوگ کسی اور طرف ہوں گے ۔

وزیر قانون ۔ میں نے ایسا نہیں کہا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - آخری فقرہ میں خود کہہ رہا ہوں ۔

Minister for Home : Then why do you put it into his mouth ?

خواجہ محمد صفدر - آخری فقرہ میرا اپنا ہے - میں عرض کروں گا کہ میرا اعتراض یہ ہے کہ ایک ایجنسی کو تشخیص کنندہ بنانا یا اسی ایجنسی کو مالیہ کی وصولی کا ذمہ دار ٹھہرانا صوبائی اور ملکی مفاد کے حد درجہ خلاف ہے ۔ میں اس امر کی مخالفت اس لئے نہیں کر رہا ہوں کہ وہاں نمبردار ہوں یا نہ ہوں - میری بلا سے آپ نمبرداری کو اس علاقے سے ہٹا دیجئے - میں نمبرداروں کو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہر حکومت کے ٹوڈی ہیں - یہ حکومت کے نقطہ نظر کے خلاف اور کسی کے ہم نوا نہیں ہو سکتے ہیں - ہر حکومت خواہ وہ کیسی ہی بد دیانت کیوں نہ ہو نمبردار اس کی ہمنوائی کریں گے لیکن اس کے باوجود مالیہ کی فراہمی کے متعلق ہم ایک سا نظام چاہتے ہیں خواہ اسکا نام نمبرداری نظام رکھ لیا جائے یا کوئی اور نام رکھ لیا جائے لیکن اس ایک نظام کو سارے صوبہ میں رائج کیا جائے - ایسا نہ ہو کہ ایک ضلع میں ایک نظام ہو اور دوسرے ضلع میں دوسرا نظام ہو - جناب والا - آج معزز ایوان نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ وہ تفریق جو انگریز حکمرانوں نے اس خطہ ارض میں محض ایڈمنسٹریٹو سہولت کے لئے پیدا کی تھی وہ ختم ہو جائے یقیناً آپ کو ہر سابقہ صوبے بلکہ ہر سابقہ صوبے کے مختلف اضلاع کے لئے بھی الگ الگ تشخیص مالیہ اور وصولی کا انتظام الگ طریقے پر کرنا پڑے گا مثلاً ضلع سیالکوٹ میں ایک تحصیل شکرگڑھ کا معاملہ ہی سارے ضلع سے مختلف ہے اُن میں اور باقی لوگوں میں سوائے مذہب کے کچھ

بھی مشترک نہیں ہے ان کے سارے رسوم و رواج الگ ہیں ۔ آپ کو اس بات کے لئے تیار رہنا چاہئے کہ ان مصنوعی اختلافات کی بنا پر ہر ضلع بلکہ تحصیل میں الگ الگ قانون مالیہ رائج کریں اور سارے قانون کو ہی مشتبہ بنا دیں ۔ اگر ایک ہی طریقہ وصولی مالیہ کا سارے صوبے میں رائج کیا جائے تو دراصل کسی حصے پر بھی اس کا برا اثر نہیں پڑے گا نہ آمدنی پر نہ تشخیص پر نہ وصولی پر نہ لوگوں کے رسم و رواج پر جناب والا ۔ ان کا ایک اعتراض یہ بھی ہے کہ اگر سندھ میں یہ طریقہ نمبرداری رائج کیا تو پھر سندھ میں زرعی cess بھی لاگو ہو جائے گا جس سے الکو کچھ رقم سرکار کو دینی پڑے گی وہ ڈرتے ہیں کہ ان پر نمبرداری cess عاید ہو جائے گا وہ اس پانچ فیصد زرعی ٹیکس سے بھی بچنا چاہتے ہیں جناب والا اگر صوبہ ایک ہے لوگ یکساں ہیں تو سارے صوبے کو اس زرعی cess سے مستثنیٰ کیا جائے یا سب پر لگایا جائے ایک متحدہ صوبے میں یہ تفریق و امتیاز کیوں ہو کہ سابقہ پنجاب والے یہ ٹیکس دیں اور سندھ والے نہ دیں ۔ ہم پنجوترہ ادا کرتے ہیں تو سندھی بھائی بھی ادا کریں یا ہم سے بھی نہ وصول کیا جاوے سب کے ساتھ یکساں سلوک روا رکھا جائے سابقہ سندھ میں اس کو آپ Development سرچارج کہہ لیں اس کا نام بدل دیں ۔ یا سارے صوبے میں اس کا خاتمہ کر دیا جائے ۔ جناب والا ۔ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ نمبرداری سسٹم ہر کالونی میں انگریزوں کے زمانہ سے سیاسی لعنت تھی جس میں نمبرداروں کا ایک طبقہ کم از کم ایک طبقہ دلالی کا کام کرتا تھا غیر ملکی حکمرانوں کے فائدے کے لئے اور اس کی وجہ سے طرح طرح کے مصائب عوام پر نازل ہوتے تھے ۔ میں بھی نمبرداروں کے ایک طبقے کو پسند نہیں کرتا اس برائی کو رفع

کرتا ہے تو سابق پنجاب کے علاقے سے بھی اس کو رفع کیا جائے ورنہ ایک طبقہ نمبرداروں کا گویا مفت خدمت سرکار کرتا ہے مالیہ کی وصولی قریباً مفت کر دیتا ہے لہذا اس institution کی اصلاح کر دی جائے تو بہتر ہوگا پھر جناب والا سندھ کا ٹہے داری سسٹم بھی ایسا ہے جس میں گورنمنٹ کا روپیہ کھایا جاتا ہے ہمارے ہاں پٹواری زمینداروں کو کھاتا ہے مگر سندھ میں گورنمنٹ کا روپیہ ٹہے دار خورد برد کرتے ہیں ۔

Minister of Law : Question ! Question !

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ میں نے اس ایوان کے اندر ایک ضروری مسئلہ کو حل کرنے کے لئے گذارش کرتے ہوئے اگر کچھ تلخ باتیں بھی کہی ہیں تو مجھے معذور سمجھا جائے مجھے کسی کی کوئی توہین اور ہتک مقصود نہیں تھی صرف سچی بات کہہ کر اصلاح کا تقاضا کیا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی-۱) ۔ جناب والا ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ amendment جو سرکاری پارٹی کی طرف سے پیش کی ہے اس کا مقصد unification of laws ہے یا mockery of law ہے ۔ (قہقہہ) مجھے تو یہ مضحکہ خیز بات معلوم ہوتی ہے کہ یہ وحدت مغربی پاکستان کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں یا اس کو ایک متحدہ صوبہ رکھنا چاہتے ہیں مختلف علاقوں کے اندر مختلف قوانین رائج کرنے سے تو لوگ الگ الگ ہو جائیں گے اور وحدت صوبہ پارہ پارہ ہو جائے گی اس میں ہر سابقہ صوبہ سندھ ۔ فرنٹیر ۔ پنجاب بلوچستان اور بہاولپور کے لئے اگر الگ الگ قسم کے قانون بنائے جائیں گے تو علاقائی تعصب کو ہوا

ملے گی اور مختلف Regions میں نااتفاقی کا بیج بویا جائے گا۔ جناب والا مجھے تو حیرت ہوئی ہے کہ یہ حکومت ہمارے صدر مملکت کے اعلانات کی بھی مخالفت کر رہی ہے One Unit کی جڑوں کو کھوکھلی کر رہی ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے خواجہ محمد صفدر صاحب سے اتفاق ہے کہ یا تو سارے صوبے میں نمبرداری سسٹم رائج کیا جائے یا سارے صوبے میں ٹیے داری نظام رائج کیا جائے مگر ایک صوبے کے مختلف حصوں میں مختلف سسٹم اور قانون ہر گز ہر گز نہیں ہونے چاہئیں اگر ایسا ہوا تو کل کو آپ مختلف علاقوں اور Regions کے لئے جرائم کی سزائیں بھی مختلف مقرر کر دیں گے ۔

جناب والا ۔ ٹیے داری نظام کے متعلق جیسا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب نے بتایا ہے یہ بات سچ ہے کہ وہاں گورنمنٹ کا روپیہ خورد برد کیا جاتا ہے ہمارے پنجاب میں تو پٹواری غریب عوام کی جیبیں خالی کرتے ہیں مگر سندھ میں ٹیے دار گورنمنٹ کا روپیہ کھا جاتے ہیں اور سرکاری خزانے کو خالی کر دیتے ہیں مثال کے طور پر اگر ایک بڑے زمیندار کی ۱۰۰ ایکڑ اراضی ہے تو ٹیے دار زمیندار کے ساتھ مل کر اسکی کاشت کا رقبہ صرف ۲۵ ایکڑ دکھا کر گورنمنٹ کا مالیہ کھا جاتے ہیں ۔ سرکار کو دھوکا دیا جاتا ہے ۔ سرکاری روپیہ بد دیانتی سے کھایا جاتا ہے اس طرح چھوٹے کاشتکاروں کو تنگ کرنے کے لئے بڑا زمیندار ٹیے دار کو کہہ کر اس کے نام زیادہ رقبہ دکھاتا ہے یعنی ۲۵ ایکڑ کی بجائے سو ایکڑ دکھا کر غریب کاشتکار کو تنگ اور پریشان کیا جاتا ہے اب وہ ۱۰۰ ایکڑ کا مالیہ کہاں سے ادا کرے ؟

پھر جناب والا وہاں دوسرا نقص یہ ہے کہ ٹیکس داری نظام میں منصف ، مدعی اور assess کرنے والا اور وصول کرنے والا ایک ہی ذریعہ ہے کسی دوسرے کو پڑتال کا موقع نہیں ملتا خود پٹواری مدعی ہے وہ خود ہی منصف ہے وہ ہی مالیہ assess کرتا ہے اور وہ ہی وصولی کرتا ہے - یہ حکومت کے لئے خطرناک ہے یہ غلط طریقہ ہے - مجھے یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس ترمیم کی کیا ضرورت تھی جب کہ رولز میں پہلے ہی بورڈ آف ریونیو کو بذریعہ نوٹیفیکیشن الگ الگ طریقہ وصولی جاری کرنے کا اختیار ہے ہم نہیں چاہتے کہ سندھ میں نمبرداری سسٹم رائج ہو مگر One Unit میں unification of laws کے حامی ہیں - صدر مملکت بھی یہی چاہتے ہیں -

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) - جناب سپیکر - حقیقت یہ ہے کہ ہماری جانب سے موجودہ حکومت پر جو شدید اعتراض ہوتا رہا ہے اور اب بھی ہے اور جس کا ثبوت اس ترمیم سے بہم پہنچایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ حکومت کے قول و فعل میں تضاد ہے - اس بات سے کوئی شخص بھی انکار نہیں کر سکتا کہ ایک یونٹ کے ساتھ ہمارے حکمرانوں کی ہمدردی محض زبانی ہے اور ان میں سے بیشتر لوگ ایک یونٹ کو ختم کرنے کے درپے ہیں -

وزیر قانون - یہ غلط ہے -

مسٹر حمزہ - اور وہ جب بھی اپنے مخالفین کے بارے میں بات کرتے ہیں تو یہی فرماتے ہیں کہ ہم اسکا تحفظ کرنے والے ہیں لیکن یقین کیجئے کہ اگر یہ تحفظ ہے تو اسی قسم کا ہے جیسا کہ پنجابی میں

کہا کرتے ہیں کہ ''دودھ کی رکھوالی کے لئے بلی،، ۔ میں آپ کی وساطت سے حکمرانوں سے یہ التجا کروں گا کہ اگر ان کے نزدیک ایک یونٹ کا جو مقصد تھا وہ فوت ہو چکا ہے یا اگر ایک یونٹ کے مقاصد سے آپ کو اتفاق نہیں تو برملا سامنے آئیے لیکن sabotage نہ کیجئے جب آپ ایک یونٹ کو بنانے کے بارہ سال بعد بھی اس صوبے میں بنیادی اور اہم ترین قوانین کو ایک سی بنیادوں پر نہیں بنا سکے اور ان کو لاگو نہیں کر سکے پھر آپ ہی بتائیے کہ اس صوبے میں یگانگت کس طرح پیدا ہو سکتی ہے ۔ تو جب یگانگت نہیں ہے اور ایک قانون نہیں ہے کہ قانونی لحاظ سے اس صوبے کو ایک مرکز سے کنٹرول کر سکیں اور اس پر حکومت کر سکیں ۔ آج تک سنا یہی گیا تھا کہ عوامی نمائندے ہمیشہ یہی چاہتے ہیں کہ اختیارات افسران کی بجائے عوام کو منتقل ہوں ۔ مجھے انتہائی دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ اختیارات جو سابقہ صوبہ سندھ میں ایک ٹیپے دار کو حاصل تھے اور جو کہ معمولی اختیار نہیں بلکہ بڑا اہم اختیار ہے ۔ مالیہ کی ادائیگی کا بہت ہی اہم حصہ بلکہ مالیہ کی تشخیص اور اس کے بعد اسکی وصولی اور اسکو اکٹھا کرنا ہے ۔ اگر ایک ٹیپے دار کے پاس اختیارات زیادہ ہوں گے تو آپ جانتے ہیں کہ جتنے زیادہ اختیارات ہوتے ہیں اسی تناسب سے بلکہ اس سے بھی بڑھ کر ان سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے اور جب بھی اس ایوان میں ٹیپے دار کا ذکر آیا تو سابقہ سندھ سے تعلق رکھنے والے معزز اراکین نے ہمیں ہمیشہ یہی بتایا کہ ٹیپے دار انتہائی بد دیانت ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اسی ٹیپے دار کو ہمارے بھائی اتنا طاقتور کیوں دیکھنا چاہتے ہیں ۔

آخر ہمارے سندھی بھائی ہی وہاں نمبردار ہوں گے ۔ ہم پنجابیوں

کو تو وہاں پر نمبردار بنا کر نہیں بھیجیں گے ۔ آپ ان کو یہ اختیار دینا کیوں پسند نہیں کرتے ۔ جناب وزیر خزانہ نے فرمایا ہے کہ اس قانون کی دفعہ ۲ میں یہ گنجائش ہے کہ اس قانون کی بعض دفعات کو بعض علاقوں میں نافذ نہ کیا جائے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے ۔ اس دفعہ کو یہاں رکھنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر عارضی طور پر حالات ایسے ہوں تو اس قسم کے انتظامات کئے جائیں ۔ لیکن یہ دفعہ جس شکل میں اس ایوان میں پیش کی جا رہی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ سابق صوبہ سندھ میں مالیہ کی وصولی کا جو نظام ہے وہ بدستور رہے اور اس کو آپ سابق صوبہ سرحد اور پنجاب کے علاقوں کی lines پر لانا نہیں چاہتے جناب وزیر قانون نے یہ بھی فرمایا ہے کہ انکم ٹیکس ، پراپرٹی ٹیکس اور بعض دوسرے ایسے ہی محاصلات جن کی تشخیص کرنے اور اکٹھا کرنے کے لئے حکومت کی ایجنسیاں ہی مقرر ہیں ۔ اور ان کو عوام سے کوئی تعلق نہیں ۔ لیکن میں جناب وزیر قانون سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کو یہ علم ہے کہ لینڈ ریونیو ایکٹ اس قدر اہم ہے کہ آپ کے تمام واجبات جو کسی صورت میں وصول نہ ہو سکیں اس قانون کے ذریعے دئیے ہوئے اختیارات کے تحت وصول کرنے کا طریقہ پہلے بھی موجود تھا اب آپ نے پھر اسے اپنایا ہے ۔ اور آپ کو علم ہے کہ انکم ٹیکس کے واجبات کو آخر کار محکمہ مال کے افسران یا عمال کے ذریعے وصول کیا جاتا ہے ۔ اس لئے اس قانون کی اہمیت دوسرے محاصلات کے مقابلے میں انتہائی زیادہ ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ بات کہتے ہوئے کافی ہچکچاہٹ محسوس

ہوتی تھی لیکن آج میں اس ایوان میں برملا کہنے پر مجبور ہوں کہ ہمارے سندھی بھائی یا سابق صوبہ سرحد کے نمائندے یا وہاں کے عوامی نمائندے حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ترقیاتی پروگراموں کی تعمیر و ترقی میں ان کو سابق صوبہ پنجاب کا درجہ دیا جائے بلکہ یہ کہ سابق صوبہ پنجاب کی تعمیر و ترقی کو وقتی طور پر روک دیا جائے اور پس ماندہ علاقوں کو پنجاب کی سطح پر لایا جائے کیونکہ آپ پنجاب کو ترقی یافتہ علاقہ گردانتے ہیں ۔ جب آپ کا مطالبہ یہ ہے اور حکومت کی یہ پالیسی ہے اور حکومت کی طرف سے کوئی اعلان ایسا نہیں ہے جس میں اس بات کا اعادہ نہ کیا جائے ۔ کیا پنجاب کے لوگ آپ سے یہ توقع کرنے میں حق بجانب نہیں ہیں کہ اگر آپ زیادہ اخراجات کا مطالبہ کرتے ہیں تو کیا آپ کا یہ فرض نہیں ہے کہ آمدنی میں بھی آپ انہیں برابر کا حصہ دلو بنائیں ۔ جہاں تک واجبات کا تعلق ہے ، وہ تو ہم سے وصول کئے جائیں گے اور جہاں تک اخراجات کا تعلق ہے وہ ان پر صرف کئے جائیں ۔ آخر حقوق اور ذمہ داریاں برابر ہونی چاہئیں ۔ اگر آپ محض حقوق کا ذکر کرتے ہیں اور ذمہ داریوں سے بےنیاز ہیں ، تو یہ قطعاً مناسب نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ بھی جانتے ہیں کہ ایک یونٹ بننے کے بعد سابق صوبہ پنجاب کو وقتی طور پر نمائندگی میں اتنا حق نہیں دیا گیا جو کہ اس کو آبادی کے لحاظ سے حاصل ہونا چاہئے تھا ۔ سابق صوبہ پنجاب نے اس سلسلے میں کافی قربانیاں کی ہیں اور آج تک کرتا چلا آیا ہے لیکن اگر ان تمام تر قربانیوں کے باوجود ہمارے بھائیوں کا یہ طریقہ کار ہے کہ وہ برابر کا بوجھ اٹھانے کے لئے تیار نہیں تو یہ کھیل اور حکمرانی

کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے اور اس طرح سے صوبائی تعصب میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ اس طرح صوبائی تعصب کی بنیاد رکھی جا رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ بھی جانتے ہیں کہ اگر وہ راز جو ٹیے دار کے پاس موجود ہو گا ، اسے میں راز اس لئے کہہ رہا ہوں کہ جب مالیہ کی تشخیص بھی ٹیے دار نے ہی کرنی ہے اور اسکی وصولی بھی وہی کرے گا ۔ تو اس علاقے کے عام کاشتکار کو یہ پتہ چل ہی نہیں سکتا کہ کسی کاشتکار سے ٹیے دار نے کتنے مالیے کا مطالبہ قائم کیا ہے ۔ آپ کو پتہ ہے کہ عام علاقوں میں ایک دوسرے کے ساتھ تھوڑی بہت مخالفت بھی ہوتی ہے اور وہ حکومت کے مفاد کے لئے نہیں بلکہ ذاتی مخالفت کی بناء پر ایک دوسرے کے نقائص کا کھوج لگا لیتے ہیں ۔ اگر ٹیے دار اور کاشتکار کی آپس میں کوئی سازش ہو تو آپ خود ہی بتائیے کہ دوسرے کاشتکار کو کیسے پتہ چلے گا کہ ٹیے دار اور کاشتکار نے سازش کر کے حکومت کو کس قدر نقصان پہنچایا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو بھائی ٹیے دار کو اختیار دینا چاہتے ہیں ان کو ٹیے دار سے کوئی ہمدردی نہیں ۔ ان کو قوم سے ہمدردی نہیں ان کو صوبہ سے ہمدردی نہیں ۔ مغربی پاکستان کے عوام سے نہیں ۔ کیونکہ جو رقومات حاصل ہوں گی بالآخر وہ ملک اور قوم اور عوام پر خرچ ہوں گی ۔ اگر رقومات فراہم نہ ہوں گی یا ان کی وصولی نہیں ہو گی تو اخراجات کیسے ہو سکیں گے ۔ حقیقت حال یہ ہے کہ اس طرح ٹیے دار کو آپ اتنے وسیع اختیارات دے کر آپ اسے مواقع فراہم کرتے ہیں کہ وہ سازش کر کے حکومت اور عوام کو دھوکا دے ۔ اور ان لوگوں کے لئے جو سرکاری واجبات کو خرد برد کرتے یا رشوت

وصول کرتے ہیں اور اسے اپنا پیدائشی حق سمجھتے ہیں ۔ ان کو رشوت وصول کرنے کے لئے کھلی چھٹی دے رہے ہیں ۔ میں سابقہ سندھ کی نمائندگی کرنے والے بھائیوں سے عرض کروں گا کہ اگر آپ کا تجربہ یہ ہے ۔ اگر آپ کا یہ احساس ہے ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ سابقہ سندھ میں ٹیکس دار ہی بہترین ایجنسی ہے جس کے ذریعہ حکومت مالیہ کی رقومات وصول کر سکتی ہے اس سے سابقہ پنجاب اور سابقہ صوبہ سرحد کو انتہائی نقصان ہو گا اور آپ کی جانب سے ایسی ترمیم پیش نہیں کی جانی چاہئے تھی ۔ اگر آپ اپنے لئے یہ پسند نہیں کرتے تو ہمارے لئے کیوں پسند کرتے ہیں ۔ میں حکومت سے التجا کرتا ہوں کہ اگر حکومت یہ محسوس کرتی ہے کہ پنجاب میں مالیہ کی وصولی کا طریقہ ناقص ہے آپ پنجاب اور فرنٹیئر کے کاشتکاروں کے لئے اس مسودہ قانون میں بعینہ وہی طریقہ تجویز کر رہے ہیں ۔ اس کے برعکس میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ تھیوری تو تھیوری ہی ہوتی ہے اس کے پڑھنے سے خیالات میں تبدیلی آ سکتی ہے لیکن جب اس پر عمل در آمد کیا جاتا ہے تو بہت سی مشکلات پیش آتی ہیں ۔ آپ تو سیاستدان ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ ان پر عمل کرنے میں بہت سی دقتیں ہوتی ہیں ۔ اس کے باوجود بعض اصول ایسے ہوتے ہیں کہ جن کو کسی قیمت پر قربان نہیں کیا جا سکتا ۔ میں مانتا ہوں کہ اس میں بہت دشواریاں ہیں میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی پارٹی کے دو چار ممبران ناراض ہو جائیں گے لیکن آپ کو ملک اور قوم کا مفاد عزیز تر ہونا چاہئے ۔ آپ اس ترمیم کو پیش کر کے یا پیش کرا کے یا اس کو منظور کر کے عوام میں افتراق کا یا افراتفری کا رجحان پیدا کرتے ہیں اور مرکز سے گریز کر کے رجحان کو تقویت

دیتے ہیں ۔ اگر آپ برملا ایک یونٹ کی مخالفت کرتے تو آپ اس میں کامیاب نہیں ہو سکتے لیکن ایک یونٹ کی مخالفت کا جو طریقہ آپ نے ایجاد کیا یا اختیار کیا ہے یہ انتہائی خطرناک ہے بہتر ہے کہ اس قسم کا قانون یا ترمیم لانے کی بجائے آپ یہ اعلان کر دیں کہ ایک یونٹ کا منصوبہ ناکام ہو گیا ہے اور اسے ہم ہمیشہ کے لئے ختم کرتے ہیں ۔ آپ یقین کیجئے کہ جو مفروضات میں نے پیش کی ہیں وہ حزب اختلاف کے ایک رکن کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک پاکستانی کی حیثیت سے پیش کی ہیں ۔ آج ان تمام خدشات پر جو ہماری جانب سے پیش کئے جاتے رہے ہیں آپ نے مہر تصدیق ثبت کر دی ہے ۔ اس لئے میں التجا کروں گا کہ آپ دور اندیشی سے کام لیں ۔ قوم اور ملک کے مفاد کو سامنے رکھیں ۔ چند ایک دوستوں یا چند ایک افراد کو خوش کرنے کے لئے بے اصولی کرنا مناسب نہیں ۔ یہ ترمیم ملک اور قوم کے لئے نقصان دہ ہے لیکن جہاں تک عوام کا تعلق ہے ان کو اس سے قطعاً کوئی فائدہ نہیں ہو گا ۔ اگر فائدہ ہو گا تو چند ایک افراد کو ۔ عوام‌الناس کی بہتری اور عوام‌الناس کی بھلائی اور فلاح محض اس میں ہے کہ تمام صوبہ میں ایک ہی قسم کا قانون نافذ کیا جائے جس سے زیادہ سے زیادہ مالیہ زیادہ سے زیادہ واجبات ان لوگوں سے جنہیں حکومت کو ادا کرنا فرض ہے یا حق ہے وصول کئے جائیں ۔

میر ولی محمد خان تالپور (حیدرآباد ۔ ۵) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے کوئی شوق نہیں تھا کہ اس ترمیم کے متعلق میں کچھ کہوں لیکن جناب قائد حزب اختلاف اور معزز اراکین نے سندھی ممبروں کو مخاطب کر کے کہا ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس ترمیم پر کچھ

عرض کروں ۔ اور اپنی پوزیشن واضح کروں ۔ جلبانی صاحب کی جو ترمیم ہے وہ بالکل سیدھی سی ہے ۔ اس میں کسی قسم کی صوبائی عصبیت کا کوئی نقطہ بھی موجود نہیں ہے ۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ ایک طریق کار جو ایک سابقہ صوبہ میں رائج ہے یا دو سابقہ صوبوں میں رائج ہے اس طریق کار کو وہاں ان لوگوں نے اپنا لیا ہے اس لئے اس کو بدلنے کی ضرورت نہیں ۔ اس سے زیادہ وہ یہ نہیں چاہتے کہ ہمیں الگ قانون چاہئے یا ہمیں دوسرا طریق کار چاہئے یا ہم کوئی چیز مانگ رہے ہیں یا ہم یہ کہتے ہیں کہ پنجاب کو دو ہم کو نہ دو ۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ مالیہ کی وصولی کا جو طریق کار ہے وہ ۸۰ سال سے اس علاقہ میں چل رہا ہے اس لئے وہاں کے لوگ اس چیز سے مانوس ہو گئے ہیں ۔ رہا یہ سوال کہ اس میں صوبائی عصبیت ہے مجھے تو اس میں صوبائی عصبیت کا کوئی عنصر نظر نہیں آتا اور جہاں تک یکسانیت کا سوال ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اس بل میں یا مسودہ قانون میں جو زیر بحث ہے ہم نے مستقل لینڈ ریونیو بھی قبول کیا ہے اور غیر مستقل لینڈ ریونیو بھی قبول کیا ہے ۔ بتائیں کہ اس سے کیا یکسالیت ٹوٹ گئی ہے ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ یکسانیت کیسے ٹوٹ گئی ہے ۔ ہم پاکستانی ہیں ۔ پاکستان میں رہیں گے ۔ پاکستان کے لئے مریں گے اور پاکستان کے لئے جئیں گے ۔ (نعرہ ہائے تحسین) البتہ یہ ہے کہ اگر کہیں کوئی چیز مانوس ہو چکی ہے اور اس مسودہ قانون میں بھی یہ حکم دیا گیا ہے کہ گورنمنٹ خود اگر مناسب سمجھے تو وہاں وہ چیز نہ کرے ۔ اس کے بعد دوسرا اعتراض ٹیکس دار کے متعلق ہے ۔ یہ ٹیکس دار ایک ہی ایجنسی ہے جو وصولی بھی کرتی ہے اور ایسیس بھی کرتی ہے ۔ یہ کوئی ایسا

مسئلہ نہیں کہ جس کو حکومت ٹیے دار پر چھوڑ دے ۔ بہر حال نمبر شماری ہوتی ہے اور اس کے لئے ایک ریونیو پٹواری ہوتا ہے اور ایک اریگیشن پٹواری ہوتا ہے اور اس کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔ جب دوسرے سال نمبر شماری ہوتی ہے تو وہ پہلی نمبر شماری سے ملائی جاتی ہے ۔ پھر جو تشخیص ہوتی ہے تو وہ ڈپٹی کلکٹر یا کلکٹر یا ڈپٹی کمشنر جو کلاس ون کا افسر ہوتا ہے تصدیق کرتا ہے اس کے دیکھے جانے کے بعد مالیہ کی تشخیص کو قبول کر لیا جاتا ہے ۔ اب جو کچھ بھی ہو سکتا ہے اسے بد دیانتی سمجھیں یا جو کچھ بھی سمجھیں وہ تشخیص ہونے تک ہو سکتا ہے ۔ اس کے بعد بد دیانتی کا سوال ہی نہیں ہوتا ۔ مجھے معلوم ہے کہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ پہلے سال کتنی زمین آباد تھی دوسرے سال کتنی زمین آباد ہوئی ہے ۔ اگر ایک ٹیے دار یہ دکھا دے کہ یہاں ایک ہزار ایکڑ زمین آباد تھی اور دوسرے سال ۷۰۰ ایکڑ بتا دے تو یہ نا ممکن سی بات ہے ۔ اس سے پوچھ گچھ ہوگی کہ ۳۰۰ ایکڑ کہاں گئے ۔ اگر وہ وہی ایکڑ قائم رکھے اور ایک کو نفع دے گا تو دوسرے کو نفع نہیں دے سکے گا کیونکہ اس نے ایک ہزار کی حد تو قائم رکھنی ہے ۔ ورنہ دوسرا زمیندار کھڑا ہو جائے گا کہ مجھے نفع کیوں نہیں ملا ۔ تو یہ باتیں ایسی ہیں کہ جن کے لئے ریکارڈ شاہد ہوتا ہے سب چیزیں شاہد ہوتی ہیں ۔

جناب قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے کہ غلام محمد بیراج ایریا میں جو لینڈ ریونیو کا تخمینہ کیا گیا وہ ۹ کروڑ تھا پھر بعد میں چار یا پانچ کروڑ بھی وصول نہیں ہوتا ۔ جناب والا ۔ ۱۹۶۴ء اور ۱۹۶۵ء میں غلام محمد بیراج ایریا آفات ارضی و سماوی کا شکار ہوا وہاں

ایسی حالت میں remission ہوا تو جب سال میں اتنے remissions ہوتے ہیں تو مالیہ کیسے وصول ہوگا اور کہاں سے وصول ہوگا ۔ جب فصلیں تباہ ہو جاتی ہیں تو وصولی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ ۱۹۶۴ء میں غلام محمد بیراج کو calamity ایریا declare کیا گیا اور اس سال بھی غلام محمد بیراج کو calamity ایریا declare کیا گیا تو ایسی حالت میں فصلیں کیسے ہونگی ۔ اور آبادی کہاں سے ہوگی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس سے پہلے کیا تھا ؟ اور ۱۹۶۳ء میں کیا ہوا تھا ۔

میر ولی محمد خان تالپور ۔ یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہمیں یہ چیز دو اور ہمیں یہ چیز نہ دو ہم تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ کئی سال سے ہمارا جو آبادکار طبقہ ہے وہ اسی طریقہ سے مانوس ہے جو طریقہ وہاں رائج ہے اس لئے جلبانی صاحب نے جو ترمیم پیش کی تھی اس میں کوئی ایسی بات نہیں جس سے صوبائی عصبیت کا سوال ہو ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ جلبانی صاحب کی اس ترمیم کی میں مخالفت کرتا ہوں اور حمزہ صاحب کی تائید کرتے ہوئے میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ ایک طرف ہماری قوم اور ہماری حکومت کا یہ نظریہ ہے کہ پاکستان کے دونوں صوبوں میں یکسالیت زیادہ سے زیادہ کی جائے اور یہاں کے قانون میں بھی کوئی ایسا تضاد نہ ہو لیکن مجھے افسوس ہے کہ ہمارے دوست جلبانی صاحب نے اس صوبے میں بسنے والے لوگوں میں ایک ایسی تفریق پیدا کرنے کی کوشش کی ہے جس سے تمام

قوم کو نقصان پہونچنے کا امکان ہو سکتا ہے اور جس سے میں سمجھتا ہوں کہ چور بازاری کے دروازے کھل جائیں گے ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کروں کہ جب اس قانون کے تحت اس صوبے کے قانون کو یکساں بنایا جا رہا ہے تو پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ حکومت کو لینڈ ریونیو سے جو انکم ہوتی ہے اس میں چور بازاری کے لئے گنجائش چھوڑی جا رہی ہے ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ سابقہ پنجاب میں وصولی کا طریقہ ایک نہایت ہی بہترین طریقہ ہے ۔ یہاں پٹواری گردآوری کرتا ہے ۔ نہری پٹواری بھی گردآوری کرتا ہے اس کے بعد مالیہ کی تشخیص ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود بھی کئی جگہوں پر یہ ہوتا ہے کہ پٹواری ایک زمیندار کی کاشت دوسرے زمیندار کے نام دے کر ایک آدمی سے ۲۰ روپے اور دوسرے آدمی پر پانچ سو روپے آبیانہ تشخیص کرتا ہے ۔ جب نمبر دار اس کی وصولی کرتا ہے تو پھر وہ زمیندار چارہ جوئی کرتا ہے اس کے بعد بڑی مشکل سے درستی ہوتی ہے ۔ اور سندھ میں ہمارے سندھی بھائی یہ چاہتے ہیں کہ وہی پٹواری تشخیص کرے اور وہی پٹواری وصولی بھی کرے اور اگر وہ چاہے تو وصولی کے وقت گڑبڑ بھی کر دے ۔ جہاں تک اس گڑبڑ کا تعلق ہے اگر میں یہ گذارش کروں تو بیجا نہ ہوگا اور ایک غیر مصدقہ اندازے کے مطابق میں یہ عرض کروں گا کہ آپ پنجاب اور سندھ کی نہروں کا اندازہ لگائیں ۔ کہ اپر باری دو آب کا پانی کل ۶ ہزار ۵ سو کیوسک ہے اسکا آبیانہ ڈھائی کروڑ روپیہ وصول ہوتا ہے اور دوسری طرف سکھر بیراج کا جو پانی ہے وہ ۵۴ ہزار کیوسک دیتا ہے لیکن اس کا آبیانہ اس کا اور جو وہاں سے وصول ہوتا ہے وہ صرف ۴ کروڑ روپے ہے آپ اندازہ کریں کہ جب وہاں کے اور یہاں کے آبیانہ کی شرح

ایک ہے حالانکہ اس سے پہلے کہا جاتا تھا کہ سندھ میں شرح زیادہ ہے اور مجھے اس سے ہمدردی ہے اور مجھے خوشی ہے کہ ہمارے سندھ بلوچستان فرنٹیر اور پنجاب میں کوئی فرق نہ ہونا چاہئے ہم سب کے یکساں حقوق ہیں میں سمجھتا ہوں کہ جو مراعات پنجاب کو ہوں وہی ہمارے سندھی بھائیوں کو بھی مراعات ہونا چاہئیں لیکن جو مراعات ہمارے سندھی بھائیوں کو ہیں وہی ہمیں بھی ہونا چاہئیں ۔ جناب والا ۔ اگر آپ نمبرداری سسٹم کو دیکھیں تو اس سے آپ کو پتہ چلے گا کہ اس سے سستا وصولی کا اور کوئی طریقہ نہیں ہو سکتا کہ نمبردار ۵ روپے سینکڑہ پر لینڈ ریونیو وصول کرتا ہے ۔ اور ۳ روپے پر آبیانہ وصول کرتا ہے ۔ اس سے سستا کوئی اور ملازم یا کوئی اور طریقہ نہیں ہو سکتا ۔ اگر آپ دیکھیں کہ سندھ کے پٹواریوں کی کیا حالت ہے تو وہ میرے خیال میں سابقہ پنجاب کے ڈپٹی کمشنر سے زیادہ اچھی ہے ۔ اس کی وجہ کیا ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ آبیانہ میں قوم کی چوری کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ لینڈ ریونیو سے جو وصول ہوتا ہے وہ قوم کی بہبود کے لئے ہے وہ قوم کے خزانے میں آتا ہے ۔ اگر نمبرداری سسٹم کو رائج کیا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ پیسے قوم کے خزانے میں آنے کے بجائے پٹواریوں کی جیب میں جائیگا اس لئے میں گذارش کروں گا کہ جہاں کسی سیاسی اثر کے تحت کسی با اثر آدمی نے کسی پٹواری کو تعینات کرایا میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کا لینڈ ریونیو نہیں آئے گا اور آبیانہ نہیں آئے گا ۔ کیونکہ تشخیص کرنے والا بھی پٹواری اور وصول کرنے والا بھی پٹواری ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ نمبردار کسی سیاسی اثر و رسوخ میں نہیں آ سکتا ۔ نمبر دار کو

اپنی برخواستگی کا ڈر نہیں ہے کہ فلاں آدمی مجھے یہاں تبدیل کرا دیگا اور فلاں آدمی مجھے معطل کر دیگا ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ قومی روپے کو چوری کرنے سے بچائیے اور اگر اس ترمیم کو لانے کے بعد آپ منظور کر لیتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنی قوم کے ساتھ ایک ایسا ظلم کریں گے اور اس صوبے میں بسنے والوں میں تفریق پیدا ہو جائیگی ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر میرے محترم دوست کی نظر میں ان کو اس سے کوئی نقصان بھی پہونچتا ہے تو ان کو اسے خندہ پیشانی سے برداشت کرنا چاہئے ۔ ہم بیقرار ہیں کہ جلد سے جلد ہمارے سندھی بھائیوں کو وہی مراعات دی جائیں جو پنجاب میں دی جا رہی ہیں ۔ اب ہم نہ بلوچی ہیں نہ سندھی ہیں نہ سرحدی ہیں ہم سب مغربی پاکستان کے باشندے ہیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے ساری بحث کو نہیں سنا ۔ در اصل میں بحالت مجبوری اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ یہ ایک غیر ضروری سی دفعہ ہے جناب والا ۔ آپ اس دفعہ کو ملاحظہ فرمائیں ۔

> "Notwithstanding anything contained in this Act, head-men (Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appointment be enforced in or made applicable to, any area or part of the Province where the law in force immediately before the commencement of this Act did not provide for the making of such appointment or rules."

جناب والا - یہ ایک سیولک کلاز ہے - یہ ایک exception کرنے والا کلاز ہے میں جناب قاضی صاحب اور جناب لا منسٹر صاحب سے بصد ادب مخاطب ہو کر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ میرے نقطہ نظر سے سب سے زیادہ تجربہ کار منسٹر ہیں اور جناب لا منسٹر صاحب سب سے زیادہ قانون سازی کے ذمہ دار ہیں اگر وہ ایسے تمام exceptional کلازز میں سے کوئی ایسا instance بتا دیں تو میں ہرگز اس کلاز کی مخالفت نہ کروں مجھے اپنے سندھی بھائیوں کے جذبات کا بھی احترام ہے لیکن میں ان سے یہ عرض کروں گا کہ بلا وجہ اس چیز کو باعث اختلاف بنانا مناسب نہیں ہے - جناب والا - میں آپ کی توجہ ولیج آفیسرز کی definition کی طرف دلانا چاہتا ہوں جسے آپ dispose of کر چکے ہیں اور آپ اس کے لئے رولنگ دے چکے ہیں لیکن میں ہاؤس کے سامنے ایک چیز پیش کرتا ہوں کہ

> "'Village officer' means any person appointed under this Act whose duty it is to collect, or to supervise the collection of, the revenue of an estate, and includes Kanungos, Patwaris, Zabits and Kotars or Tapedars, Peons, Arbabs, Rais and Headmen (Lambardars)."

جناب والا - یہ definition ۲۸ - جو آپ نے بتائی تھی (میں نے اس نکتہ کی تیاری نہیں کی تھی اور میری امنڈمنٹ اس پر نہیں تھی) جناب والا - دفعہ ۳۶ - پر

> "The Board of Revenue may, with the previous approval of Government, make rules to regulate the appointment, duties, emoluments, punishment, suspension and removal of village officers."

جناب والا - میں یہاں پر آپ کی رہنمائی چاہوں گا - اب ولیج آفیسرز کی definition approve ہو چکی ہے اور ولیج آفیسرز کا appointment دفعہ ۳۶

میں approve ہو چکا ہے جناب والا ۔ آپ دیکھیں گے اور آپ شاید اب رولنگ دینا پسند نہیں کریں گے کیونکہ آپ اپنے observations کر چکے ہیں لیکن اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں رولز آف پروسیجر سے ایک رول (غالباً وہ رولز آف پروسیجر کی قاعدہ ۱۴۳ ہے) quote کرنا چاہتا ہوں

"143. Except as otherwise provided for by the Rules, a motion shall not raise a question substantially identical with one on which the Assembly has given a decision in the same session."

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان بے شمار خامیوں میں سے یہ ایک مزید خامی ہوگی کہ اگر آپ اس question کو جو کہ Village Officer کے متعلق ہے جس میں Headman بھی included ہے ۔ Numberdar بھی included ہے ۔ اس پر اسی session میں آپ decision دیں ۔ یعنی ایک طرف تو آپ ایسی بات کو positive بنا رہے ہیں کہ Village Officer کی تقرری کر رہے ہیں دفعہ ۳۶ میں جناب والا ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ کے argument کو درست بھی تسلیم کر لیا جائے تو آپ نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں ان سے آپ کی کیا مراد ہے یعنی same session.

ملک محمد اختر ۔ same session کا مطلب یہ ہے ۔ جناب والا ۔

In the same continuous session. You cannot take two decisions.

Mr. Speaker : What is 'same continuous session' ?

ملک محمد اختر ۔ یہ سیشن جو چل رہا ہے ۔ اس میں آپ ایک decision دے دیجئے لیکن آپ اسکے متبادل decision نہیں لے سکتے ہیں ۔

This is my interpretation ; I may be wrong.

Mr. Speaker : Had we disposed of clause 36 (1) in this session ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, in that case, this Bill is a continuous Bill.

یہ ٹھیک ہے آپ نے درست فرمایا ہے ۔

Mr. Speaker : It may be the same continuous session according to the Member.

ملک محمد اختر ۔ اس سے ہمارا رولز آف پروسیجر silent ہے ۔

You are very very intelligent to make this observation. I am very grateful to you.

جناب والا ۔ ابھی میں تقریر کروں گا اس کے اوپر ۔ اب آپ دیکھیں کہ اسی session میں میں نے دفعہ ۳۶ کو نہیں پیش کیا ہے جناب والا ۔ اس چیز کو لانے کے بعد تو اس چیز کا طریقہ یہ تھا کہ یہ دفعہ ۳۶ میں amendment لاتے ۔ یہ صوبے کو permanently debar کر دینگے سو سال کے لئے وہاں پر نمبردار کا appointment نہیں ہوگا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ محض صوبائی عصبیت کو ہوا دینے کے مترادف ہے اور اسے ہم خواہ کتنی ہی نیک نیتی سے کریں ۔ لیکن یہ کوئی بھی تسلیم نہیں کریگا کہ ہمارے عزائم اور ہمارے ارادے اچھے تھے اور ہم نے اس کو good faith میں مانا ہے ۔ اس وقت Law Minister صاحب سے جن کو کہ بنیادی طور پر ذمہ دار گردانا جاتا ہے اس بل کے پیش کرنیکے سلسلے میں ۔ ان سے میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ان اعداد و شمار کے پیش نظر جو قائد حزب اختلاف نے پیش کئے ہیں اور جو مفاد عامہ میں ہیں Headman کی تقرری وہاں پر کی جائے اس لئے میری گذارش یہ ہے اور اس سے زیادہ میں نہیں کہنا چاہتا ہوں جناب والا ۔ کہ یہ جو دفعہ ہے یہ صوبائی عصبیت کو ہوا دینے کے مترادف ہے اس لئے میں دفعہ پیش کرنے والے سے یہ request کرونگا کہ وہ اس دفعہ کو withdraw کر لیں ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے بڑی حیرت ہوئی اور دکھ بھی ہوا کہ میری چند گذارشات کو جناب قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر کا موضوع بنا لیا اور انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ مجھے دکھ ہوا ہے ۔ میں نے اگر یہ کہا کہ مغربی پاکستان میں کئی communities بس رہی ہیں تو میری سمجھ میں یہ نہیں آتا ہے کہ میں نے کونسا کفر یا گناہ کیا ہے جسکی وجہ سے خواجہ صاحب کو اتنا رنج ہوا ۔ میں نے جو کچھ کہا ہے وہ صرف اس لئے کہا ہے کہ section (2) میں جو کچھ ہے اسکا پس منظر یہ معلوم ہوتا ہے ۔ اور section (2) اس وقت پاس ہوا جب میں یہاں نہ تھا اور خواجہ صاحب ضرور اس میں حصہ لیا ہوگا ورنہ اگر سابق صوبہ سندھ کے علاقے کو دیکھا جائے تو میں جناب والا ۔ چند مثالیں یہاں پیش کرونگا جس سے یہ پتہ چلیگا کہ ہماری فراخدلی کا کیا معیار ہے ۔ ہم نے حال ہی میں ایک سوال کے جواب میں یہ کہا تھا کہ ۲۶ جو C.S.P. آفیسر ہیں اور جو صوبہ سندھ کے domicile پر مقرر ہوئے ہیں ان میں صرف ۱۰ ہیں جو اصلی سندھ کے باشندے ہیں ورنہ ۲۰ ان میں ایسے ہیں جو بعد میں آئے ہوئے ہیں ۔ تو کیا اس سے پتہ نہیں چلتا ہے کہ ہم نے اتنے پڑھے لکھے آدمی جن کی بڑی اکثریت بلکہ ۲ کی اکثریت ہماری C.S.P. کی نمائندہ بھی ہے وہ ہمارے ہی صوبے کے domicile پر ہے ۔ علاوہ اس کے ہمارے جتنے بڑے شہر ہیں ان میں اگر آپ دیکھیں گے تو آپ کو یہ معلوم ہو گا کہ ہماری آبادی مجموعہ ہے پورے پاکستان کی آبادی کا ۔ میرے گاؤں میں اگر آپ جا کر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ غلام محمد ابراج میں کہاں کہاں کے لوگ آباد ہیں ۔ وہاں سندھ کے لوگ آباد ہیں ۔

سابق صوبہ پنجاب کے لوگ آباد ہیں صوبہ سرحد کے لوگ آباد ہیں ۔ مہاجر بھائی آباد ہیں ۔ اور مشرق پاکستان تک کے لوگ آباد ہیں ۔ تو آپ کو یہ معلوم ہو گا کہ ہمارے صوبہ سندھ ہیں سارے پاکستان کے لوگ آباد ہیں ۔ اور اس طرح سے ہمارے یہاں پورے پاکستان کی مردم شماری ملے گی ۔ اور میں جناب سپیکر چیلنج کرتا ہوں کہ آپ کسی علاقے کی ایسی مثال پیش تو کر دیں اس لئے میں نے کوئی ایسی بات نہیں کہی ہے جس سے خواجہ صاحب اس بات کے کہنے پر مجبور ہوئے کہ ہم نے علاقائی تعصب کو فروغ دیا ہے ۔ بلکہ میں نے صرف یہ کہا ہے کہ چونکہ حالات مختلف ہیں اور حالات جو ہوتے ہیں وہ ایک دن میں نہیں بدلتے ہیں بلکہ حالات برسوں میں بدلتے ہیں ۔ اگر کسی وقت بھی حالات بدل جائیں سابق صوبہ پنجاب میں یا سابق صوبہ سندھ میں یا سابق صوبہ سرحد میں اور یہ ضروری محسوس کیا جائے کہ نمبردار نہ ہو تو وہ بھی ہو سکتا ہے ۔ اگر یہ محسوس کیا جائے کہ سندھ میں نمبردار ہیں تو یہ بھی ہو سکتا ہے ۔ یہ تمام چیزیں حالات پر منحصر ہیں ۔ ورنہ میں نے کوئی ایسی بات نہیں کہی جس کی وجہ سے یہ کہا جائے کہ ہم نے علاقائی تعصب کو فروغ دیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ یہی تو رونا ہے جو یہ ترمیم موجود ہے اور یہ اس کو استعمال کر سکتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ جہاں تک قانون کی یکسانیت کا تعلق ہے اس قانون کو آپ دیکھیں گے تو broad principles جو ہیں وہ یہی ہیں کہ rates of incidence of assessment کیا ہونا چاہئے ۔ recovery کیسے ہونی چاہئے ۔

collection کیسے ہونا چاہئے ۔ record of rights کیسے maintain کیا جائے ۔ assessment کیسے ہو ۔ general assessment کیسے ہو ۔ procedural assessment کیسے ہو ۔ procedure of sale کیسے ہو ۔ procedure of partition کیسے ہو ۔ یہ سب مقاصد اس قانون کے تحت آتے ہیں ۔ اب میں جناب خواجہ صاحب سے یہ عرض کروں گا کہ وہ بتلائیں کہ اگر یہ دفعہ ۹۲ ، (ب) اگر پاس ہو جائے تو کیا ان میں سے کسی اصول میں فرق ہو سکے گا کیا ان میں سے کسی اصول میں کوئی کمی ہو سکے گی ۔ کیا سندھ پر یہ لاگو نہ ہوگا کیا rate of income of assessment مختلف نہیں ہو گی ۔ کیا writ نہیں ہوگی اگر باقیدار پیسے نہیں دیتا ہے کیا اس کی پراپرٹی sale یا annul نہیں ہو سکے گی ۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ کس بناء پر ہمارے دوستوں نے یہ کہا تھا کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں اس سے صوبائی عصبیت کی بو آتی ہے اور یہ مغربی پاکستان کی یکسانیت کے خلاف ہے ۔ یہ قطعی غلط ہے ۔ اور یہ کسی طرح بھی خلاف نہیں ہے ۔ بلکہ صرف یہ ہے کہ collection کی agency کون سی ہونی چاہئے ۔ اگر collection کی agency پٹواری ہو تو کیا خرابی ہے اور اگر وہ نمبردار ہے تو اس سے کیا فائدہ ہے ۔ جیسا کہ میرے فاضل دوست وزیر داخلہ نے فرمایا ہے کہ ہمارے یہاں پہلے نمبرشماری ہوئی ہے اب نمبرداری کے بعد تحصیلدار اس کی چیکنگ کرتا ہے ۔ اسسٹنٹ کمشنر چیکنگ کرتا ہے اور ڈپٹی کمشنر بھی اس پر چیکنگ کرتا ہے اور میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں گا کہ ہمارے سابقہ صوبہ سندھ کے ۱۰ اضلاع میں سے صرف ایک دو اضلاع میں سندھی ڈپٹی کمشنرز ہیں اور زیادہ تر اور بھائی جو مغربی پاکستان اور دوسرے علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں یا مہاجر بھائی ہیں تو لینڈ ریولیو اگر کم ہوتی جاتی ہے تو اس میں پٹواری کا کیا قصور ہے ۔ میرے دوست نے اب

یہ رپورٹ جو کہ فائینل نہیں ہوئی اور جو کمیٹی کی ہے اس کا حوالہ دیا ہے لیکن رپورٹ میں اس بات کا فیصلہ نہیں ہو سکا اور وہ کمیٹی اس بات کا فیصلہ نہیں کر سکی ہے ۔ کہ یہ جو مالیہ کم موصول ہو رہا ہے یہ کیوں کم موصول ہو رہا ہے ۔ تو یہ بات ابھی زیر غور ہے ۔ میں اپنے فاضل دوست کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ غلام محمد بیراج میں وہ زمینیں جو صدیوں تک آباد نہیں ہوئیں ڈیویلپ نہیں ہوئی تھیں ان کو آباد کرنے کے لئے ہزاروں روپیہ ہر ایک زمیندار کو چاہئے اور گورنمنٹ نے مناسب سمجھا ہے کہ زمیندار چونکہ اس کو آباد کرنے کے لئے یا ڈیویلپ کرنے کے لئے روپیہ خرچ کرے گا اس لئے ان کو ٹیکس ہالی ڈے دی جائے تین سال کے لئے ۔ یہی وجہ ہے جس کی وجہ سے مالیہ کم موصول ہو رہا ہے ورنہ اور کوئی وجہ نہیں ہے ۔ مالیہ کیوں نہیں بڑھے گا ۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ گورنمنٹ نے ٹریکٹرز سکیم انٹروڈیوس کی ہے جس میں مشینی آلات سے کھیتی باڑی کی جائے گی اور اس پر ہزاروں روپے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے خرچ ہوتے ہیں ۔ نہ صرف یہ ٹیکس ہالی ڈے دی گئی ہے بلکہ وہ قسطوں میں زمینداروں سے ۴ سال کے بعد وصول ہوں گی تو اس لئے یہ سہولیات دی گئی ہیں تاکہ تین چار سال کے بعد جبکہ زمین پوری طرح ڈیویلپ ہو جائے تو اس وقت وہ گورنمنٹ کے پیسے دے سکیں اور کچھ وہ خود بھی حاصل کر سکیں ۔ تو یہ کہنا غلط ہو گا کہ چونکہ مالیہ کم وصول ہو رہا ہے یہ تمام بوجھ پٹواری کی وجہ سے ہے ۔ یہ غلط ہے کہ پٹواری اس کے لئے ذمہ دار ہے ۔ یہ کمیٹی ابھی طے کرنے والی ہے کہ کیا وجوہات ہیں جن کی وجہ سے مالیہ کم موصول ہو رہا ہے ۔ تو یہ کہنا سراسر غلط ہے ۔ میری ناقص عقل میں کلیکٹنگ

وزیر صحت - اس کے لئے جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ یہاں پر اب antibiotic دوائیں بننے لگی ہیں اور انہیں یہاں پر باہر کی کمپنیاں بنا رہی ہیں - لہذا انہوں نے جو فرمایا ہے کہ یہاں پر یہ دوائیں نہیں مل رہی ہیں یہ صحیح نہیں ہے - وہ دوائیں یہاں مل رہی ہیں - اور یہاں پر صرف وہ دوائیں نہیں ملتی ہیں جنکو لائسنس کے ذریعہ درآمد کیا جاتا ہے - تو جیسے ہی ہم کو لائسنس ملتا ہے ہم ان کو درآمد کرنے کی کوشش کرتے ہیں - دوسری چیز جو انہوں نے فرمائی ہے وہ یہ ہے اور آپ کے ایڈجورنمنٹ موشن کا مقصد یہ ہے کہ یہ جو غیر مستند ڈاکٹر ہیں ان کو بعض دواؤں کے استعمال کرانے کے لئے کیوں اجازت دی گئی ہے - اس کے لئے یہ عرض ہے کہ بہت سی دوائیں جو مضر نہیں ہیں وہ اکثر لوگ یہاں پر استعمال کر لیتے ہیں جیسے ''امپرو'' اور ''اے - پی - سی'' وغیرہ دوائیں ہیں جو زندگی کے لئے خطرناک نہیں ہیں - اور جو خطرناک قسم کی دوائیں ہیں ان کے استعمال کی اجازت نہیں دی گئی ہے -

Malik Muhammad Akhtar : Sir, my motion is based on a resolution by the Executive Committee of the Pakistan Medical Association, Lahore Branch. They have expressed the view that life-saving drugs and anti-biotics should be sold by Chemists only against the prescriptions of the Registered Medical Practitioners, to avoid wastage. They have been of the view specially because it is necessary as there was acute shortage of the medicines in the city. They have said in their resolution that use of these medicines, which are being prescribed by persons other than registered medical practitioners.....

Mr. Speaker : Since when there is acute shortage of life-saving drugs in Lahore ?

Malik Muhammad Akhtar : It has been reported in the daily "Pakistan Times", dated 26th October 1967, and I moved the motion on that day.

Mr. Speaker : After all, this shortage has not suddenly arisen.

Malik Muhammad Akhtar : Anyhow, there should be some body to check it up if the Government is not going to take cognizance of that. I don't deny that it might be a gradual process, but Sir...

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ آپ ملک صاحب کو کیا یہ یقین دلاسکتی ھیں کہ گورنمنٹ اس معاملہ میں پوری پوری کوشش کر رھی ھے کہ جیسے ھی لائسنس مل جائیں گے ان دواؤں کے منگانے کی کوشش کی جائے گی ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا یہ ایک ایسی ھدایت جاری کریں گی کہ غیر مستند جو ڈاکٹر ھیں وہ نسخے جاری نہ کریں ۔

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ یہ ھم نے میڈیکل ایسوسی ایشن کے مشورہ سے کیا تھا وہ لوگ اس میں شریک تھے لیکن معلوم نہیں کہ وھی لوگ اب کیوں برھم ھو گئے ھیں کہ غیر مستند ڈاکٹر نسخے نہ تجویز کریں تو اس کے لئے .....

مسٹر سپیکر ۔ وہ علیحدہ موشن ھے آپ اس کے متعلق کیا اشورنس دے رھی ھیں کہ گورنمنٹ اس کے متعلق پوری پوری کوشش کر رھی ھے کہ drugs زیادہ سے زیادہ available ھو سکیں ۔ کیا آپ اس کے لئے اقدامات کریں گی ؟

وزیر صحت - جی ہاں -

مسٹر سپیکر - ایسی صورت میں ملک صاحب آپ اپنے موشن کو press کرتے ہیں ؟

ملک محمد اختر - میں موشن کو press نہیں کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

THEFT OF OFFICIAL DOCUMENTS FROM THE COURT OF R.M. TOBA TEK SINGH, DISTT. LYALLPUR

Mr. Speaker : Next motion by Mr. Hamza.

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the utter failure of the law and order machinery in the Province as revealed by the theft of important official documents from the Court of R. M. Toba Tek Singh, District Lyallpur, which has caused great alarm and dispondency among the public all over the Province.

The news of the theft was published in the daily 'Mashriq', Lahore, on 29-10-67.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose it. I would like to have some time because I have received notice of the adjournment motion only this morning. If you are pleased to take it up the day after tomorrow I will be able to collect the requisite information.

مسٹر سپیکر - ایک document غائب ہوا ہے- حمزہ صاحب یا سارے کا سارا فائیل گم ہو گیا ہے ؟

مسٹر حمزہ - صرف document ہی نہیں گم ہوا ہے بلکہ فائیل گم ہو گیا ہے جناب والا -

Mr. Speaker : We will take up this adjournment motion on the 1st.

FIXING OF THE PURCHASE PRICE OF 'BAIGMI' RICE AT Rs. 20.00

Mr. Speaker : Next motion.

Malik Muhammad Akhtar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the West Pakistan Government has fixed purchase price of 'Baigmi' rice at Rs. 20.00 (Rs. Twenty)

per maund from Rice Controlled Areas which is much lower as compared with the prices at which the Government is selling the same. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Mr. Speaker : When has this price been fixed ?

Malik Muhammad Akhtar : Very recently. I have got a document.

Mr. Speaker : When ? Which is the document ?

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - یہ کوہستان اخبار صوبائی حکومت کا اپنا ھی اخبار ھے - ۲۶ اکتوبر کی اس میں خبر ھے کہ صوبائی حکومت نے اجارہ داری سکیم کے تحت سال رواں میں چاول کی خریداری کے سلسلے میں جو پالیسی اختیار کی ھے - اس نئی پالیسی کے تحت امسال صوبائی حکومت ضلع لاھور ، گوجرانوالہ ، سیالکوٹ ، گجرات ، شیخوپورہ ، ساھیوال اور تحصیل سمندری - جڑانوالہ (ضلع لائلپور) اور جھنگ کی تحصیل چنیوٹ سے ۱۹ کروڑ روپیہ کی مالیت کا ۲ لاکھ ۲۰ ھزار ۲ سو ٹن چاول (باسمتی اور بیگمی) خرید کرے گی - ضلع گوجرانولہ سے ۵ ھزار ٹن چاول خرید کیا جائے گا جب کہ لاھور سے ۶ ھزار ٹن - شیخوپورہ سے ۶۹ ھزار ٹن - سیالکوٹ سے ۳۲ ھزار ٹن - گجرات سے ۶ ھزار ۵ سو ٹن - تحصیل سمندری اور جڑانوالہ سے ۲ ھزار ۶ سو ٹن - ساھیوال سے ۶ ھزار ۵ سو ٹن - اور تحصیل چنیوٹ سے چار سو ٹن چاول خریدا جائے گا - معتبر ذرائع سے معلوم ھوا ھے کہ امسال حکومت نے باسمتی چاول کی قیمت خرید ۲۸ روپیہ سے بڑھا کر ۳۱ روپیہ فی من کر دی ھے اور اسی طریقے سے بیگمی چاول کی قیمت خرید ۱۸ روپیہ فی من سے بڑھا کر ۲۰ روپیہ فی من کر دی ھے - تاکہ زمیندار چاول پیدا کرنے میں زیادہ سے زیادہ محنت کریں -

مسٹر سپیکر - چاول کی قیمت مقرر کرنے کے سلسلے میں جو نرخ وقتاً فوقتاً مقرر ھوئے ھیں ان کو آپ غور سے پڑھیں ملک صاحب -

And now the Minister for Food and Agriculture will give us the date.

Minister for Food and Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : It was on the 27th March, 1967, when the Government made the announcement of

the prices and we made sure that before the growers under-took the sowing operation they should know the prices at which we were going to procure both Basmati and Baigmi.

Mr. Speaker : Does the Member still press his motion ?

Malik Muhammad Akhtar : I press it because it is in the public interest whatever the ruling may be.

Mr. Speaker: The matter proposed to be discussed in the adjournment motion is not of recent occurrence. Therefore, the motion is ruled out of order.

Similar is the case with the next motion.

Malik Muhammad Akhtar : But I have not moved it.

Mr. Speaker : It is ruled out of order.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEES' REPORTS

Mr. Speaker : There is one motion for the extension of time by Rais Khan Muhammad Khan Nizamani.

Rais Khan Muhammad Khan Nizamani : I beg to move:

> That the time for the presentation of the Report of the Standing Committee on Information on the West Pakistan Press & Publications (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 39 of 1967) be extended up to 31st May, 1968.

Mr. Speaker : The question is:

> That the time for the presentation of the Report of the Standing Committee on Information on the West Pakistan Press & Publications (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 39 of 1967) be extended up to 31st May, 1968.

The motion was carried.

BILLS

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1965

(resumption of consideration clause by clause)

CLAUSE 192 (B) *(new clause) (contd.)*

Mr. Speaker : The House will now resume consideration clause by clause of the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965. Mr. Muhammad

Hashim Lasi was speaking on the new clause 192 (B) when the House rose for the day on Thursday last. The Member may please continue with his speech.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - آج ''امروز،، میں ایک ایسی خبر چھپی ہے جس سے مجھے یہ خدشہ ہے کہ سابقہ صوبہ سندھ کے بعض زمیندار اس خبر کے پڑھنے کے بعد اس حد تک پریشان ہوئے ہونگے کہ ان میں سے بعضوں کو دل کا دورہ پڑ گیا ہوگا - اس اخبار میں یہ لکھا ہوا ہے کہ سابق صوبہ سندھ میں زمینداری سسٹم رائج نہیں کیا جائیگا - مسلم لیگ اسمبلی پارٹی نے سندھ کے ارکان کا مطالبہ منظور کر لیا -

جہانتک مجھے علم ہے اس قسم کا فیصلہ نہ تو اس ایوان نے کیا اور نہ مسلم لیگ پارٹی نے کیا ہے کہ زمینداری سسٹم وہاں ختم کر دیا جائیگا - اور سابق صوبہ سندھ میں زمینداری سسٹم رائج نہیں کیا جائیگا - حضور والا - یہ کتنی موٹی سرخی ہے - آپ اندازہ لگائیے کہ بعض کم پڑھے لکھے لوگ اس سرخی کو پڑھکر اس خبر سے کیا تاثر لینگے - اور کس قسم کی پریشانی انکو لا حق ہوگی -

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب - آپکے معیار کے تعلیم یافتہ لوگوں پر اس خبر کے پڑھنے سے کوئی اثر نہیں پڑیگا - مسٹر محمد ہاشم لاسی -

مسٹر محمد ہاشم لاسی (اس بیلہ - قلات) - جناب والا - میں مسٹر جلبانی کی ترمیم کے سلسلے میں اگلے روز کچھ گذارشات پیش کر رہا تھا - میرے مختلف دوستوں نے اس سلسلے میں اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے - میں یہ مناسب سمجھتا تھا کہ انکو فرداً فرداً جواب دے کر قائل کرنے کی کوشش کرتا کہ یہ ترمیم جن علاقے جات سے تعلق رکھتی ہے جو اپنی نوعیت کے واحد علاقے ہیں - یہ ترامیم کس حد تک بہترین ثابت ہو سکتی ہیں ان علاقوں کے لئے - اس سلسلے میں میں نے اپنے محترم دوستونکی توجہ دلائی اور میں یہ نہیں چاہتا کہ ان دوستوں کے اعتراضات کا میں فرداً فرداً جواب دے کر اس معزز ایوان کا وقت ضائع کروں - اس سلسلے میں میں صرف یہ گذارش کرونگا کہ

جناب والا ۔ سندھ اور بلوچستان یہ چند ایسے علاقے جات ھیں جنکے لئے اس ترمیم کا اس ایوان میں منظور کرنا نہایت ھی موزوں ھوگا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں جلبانی صاحب کی تجویز کی تائید کرنے کے لئے کھڑا ھوا تھا ۔ جناب والا ۔ میرے محترم دوست مسٹر حمزہ نے اس ترمیم کی مخالفت میں بڑے ھی زور و شور سے حکومت کی اکثریتی پارٹی اور میرے وزیر قانون پر یہ حملے کرنے کی کوشش کی کہ حکومت کی اکثریتی پارٹی نے اس ترمیم کو اس ھاؤس میں لا کر یہ ثبوت پیش کیا ھے کہ One Unit کے مقصد کو فوت کرنے کی کوشش کی جا رھی ھے ۔ جناب والا ۔ اس ھاؤس کے اندر ھمارا ھمیشہ سے یہ مقصد رھا ھے کہ جو بھی قانون سازی ھو قانون سازی کرتے وقت ھم کو اس چیز کا خیال رکھنا چاھئیے کہ قانون ھمیشہ اس ملک کے عوام کے مزاج اور ان کے رسم و رواج اور ان کے روزانہ کی زندگی سے وابستہ ھو ۔ اور وہ ان کے مزاج کے مطابق ھو ۔ جناب والا ۔ جب وہ ایک سمجھ دار ممبر ھوتے ھوئے یہ اچھی طرح سے جانتے ھیں کہ ان علاقہ جات میں چند ایسے علاقہ جات ھیں جہاں یا جن کے لئے قانونی ترامیم پیش کرنے کی ضرورت ھوتی ھے وہ ان کے مزاج کے مطابق ھونی چاھئے ۔ وہ اپنے الفاظ پر کسی وقت پابند رھنے کی کوشش کیا کریں ۔ ایسے قوانین نہیں بنانے چاھئیں جنکو ان کے سر پر تھوپ دیا جائے ۔ اس چیز کا خاص خیال رکھا جانا چاھئے اور تعاون بھی کرنا چاھئے کہ قانون بناتے وقت عوام کے مزاج کا خاص خیال رکھا جائے اور ان چیزوں کو ضرور مدنظر رکھا جانا چاھئے ۔ اکثریت پارٹی یعنی حکومتی پارٹی پر یہ الزام لگایا گیا کہ وہ ون یونٹ کا مقصد فوت کرنا چاھتے ھیں ۔ جناب والا ۔ یہ قطعی نہیں ھے ۔ ون یونٹ اتنا کمزور نہیں ھے کہ مالیہ اگر نمبردار وصول کرے تو کوئی برا اثر پڑے گا ان الفاظ کیساتھ میں اس تجویز کی تائید کرتا ھوں اور گذارش کرتا ھوں کہ مسٹر جلبانی کی ترمیم منظور فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : Would Mr. Jalbani like to say something ?

Haji Rais Darya Khan Jalbani : No Sir.

Mr. Speaker : I will now put the new clause to the vote of the House. The question is :

That after clause 197 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following new clause be added, namely:—

"198. Notwithstanding anything contained in this Act, headmen (Lambardars) shall not be appointed in, nor shall rules for their appointment be enforced in or made applicable to, any area or part of the Province where the law in force immediately before the commencement of this Act did not provide for the making of such appointment or rules."

The motion was carried.

PREAMBLE

Mr. Speaker : Now, the Preamble.

The question is:

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1

Mr. Speaker : Clause 1; first amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for clause 1 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—

"1. (1) This Act may be called the West Pakistan Land-Revenue Act, 1967.

(2) It extends to the whole of the West Pakistan, except the tribal areas.

(3) It shall come into force at once."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 1 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—

"1. (1) This Act may be called the West Pakistan Land Revenue Act, 1967.

(2) It extends to the whole of the West Pakistan, except the tribal areas.

(3) It shall come into force at once."

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - پیشتر اس کے کہ میں اپنے دلائل اپنی ترمیم کے حق میں دوں میں یہ ضروری خیال کرتا ہوں کہ - - - - - (قطع کلامی) جناب سپیکر - میں نے ان سے اتفاق نہیں کیا - یہاں پر انہوں نے یہ سفارش کی ہے کہ سیلیکٹ کمیٹی نے یہ دفعہ ۱ کی سب کلاز ۳ میں Mind the word 'IT' Sir.

"(3) It or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification, appoint in this behalf."

جناب والا - میں دفعہ ۹۶ کی پہلی جو شق ہے اس کو عرض کرتا ہوں - دفعہ ۱۹۶ (۱) میں جناب والا یہ قرار دیا گیا ہے -

"196. (1) The enactments mentioned in Part One of the Schedule are hereby repealed."

یعنی میں جناب والا - سمجھنے سے قاصر ہوں کہ جب دفعہ ۱۹۶ کے تحت اور شیڈول جو کہ منسلکہ دیا ہوا ہے اس کے مطابق کم و بیش ۱۶ قوانین پہلے حصے میں اور ۷ قوانین دوسرے حصے میں یعنی جناب والا - یہ کم و بیش ۲۳ قوانین ہیں جن کو یکجا کرنا مقصود ہے تو یہ قرار دینا کہ لینڈ ریونیو بل جس نے چند دنوں کے بعد ایکٹ بن جانا ہے ۱۹۶۷ء کا اس کی بعض دفعات اور ترامیم یہ سب کے سب علاقوں میں لاگو نہیں ہوں گی یہ مناسب نہیں ہے اور پھر اس کا مطلب یہ ہو گا کہ اس قانون کا مقصد فوت ہو جائے گا - در اصل جناب والا - یہ دفعہ Statement of Objects and Reasons سے متصادم ہے - اس کے متعلق میں ایک چیز پڑھے دیتا ہوں جو خان حبیب اللہ خاں سابقہ وزیر مال کی طرف سے ہے اس چیز کا میں ایک متعلقہ حصہ پڑھ دیتا ہوں جس سے یہ بالکل متصادم ہے -

"The Bill aims at unifying Land Revenue Laws in force in the various regions of the Province. Since integration, the Punjab Land Revenue Act 1887 and Sind Land Revenue Code 1879, have been the principal statutes on the subject in force in the North and South zones of West Pakistan. The Punjab Land Revenue Act 1887, was before integration adopted with certain modifications by the former N.W.F.P., Bahawalpur

State and Baluchistan. After integration, it was extended to the districts of Kalat, Kharan, Makran, Lasbella. The Sind Land Revenue Code 1879 is in force in the former Sind and Khairpur State. Bombay Land Revenue Code 1879 is also in force in the District of Karachi."

جناب سپیکر ۔ اب یہ اندازہ فرمائیں کہ اس میں دو ہی مقاصد ہیں جو اس دفعہ سے حاصل ہو سکتے ہیں ۔ ایک تو یہ ہے کہ بعض علاقہ جات میں بعض دفعات کو نہ لگایا جائے ۔ میں جناب والا اس کے متعلق تیسری ریڈنگ پر عرض کروں گا کہ جو اتنا ڈھنڈورہ پیٹا جا رہا ہے کہ قانون کو بہتر کیا گیا ہے وہ کہاں تک درست ہے ۔ اور تمام ترامیم جو پیش ہوئی ہیں اور میں نے ہر ترمیم کو علیحدہ علیحدہ رکھا ہے میں نے ایک catalogue بنایا ہے جس میں میں یہ ثابت کروں گا کہ لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۶۷ میں صرف ۲ کلازیں ایسی ہیں جن کو ترمیم کر کے نافذ کر دیا گیا ہے اور پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ اس سے قبل ہی نافذ ہے ماسوائے اس کے کہ اس کلاز کی پرووِژن سے سابقہ صوبہ سندھ یا کراچی میں جہاں نئے قانون کو نافذ کرنا مطلوب ہے اس سے ان کو victimize کیا جائے اور اس کے سوا میں اس کی کوئی وجہ جواز نہیں پاتا اس کے علاوہ جناب والا ۔ خان حبیب اللہ خان فرماتے ہیں ۔

"There are basic differences in the Punjab Land Revenue Act and Sind Land Revenue Code in regard to the nature of land tenures, mode of assessment [of land revenue, preparation and maintenance of record of rights, partition of lands, etc".

وہ آگے کہتے ہیں

"In order to remove disparities in different integrating units and place the rights and privileges of the land-owners vice-versa the State on a uniform basis throughout the Province it has been found necessary to consolidate and amend the laws relating to land revenue and incorporate them into one Act to be applicable to the whole of West Pakistan".

جناب والا ۔ یہ تو ہے اس کا بیان اغراض و وجوہ اب قرار دیا جا رہا ہے کہ یہ قانون جناب والا یہ کہنا چاہتے ہیں کہ دفعہ ۱ میں

1. (2) It extends to the whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas.

(3) It or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification, appoint in this behalf.

جناب والا ۔ میرا جو نقطہ نظر ہے میں وہ straightaway آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ اس قانون سے بہر حال زمینداروں کو فائدہ پہنچا ہے اور کاشتکاروں کو فائدہ پہنچا ہے ان کو اسی level پر لایا جاتا ہے اسی level پر وہ مالیہ دیں ۔ اسی پر ان کو حقوق اور پرولیج حاصل ہوں گے جو ان علاقہ جات کے لوگوں کو حاصل ہیں جہاں پر سابقہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ نافذ ہے ۔

جناب والا ۔ اس کلاز کو اس صورت میں رکھنے سے حکومت یقیناً اسے سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرے گی ۔ بلکہ یہ کلاز ۱۸۸۷ء کے پنجاب لینڈ ریوینیو ایکٹ میں تھی اور اس کے الفاظ یہ تھے ۔

"صوبائی حکومت مرکزی حکومت کی اجازت سے نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سے اس قانون کو لگائیگی ان علاقہ جات میں جہاں چاہے گی"۔

اس سے مراد یہ ہوئی کہ آج بھی ہم ۱۸۸۷ء کے حالات سے دوچار ہیں حالانکہ اس وقت ذرائع آمد و رفت بہت مختلف تھے ۔ اور آج ترقی یافتہ ہیں ۔ آج حالات مختلف ہیں ۔

پھر جناب والا ۔ تیسری دلیل جو میں اپنی اس ترمیم کے حق میں دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ کیا ہم کوئی نیا قانون لگا رہے ہیں جس کے لئے exemption دینا چاہتے ہیں ۔ یہ تو وہی ۸۰ ۔ سالہ پرانا پنجاب لینڈ ریوینیو ایکٹ ہے جس کی دفعہ ۷۵ اور دفعہ ۴۲ میں معمولی سی ترمیم کی گئی ہے اور وہ بھی پچیس فی صد ورنہ یہ قانون اور اس کے رولز وہی ہیں جن پر ہم گذشتہ ۸۰ سال سے کام کر رہے ہیں ۔ اب ہم نے اسے ان علاقہ جات پر لگانا ہے جو سندھ کے ہیں ۔ اس کلاز کی زد سندھ پر پڑتی ہے ۔ سندھ والوں کے ساتھ جس بیدردی سے سلوک کیا جا رہا ہے

یہ اس کا ثبوت ہے ۔ یہ ایک چیز اس میں رکھ دی گئی ہے کہ یہ آپ کو رعائت دی جاتی ہے آج اس پر ایک ایسی کلاز لگا دینا جس کے تحت وہ اس قانون سے مستفید نہیں ہو سکتے یہ مناسب نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد آپ اندازہ فرمائیں اس میں جو یہ قرار دیا گیا ہے ۔

It extends to the whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas.

جیسے جناب والا اس اصول سے مجھے اتفاق ہے کہ tribal area میں مرکزی حکومت کا اختیار ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے وزیر مال بھی نیم مرکزی وزیر ہیں کیونکہ یہ ان علاقہ جات پر حکومت کر رہے ہیں جو مرکزی حکومت کی تحویل میں ہیں جناب والا ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں ۔ میں اس پر زیادہ وقت نہیں لوں گا ایک پریس کٹنگ سے عرض کرنا ہے ویسٹ پاکستان کے صوبہ کے بہت سے حصہ جات ہیں میں انہیں ریاست تسلیم کرنے کو تیار نہیں ۔ جنہیں سپیشل ایریا قرار دیا گیا ہے اور جس کے متعلق لامنسٹر صاحب نے مانا ہے کہ وہ مغربی پاکستان کا حصہ ہے اور سپیکر صاحب نے بھی چھ ستمبر کو رولنگ دیا ہے کہ وہ مغربی پاکستان کا حصہ ہے ۔ آئین میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ مغربی پاکستان وہ ہے جسے ۱۹۵۵ء میں قانون کے ذریعہ ''صوبہ مغربی پاکستان'' قرار دیا گیا تھا ۔ اب جناب والا ۔ کیا مغربی پاکستان کی ریاستوں کے ان علاقہ جات کے لوگ جو ہیں کیا وہ بھی کبھی اس قانون سے بہرہ مند ہوں گے کہ نہیں جناب والا ۔ یہ دو یا تین لائنیں ہیں جن میں ریاست چترال کو مغربی پاکستان میں مدغم کرنے کو زیر بحث لایا گیا ہے ان میں کہا گیا ہے کہ وہاں بیگار لی جاتی ہے چھوٹے بڑے زمینداروں اور کاشتکاروں سے پیداوار کا . . . .

Mr. Speaker: This law is not applicable in the tribal areas.

ملک محمد اختر ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ ان سے پیداوار کا ۱۰/۱ حصہ بیگار کے طور پر لیا جا رہا ہے ۔ اب جناب والا

چونکہ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے اس نئے قانون کا اطلاق محض سابقہ سندھ اور کراچی پر ہونا ہے کیوں کہ یہ سارے مغربی پاکستان میں ما سوائے ٹرائیبل ایریا کے پہلے ہی نافذ ہے ۔ جناب سپیکر آپ اندازہ فرمائیں کہ نئے بل سے Let it be the lesser evil.

میرے نقطہ نظر کے مطابق یہ قرار دیا گیا ہے کہ ریکارڈ آف rights کو بہتر طریق پر رکھا جائے گا اسی طرح اس قانون میں assessment جو ہے وہ کم کی گئی ہے ۔ ایسا طریق کار ہونا چاہئے کہ یہ سندھ میں بہتر طور پر رائج ہو سکے ۔

Mr. Speaker: The Member may please be relevant to his amendment.

Malik Muhammad Akhtar: Alright Sir.

پھر میں اس کلاز کی as a whole مخالفت کروں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ as a whole مخالفت کریں گے تو اسی کلاز کی کریں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ کیا کیا فوائد تھے جو دئے جانے تھے ۔ اس کلاز سے اور اس سیاسی نقطہ نظر سے وہ علاقہ جات ان مقاصد اور فوائد کو حاصل نہیں کر سکیں گے ۔

Mr. Speaker: I will put the amendment to the vote of the House.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میری ترمیم بھی اسی قسم کی ہے اگر اس پر فیصلہ ہو گیا تو شائد میں پھر اسے پیش نہ کر سکوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ صرف سب کلاز تین کی ہے ۔ موجودہ ترمیم دوسری سب کلازوں کے ساتھ آ رہی ہے اور وہ independent ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اسے اسی وقت پیش کر سکتا ہوں جب آپ اجازت دیں گے ۔

Mr. Speaker : The question is:

That for clause 1 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—

"1. (1) This Act may be called the West Pakistan Land Revenue Act, 1967.

(2) It extends to the whole of the West Pakistan, except the tribal areas.

(3) It shall come into force at once".

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I beg to move:

That the figures 1965, occurring in sub-clause (1) of clause (1) in line 2 (of the West Pakistan Land Revenue Bill as reported by the Select Committee) be substituted by the figures 1967.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

That the figures 1965, occurring in sub-clause (1) of clause (1) in line 2 (of the West Pakistan Land Revenue Bill as reported by the Select Committee) be substituted by the figures 1967.

Minister of Revenue: Not opposed.

Mr. Speaker: As the amendment is not opposed, it stands carried.

Next. Mr. Hamza.

Mr. Hamza: Not moving.

Mr. Speaker: The amendment is not moved.

Next is Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir I beg to move:

That in sub-clause (3) of clause I of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely.—

"(3) It shall come into force at once".

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

That for sub-clause (3) of clause 1 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—

(3) It shall come into force at once."

Minister of Revenue: Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - کلاز ۱ کی سب کلاز (۳) اس طرح سے اس مسودہ قانون میں تحریر کی گئی ہے کہ

> "It or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification, appoint in this behalf."

جناب والا - ان الفاظ سے ظاہر ہے کہ گورنمنٹ دو قسم کے اختیارات حاصل کرنا چاہتی ہے - نمبر ۱ کہ اس مسودہ قانون کا کوئی حصہ کس علاقے میں نافذ کیا جائے یا کس علاقے میں نہ نافذ کیا جائے - نمبر ۲ اگر نافذ کرنا ہے تو کونسی تاریخ کو نافذ کرنا ہو گا یا مختلف تاریخوں پر مختلف علاقوں میں نافذ کرنا ہو گا - آپ ان الفاظ سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ در اصل ہماری گورنمنٹ اس سب کلاز کے ذریعہ وہ اختیارات حاصل کرنا چاہتی ہے جو حقیقت میں اس ایوان کو حاصل ہیں - جو اس صوبہ کی اس مجلس قانون ساز کو حاصل ہیں صرف اسی مجلس قانون ساز کو یہ اختیارات حاصل ہیں کہ یہ آئین میں دیئے گئے اختیارات کے تحت صوبہ مغربی پاکستان کے کسی حصے کے لئے یا تمام صوبہ مغربی پاکستان کے لئے باستثنائے ٹرائبل ایریا کے قانون سازی کرے - میرا خیال ہے اس میں کسی دوست کو یا ایوان کے کسی معزز رکن کو اختلاف نہیں ہو سکتا - میں عرض کر رہا ہوں کہ صرف اس ایوان کو یہ اختیارات حاصل ہیں ماسوائے اس صورت میں کہ ہنگامی حالات میں گورنر صاحب اپنے خاص اختیارات کے ذریعہ اس صوبہ کے لئے قانون سازی کریں - کسی فرد بشر کو یہ اختیارات آئین کی رو سے اور نہ اس صوبہ کی انتظامیہ کو میری مراد انتظامیہ سے گورنر صاحب کے ماسوائے حاصل نہیں ہیں - یعنی سرکاری ملازمین - سیکرٹری صاحب یا سیکرٹریٹ کو قانون سازی کے اختیارات حاصل نہیں ہیں وہ اختیارات اس کلاز کے ذریعہ ہم سے مانگے جا رہے ہیں یعنی ہم اپنے اختیارات خصوصی کو میری مراد قانون سازی کے اختیارات سے ہے اس

کلاز کے ذریعہ اپنے افسران کو یا اپنی انتظامیہ کے حوالہ کر رہے ہیں ۔ مجھے اس سے اختلاف ہے ۔

جناب والا ۔ یہ ایک بنیادی اصول ہے کہ انتظامیہ کو کسی صورت میں بھی قانون سازی کے اختیارات نہیں دیئے جا سکتے ہیں لیکن اس کلاز کے ذریعہ انتظامیہ قانون سازی کریگی ۔ انتظامیہ یہ فیصلہ کریگی کہ اس قانون کا اطلاق کس علاقے پر ہو یا کس علاقے پر نہ ہو ۔ اگر ہم یہ اختیارات انتظامیہ کے حوالے کریں کہ یہ قانون کس تاریخ کو کس علاقے میں نافذ ہو گا تو یہ بھی قانون سازی ہو گی ۔

جناب والا ۔ آئین سے متعلق کتابیں اس بات کے بارے میں واضح ہیں کہ انتظامیہ delegated legislation یا ancillary legislation کر سکتی ہے مگر اس کی حدود ایک حد تک قائم کر دی گئی ہیں اور حدود وہی ہیں جن کو ہم قواعد و ضوابط کے مرتب کرنے سے تعبیر کرتے ہیں یعنی کسی قانون کے تحت یہ اسمبلی اجازت دے سکتی ہے یا یہ اختیارات دے سکتی ہے کہ انتظامیہ اس قانون کے تحت ۔ اس کے مطابق اور اس قانون کے تابع ایسے قواعد و ضوابط تیار کرے جو اس قانون کی منشا اور مقصد میں ممد و معاون ہوں ۔ لیکن اس کلاز کے ذریعہ اس سے بہت زیادہ وسیع اختیارات آج ہم سے انتظامیہ مانگ رہی ہے ۔ میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کے متعلق مشہور jurists کی رائے آپ کے سامنے پیش کروں کہ کس حد تک یہ اسمبلی اپنی انتظامیہ کو delegated powers تفویض کر سکتی ہے اور کس حد تک تفویض نہیں کر سکتی ہے ۔ اس صوبہ کے ساڑھے پانچ کروڑ انسانوں نے اس ایوان کے معزز اراکین کو ایک خاص مقصد کے لئے ۔ ایک خاص غرض کے لئے چنا ہے ۔ اگر وہ مقصد ہمارے علاوہ کسی اور نے پورا کرنا ہے تو یہ الیکٹریٹ جس نے اس ایوان کے اراکین کو چنا ہے کسی اور کو بھی چن سکتی ہے ۔ وہ بورڈ آف ریونیو کے ممبران کو بھی قانون سازی کرنے کے لئے چن سکتی ہے ۔

محکمہ قانون کو بھی اس کام کے لئے چنا جا سکتا ہے ۔ اس صوبہ کے عوام کہہ سکتے ہیں کہ بورڈ آف ریونیو ہمارے لئے اس قسم کے قوانین بنائے۔ سیکرٹریٹ کے محکمے ہمارے لئے اس قسم کے قوانین بنائیں لیکن انہوں نے اس ایوان کے اراکین کو اس مقصد اور غرض کے لئے چنا ہے کہ اس صوبہ کا یہ ایوان قانون سازی کرے نہ کہ بورڈ آف ریونیو کے ممبران یا محکمہ قانون قانون سازی کرے ۔ اس کلاز کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ محکمہ قانون یا دوسرے محکمے مل کر یہ فیصلہ کریں گے کہ اس قانون کا کون سا حصہ کس علاقے میں نافذ ہو یا کس تاریخ کو نافذ کرنا ہے ۔ اس لئے میں جناب کی خدمت میں اپنی گذارشات کی تائید کے لئے ایک دو حوالے پیش کروں گا ۔

Page 177 : Fundamental Law of Pakistan by Mr. A. K. Brohi:

"The constitutional objection to the validity of Delegated Legislation was stated by Cooly in his Constitutional Limitations, as follows : (7th Edition, page 163) :—

"One of the settled maxims in constitutional law is that power conferred upon the legislature to make laws cannot be delegated by that department to any other body or authority. Where the sovereign power of the State has located the authority, there it must remain, and by that constitutional agency alone the laws must be made until the Constitution itself is changed. The power to whose judgment, wisdom and patriotism this high prerogative has been entrusted cannot relieve itself of the responsibility by choosing other agencies upon which the power shall be devolved nor can it substitute the judgment, wisdom and patriotism of any other body for those to which alone the people have seen fit to confide this sovereign post."

جناب والا ۔ اس کے ساتھ ہی میں جناب کی خدمت میں اسی کتاب کے صفحہ ۱۸۴ سے بھی ایک حوالہ جو کہ موضوع زیر بحث سے متعلق ہے عرض کرتا ہوں ۔

"Summing up the study of the case law that governs the delegation of legislation, legislative power, as it has developed in India, it is sufficient to remark that by now it is well settled that the essential legislative power is incapable of being constitutionally delegated. Short of delegating the essential legislative power, the legislature can, within the

frame work of the policy laid down by it, delegate to a subordinate agency the power to carry into effect, by making detailed rules, the policy thus laid down. This is the view which in the opinion of the present writer seems to have been firmly established in the decision of the Delhi Laws Act Case. It would not be wrong to say that the following extract from the judgement of Mukherjea, J. (at p. 397) enunciates the correct rule :

"Delegation of Legislative Authority could be permissible but only as ancillary to, or in aid of, the exercise of law-making powers by the proper Legislature and not as a means to be used by the latter to relieve itself of its own responsibility or essential duties by devolving the same on some other agent or machinery. A constitutional power may be held to imply a power of delegation of authority which is necessary to effect its purpose ; and to this extent delegation of a power may be taken to be implicit in the exercise of that power. This is on the principle 'that everything necessary to the effective exercise of a power is implied in the grant of the power. Everything necessary to the effective exercise of the legislation must, therefore, be taken to be conferred by the Constitution within that power'. Per O'Connor J. in Baxter V. Ah Way (1909) 8 C. L. R. p. 626. But it is not open to the Legislature to strip itself of its essential legislative function and vest the same on an extraneous authority. The primary or essential duty of law-making has got to be discharged by the Legislature itself ; delegation may be resorted to only as a secondary or ancillary measure."

Sir, further on, Justice Fazl-e-Ali says :

"The Legislature must normally discharge its primary legislative function itself and not through others."

جناب والا - میں آپ کے سامنے انگریزی کا پھر ایک اقتباس پڑھ کر یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ subordinate and ancillary legislation سے کیا مراد ہے :—

"It remains now briefly to refer to the concept of subordinate or ancillary legislation. This refers to a situation in which the Legislature lays down the policy in more or less wide terms and gives to some external authority the power to carry out, by framing rules and regulations, the legislative policy so specified. There is always a Section (technically called Rule-making Power Provision) in the Act passed by the Legislature that says generally that some extraneous authority, charged with the duty of administering the Act, should frame rules and regulations 'not inconsistent with its provisions' for the purposes of 'carrying out the objects of the Act'."

جناب والا - اس طور سے جو اختیارات آئین کے تحت ایوان کے اپنے ہاتھ میں ہیں ہماری حکومت ان اختیارات کو اپنی انتظامیہ کے ہاتھ میں دے دینا چاہتی ہے - عوام نے تو ایوان ہذا کو قانون سازی کے لئے چنا تھا مگر ہماری حکومت عوام کی مرضی کے خلاف آئین کے منشاء کے خلاف اور ایوان کی اجازت کے بغیر یہ اختیارات اپنی انتظامیہ کو سونپ دینا چاہتی ہے یہاں میں چیف جسٹس کارنیلیس کی رائے اس بارہ میں کتاب مذکورہ کے صفحہ ۱۸۷ سے پڑھ کر سناتا ہوں -

Justice Cornelius says —

> "Prima facie the placing and keeping of a law on the Statute Book, and the removing of a law from the Statute Book are legislative functions."

اب جناب والا - میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ورنہ اس کتاب میں اس مسئلے پر بڑی دلچسپ بحث کی گئی ہے - بہر حال مختصراً عرض ہے کہ جسٹس کارنیلس کی رائے یہ ہے کہ کسی قانون کو نافذ کرنا یا repeal کرنا یا واپس لینا اس قانون ساز اسمبلی کا کام ہے نہ کہ کسی دوسری ایجنسی کا مثلاً انتظامیہ نہ تو کسی قانون کو repeal کر سکتی ہے نہ واپس لے سکتی ہے نہ اپنی مرضی سے کسی قانون کو کسی علاقے میں کسی عرصے کے لئے نافذ یا واپس شدہ یا معطل شدہ قرار دے سکتی ہے - انتظامیہ کا یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کسی قانون کو کسی علاقے میں نافذ کرے یا کسی قانون کو اس علاقے سے کچھ عرصے کے لئے واپس لے لے یا repeal کر دے یا معطل کر دے یہ آئینی طور پر جائز نہیں ہوگا - جناب والا - میں حیران ہوں کہ آخر اس قانون کے ڈرافٹ کرنے والوں کو کیا سوجھی کہ انہوں نے کئی ایک دفعات اس قانون میں ایسی رکھ دی ہیں جن سے انتظامیہ کو قانون سازی کا اختیار تفویض ہو جاتا ہے - خدا کا شکر ہے کہ انہوں نے میری ترمیم کو قابل قبول سمجھا جو کہ کلاز ۱۹۷ سے متعلق تھی - ورنہ انہوں نے وہاں بھی آخر میں درج کیا ہوا تھا کہ انتظامیہ کا ایک حصہ یعنی بورڈ آف ریونیو جہاں چاہے جب چاہے

جس عرصہ کے لئے چاہے بذریعہ نوٹیفیکیشن کسی علاقے میں اس کو نافذ کرے یا واپس لے لے اس صورت میں ایوان کو خبر تک نہ ہوئی کہ فلاں قانون واپس لے لیا گیا ہے یا نافذ کر دیا گیا ہے گویا کہ ایک قانون وضع کر لیا گیا یا واپس لے لیا گیا ہوتا اب پھر اس کلاز کی شق (۳) کے ذریعہ جو زیر بحث ہے گورنمنٹ دوبارہ اپنے سیکرٹری کو جو کہ بورڈ آف ریوینیو کا رکن ہوگا یہ اختیار دے رہی ہےاور وہ اس قانون کو یکسر بدل دے ۔ میں ایک مثال دے رہا ہوں ۔ میں وزیر مال سے اور محترم قائد ایوان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس کے مختلف پہلوؤں پر غور و خوض فرمائیں کہ وہ کیوں اس ایوان کی قانون سازی کے اختیارات اپنی انتظامیہ کو دے رہے ہیں ۔ ان کے افسر تو پہلے ہی اختیارات کے بھوکے ہیں وہ ابھی سیر نہیں ہوئے اور زیادہ سے زیادہ اختیارات مانگ رہے ہیں ۔ اس مسودہ قانون کی کلاز (۲)میں درج ہے کہ حکومت جس علاقے میں چاہے جب چاہے اس قانون کو نافذ کر دے یا اسے واپس لے لے ۔ یہ نظریہ درست نہیں ہے کہ بذریعہ نوٹیفیکیشن کسی قانون کو حکومت خود ہی واپس لے لے یا نافذ کر دے اسی کو میں کہتا ہوں کہ قانون سازی کے اختیار کو انتظامیہ کے سپرد کیا جا رہا ہے اور تفویض کیا جا رہا ہے جو کہ درست نہیں ۔ اس طرح تو رولز بنانے اور قواعد و ضوابط بنانے کی طرح قانون سازی کا کام بھی انتظامیہ کے حوالہ ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ اس مسودہ قانون کی تسوید کے وقت ان کے ذہنوں میں یہ خیال تک نہیں آیا کہ یہ قانون سازی کا اختیار اپنی انتظامیہ کو تفویض کر رہے ہیں انہوں نے یہ زحمت ہی گوارا نہیں کی کہ ذرا اس معاملے کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کرتے کہ آیا یہ قانون سازی کے اختیارات کی تفویض تو نہیں ؟ لہذا میں اپنے محترم وزیر مال اور وزیر قانون سے درخواست

کروں گا کہ وہ دوبارہ سوچ لیں انتظامیہ کو اس قسم کے اختیارات تفویض کرنا کسی طور مناسب نہیں اگر حکومت بذریعہ نوٹیفیکیشن کسی قانون کو سابقہ سندھ سے واپس لے سکے یا وہاں نافذ کر سکتی ہے تو یہ گویا قانون سازی کر رہی ہو گی کہ کبھی ایک قانون کو پشاور میں یا سرگودھا میں یا خیر پور میں نافذ کر دیا اور کبھی خیر پور سے واپس لے لیا یا سرگودھا سے یا پشاور سے واپس لے لیا حالانکہ ایوان ہذا کو اس کی بالکل کوئی اطلاع تک نہ ہوگی یہ تو گویا انتظامیہ کو ایوان ہذا کے اوپر super legislator کا درجہ دینے کے مترادف ہے ۔ یہ انتہائی خوفناک فعل ہے ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اس قانون کو نافذ کرنے کے بعد اگر یہ محسوس کرے کہ کسی علاقے میں اس قانون کے نفاذ سے کوئی دقت پیدا ہو گئی ہے تو اس علاقے سے اس قانون کو واپس لے لیں اور وہ واپس ہو جائے گا تو پھر میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایسے اختیارات کی کیا ضرورت ہے کہ جہاں وہ چاہیں اسے نافذ کر دیں اور جہاں نہ چاہیں اسے نافذ نہ کریں ۔ کیونکہ جب کسی علاقے کو اس قانون کا تجربہ ہی نہ ہوگا تو وہاں کے لوگوں کو اس کا علم کیسے ہوگا کہ آیا انہیں اس قانون کی ضرورت ہے یا نہیں ۔ آپ اس قانون کو سارے صوبے میں نافذ کر دیں اور اس کے بعد اگر وہاں کے لوگ آپ سے کوئی شکایت کریں یا وہاں کے نمائندے آپ کو اپنی تکلیف کے بارے میں معروضات پیش کریں کہ صاحب ہمارے علاقے میں اس قانون کے نفاذ کی وجہ سے فلاں فلاں تکالیف پیدا ہو گئی ہیں تو اس کے بعد آپ کو دفعہ نمبر ۲ کے تحت جو اختیار حاصل ہے آپ اس اختیار کو استعمال کرتے ہوئے اس قانون کو اس علاقے سے واپس لے لیں ۔ تو جب آپ کو اس قانون کے واپس لینے کا اختیار حاصل ہے تو مجھے بتائیے کہ پھر اس اختیار کی کیا ضرورت ہے کہ آپ جہاں چاہیں اور جس وقت چاہیں اس قانون کا نفاذ کریں یا نہ کریں ۔ حقیقت یہ ہے

کہ میرے یہ دوست جو آج کل حکومت کی گدی پر فائز ہیں ۔ دراصل وہ اختیارات کے اس قدر بھوکے ہیں کہ وہ روائتی سکھوں کی طرح زین پر زین ڈالنا چاہتے ہیں ۔ یہ کہتے ہیں کہ ایک اختیار حاصل ہونے کے باوجود دوسرا اختیار بھی حاصل ہونا چاہئے ۔ حالانکہ یہ صوبہ پہلے ہی دو دو تین تین زینوں کے نیچے سسک رہا ہے، جان بلب ہے ۔ ذرا میرے محترم دوست خدا را یہ سوچیں کہ آخر اختیارات حاصل کرنے کی بھی کوئی حد ہوتی ہے ۔ آخر دفعہ نمبر ۲ کے تحت جو اختیارات ان کو حاصل ہیں ان اختیارات میں کونسی کمی یا خامی ہے جس کو اب وہ ان اختیارات کے حصول سے پورا کرنا چاہتے ہیں ۔ میں اپنی ترمیم کے ذریعے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ اس قانون کو سارے صوبے میں نافذ کردیں ۔ اول تو میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ اس کے نفاذ سے کسی علاقے میں کوئی تکلیف ہوگی ۔ جیسا کہ ملک محمد اختر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ قانون اس صوبے کے تین چوتھائی حصہ پر ۱۸۶۷ء سے نافذ ہے بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ اس صوبے کے $\frac{5}{6}$ حصہ پر نافذ تھا، تو زیادہ غلطی نہیں کروں گا ۔ سابق صوبہ سندھ میں بھی ایک مختلف قانون نافذ تھا جس کا اصول یہی تھا ۔ اگر تو اس قانون میں کوئی طول و طویل ردوبدل ہوا ہو، تو پھر ہم یہ کہہ سکتے تھے کہ شائد اس کے نفاذ سے کوئی دقت پیدا ہوتی ہے ۔ جب سو سال سے یہ قانون اس صوبے میں نافذ ہے تو پھر اب وہ کونسی دقت پیدا ہونے کا احتمال ہے کہ جس کے بارے میں سوچ بچار کرکے بورڈ آف ریونیو کے ممبران وزیر مال صاحب سے یہ کہیں گے کہ اس قانون کا اطلاق فلاں فلاں کمشنری میں کیا جائے اور فلاں فلاں کمشنری میں نہ کیا جائے ۔ یا فلاں ضلع میں اس قانون کو نافذ کیا جائے اور فلاں ضلع میں نہ کیا جائے ۔ اس لئے میری سیدھی سی درخواست ہے کہ آپ کے پاس پہلے ہی وسیع اختیارات موجود ہیں اور اب مزید اختیارات نہ لیں اور یہ کہ اس قانون کو سارے صوبے میں

نافذالعمل ہونا چاہئے - ممکن ہے کہ اس قانون کے نفاذ سے سابق صوبہ سندھ میں کوئی مشکلات پیدا ہوں - مجھے یہ تسلیم ہے کہ شائد کئی ایک مشکلات پیدا ہوں اور آپ حفظ ما تقدم کے طور پر یہ اختیارات حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن اگر کوئی ایسی دقت پیدا ہو کہ جس کے پیشِ نظر آپ اس قانون کو وہاں سے واپس لینا چاہیں تو آپ کے پاس دفعہ نمبر ۲ کے تحت یہ اختیار ہے کہ جس کو استعمال کرکے یہ قانون آپ وہاں سے واپس لے لیں - تو میری رائے میں نہ تو قانونی لحاظ سے اور نہ ہی آئینی اعتبار سے آپ کو یہ اختیارات حاصل کرنے چاہئیں جو کہ دفعہ نمبر ۱ کے تحت آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں اور نہ ہی ان اختیارات کی کوئی ضرورت ہے - میں ان الفاظ کے ساتھ اپنے دوستوں کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ خدا را وہ اس بات کا احساس کریں کہ یہ ۱۹۶۷ء نہیں ہے - یہ دفعہ ۱۸۸۷ء کے اصل قانون سے حاصل کر رہے ہیں جو کہ دس بیس سال بعد یعنی ۱۹۱۱ء یا ۱۹۱۲ء میں ترمیم کرکے حذف کر دی گئی اور جو قانون کہ گذشتہ پچاس سال سے اس صوبے کے اکثر حصوں میں رائج ہے، اس میں یہ اختیارات موجود نہیں ہیں اور جو کہ ۱۹۶۷ء کی حکومت کو بھی حاصل نہیں ہیں وہ اختیارات حاصل کرنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں - وہ کیوں اس صوبے کو ازمنہ وسطیٰ میں لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں - ہم بیسویں صدی میں رہ رہے ہیں ، خدا را ہمیں دھات اور پتھر کے زمانے میں نہ لے جائیے -

مسٹر سپیکر - مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - اس میں شک نہیں کہ خواجہ محمد صفدر صاحب نے اپنی تقریر میں جو کچھ بھی فرمایا ہے اس میں وزنی دلائل اور عالمانہ حوالہ جات موجود تھے لیکن مجھے ان کے ارشادات سے جزوی اختلاف بھی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے جو

کچھ بھی فرمایا ہے سیاق و سباق سے علیحدہ کرکے بیان کیا گیا ۔ اگر وہ حالات جن میں کہ ہم جی رہے ہیں ، وہ سیاسی نظام جو کہ اس وقت ملک پر مسلط کیا گیا ہے ، وہ حکومت جو کہ ہماری قسمت میں آئی ہے ، اگر وہ ان امور کو مد نظر رکھتے ، تو ان کی جانب سے جو ترمیم پیش کی گئی ہے ، وہ اسے پیش نہ کرتے ۔ کیونکہ میرے نزدیک جیسا کہ جناب صدر مملکت متعدد بار فرما چکے ہیں کہ ہمارا ملک ایک نیا ملک ہے اور ایک نئے دور سے گذر رہا ہے ، اس ملک کے مختلف حالات ہیں اور ان حالات کی وجہ سے نئے تقاضے ہیں ، ہماری تہذیب یورپ کے ان ممالک سے جن ممالک کے مصنفوں کے حوالہ جات انہوں نے دیئے ہیں ، بالکل مختلف ہے ۔ ہم دوسرے ممالک کے نقال نہیں ہیں ۔ یہ تصور کہ مقننہ کو بہت ہی وسیع اختیار ہونا چاہیئے اور انتظامیہ اس کے تابع ہو یہ تصور ہماری حکومت اور ہمارے حکمرانوں کا نہیں ہے اور ان کو ایک بار ہی اس بات کو تسلیم کر لینا چاہیئے ۔ وہ لوگ یا وہ ممالک جو بزعم خویش ترقی یافتہ ہیں اور بیسویں صدی میں تہذیب و تمدن کا گہوارہ کہلاتے ہیں ، میرے نزدیک ترقی کے داعی ہیں ۔ ایک طرف ہمارا ملک ہے جس میں کہا جاتا ہے کہ سفید انقلاب برپا ہو چکا ہے ، اس کے کچھ تقاضے ہیں اور ہم نے اس انقلاب کے ذریعے ان تقاضوں کو پورا کرنا ہوگا ۔ جب انگریز یہاں تشریف لائے ۔ اور میں انگریزوں کے تشریف لانے کے متعلق اس لئے کہہ رہا ہوں کہ اس وقت بھی ہماری قوم میں سے بعض مسلمان بھائیوں میں سے اور بعض ہندوستانیوں نے قوم سے غداری کی تھی تو انگریز ہم پر مسلط ہوئے اور آج بھی ہم پر جو حکمران مسلط ہیں وہ ہمارے ہی گناہوں کا نتیجہ ہیں اس لئے اگر حکومت یہ کہے کہ ہم ترقی کے دور سے گذر رہے ہیں ان کو یہ حق حاصل ہے کیونکہ ان کے ہاتھ میں حکومت کی باگ ڈور ہے ۔ جہاں ہماری حکومت ہمیں قرون وسطیٰ کی طرف لے جا رہی ہے اور یہ بتا رہی ہے کہ ہم ترقی کر رہے ہیں اور جیسا کہ اس دفعہ سے صاف ظاہر ہے کہ ہمارے حکمرانوں کے نقطہ نظر سے تو بہت

ترقی ہو رہی ہے لیکن تمام دنیا کے جہلا جن کو کہ لوگ ترقی یافتہ کہتے ہیں ، ان کے نقطہ نظر سے ہم پیچھے کو چل رہے ہیں ۔ یہ ان کا نقطہ نظر ہوگا ۔ ہمیں احساس کمتری کا شکار نہیں ہونا چاہیئے ۔ ہم نقال نہیں ہیں ۔ اس لئے میں خواجہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جناب کارلیلیس صاحب کی تقاریر اور تصانیف اور جناب بروہی صاحب کی عالمانہ کتاب کے حوالہ جات کو اس ایوان میں پیش کرنا ہماری حکومت اور ہمارے اس طرف بیٹھنے والے بھائیوں کیلئے کافی نہیں یہ ان پر اثر انداز نہیں ہو سکتے۔ آپ کو علم ہے کہ ۱۸۸۷ میں جو قانون اس ملک میں یا سابقہ پنجاب میں نافذ کیا گیا تھا اس میں انگریزوں کے کئی مقاصد تھے۔ ان کو ہزارہا میل دور سے اس قوم اور ملک پر حکومت کرنا تھی ۔ وہ چاہتے تھے کہ یہاں پر طاقت ور انتظامیہ موجود ہو جو ان کے سیاسی مقاصد کو پورا کر سکے ۔ آپ برملا اعتراف کرتے ہیں کہ سابقہ حکمرانوں کے جو مقاصد تھے یا جو ارادے تھے آج کے حکمرانوں کے مقاصد بھی بعینہ وہی ہیں ۔ ۱۸۸۷ کا قانون اس امر کا منہ بولتا ثبوت ہے ۔ آج بھی اس قسم کے قانون اور اختیارات کی ضرورت اور موجودگی اور اس کے جواز کو سمجھا جا سکتا ہے ۔ کیونکہ ہمارے حکمرانوں کا ذہن بالکل انگریز حکمرانوں کا وہ ذہن ہے جو بیسویں صدی سے پہلے حصہ میں اور انیسویں صدی کے آخری حصہ میں تھا ۔

جناب سپیکر ۔ عوام میں یہ تبلیغ کی جاتی ہے کہ انتظامیہ پر مقننہ کا کنٹرول ہوتا ہے ۔ لیکن جب انتظامیہ مقننہ کے ارکان کے چناؤ میں ایسے موثر رول ادا کرتی ہے تو اس مقننہ کو کیا حق ہے کہ انتظامیہ پر کنٹرول کرے ۔ کیا ہم نے اس ایوان میں یہ نہیں دیکھا کہ مقننہ کتنی بے بس اور لاچار ہے ۔ ہماری مقننہ نے بہ یک زبان بلکہ مغربی پاکستان کے قانون ساز ادارہ مرکزی اسمبلی اور مشرقی پاکستان اسمبلی نے متحد ہو کر آواز اٹھائی لیکن وہ ایک افسر کو سزا نہیں دلا سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب ان سے قومی اور ملکی تقاضوں کے پورا کرنے کی توقع رکھنا

انتہائی زیادتی ہے ۔ اب آپ جس دور میں جیتے ہیں اس دور کی بات کریں ہوائی قلعے بنانے کی چنداں ضرورت نہیں ۔ امن ملک میں انتظامیہ مختار کل ہے اور مقننہ اس کا تابع ادارہ ہے ۔ ہمارے قانون ساز ادارے ایسے نہیں کہ آپ ان سے کچھ توقع رکھیں ۔ انتظامیہ کے اختیارات کے سامنے مقننہ کے ارکان کی حیثیت ہی کیا ہے ۔ میں اپنے بزرگوں کی نیت پر شبہ نہیں کرتا لیکن میں کہتا ہوں کہ اگر انہیں اختیارات کو غلط استعمال نہ کرنا ہوتا تو ایسا نہ کرتے ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ اس قانون کو موجودہ حالت میں مغربی پاکستان کے تمام علاقوں میں سابقہ ریاستوں اور قبائلی علاقوں کو چھوڑ کر یک بارگی نافذ کرنا مشکل ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ بعض علاقوں میں ابھی تک بندوبست اراضی نہیں ہوا ۔ وہاں مالکانہ حقوق متعین نہیں ہوئے ۔ میں وزیر مال کی خدمت میں جو چند لمحوں کے بعد میری معروضات پر شدید حملہ کریں گے ۔ ان کے متوقع اعتراضات کو سامنے رکھتے ہوئے یہ معروضات پیش کر رہا ہوں ۔ اگر وہ قباحتیں ، مشکلات ، مجبوریاں اور خامیاں جو مغربی پاکستان کے بعض علاقوں میں موجود ہیں جن کی وجہ سے اس قانون کو فوری طور پر نافذ نہیں کیا جا سکتا حکومت کو اس کا پورا احساس ہے اور اس کو چاہیئے تھا کہ اس قسم کی دفعہ سے جس میں وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں ان ڈکٹیٹرانہ اختیارات سے مسودہ قانون کی عصمت کو مجروح نہ کرتی یا پلید نہ کرتی ۔ بلکہ آخر میں ایک شیڈول شامل کیا جا سکتا تھا کہ فلاں فلاں علاقے یا فلاں ضلع یا تحصیل پر اس قانون کو نافذ نہیں کیا جائے گا ۔ اور یہ اختیار اس ادارے کو دیا جائے جس کے متعلق خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ جب خدا نے آپ کو عقل دی ہے تو آپ اس میں اتنی گنجائش رکھ سکتے تھے ۔ لیکن دکھ تو یہ ہے کہ آپ نے یہ تمام اختیارات انتظامیہ کو دیئے ہیں جس کے پاس پہلے ہی انتہائی وسیع اختیارات موجود ہیں ۔

جناب سپیکر - اس کے علاوہ میرا ایک اور اعتراض یہ ہے کہ اس ملک میں سفید انقلاب آ چکا ہے - اس تبدیلی کو سفید انقلاب کہتے ہوئے آج دسواں سال گذر رہا ہے - اگر آپ کی قوم اور آپ کا ملک واقعی تیزی سے ترقی کر رہا ہے - میں پچھلے ۱۱ سال کو بھول جاتا ہوں - ان ۹ سالوں میں جو انقلاب برپا ہوا ہے یا X X X X X X X*

Mr. Speaker: The remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly. They are unparliamentary.

مسٹر حمزہ - اس کے باوجود اتنے لمبے عرصہ میں آپ ان علاقوں میں بندوبست اراضی کیوں نہیں کروا سکے جو آج سے ۸۰ سال پہلے بھی نہیں کر سکے - آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ آج ملک میں بعض علاقوں اور ریاستوں کو چھوڑ کر باقی علاقوں میں وہی طریقے اختیار کئے گئے ہیں جو انیسویں صدی کے آخر میں انگریزوں نے استعمال کئے تھے- آپ روز مرہ برملا سفید انقلاب کا دعویٰ کرتے ہیں ایک سیدھا سا قانون جس کو ہماری معیشت اور ہماری زندگی میں بہت بڑی اہمیت حاصل ہے اور جس سے صوبہ کی ۸۵ فیصد آبادی متاثر ہوگی ۹ سال کے بعد بھی نافذ نہیں نہیں کر سکے - تو اس کو ایک ہی وقت میں یا بہ یک وقت کس طرح نافذ کر سکیں گے - آپ نے اپنے افسران کو وہ اختیارات دیئے ہیں جو سفید حکمرانوں نے دیئے تھے - جو ہزارہا میل سے اس ملک پر کنٹرول کرتے تھے ان کا مقصد صرف یہ تھا کہ اس ملک کے باشندوں کو غلام بنا کر رکھا جائے - اسی قسم کا قانون آپ اس ایوان میں لائے ہیں - آپ کا دعویٰ اور آپ کا کردار ناکامیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے - ان الفاظ کے ساتھ میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی حمایت کرتا ہوں -

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب والا - یہ جو سب کلاز دی گئی ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ کسی علاقہ کو اس دفعہ کے اطلاق سے مستثنیٰ قرار دیا جائے یا جہاں پر وہ مناسب سمجھیں

Expunged as ordered by the Speaker.

وھاں پر نافذ کریں - میں سمجھتا ھوں کہ اس سے یہاں جو ایک unified law بنا رھے ھیں اس قانون کا مذاق اڑایا گیا ھے - یہاں پر آپ نے اس قدر سخت قوانین یا سخت سزائیں تجویز کر رکھی ھیں اور آپ نے نوکر شاھی کے اختیار میں دے دیا ھے کہ جس علاقہ کو وہ چاھیں اور ان کی مرضی پر ھے کہ اس کو مستثنیٰ کر دیں اور اس پر اطلاق نہ کریں اور ایک ضلع کو یا تحصیل کو یا چھوٹے سے علاقہ کو بھی اگر وہ چاھیں تو اس کو مستثنیٰ قرار دے دیں اور جہاں پر آپ کو سیاسی دباؤ ڈالنا ھو وھاں پر اس کو نافذ کر دیں اور جو سزا دینا چاھیں وہ سزا وھاں نافذ کر دیں -

جناب والا - اگر آپ ایک قانون تمام مغربی پاکستان کیلئے بنا رھے ھیں اور اس کو ایک جگہ نافذ کیا جائے گا اور دوسری جگہ نافذ نہیں کیا جائیگا اور نوکر شاھی کے اختیار میں دیدیا جائیگا یا ان اصحاب کے اختیار میں دیدیا جائیگا جو کہ لیجسلیچر سے بالا تر ھو رھے ھیں تو یہ ایک انتہائی غلط چیز ھو گی - یہ کوئی ایسی چیز نہیں ھے جسے آپ صدر مملکت کے ارشادات کے مطابق کہہ سکیں یا یہ آپ کہہ سکیں کہ آپ ایسا کرنے سے اس ملک سے دوستی کر رھے ھیں - یہ ون یونٹ ھے جیسا میں نے اگلے روز بھی کہا تھا اگر ون یونٹ کو رکھنا ھے تو پھر اس کا اطلاق تمام صوبہ پر ھونا چاھئے یہ نہیں کہ کسی علاقہ پر آپ اس کو نافذ کریں اور کسی علاقہ کو چھوڑ دیں - یا تو آپ یہ کہئے کہ جو قانون آپ بنا رھے ھیں وہ قانون اس قدر ناقص ھے یا آپ کو خطرہ ھے کہ کسی ایسے علاقہ میں یا جو ایسے علاقے ھیں جن کو آپ سیاسی طور پر اپنے ساتھ ملانا چاھیں تو ان سے آپ کہدیں کہ یہ ناقص قانون ھے اس لئے ھم آپ کے علاقہ پر کچھ مدت کے لئے نہیں لگا رھے ھیں - اور باقی علاقوں پر لگا رھے ھیں - یہاں پر تو اس قسم کے قانون بن رھے ھیں کہ ایک آدمی جب یہاں all powerful ھوتا ھے تو وہ جو کچھ چاھتا ھے وہ کر گذرتا ھے اور دوسرے دن اس کو اٹھا کر ایسا پٹخ دیا جاتا ھے

کہ اس کی ضمانت تک نہیں لی جاتی اور ایک نائب تحصیلدار بھی اس کی ضمانت سے انکار کر دیتا ہے ۔ ایک ایس ۔ ایچ ۔ او ۔ اس کی عزت اتار کر پرے پھینک دیتا ہے ۔ آپ ایسا قانون بنا رہے ہیں کہ ایک آدمی کو آپ کہتے ہیں کہ تم حکومت کا ستون ہو اور وہی سب کچھ ہے دوسرے دن آپ اسے سماج دشمن عناصر کہہ دیتے ہیں اور اسپر جھوٹے سچے مقدمات چلائے جاتے ہیں اور اگر تیسرے دن وہ کسی لوکل گروپ کو اختیار کر لیتا ہے جسے آپ build up کرنا چاہتے ہیں تو وہی شخص حکومت کا ٹوٹا ہوا ستون پھر کھڑا ہو جاتا ہے اور وہی آدمی آپ کی جماعت کا پریذیڈنٹ یا وائس پریذیڈنٹ بن جاتا ہے اور وہی شخص لیڈر آف دی پارٹی بن جاتا ہے ۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک وہی شخص جو سماج دشمن عناصر میں سے ہے اس پر سینکڑوں مقدمات ہیں دوسرے دن سماج کا ستون کیسے بن جاتا ہے۔ جناب والا ۔ ایک دن آپ ان لوگوں کو کہتے ہیں کہ وہ ملک اور عوام کے دشمن ہیں اور ایک دن آپ ان کو قید کرتے ہیں اور دوسرے دن آپ ملک کی باگ ڈور ان کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں اور ان سے آپ کہتے ہیں کہ جو کچھ آپ کرتے ہیں وہ ملک کی بہتری کے لئے ہے ۔ اور ملک کی فلاح و بہبود کے لئے ہے ۔ جناب والا ۔ جس طریقہ سے آج لوگ آپ کے ان سیاسی مشیروں پر ہنس رہے ہیں اسی طریقہ سے آپ کے قانون پر جو آپ بنا رہے ہیں یا جو کلاززز آپ اس میں add کر رہے ہیں ہنس رہے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ جب سورج نکالتا ہے تو یہ نہیں ہوتا کہ فلاں علاقہ پر اس کی کرنیں پڑیں اورفلاں علاقہ پراس کی کرنیں نہ پڑیں ۔ رات آرام کے لئے ہوتی ہے تو یہ نہیں ہوتا کہ فلاں علاقہ کے لوگوں کے لئے رات آرام کے لئے ہے اور فلاں علاقہ کے لوگوں کے لئے آرام کے لئے نہیں ہے ۔ قانون ایسا ہی ہونا چاہئے کہ اس کی نگاہ میں ہر شخص اور ہر علاقہ ایک جیسا ہونا چاہئے ۔ یہ نہیں کہ کچھ کسی علاقہ پر نافذ کیا جائے اور کچھ کسی علاقہ پر نافذ کیا جائے اور جہاں پر آپ کا جو چاہے آپ نافذ کریں ۔ اگر یہ کہا جائے کہ بدنام سیاستدانوں نے اس قسم کے قانون بنائے تا کہ

وہ اپنی کرسیوں سے چمٹے رہیں تو شاید واجب ہوتا کہ کہیں ہماری وزارتیں ٹوٹ نہ جائیں کہ انہوں نے تمام علاقوں کے نمائندوں کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے اس قسم کے قانون بنائے تھے لیکن جب موجودہ حکومت جو اس قدر stable حکومت ہے اس کو کیا ڈر ہے وہ اس قسم کے قانون کیوں بناتی ہے اس کو تو ایسے قانون بنانا چاہیں جو تمام ملک کی فلاح و بہبود کے لئے ہوں اور تمام علاقہ کے لئے ایک جیسے ہوں ۔ ایسا نہ ہو کہ اس قانون کو ایک علاقہ پر نافذ کرنا ہے اور دوسرے علاقہ پر نافذ نہیں کرنا ہے۔ جناب والا۔ جیسا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب فرما چکے ہیں اور آپ بھی بحیثیت ایک eminent lawyer جانتے ہیں کہ قانون بنانا لیجسلیٹو اسمبلی کا کام ہے ۔ پراونشل لیجسلیٹو اسمبلی اور سنٹرل لیجسلیٹو اسمبلی کا یہ کام ہے اور ان کو پاورز delegate ہوتے ہیں لیکن ایک انتہا تک ۔ یہ نہیں ہے کہ آپ ایسا قانون بنائیں کہ اس کو جہاں چاہیں نافذ کریں اور جہاں چاہیں نافذ نہ کریں اور جہاں چاہیں اس کو معطل کرنے کے لئے نوکر شاہی کو اختیارات دے دیں کہ تمہارا جس علاقہ پر جی چاہے نافذ کر دو جہاں چاہے معطل کر دو ۔ اس قسم کے قوانین سے (گو یہ تعصب کی بات ہے اور میں تعصب نہیں لانا چاہتا ہوں) میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عوام میں بدمزگی پھیل رہی ہے ۔ آپ یہ دیکھیں کہ ۱۹۶۱ء میں اس قسم کے اختیارات نوکر شاہی کو دینے سے کیا ہوا کہ انہوں نے سابق سندھ میں ۲۵ فیصد مالیہ کی معافی دے دی اور اس ۲۵ فیصد مالیہ کو وصول کرنے کے لئے انہوں نے سابق پنجاب کے ان علاقوں جہاں بندوبست کی میعاد ہو چکی تھی مثلاً گجرات یا شیخوپورہ جو سیم و تھور کے نیچے آ چکے تھے اور جہاں پر مالیہ کم ہونا چاہئے تھا وہاں پر یہ مالیہ نافذ کر دیا ۔ اگر اس قسم کے اختیارات دے دئے جائیں اگر اس قسم کی چیز لیجسلیٹو اسمبلی کے سامنے آتی تو ہم اس کی چھان بین کرتے اور بتاتے کہ اگر آپ معافی دینا چاہتے ہیں تو ضرور دیجئے لیکن اس کا اطلاق کسی ایسے علاقہ پر کیا جائے جہاں پر آپ

نے لوگوں کو معافی دینی ہے ۔ جناب والا ۔ آپ دیکھئے کہ اس قسم کے اختیارات دے دینے سے northern zone میں ہمیں ۳۵ فیصد ترقیاتی فنڈز دینا پڑتے ہیں لیکن سندھ میں یہ ترقیاتی فنڈ نہیں ہے کیونکہ وہاں پر barrages آ گئے ہیں ۔ بے انتہا زمین زیر کاشت آ چکی ہے اس کے برعکس ہوا یہ ہے کہ جو مالیہ وہاں سے وصول ہونا چاہئے وہ وصول نہیں ہوتا اس کی وجوہات ہیں جیسا کہ پہلے گذارشات ہو چکی ہیں کہ وہاں مالیہ ٹپہ داروں کے ہاتھ میں چلا جاتا ہے اور کچھ بڑے بڑے زمینداروں کے ہاتھ میں چلا جاتا ہے اور حکومت کا جو حق ہے وہ انہیں وہاں کسی طریقہ سے نہیں ملتا کیوں کہ وہاں جو ٹپہ دار ہے وہی مدعی ہے وہی منصف ہے وہی مالیہ لگاتا ہے وہی مالیہ چھوڑتا ہے اس کے علاوہ کوئی اور ایجنسی نہیں ہے ۔ انتظامیہ اور نوکر شاہی کی حکومت کرنے کی بھوک دن بہ دن بڑھ رہی ہے ۔ اسے جتنا جلدی ختم کیا جائے بہتر ہے ۔ جناب والا ۔ ایک سائنسدان نے frankenstein بنایا اور اس لئے بنایا کہ اس کے ذریعہ وہ اپنے دشمنوں پر قابو پائے لیکن اس نے کیا کیا کہ پہلے اس سائنسدان کو اپنا لقمہ بنایا ۔ تو ایسے کام نہ کیجئے جس سے آپ کو خود تکلیف ہو ۔ قانون عوام کی بہتری کے لئے بنائیے ۔ آپ جو کلازز رکھئے وہ عوام کی بہتری کے لئے رکھئے اور ایسے کلازز نہ رکھئے جس سے ناجائز طور پر کسی علاقہ پر دباؤ پڑ سکے ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, may I say a few words in reply to those objections.

I oppose this amendment. The provisions of this are on account of the necessity of various parts of the Province. There are certain parts in this Province where the settlement is not complete or has not been undertaken. Now, in case the amendment is adopted then all the provisions relating to the record-of-rights, relating to arbitration, relating to partition and relating to so many other things, which are incorporated in this, will be applicable there and those will be quite out of [illegible] will serve no purpose. Therefore, considering those circ[illegible]use an[illegible] this power is given to the Government so that wh[illegible]mstances, only [illegible]ey should apply the necessary and relevant provis[illegible]n the time is ripe th[illegible]e there is no object of getting any pow[illegible]ons to those areas otherwis[illegible]itical victimization. My friends p[illegible]ions to indulge in any pol[illegible]itical existing in various parts [illegible]er so as to indulge in any pol[illegible]ances this amendment. [illegible]haps are unaware of the circumstances of this Province. With these words I oppose

Mr. Speaker : The question is :

That for sub-clause (3) of clause 1 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"(3) It shall come into force at once."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment (No. 141) is a similar one and is ruled out of order. I will now put the clause to the vote of the House.

Malik Muhammad Akhtar : The clause is opposed as a whole.

Mr. Speaker : That time is over now.

The question is :

That the short title, extent and commencement, as amended, be the short title, extent and commencement of the Bill.

The motion was carried.

So, the second reading is over.

چودھری محمد ادریس - میں آپکے نوٹس میں یہ بات لانا چاھتا ھوں کہ legal practitioner کی definition ھم نے پہلے پاس کر دی ھے - یہ کلاز 15 ھے جناب غالباً سیکشن 4 میں - اسے ھم نے define اس طرح کیا ھے کہ Legal Practitioner as defined in the Legal Practitioner Act, 1871 وہ جناب ۱۹۶۵ء میں repeal ھو چکا ھے - اسکی جگہ اب آ گیا ھے Bar Council Act, Legal Practitioner Bar Council Act, 1965 اس لئے جناب والا اگر اسی طریقے سے یہ definition رھتی ھے تو اسکی وجہ سے بہت سی complications پیدا ھو جائینگی -

مسٹر سپیکر - دونوں definitions میں کیا کچھ فرق ھے ؟

چودھری محمد ادریس - فرق تو جناب یہ ھے کہ ھم نے اس کو "[illegible] Legal Practitioners Act, 1871" کیا ھے define

[illegible] as defined in the [illegible]

مسٹر سپیکر - آپ کا مطلب [illegible] ھے

اس کی definition دے دی گ[illegible] یہ ھے کہ repealed statute جو

[illegible] ئی ھے - میرے خیال میں ایسی تو بہت سی

مثالیں ہوتی ہیں ۔ لیکن آپ یہ فرمائیں کہ موجودہ definition میں یا جو اس وقت requirements ہیں کیا ان requirements میں اور جو وہاں definitions ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد ادریس ۔ definition تو ایک ہی ہے لیکن وہ repeal ہو چکا تھا اس کلاز کے پاس ہونیکے پہلے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا خیال ہے کہ وہ repealed ہے اس کی definition جو ہے وہ apply نہیں کرتی ۔ لیکن کیا repealed statute کی definition کو adopt ہی نہیں کیا جا سکتا ہے repealed provision ضرور ہے ۔ That is not applicable لیکن جو اس میں definition دی گئی ہے آپ کی کیا یہ contention ہے کہ وہ adopt نہیں کی جا سکتی ۔

چودھری محمد ادریس ۔ نہیں کرنی چاہئیے جناب ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ جب یہ دفعہ ایوان میں پیش ہوئی تھی تو میں نے اس پر اعتراض کیا تھا ۔ لیکن حکومت کی جانب سے یہ کہہ دیا گیا تھا کہ موجودہ صورت میں یہ درست ہے ۔

Mr. Speaker :

> "'legal practitioner' means any legal practitioner or within the meaning of the Legal Practitioners Act, 1879".

Although that law is in force but the meaning of Legal Practitioners Act is there.

چودھری محمد ادریس ۔ Sir میں نے اس point کو دیکھا نہیں ہے ۔ غالباً دونوں کی definitions کسی قدر different ہونگی ۔ کیونکہ اس وقت دو classes تھیں one pleader and the other advocate. There is now one class of Advocates اسکو rectify کیا جا سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ اسے اب اس stage پر rectify کیا جا سکتا ہے تو اسکو rectify کر دیا جائے ۔ میرے عرض کرنے کا مقصد صرف اتنا ہی تھا ۔

Minister for Law : Both are included in the Legal Practitioners Act.

Mr. Speaker: I think there is a motion for the constitution of a Drafting Committee and this can be looked into by the Drafting Committee and they can make a report.

Chaudhri Muhammad Idrees: Alright, Sir.

Minister for Law: I beg to move :

That a Committee of the House consisting of the following Members be appointed to suggest consequential and formal amendments to the West Pakistan Land Revenue Bill as it emerges from the consideration of clause by clause stage:—

(1) Chaudhri Muhammad Idrees.

(2) Kazi Muhammad Azam Abbassi.

(3) Mr. Aurangzeb Khan.

(4) Khawaja Muhammad Safdar.

(5) Malik Muhammad Akhtar.

The quorum of the Committee will be two.

The Committee may also meet while the Assembly is sitting.

The Committee should submit its report by 3-11-1967.

Mr. Speaker: The motion moved is :

That a Committee of the House consisting of the following Members be appointed to suggest consequential and formal amendments to the West Pakistan Land Revenue Bill as it emerges from the consideration of clause by clause stage :—

(1) Chaudhri Muhammad Idrees.

(2) Kazi Muhammad Azam Abbassi.

(3) Mr. Aurangzeb Khan.

(4) Khawaja Muhammad Safdar.

(5) Malik Muhammad Akhtar.

The quorum of the Committee will be two.

The Committee may also meet while the Assembly is sitting.

The Committee should submit its report by 3-11-1967.

As there is no opposition the motion stands carried.

So, the Bill is referred to the Drafting Committee and the motion by the Minister for Revenue, about the passage of the Bill, will be taken up after the receipt of the report of the Drafting Committee.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN PAT FEEDER CANAL (CONTROL AND PREVENTION OF ALIENATION OF LAND) ORDINANCE, 1967.

Mr. Speaker : We now pass on to the next Item, *i. e.*, the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance. Yes, the Minister of Revenue.

Minister for Revenue : I beg to move:

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.

Mr. Speaker : The motion is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : Would the Revenue Minister like to say something about this Ordinance?

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ جناب سپیکر ۔ آنریبل ممبر صاحبان کو معلوم ہے کہ دریائے سندھ سے کشمور کے مقام پر ایک کینال جو کہ پہلے نکالی گئی تھی اسے desert کینال کہتے تھے ۔ اسی Head Works کے نیچے دس میل کے فاصلے پر ایک اور کینال نکالی گئی ہے اسے پیٹ فیڈر کینال کہا گیا ہے ۔ یہ کینال تقریباً ۶ لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب کریگی ۔ یہ کچھی ضلع قلات کا ایک حصہ ہے ۔ اس علاقے میں اس سے قبل بندوبست نہیں ہوا تھا اور یہ تمام area بالکل unsurveyed تھا ۔ اسی لئے کسی خاص آدمی کا قبضہ کسی جگہ پر متعین نہیں ہے ۔ چنانچہ اس چیز کے پیشی نظر لوگوں میں اس بات کا خیال پیدا ہوا کہ چونکہ نئی کینال سے پانی آنے لگا ہے اسلئے جس قدر رقبہ ہو سکتا ہے اسکے اوپر فوری طور سے قبضہ کر لیا جائے ۔ اور چونکہ کچھ عرصے سے یہ بات شروع ہوئی ہے اور بہت سے لوگوں نے جنکے پاس دولت ہے انہوں نے

یہ سوچ کر کہ مستقبل میں یہ رقبہ بہت قیمتی بن جائیگا ۔ وھاں کے مقامی لوگوں سے رقبے انھوں نے خریدنے شروع کر دیئے ۔ چنانچہ ھزاروں ایکڑ کے رقبہ جات ان لوگوں نے خرید لئے ھیں جنکا Title خود مشکوک ھے ۔

جیسا کہ میں نے پہلے عرض کر دیا ھے کہ area وھاں unsurveyed ھے ۔ لوگوں کے حقوق ملکیت قائم نہیں ھوئے ھیں تو لوگوں نے برائے نام قیمتوں کے اوپر وھاں رقبہ جات خرید رکھے ھیں ۔ چونکہ یہ چیز چل رھی تھی اور جو وھاں کے لوکل یعنی مقامی لوگ تھے انکے مفاد کے منافی تھی ۔ چنانچہ گورنمنٹ نے ایک آرڈیننس جاری کیا اور ۱۹۶۷ء والا جو آرڈیننس ھے اسکے تحت مقامی لوگوں کے حقوق کے تحفظ کی کوشش کی گئی اس آرڈیننس کا مقصد یہ ھے کہ جہاں جہاں ایسی بات ھے وھاں پر حکومت Tribunal کا تقرر کریگی ۔ Tribunal میں ایک تجربہ کار Revenue Officer ھوگا یا ڈسٹرکٹ جج کے rank کا ھوگا جو سول کا کام بھی جانتا ھو ۔ اور جو چھوٹے چھوٹے معاملات اسکے سپرد ھونگے وہ فریقین کو جن کا ان معاملات سے تعلق ھوگا بلائیگا اور وھاں باقاعدہ تحقیقات کر کے انکے متعلق اپنا فیصلہ دیگا ۔ کہ آیا یہ زمین جو اس نے بیچی ھے وہ اسی کی ملکیت تھی یا نہیں تھی ۔ یا اس میں اس کو کس قدر حق حاصل تھا ۔ اس آرڈر کے اوپر اپیل ھو سکے گی ۔ اس قانون کا مقصد محض اس قدر ھے اور چونکہ یہ قانون ان کے حق میں ھے اس لئے میں درخواست کروں گا کہ اس کو پاس کیا جائے ۔

Mr. Speaker : Clause 2; first amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That for para (*i*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(i) 'alienation' means transfer of land by sale, gift, exchange, mortgage."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for para (*i*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"(i) 'alienation' means transfer of land by sale, gift, exchange, mortgage."

Minister for Revenue : Opposed.

مالک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - اس آرڈیننس پر مفصل بحث اس وقت ہوسکے گی جب مجموعی طور پر اس کی مخالفت کی جائے گی - بہر حال جناب لا منسٹر صاحب نے ابھی چند ارشادات فرمائے ہیں کہ وہ کیوں اس قانون کو نافذ کرنا چاہتے ہیں - میں اس کا جواب اس سٹیج پر نہیں دینا چاہتا - میں نے جو ترمیم پیش کی ہے اس میں میں نے alienation کی definition کو تبدیل کرنا چاہا ہے - میں چاہتا ہوں کہ alienation جس کا مطلب ڈکشنری میں بھی تبدیلی ہے - اس کا مفہوم یہ لیا جائے اور alienation صرف اس زمین کی اس آرڈیننس کے احاطہ اختیار میں آئے جس زمین کو یا تو بیچ دیا گیا ہو یا اس کو gift کر دیا گیا ہو یا کسی زمین سے ایکسچینج کیا گیا یا اسے mortgage کیا گیا ہو - میں جناب والا یہ الفاظ پیش کرنا چاہتا ہوں -

"2. (*i*) ....., or lease exceeding one year but does not include alienation of land in lieu of dower;"

تو ان دو چیزوں کو میں حذف کرنا چاہتا ہوں - جناب والا اس قانون اور اس ترمیم کا پس منظر یہ ہے ..... میں جناب والا briefly بات کروں گا کہ حکومت نے گدو بیراج پروجیکٹ جو بنایا ہے جس کی ۱۹۵۳ میں revision بھی کی گئی تھی اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو قانون لائے ہیں یہ کس قدر زائدالمیعاد ہے اور یہ لوگوں کے سول حقوق پر کیونکر براہ راست حملہ کرنا چاہتے ہیں - یہ پراجیکٹ سن ۱۹۳۶-۳۷ سے چلے کا ہے جس کو ۱۹۵۳ میں revise کر کے ۱۷ کروڑ سے ۲۷ کروڑ پر لے گئے - اور ۶۳-۶۴ تک گدو بیراج میں ایک اور پراجیکٹ کا اضافہ بھی کیا گیا جس کا نام پیٹ فیڈر کینال ہے - اب

جناب والا پیٹ فیڈر کینال جو ہے اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں دو منٹ ہاؤس کے لے لوں تاکہ اس بحث کو آشکارا کر دیا جائے کہ پیٹ‌فیڈر سے مراد کیا ہے اگرچہ میں سمجھتا ہوں کہ میں غیر متعلقہ سی بات کر رہا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ۲۵-۳۰ تراسیم کے بعد اس بات کو چھیڑنا واجب نہ ہوگا ۔ (قہقہہ)

منسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں حکومتی پارٹی اور خاص طور پر وزرا صاحبان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ غلطی کا اعتراف کرنا بڑی بہادری ہوتی ہے اور آپ نے دیکھا کہ کس طرح ملک اختر صاحب نے اپنی غلطی کا واشگاف الفاظ میں اعتراف کیا ۔ وہ اپنی غلطی کا اعتراف کر رہے ہیں تو میں ادب سے گذارش کرتا ہوں کہ آپ بھی ان سے سبق سیکھیں اور اپنی غلطی کا اعتراف کر لیا کریں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

ملک محمد اختر ۔ یہ پیٹ فیڈر جو ہے اس نے نہروں کو پانی دینا ہے لیکن The total acreage proposed to be acquired will amount to ..... جو انہوں ۔ دی ہے وہ کسی منسٹر نے غلط دی ہے ۔

Mr. Speaker : That has got nothing to do with the definition of the alienation.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے اس نکتہ کو مکمل کر لینے دیجئے ۔ اس نہر نے تمام نہروں کو پانی دینا ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote ; the question is.

> That for para (*i*) of section 2 of the West Wast Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(i) 'alienation' means transfer of land by sale, gift, exchange, mortgage."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment by Mr. Ahmed Mian Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, I beg to move :

That in para (*i*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, after the word "year" occurring in line 3, a full-stop be added and the words following thereafter be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in para (*i*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, after the word "year" occurring in line 3, a full-stop be added and the words following thereafter be deleted.

I think the Minister for Law had given its notice.

وزیر مال ۔ میں جناب یہ عرض کروں گا کہ لا منسٹر ۔ جو ترمیم دی تھی . . . . (قطع کلامی)

Mr. Speaker : But this will have the precedent because this notice was received earlier.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, if they reject this amendment, they cannot give their amendment because that also is to the same effect.

خواجہ محمد صفدر ۔ اصل بات یہ ہے کہ اگر آپ اس کو مسترد کر دینگے تو وہ پھر بھی پاس نہ ہوسکے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب لا منسٹر صاحب کی ترمیم کے بارے میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایک انگریزی میں لفظ ہے Plagiarism ۔ کیونکہ مسٹر احمد میاں سمرو ۔ میجر اسلم جان اور جناب خواجہ محمد صفدر کی طرف سے ترامیم پیش ہوچکی تھیں ۔

Mr. Speaker : Why don't you move your own amendment ?

Minister for Law : Sir, I protest against the use of this word "plagiarism"; that will mean committing theft of something.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ کے لئے نہیں کہہ سکتا لیکن مجھے علم ہے کہ اگر اس قانون کی زد میں وزیر قانون آتے تو آپ کی یہ ترامیم اس ایوان میں پیش نہ کی جاتیں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر مال - میں اسے oppose کرتا ہوں - عرض یہ ہے اگر کوئی زمین dowery کے طور پر دی جائے گی تو کیا وہ بھی اس میں آجائے گی -

Mr. Ahmed Mian Soomro : That is what I am asking. I may be allowed to explain before he opposes it, if you permit me. According to your Ordinance as you have issued at present you are excluding alienation where they are given in lieu of dower. I am seeking by an amendment to include those alienations because if the land is given in dower why do you exclude that ?

Minister for Revenue : Then I don't oppose it.

Mr. Speaker : The question is :

> That in para (*i*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control of Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, after the word "year" occurring in line 3, a full-stop be added and the words following thereafter be deleted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Amendment by Chaudhri Muhammad Idrees at S. No. 3 and that of the Minister of Law given notice of on the 28th of October are similar amendments and, therefore, they stand disposed of.

Akhund Sahib, in this definition it says :

"alienation" includes disposition of land by sale, gift, exchange, mortgage, or lease...so on s o forth.

would it not be much b etter if we say :

"alienation" means disposition of land by sale, gift, exchange, mortgage, or lease.....

Minister for Law : "Meaning" and "including" are two different things. 'Including' is vaster. It comprehends anything. If we use the word 'means' then it would be confined to these categories. Therefore "includes" in legal phraseology is a better term. It is always better to use a more comprehensive term.

Mr. Speaker : Amendment No. 4 by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

> That for para (*iv*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(*iv*) 'Land' means land which was not occupied as the site of any building in a Town or village on or after the 14th day of October, 1955, and includes proprietary waste and arable land ;".

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for para (*iv*) of section 2 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"(*iv*) 'Land' means land which was not occupied as the site of any building in a Town or village on or after the 14th day of October, 1955, and includes proprietary waste and arable land ; ".

Minister of Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - اب ایک اصولی بات کا ٹکراؤ ہو گیا ہے - یہ کہتے ہیں کہ ان علاقہ جات میں چونکہ بندوبست نہیں ہوا اس لئے ہم وہاں غیر قانونی انتقال اراضی کو روکنے کے لئے یہ قانون لا رہے ہیں - جناب والا - یہ قطعاً غلط ہے - میں اس بیان کی ایک موثر ذریعہ سے تصدیق کر چکا ہوں -

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order. Sir, actually the amendment does not make any difference, "on or after the 14th day of October, 1955". Even today is after the 14th of October, 1955.

Mr. Speaker : "... land which was not occupied as the site of any building in a Town or village on or after the 14th day of October, 1955, ..."

Mr. Ahmed Mian Soomro : Today, even now, is also after the 14th day of October, 1955. What is the significance of this amendment ?

Mr. Speaker : Will the Member explain ?

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - ان کے جو الفاظ ہیں وہ زیادہ clear نہیں ہیں - وہ علاقے develop ہو چکے ہیں - وہاں آبادی موجود ہے - اور ان کا ایسا کہنا جیسے کولمبس نے نئی دنیا ڈھونڈی ہے - وہاں زمینوں کی فروخت شروع ہو گئی ہے - میں اسے واضح کرنا چاہتا ہوں -

Mr. Speaker : How is that different from the definition given in the Ordinance ?

Malik Muhammad Akhtar : My definition is more clear.

Mr. Speaker : What is the difference ? What amendment does the Member want ?

Malik Muhammad Akhtar : I want it to be better-worded.

Mr. Speaker : Actually this is not an amendment. This is ruled out of order.

Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving.

Mr. Speaker : Now to section 3 the first amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move:

> That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "three years" occurring in line 1, the words "one year" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

> That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "three years" occurring in line 1, the words "one year" be substituted.

Minister of Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - اس آرڈیننس کی مجوزہ دفعہ ۳ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ کوئی شخص اس قانون کے نفاذ کے تین سال بعد تک

".....or until the determination of rights in the lands".

اس کے حقوق ایک خاص زمین میں متعین قرار نہ دئے جائیں - پراجیکٹ ایریا میں جہاں یہ قانون لگانا چاہتے ہیں کہ اس قانون کے نفاذ کے بعد تین سال کے لئے کوئی انتقال نہیں کیا جا سکے گا - میں صرف کلاز ۳ (۱) پر بولتا ہوں - اگلی سب کلاز پر بھی میری ترمیم ہے - دفعہ ۳ (۱) سے جو پابندی انہوں نے انتقال اراضی پر تین سال کے لئے لگائی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ ناواجب ہے - جناب لا منسٹر صاحب یا ریونیو منسٹر صاحب کا تمام کا تمام زور اس بات پر ہے انہوں نے یہ preamble میں کہا ہے میں اسے دھرانا نہیں چاہتا - ویسے وہ relevant ہوگا - اگر میں اس کا ریفرنس یہاں دوں چونکہ شہری سہولتیں پیٹ فیڈر ایریا کے علاقہ گدو بیراج میں دی جا رہی ہیں اس لئے وہاں پر زمینوں کی قیمت بڑھ گئی ہے - چونکہ وہاں پر جو زمینیں ہیں وہ unsurveyed اور unsettled ہیں - اور

ان کی اونرشپ undetermined ہے اس لئے ان کی اونرشپ کو rectify کرنے کے لئے انہوں نے دفعہ ۳ (۱) میں یہ پابندی لگائی ہے کہ تین سال کے لئے وہاں انتقال نہ کیا جائے۔ جناب والا۔ سب سے اول تو میں ان کے اس بیان کو چیلنج کرتا ہوں۔ وہاں پر رائٹس determine ہو چکے ہیں۔

Minister of Law : For the information of the Member may I invite his attention to an amendment which has been moved by me in the Preamble. Perhaps it has not reached the Member :

> That for paragraphs 1 to 5 of the preamble of the said Ordinance, the following paragraphs be substituted, namely :—
>
> "Whereas the lands under the command of the Pat Feeder Canal of Guddu Barrage are unsurveyed and unsettled ;
>
> AND WHEREAS certain persons are reported to have unauthorisedly or without lawful authority alienated in the said area lands to or in which they had no valid right or title;".

ملک محمد اختر۔ وہی پوائنٹ پھر آ گیا۔ یہ کہتے ہیں کہ تمام علاقہ unsurveyed اور unsettled ہے حالانکہ وہ علاقہ۔۔۔۔

Minister of Law : Ownership is undetermined. It does not exist any more in the proposed amendment.

ملک محمد اختر۔ پھر سیکشن ۳ میں ترمیم لائیں۔

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order Sir. There are only ten sections and the Government itself has sought six sections to be amended, including the Preamble. Why not bring a bill to that effect Sir ? They have amended it themselves and they have now amended the Preamble also.

ملک محمد اختر۔ جناب سپیکر۔ اب مجھے یہ بتایا جائے۔ یہ ترمیم ابھی ابھی آئی ہے میں ان سے معافی چاہتا ہوں۔

> "WHEREAS the land under the command of the Pat Feeder Canal of Guddu Barrage are unsurveyed and unsettled ;
>
> AND WHEREAS certain persons are reported to have unauthorisedly or without lawful authority alienated in the said area lands to or in which they had no valid right or title ;"

اب یہ بتائیں کہ ان کی preamble کے بعد (ویسے وزیر قانون صاحب قانون سے بخوبی واقف ہیں) کوئی چیز specified ہے۔ اگر کوئی تضاد بھی ہے

it does not matter انہوں نے خود ہی میرے لئے بات کرنے کا موقع پیدا کر دیا ہے ۔

"No person shall, for a period of three years from the date on which this Ordinance comes into operation or until the determination of rights in the lands."

یہ خود ہی کہتے ہیں rights determine ہو چکے ہیں ۔ پھر دفعہ ۳ کا کیا مقصد ہے ۔ اس سے خطرناک چیز اور کیا ہو سکتی ہے ۔ میں اس بات میں کوئی کریڈٹ نہیں چاہتا ۔ اگر قانون کو گہری نظر سے دیکھا جائے تو اس میں بعض اوقات deliberately یا innocently ایسے الفاظ کو شامل کر دیا جاتا ہے جو civil rights کے لئے زہر قاتل ہوتے ہیں ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں until the determination of rights ۔ میں اپنے آپ کو determination of rights کے پوائنٹ پر ہی محدود رکھنا چاہتا ہوں ۔ determination of rights ہو چکے ہیں ۔ شیڈول میں جو علاقہ جات بتائے گئے ہیں میری معتبر اطلاع کے مطابق ان میں بیشتر علاقہ جات ایسے ہیں جہاں پر سیٹلمنٹ مکمل ہے ۔ اس لئے یہ کہنا کہ وہاں کے علاقہ جات unsettled ہیں یا ان کے undetermined rights ہیں درست نہیں ۔ ان کے rights کو determine کرنے کے لئے پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ اس وقت بھی نافذ ہے ۔ اس قانون کے پاس ہونے کے بعد جس کو ہم نے تھرڈ ریڈنگ کے لئے ایک بل کی شکل میں چھوڑا ہے اس میں determination of rights کے لئے ایک علیحدہ پروسیجر موجود ہے ۔

Minister of Food and Agriculture : With due respect, I would like to be enlightened in which areas particularly the survey or settlement has taken place ? Khawaja Muhammad Safdar has given notice of an amendment which probably we are going to accept ?

Khawaja Muhammad Safdar : Nasirabad Sub-Division.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میرا دوسرا نکتہ یہ رہ جاتا ہے کہ یہاں determination of rights کے لئے باقاعدہ باضابطہ پروسیجر ہے ۔ جو گذشتہ دو سال کی محنت سے منظور کیا ہے ۔ determination of rights سے میری جو مراد ہے وہ یہ ہے کہ preparation of record of rights

ابھی ہم نے دفعہ ۴۲ جس پر کم و بیش ایک ہفتہ بحث کی ہے اس میں preparation of record of rights کے باب میں ہم نے determination of rights کا طریقہ منظور کیا ہے ۔ وہ اس وقت بھی پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ بیشتر اضلاع میں نافذ ہے ۔ اس کے اندر revision of rights کا چیپٹر موجود ہے ۔ اپیل کا بھی چیپٹر موجود ہے ۔ یہاں determination of rights کے لئے ایک نیا parallel قانون بنا دینا ٹھیک نہیں ۔ قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ دونوں قوانین میں خامی ہے ۔ آپ بتائیں کس قانون میں خامی ہے تاکہ اس کو چھوڑا جائے اور دوسرے کو نافذ کیا جائے ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ جہاں پر قواعد حاوی ہیں وہاں کاغذات مال بن چکے ہیں جیسے خواجہ محمد صفدر صاحب کی ترمیم سے ظاہر ہوتا ہے ۔ آپ نے فرمایا تھا وہاں بنے ہوئے ہیں ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں جیسے ہمارے علم میں ہے کہ نصیر آباد اور کچھی ڈسٹرکٹ میں نہیں بنے ہیں ۔ آپ ہمیں اطلاع دیں تاکہ اس کی چھان بین کرکے فیصلہ کریں ۔ معلوم کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ ہمارے علم میں نہیں ہے آپ کے علم میں ہے ۔ آپ ہمیں بتائیں تاکہ قانون کا منشا پورا ہو ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں قائد ایوان سے یہ سوال کرتا ہوں کہ ۲۷ اگست ۱۹۶۷ء کو جب یہ ہنگامی قانون نافذ کیا گیا تو civil rights سے ہماری حکومت نے ایک فٹ بال کی طرح کھیلا ۔ حکومت کو کیا علم نہیں کہ فلاں جگہ determination of rights ہو چکے ہیں ۔ جو یہ سوال کر رہے ہیں یہ سوال مجھے ان سے کرنا چاہئے تھا ۔ میں جانتا ہوں حقائق بخوبی میرے علم میں ہیں ۔ بہر حال determination of rights کے لئے باقاعدہ طریقہ ہے اور یہ دو parallel قانون لگا رہے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ determination of rights کے لئے یا preparation of record of rights کے لئے جو کہ لینڈ ریونیو ایکٹ میں دیا گیا ہے جہاں

اس کے لئے جامع قانون کی مشینری دی گئی ہے اس کے لئے علیحدہ قانون بنا رہے ہیں ۔ میں ان سے سوال کرتا ہوں کہ جہاں سیٹلمنٹ نہیں ہوا کیا آپ ان تمام علاقہ جات میں اسی قانون کا نفاذ کریں گے ۔ اگر اسی قانون کا نفاذ ایسے علاقہ جات میں نہیں کرنا ہے تو میں سمجھتا ہوں Pat Feeder کا ایریا جس کو یہ چار لاکھ ایکڑ کہہ رہے ہیں یہ در اصل ۲۰ یا ۲۵ لاکھ ایکڑ کا ایریا زیر کاشت آنے والا ہے ۔ Pat Feeder Canal کئی نہروں کو پانی مہیا کرتی ہے ۔ ان کا مقصد یہ ہے کہ جہاں Pat Feeder کا پانی جائے وہاں alienation کو روک دیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ determination of rights کا مسئلہ ہے ۔ یہاں انتہائی غلط الفاظ استعمال کر رہے ہیں ۔ determination of rights کا لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت کیا جاتا ہے اس کے علاوہ آپ نے substitution کے لئے ترمیم دی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Food and Agriculture : I am sorry to disturb my friend and to disturb his sequence.

شیڈول جس جگہ apply کرتا ہے وہ تین چار تحصیلیں ہیں ۔ قلات ڈویژن میں چھتر ۔ ٹومبو اور میر پور ہیں ۔ جیکب آباد دوسری جگہ جو ان کے ذہن میں ہے وہاں کیسے یہ apply کرے گا ۔ شیڈول میں جو apply کرے گا وہ ایریا یہ ہے جو میں نے بتایا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تو پھر اس میں ترمیم کر دیں ۔ جہاں پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ جو ویسٹ پاکستان لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۶۷ء بننے والا ہے جہاں پر یہ operate کرے گا وہاں alienation روکی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ جن علاقوں میں یہ نافذ ہوگا ان کے متعلق شیڈول میں specifically ذکر موجود ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ لینڈ ریونیو ایکٹ بھی وہاں apply کرے گا اور یہ بھی apply کرے گا ۔ اس کو سٹڈی کرنے کے بعد یہ سمجھ سکا

ہوں کہ alienation ان علاقہ جات میں ہے جہاں determination of rights نہ کئے گئے ہوں ۔ جہاں سروے نہ ہوا ہو ۔ میرا سوال وزنی ہے ۔ آج آپ اس ہنگامی قانون کو پاس کر رہے ہیں ۔ ہفتہ کو آپ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ پاس کریں گے ۔ وہاں پر مختلف پروسیجر ہوگا اور یہاں مختلف پروسیجر ہوگا ۔

Mr. Speaker : For what purpose ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تو اس طرح تضاد پیدا ہو جائے گا ۔ اگر آپ اسے موثر مشینری سمجھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Does that restrict the transfer of land ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے کہنے دیجئے ۔ اگر آپ ساری عبارت پڑھیں تو شاید مجھ سے اتفاق فرمائیں گے ۔ اس قانون کے چیپٹر ہیں Preparation of Record of Rights ۔ اس کے بعد ۔

In case of dispute of delivery and possession, revision of record-of-rights, appeal and all those procedures.

Mr. Speaker : Are those provisions provided in this section ?

Malik Muhammad Akhtar : They are not provided in this section Sir.

لیکن جب تمام طریقہ کار کا جو وہ مصفا اور شفاف قسم کے record of rights بنائے گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: That does not restrict the right of transfer. This provision is restricting the right of transfer.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تو یہ determination of rights کے جو الفاظ ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: This is 'until the determination of rights'.

Malik Muhammad Akhtar: Until the determination of rights.....

Mr. Speaker: Determination of rights, of course, would be done according to the Land Revenue Act but until the determination of rights no person would be able to transfer the land.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تو پھر آپ دیکھیں کہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت determination of rights بھی ہو گیا ۔ کسی کمشنر وغیرہ نے اسے فائنل بھی کر دیا تو جناب والا ۔ کیا that machinery is sufficient ?

Mr. Speaker: But they are only restricting the land alienation in this section.

Malik Muhammad Akhtar: Why are they providing a Tribunal to determine whether the alienation is legal or illegal?

Minister for Agriculture: That is for a separate purpose.

Malik Muhammad Akhtar: That is for this very purpose.

جناب والا ۔ میرا ایک نقطہ نظر ہے آپ مجھے کہنے دیں کہ

determination of rights کے لئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: The Member is not appreciating the difference.

I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is—

> That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "three years", occurring in line 1, the words "one year" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar and that is about the proviso.

اخوند صاحب پیشتر اس کے کہ ملک صاحب اپنی ترمیم پیش کریں
یہ فرمائیے گا کہ

> "No person shall, for a period of three years from the date on which this Ordinance comes into operation....."

There are two things "comes into operation" and "comes into force".

کیا آپ یہی چاہتے ہیں کہ come into operation کے ہی لفظ رہیں
یا come into force کے چاہتے ہیں ۔ کیونکہ آپ کے سیکشن ایک میں
دو چیزیں ہیں ۔

Sub-section (2) of section 1:

> "It shall come into force at once."

and in sub-section (3)

> "It shall apply to the areas specified in the Schedule, but Government may, by notification in the Official Gazette, exclude any area from the Schedule, or include in the Schedule any area which is receiving or is to receive irrigation supplies from the Pat Feeder Canals".

Would not the words "in force" be better than the word "in operation" because operation would be after it comes into force.

Minister for Law : Of course, it will be better. I agree.

Mr. Speaker : The second thing is :

> ".....determination of rights in the lands in the Project Area in pursuance of the settlement operations being or to be carried out therein....."

Are these words "being or to be carried out therein" not superfluous?

That will be like this—

> "No person shall, for a period of three years from the date on which this Ordinance comes into force or until the determination of rights in the lands in the Project Area in pursuance of the settlement operations, whichever is earlier....."

The word 'period' is also superfluous.

".....alienate any land in the Project Area"

Minister for Law : 'Whichever' qualifies three years.

Mr. Speaker : "Whichever is earlier" is quite right. But the words "being or to be carried out therein" are superfluous. I think, settlement operations are being carried out or would be carried out.

Minister for Law : In some places they are already working.

Mr. Speaker : But if these words are omitted "being or to be carried out therein" then what will be the position?

Minister for Law : If we delete the words "being or to be carried out therein" then it will read like this—

> ".....in pursuance of the settlement operations....."

Mr. Speaker : ".....whichever period is earlier....."

Minister for Law : Which operations? Which are on?

Mr. Speaker : The Minister may please read from the beginning.

> "No person shall, for a period of three years from the date on which this Ordinance comes into operation or until the determination of rights in the lands in the Project Area in pursuance of the settlement operations, whichever period is earlier....."

'Determination of rights' or 'settlement operations'?

Minister for Law : What is contemplated is the determination of rights in pursuance of the settlement operations which are now on. If that materializes earlier then it will not be restricted to three years.

Mr. Speaker : If the words "settlement operations" are simply used that will cover both; the settlement operations which are on as well as those which would be taken into hand afterwards.

Minister for Law : Settlement operations which may be hereafter.

Mr. Speaker : Anyhow. according to me, these are superfluous words. If the Government want to retain these words there is actually no harm.

Minister for Law : These words are necessary because settlement operations are on; otherwise it will contemplate settlement operations which may take place after many many years.

Mr. Speaker : ".....Settlement operations, whichever is earlier..." That is the determination of rights or the settlement operations whichever is earlier. Not that ".....settlement operations being or to be carried out therein". This is not in reference to that term.

Minister for Law : It means like this. The settlement operation which is being carried out from now, if that is completed before three years then the bar of alienation will be lifted. In other case the bar shall be restricted to three years' period. Either on the completion of the settlement operation, if it is before three years, or at the end of three years there will be no bar. That is the object of this provision.

Mr. Speaker : "Whichever period is earlier"?

Minister for Law : "Whichever is earlier"

Mr. Speaker : "Whichever is earlier" is correct. I think, the word "period" is superfluous.

Minister for Law : "Whichever period is earlier". Yes, the word "period" is superfluous and it may be omitted.

Mr. Speaker : The word "period" seems to be superfluous. And in place of the words "comes into operation" the words should be "comes into force".

Minister for Law : There is another point. Although this comes into force at once in certain places it may come into operation later on. Therefore, the word "operation" is not misplaced.

Mr. Speaker :

> "It shall apply to the areas specified in the Schedule, but Government may, by notification in the Official Gazette, exclude any area from the Schedule, or include in the Schedule any area which is receiving or is to receive irrigation supplies from the Pat Feeder Canals".

The Minister means to say those areas which are not covered by the Schedule.

Minister for Law : May be covered by clause 3.

Mr. Speaker : In that case this Act will come into force so far as those parts are concerned at that subsequent period or time but subsection (1) of section 3 says—

> "No person shall, for a period of three years from the date on which this Ordinance comes into eperation."

That means some time after the enforcement of this Ordinance.

Minister for Law : In some places it comes into force at once while in some other places it comes into operation after a particular stage. Supposing it is excluded for six months and then it is applied then the period in case of those two categories of land will be different. Therefore, the word "operation" is proper but the word "period" may be deleted from this clause.

I beg to move:

> "That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the word "period", occurring in line 5, be omitted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

> That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the word "period", occurring in line 5, be omitted.

As the motion is not opposed it stands carried.

Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

> That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the colon appearing after the words "Project Area" at the end of line 6 be replaced by a full-stop and the proviso thereafter be deleted,

Mr. Speaker : Amendment moved is :

> That in sub-section (1) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the colon appearing after the words "Project Area" at the end of line 6 be replaced by a full-stop and the proviso thereafter be deleted.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ دفعہ نمبر ۳ کی ذیلی دفعہ نمبر ۱ جس کا عنوان "Bar on alienation of land" ہے ۔ اس کے متعلق ایک proviso شامل کی گئی ہے اور جسے کہ میں حذف کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ . . .

"3. (1) Provided that if in any part of the Project Area, the settlement operations are not or cannot be completed within the aforesaid period of three years, the said period may, in respect of any such part, be extended by Government by notification in the Official Gazette, till the settlement operations are completed."

جناب سپیکر ۔ یہ ایک ایسی proviso ہے جس کو لگانے سے ہم ان تمام حدود کو پھاند رہے ہیں جو کہ ایک قانون میں ہوتی ہیں ۔ میں صرف ایک مثال دینا چاہتا ہوں ۔ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ جس کی قانون سازی کا آغاز ۱۸۴۶-۴۷ء میں ہوا اور جسے ۱۸۷۱ء میں codify کیا گیا اور ۱۸۸۷ء میں اسے نافذ کیا گیا ۔ ابھی تک ایسے علاقہ جات ہیں کہ جہاں پر اس قانون کے نفاذ کے باوجود بھی بندوبست نہیں ہوا ۔ اس مثال کے ہوتے ہوئے آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ گذشتہ ایک سو بیس سال میں بھی بعض علاقہ جات ہیں کہ جہاں پر بندوبست نہیں ہوسکا ۔ اس proviso میں دیئے گئے وسیع اختیارات کہ جہاں پر اس قانون کا نفاذ ہو اور settlement operation complete نہ ہو سکے تو حکومت کو اختیار ہوگا کہ وہ ایک گزٹ کے ذریعے اس قانون کی میعاد بڑھا دے ۔ آج صبح delegated legislation کے متعلق کافی عالمانہ اور فاضلانہ بحث کی گئی ہے ۔ آپ ہی فرمائیں کہ کیا کوئی ایسی مثال آپ کے سامنے ہے کہ اس مغربی پاکستان کی اسمبلی نے جو قوانین آج تک بنائے ہیں۔ ان میں کوئی ایسی استثنیٰ رکھی گئی ہے ۔ کیونکہ اگر وہ ایسا کر سکتے تو "Karachi Disorderly Persons Ordinance" کی میعاد میں سال بہ سال یا پانچ سال کے لئے توسیع کرنے کی غرض سے یہاں نہ لاتے ۔ اگر وہ ایسا کر سکتے تو "Essential Commodities Act" میں ۵۰ یا ۵۲ سے امسال تک دس پندرہ مرتبہ ترمیم کرنے کے لئے ایوان میں پیش نہ کرتے اور وہ صرف یہ کہہ دیتے کہ حکومت ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے اس کی میعاد میں توسیع کر سکتی ہے ۔ میں پھر اس بات پر مصر ہوں اور میرے پاس دستاویزات موجود ہیں کہ جن سے یہ بات ثابت ہو گی کہ پیٹ فیڈر کا

جو آخری قطرہ ہے وہ بھی بیس لاکھ ایکڑ رقبہ اراضی کو جاتا ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں جس علاقے میں حکومت اس قانون کو extend کرنا چاہتی ہے اور جب کہ ۱۸۳۶ء سے اس قانون کی دفعات کو regulation کے ذریعے مختلف قوانین کی شکل میں ڈھالا گیا اور پھر بھی مغربی پاکستان کے بہت سے ایسے حصے رہ گئے ہیں کہ جہاں پر ایک سو بیس سال سے بندوبست مکمل نہیں ہو سکا ۔ خواہ اس میں حکومت کی کوتاہی کو دخل ہو یا آمدورفت میں مشکلات کی وجہ سے ایسا نہ ہو سکا ہو ۔ تو ایسی صورت میں Bar on alienation کا اختیار دیدینا ۔ یعنی تین سال کے لئے تو یہ پہلے ہی دفعہ نمبر ۱ میں دے رہے ہیں اور اسے پھر تین سال کے لئے extend کر رہے ہیں اور وہ بھی retrospective effect دے رہے ہیں یعنی چودہ اکتوبر ۱۹۵۵ء سے ۔ جیسا کہ اس کی پہلی سطر سے ہی ظاہر ہے ۔ آپ اس کو بھی اس کی زد میں لا رہے ہیں ۔ یعنی قرار یہ دیا جاتا ہے کہ ۵۵ سے لیکر ۷۰ یا ۷۱ تک تو یہ ویسے بھی چلے گا لیکن اس قانون کی رو سے اگر ۷۱ کے بعد بھی بندوبست نہ ہو (اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ بندوبست پچاس سال تک بھی نہیں ہوسکتا) تو یہ alienation of land کو debar کرنا چاہتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی غیر منصفانہ ہے کہ حکومت کو یہ powers delegate کی جائیں ۔ ایسا کرنا واجب اور مناسب نہیں ہے اور یہ اختیار حکومت کو نہیں دینا چاہئے ۔

Mr. Speaker : I am sorry to disturb the Law Minister again. He may please see Section 3 (1), where it is laid down :

> "No person shall, for a period of three years from the date on which this Ordinance comes into operation ....."

ایک تاریخ تو یہ ہوئی ۔ پھر

> "..... or until the determination of rights in the lands in the Project Area in pursuance of the settlement operations being or to be carried out therein, whichever period is earlier, alienate any land in the Project Area."

اس میں ہو حالت میں Ordinance کی جو operation ہو گی وہ پہلے آئے گی۔

Minister for Law : There are certain areas in which it is possible to complete within three years but there may be areas where it may not be possible.

Mr. Speaker : So far as these areas which are mentioned in the schedule are concerned, there this Ordinance will come into force at once and this would be applicable, and naturally second date would come thereafter, and this Ordinance would be in force ; then what is the need of providing the second part ?

Minister for Law : Sir, if an area or in any part of the project settlement operations are not completed or cannot be completed ; this is for that. It is our expectation.

Mr. Speaker : But the limitation would run from tomorrow when we will approve this Ordinance or from the date when this Ordinance is promulgated or from the issue of this for three years, whichever is earlier. Naturally the earlier would be the date of promulgation of this Ordinance and not of settlement operation. Naturally the earlier period would be the date of the issuing of this Ordinance.

Minister for Law: No Sir ; if you see section 1 (3), which reads :

> " 1. (3) It shall apply to the areas specified in the Schedule, but Government may, be notification in the Official Gazette, exclude any area from the Schedule, or include in the Schedule any area which is receiving or is to receive irrigation supplies from the Pat Feeder Canal."

Mr. Speaker : But in all cases this Ordinance would not be applicable.

Minister for Law : The question is that will the bar on alienation in these cases be valid ?

Mr. Speaker : But first of all let us take the case of those areas which are mentioned in the Schedule because primarily or basically this Ordinance is to apply to those areas which have been mentioned in the Schedule and in those areas this bar on the alienation is to take effect from the date when the Ordinance has been issued or in force. And there the settlement operations are either being taken or will have to be taken and that date is earlier, *i.e.* the earlier date would be the issuing of this Ordinance. Therefore, actually there is no need of mentioning that in these areas.

Minister for Law : It is only necessary in case the settlement operations cannot be completed.

Mr. Speaker : This bar is to take effect from the issuing of this Ordinance so far as the areas given in the Schedule are concerned and that bar will be for a period of three years.

Minister for Law : Ordinarily, it will be for three years or even it may expire before three years.

Mr. Speaker : That is not possible.

Minister for Law : If the settlement is over.

Mr. Speaker : Or until the determination of rights in the lands in pursuance of the settlement operations being or to be carried out therein, whichever period is earlier. What does the Minister mean by the word "earlier" ?

Minister of Law: 'Earlier' means that if settlement is done earlier than three years then the bar will be lifted before three years. It is not necessary that it should be for three years. Three years or the date of determination of rights before three years.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Three years is maximum.

Minister of Law: Three years barring the proviso is maximum.

Mr. Speaker: Whichever period is earlier.

earlier کا مطلب یہ ہوگا ۔

when settlement operations are over, and determination of rights takes place.

Minister of Law: May I explain. The bar of alienation, to state simply, extends for three years. This is the first thing. But if it is possible to complete the operations of settlement and determination before three years the bar will vanish after three years. It may be one year, two years or two and a half years because that is earlier. Three years is the second stage. Under the proviso, if it is not possible to complete the operations by or within this period the Government has powers to extend this period. In that case it will be more than three years.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Then why not just say, "when the settlement operations are over". Then what is the object of three years. Let us say, "when the settlement operations are over,"—"three years or when the settlement operations are over." If they are not over by three years again the proviso will apply. What is the object of three years. Let us say, "when the settlement operations are over."

Minister of Law: The normal expectation is that it should be completed by three years. This is done keeping in view the requirements and circumstances. The circumstances are that they may be over by three years. If the settlement operation and determination of rights takes place before three years then the bar will not be there before three years. Ordinarily it will be three years. In case it is not possible to complete within three years the Government has powers to extend it.

Mr. Speaker: It is not very clear.

میں سمجھتا ہوں ۔ اس کی interpretation تو یہ ہو سکتی ہے ۔

whichever is earlier.

یعنی enforcement سے تین سال لگیں گے ۔

Minister of Law: What is the difficulty I am not able to understand.

Mr. Speaker:

